بفیض حضور مفتئ اعظم

حضرت علامہ شاہ محمد مصطفیٰ رضا قادری نوری رضی اللہ عنہ

سرکار مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے دافع البلاء، مختار اور شارع ہونے کا تحقیقی ثبوت

الامن والعلیٰ

بناعتی المصطفی بدافع البلاء

۱۱ ھ ۱۳

(حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم دافع البلاء ہیں)

تصنیف

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری قدس سرہٗ

۱۲۷۲ ھ ۱۳۴۰

۵۲، ڈونٹاڈ، اسٹریٹ، کھڑک، ممبئی۔ ۹

سلسلۂ اشاعت نمبر ۷۳

نام کتاب : الامن والعلی بناعتی المصطفی بدافع البلاء

مصنف : اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری قدس سرہٗ

اشاعتِ خصوصی : ۲۰۰ رسالہ عرس حضور اچھے میاں قدس سرہٗ مارہرہ شریف

سن اشاعت بارِاوّل : مکتبہ جام نور ۱۴۲۸ھ/ ۲۰۰۷ء

سن اشاعت بارِدوم : رضا اکیڈمی ۱۴۳۵ھ/ ۲۰۱۳ء

ناشر : رضا اکیڈمی، ۵۲ ڈونٹاڈ اسٹریٹ، ممبئی-۹

فون:022-66342156،فیکس:022-66659236

طابع : رضا آفسیٹ، ممبئی-۳

قیمت : Rs.160/=

تقسیم کار

کتب خانہ امجدیہ

۴۲۵/۷ مٹیا محل، جامع مسجد، دہلی-۶

Tele Fax:- 011-23243187, Mob. 9810547674

E-mail: kkamjadia@yahoo.co.uk

www.kutubkhanaamjadia.com

کلمات تبریک

-: از :-

فقیہ اسلام، تاج الشریعہ حضرت علامہ

مفتی محمد اختر رضا خاں ازہری قادری

دامت برکاتہم القدسیہ

(جانشین مفتی اعظم ہند، وصدر مرکزی دار الافتا، بریلی شریف)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم وآلہ وصحبہ اجمعین

مجھے یہ جان کر بے پناہ مسرت ہوئی کہ رضا اکیڈمی مالیگاؤں والے '**الامن والعلی**' مصنفہ جدی الکریم سرکار اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جدید ترتیب وتحشیہ کے ساتھ شائع کر رہے ہیں، اور اس کے لیے انھوں نے مولانا محمد عبد المبین نعمانی رضوی صاحب کی خدمات حاصل کر لی ہیں۔

فقیر دعا گو ہے کہ مولیٰ تبارک وتعالیٰ اس خدمت کو قبول فرمائے، جزائے خیر دے اور بھی دوسری اہم دینی کتابیں شائع کرنے کی توفیق دے۔ آمین

فقیر محمد اختر رضا ازہری قادری رضوی

سوداگران، بریلی شریف

رضا اکیڈمی مالیگاؤں

اپنے کارناموں کی روشنی میں

رضا اکیڈمی مالیگاؤں، رضا اکیڈمی انٹرنیشنل ممبئی کی ایک نہایت متحرک وفعال شاخ ہے، جس کا قیام تقریباً بارہ سال قبل عمل میں آیا جب ہی سے اکیڈمی اپنے کام میں مصروف ہے، ہر جمعرات کو بعد عشاء "محفل نوری" کا نعتیہ پروگرام اول دن سے تسلسل کے ساتھ منعقد ہورہا ہے۔ جس میں کافی تعداد میں نوجوان شریک ہوتے ہیں، اور اپنی روح کی بالیدگی کا سامان مہیا کرتے ہیں۔ آج کے بگڑے ہوئے نوجوانوں کو دین سے قریب کرنے کا یہ بڑا مؤثر ذریعہ ہے، جسے رضا اکیڈمی نے اختیار کر رکھا ہے۔ اس کی تقلید اور مقامات پر بھی ہونی چاہیے کیوں کہ جہاں وعظ ونصیحت کی ساری تدبیریں بے اثر ہوجاتی ہیں، وہاں یہ نورانی وروحانی محفلیں اپنا اثر دکھاتی ہیں۔ یہ بات بھی واضح رہے کہ رضا اکیڈمی ممبئی کے تحت یہ محافل ملک وبیرون ملک کافی تعداد میں قائم ہوچکی ہیں۔

رضا اکیڈمی مالیگاؤں کے ارباب حل وعقد اور اس کے متحرک وفعال ارکان ہفتہ واری محافل نعت ہی منعقد نہیں کرتے، بلکہ اس کے علاوہ سیاسی، سماجی اور قومی ضرورتوں کی تکمیل میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں۔ مسلم نوجوانوں کی تعلیمی ترقی کے لیے بھی کوشاں ہیں۔ تعلیمی مقابلے بھی کراتے ہیں، مسلمانوں کی شان وشوکت اجاگر کرنے اور اولیاء اللہ کے مقام ووقار کو دلوں میں بٹھانے، نیز حق کی ہیبت سے باطل کو لرزہ براندام کرنے کے لیے "جلوس غوثیہ" کا بھی اہتمام کرتے ہیں، جو نہایت پر امن طریقے سے گیارہویں شریف کے مبارک موقع پر نکلتا ہے۔ اس کا ایک حصہ علمائے اہل سنت کے اصلاحی بیانات پر بھی مشتمل ہوتا ہے۔ مسلمانوں کے خلاف کسی قسم کی زہر افشانی کے وقت بھی رضا اکیڈمی کے افراد سراپا احتجاج بن کر سامنے آتے ہیں، اور

ع : باطل سے دبنے والے اے آسماں نہیں ہم

کا آوازہ بلند کرتے ہوے میدان میں کود پڑتے ہیں۔ ماضی قریب میں مالیگاؤں کے بھیانک مسلم کش فساد کے بعد ریلیف کا بھی نمایاں کارنامہ رضا اکیڈمی نے انجام دیا۔ اور خود ہنگامی حالات میں بھی مظلوم مسلمانوں کی مدد میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا۔

ان تمام کارناموں کے علاوہ ایک علمی کارنامہ رضا اکیڈمی کا یہ بھی ہے کہ کئی سال ''یوم رضا'' (۱۰ رشوال) کے پروگرام کے موقع پر کتابوں کی تقسیم کا کام بھی بڑے پیمانے پر انجام دے چکی ہے۔ کئی سو کنزالایمان ترجمہ قرآن اردو ہندی انگریزی میں اور دیگر علماے اہل سنت کی کتب فتاوی رضویہ، بہار شریعت، تفسیر نعیمی، وغیرہ کتابیں لائبریریوں، اسکولوں، اور دینی مدارس کو فی سبیل اللہ مہیا کیں۔ نعتیہ ادب کے فروغ کے لیے دینی مدارس اور اسکولوں کے طلبہ وطالبات کے درمیان نعتیہ مقابلے کے پروگرامات بھی رضا اکیڈمی نے متعدد بار منعقد کیے، اور اس سلسلے میں امید سے زیادہ کامیابی بھی حاصل کی۔ اور اب اردو نصاب میں نعتیہ ادب کی شمولیت کے لیے بھی رضا اکیڈمی کے ارکان کوشاں ہیں۔

دو سال قبل ''کنزالایمان ترجمہ قرآن'' از: اعلیٰ حضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی قدس سرہ کے تصحیح شدہ نسخے کی پہلی بار اشاعت کا کارنامہ بھی رضا اکیڈمی مالیگاؤں نے انجام دیا۔ پھر اسی نسخے کی نقل ''مجلس برکات'' مبارک پور، اور دوسرے متعدد ناشرین قرآن نے بھی کی۔ امید ہے کہ بیرون ملک بھی بہت سے اداروں نے اس کی تجدید اشاعت کی ہوگی۔ وسائل کی کمی کے باوجود اس عظیم کارنامے کی انجام دہی بڑی ہمت مردانہ کی بات ہے۔

گزشتہ پانچ سالوں سے رضا اکیڈمی مالیگاؤں شب برات کے مبارک موقع پر کتابوں کا اسٹال لگا کر نصف رعایت پر عام خریداروں کو دینی کتابیں فراہم کرتی ہے، جس کی وجہ سے اکیڈمی اگرچہ زیر بار ہوتی ہے، لیکن کافی تعداد میں اصلاحی دینی کتابیں مسلمانوں کے گھروں میں پہنچ جاتی ہیں، اور ان کے بہتر اثرات بھی سامنے آتے ہیں۔ مسلمانوں کو دین اور دینی کتابوں سے قریب کرنے کا یہ وہ پروگرام ہے جس کے ایجاد کا سہرا رضا اکیڈمی کے سر ہے۔

رضا اکیڈمی مالیگاؤں، مختلف مواقع پر یا کسی ہنگامی صورتحال کے پیش نظر علماے اہل سنت

کے بیانات کے ذریعہ بھی مسلک حق اہل سنت و جماعت کی ترویج واشاعت میں نمایاں کردارادا کررہی ہے۔ سال گزشتہ دس روزہ بیانات کا پروگرام بنایا، جس میں راقم الحروف فقیر نعمانی قادری نے ارکان کے متعینہ دس عنوانات پر مسلسل دس روز اپنی بساط بھر بیان دیا، جن کی مکمل کیسٹیں بھی تیار کرائی گئیں۔ الحمدللہ! ہرایک بیان کو سامعین نے سنجیدگی سے سنا، اوراچھا اثر لیا۔ بہت سے غلط فہمی کے شکار افراد کے دلوں سے شکوک وشبہات بھی دور ہوئے، اور سینوں کے اندر مزید پختگی کے آثار دیکھنے میں آئے۔ مستقبل قریب میں رضا اکیڈمی کے ارکان ایک اور انقلاب آفریں اقدام کرنے جارہے ہیں، وہ ہے جامعۃ البنات کا قیام، جس میں قوم کی بچیوں کواسلامی اصولوں کا پابند کرکے دینی وعصری تعلیم دی جائے گی۔ اور بیرونی بچیوں کے طعام وقیام کا بھی معقول بندوبست کیا جائے گا۔

مرکزی رضا اکیڈمی ممبئی کی رہنمائی میں رضا اکیڈمی مالیگاؤں نے بھی اشاعت کے میدان میں قدم رکھا، اور متعدد دینی، اصلاحی کتابیں شائع کرکے قوم میں پھیلایا، جن میں کنزالایمان نمایاں ہے۔ دیگر بعض کتابیں یہ ہیں: (۱) غلط ترجموں کی نشان دہی (۲) علم دین ودنیا (۳) سیرت رسول اور ہماری زندگی (۴) کیا اشرف علی تھانوی اور اعلیٰ حضرت نے ایک ساتھ پڑھا ہے؟ (۵) اہل سنت کا اجمالی تعارف (۶) اسکی باقی ابھی عدالت ہے (۷) جناں بکف (مجموعۂ کلام) از: مولانا محمد میاں مالیگ (لندن) وغیرہ۔

یہ خبر بھی خوش آئند ہے کہ جلد ہی رضا اکیڈمی مالیگاؤں کی طرف سے ہندی میں ڈاکٹر پروفیسر محمد مسعود احمد صاحب کی تین کتابیں "رہبرورہنما"، "اجالا"، اور "غریبوں کے غمخوار" منظرعام پر آرہی ہیں، یہ تینوں کتابیں اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ کی حیات وخدمات سے متعلق ہیں اور نہایت عمدہ پیرائے میں لکھی گئی ہیں۔ اور مختصر ہونے کے ساتھ ساتھ بڑی جامع بھی ہیں۔

اوراب یہ نہایت اہم پیش کش آپ کے ہاتھوں میں ہے "**الامن والعلیٰ**" جواعلیٰ حضرت امام احمد رضا محقق ومحدث بریلوی علیہ الرحمہ کی ایک شاہکار تصنیف ہے، جسے دیدہ ودل واکرکے پڑھیں، ایمان جلا پائے گا، آنکھیں روشن ہوں گی، دلوں کو چین ملے گا، اور دشمنان رسول کی

پھیلائی ہوئی غلط فہمیاں تارتار ہوتی نظر آئیں گی، اور قلوب واذہان کی تطہیر کے ساتھ ہی عظمت رسالت وشوکت نبوت کا سکہ بھی دلوں پر بیٹھتا چلا جائے گا، جو حضور اقدس ﷺ کے مختار دوعالم اور دافع بلا ہونے کے ثبوت میں ناقابل انکار دلائل پر مشتمل ہے، پوری کتاب کو نئے پیرابندی کے ساتھ عربی وارد وعبارات کو علیحدہ علیحدہ کرکے شائع کیا جارہا ہے اور جہاں ضرورت محسوس ہوئی بعض عربی وفارسی عبارات کا ترجمہ بھی کردیا گیا ہے بعد میں شامل کئے گئے ترجمہ کو قوسین میں رکھا گیا ہے تاکہ امتیاز باقی رہے، فوائد قدیم نسخے میں حوض کے اوپر تھے جس کا اب رواج ہی نہیں، لہٰذا موجودہ ایڈیشن میں انھیں حاشیہ میں کردیا گیا ہے، اور دیگر حواشی سے امتیاز کے لیے "ف" کا نشان دے کران کی نمبرنگ الگ کردی گئی ہے، متعدد مطبوعہ نسخوں سے کئی بار مطابقت کی گئی ہے، اور کافی محنت ووقت بھی صرف ہوئے ہیں پھر بھی ہوسکتا ہے کہ بعض مقامات تصحیح سے رہ گئے ہوں اور نظر خطا کرگئی ہوتو اہل علم وارباب بصیرت سے التماس ہے کہ ان مقامات کی نشان دہی کردیں تاکہ آئندہ مزید تصحیح کا اہتمام کیا جاسکے۔

اصل سے مطابقت اور کمپوز ڈ میٹر کی تصحیح میں عزیزی مولانا اختر الاسلام علیمی سلمہ اور مولانا محمد افروز القادری ثقافی چریاکوٹی سلمہ نے بڑی عرق ریزی کا ثبوت دیا ہے، یوں ہی تصحیح وکمپوزنگ کے سلسلے میں ڈاکٹر محمد رئیس احمد رضوی، ماسٹر شکیل سبحانی عقیل احمد رضوی، شہزاد سلیم رضوی اور محمد حسین مشاہد رضوی اور دیگر ارکان رضا اکیڈمی مالیگاؤں نے بڑا تعاون کیا اور مشوروں سے نوازا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان سب کی خدمات کو قبول فرمائے، جزائے خیر دے اور اس قسم کے خالص علمی دینی کام کا مزید حوصلہ عطا فرمائے، آمین بجاہ حبیبہ سید المرسلین علیہ وآلہ الصلاۃ والتسلیم

یکے از غلامان مفتی اعظم

محمد عبدالمبین نعمانی قادری

خادم دارالعلوم قادریہ، چریاکوٹ، مئو

۱۸/ذی الحجہ، ۱۴۲۳ھ

یوم عثمان غنی رضی اللہ عنہ

فہرست آیات قرآنیہ

فہرست آیات قرآنیہ

فہرست آیات قرآنیہ

فہرست آیات قرآنیہ

فہرست آیات قرآنیہ

فہرست آیات قرآنیہ

فہرست احادیث مبارکہ

ع

ف

ف

ق

ک

ل

ل

ل

م

م

ن

و

ی

فہرست آثار

فهرست آثار

فہرست آثار

فہرست آثار

فہرست آثار

فہرست مضامین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

نحمدہ ونصلي ونسلم علی رسولہ الکریم.

أما بعد!

اللہ عزوجل کی توفیق کے ساتھ اور نبی مکرم ﷺ کے فضل سے بندۂ ناچیز کو اعلیٰ حضرت، عظیم المرتبت مجدد دین وملت، امام اہل سنت، الشاہ الشیخ امام احمد رضا خاں محدث بریلی قدس سرہ العزیز کی تصنیف لطیف "الأمن والعلی لناعتی المصطفیٰ بدافع البلاء" کی تخریج کا کام کرنے کا شرف حاصل ہوا جو کہ پہلی مرتبہ دسمبر ۲۰۰۲ء کو فیضان مدینہ پبلی کیشنز کاموکی سے شائع ہوا اور بعد میں اسی کی ٹریسنگ سے جمال کرم سے شائع کیا گیا۔ اصلاً چاہیے تو یہ تھا کہ دوسری مرتبہ اس کے شائع ہونے سے پہلے اس میں رہ جانے والی غلطیوں اور خطاؤں کو حتی الامکان درست کر دیا جاتا لیکن میری پاکستان میں غیر موجودگی کی وجہ سے اس پر چند مقامات پر میری نشاندہی سے چند نئے حوالہ جات تو لگا دیے گئے لیکن اس پر نظر ثانی نہ ہو سکی۔
اسی طرح شب روز گزرتے گئے کبھی سستی وکاہلی کی وجہ سے اور کبھی دوسری گوناگوں مصروفیات کی وجہ سے اس طرف دوبارہ توجہ نہ ہو سکی مگر اس کی اشاعت (اور بعض دوسری کتب کی اشاعت) کو روک دیا گیا۔

بتوفیق الٰہی نومبر ۲۰۰۹ء جب اپنی نئی آنے والی کتاب **"پانچ بت"** کی تکمیل کے بعد جب واپس متحدہ عرب امارات گیا تو اللہ عزوجل کے نام کے ساتھ اس کتاب پر نظر ثانی کا موقع میسر آیا تو قبلہ محدث کبیر مدظلہ العالی کی رہائش گاہ میں موجود لائبریری اور محکمہ اوقاف دوبئی کی لائبریری سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے اس پر کام شروع کیا مگر ابھی تقریباً سو (۱۰۰) ورق ہی

دیکھ پایا تھا کہ دوبارہ پھر اسی طرح دوسری مصروفیات میں محو ہو گیا۔
پھر وطن واپسی پر موقع میسر آیا تو اس کی تکمیل کی توفیق نصیب ہوئی پہلی دفعہ اس کی تخریج میں میری کم علمی اور بعض کتب کی عدم دستیابی کی وجہ سے کافی حد تک کمی رہ گئی تھی جس کو اس مرتبہ دور کرنے کی کوشش کی گئی ہے جس کے بارے میں قارئین اس کے مطالعہ کے بعد محسوس کریں گے اس مرتبہ بعض فاضل علماء کے حکم کے تحت تقریباً ہر حدیث و روایت کے بارے میں آئمہ احادیث یا علماء امت میں سے کسی نہ کسی کا اس کی سند وصحت کے متعلق قول بھی ذکر کر دیا گیا ہے اور بعض مقامات پر ان کے شواھد بھی ذکر کر دیے گئے ہیں مگر ایک بات ذہن نشین رہے کہ اس مرتبہ کیونکہ اس پر کام کرتے ہوئے دو تین جگہ کی لائبریریاں استعمال میں رہی ہیں اس لئے بعض اوقات ایک ہی کتاب مختلف اداروں کی شائع شدہ سے تخریج کی گئی ہے اور اس مرتبہ بعض مقامات پر تخریج کے لئے الموسوعۃ الشاملۃ اور جوامع الکلم کو بھی استعمال میں لایا گیا ہے بندۂ ناچیز نے اپنی طرف سے اس ایڈیشن کی تخریج وتصحیح میں پوری کوشش کی ہے کہ پہلے ایڈیشن میں رہ جانے والی اغلاط کا استخراج کر دیا جائے، لیکن پھر بھی انسان ہونے کے ناطے اس میں کمی کوتاہی کے امکانات موجود ہیں، اہل علم سے مؤدبانہ استدعا ہے کہ اس کتاب میں جہاں کہیں کوئی کمی و غلطی نظر آئے اس کے بارے میں مطلع فرما کر شکریہ کا موقع فراہم کریں۔

پہلے پہل تو خیال یہ تھا کہ اس کی تخریج میں بیان ہونے والے شواہد و اقوال وغیرہما کا اردو زبان میں ترجمہ بھی کر دیا جائے لیکن بعض احباب کے مشورہ کہ ان چیزوں کی ضرورت علماء کو ہوتی ہے اور ان کے لئے ترجمہ کرنا کوئی مشکل امر نہیں لہٰذا اس کو ترک دیا جائے تا کہ کتاب زیادہ ضخیم بھی نہ ہو جائے کہ عام طور پر اس دور میں کتاب کو خریدنا بھی ایک بہت بڑا مسئلہ بن چکا ہے۔
اس ایڈیشن میں پہلے ایڈیشن کی طرح متون کا ترجمہ وہی رہنے دیا گیا ہے البتہ بعض مقامات پر

کچھ اپنی طرف سے کر دیا گیا ہے اور متون حدیث وعربی عبارات میں جہاں کہیں الفاظ کی کمی بیشی موجود تھی بریکٹ [ ] کے درمیان اس کو ذکر کر دیا گیا ہے۔اور ساتھ ساتھ متن میں موجود آیات،احادیث اور آثار کی فہارس کا بھی اضافہ کیا گیا ہے البتہ مضامین کی فہرست میں اختصار سے کام لیا گیا ہے۔

اللہ عزوجل کی بارگاہ میں التجا ہے کہ خالق کائنات تمام دوست احباب بالخصوص محسن اہل سنت محترم جناب محمد رفیق برکاتی پردیسی صاحب جنہوں نے کتب کی دستیابی میں بہت زیادہ معاونت فرمائی اور دوسرے تمام احباب جنہوں نے اس کی تخریج اور پروف ریڈنگ وغیرہ میں بندۂ ناچیز کی معاونت فرمائی انہیں اجر عظیم عطا فرمائے۔

خالق کائنات قبلہ محدث کبیر مدظلہ العالی اور میرے والدین کو عمر دراز اور صحت و تندرستی عطا فرمائے اور اس کو میرے،میرے والدین،اساتذہ اور تمام اُمت مسلمہ کے لئے ذریعہ نجات بنائے۔

آمین بجاه النبي الأمين ﷺ۔

محمد ارشد مسعود

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تقدیم

محقق العصر حضرت علامہ مولانا مفتی محمد خان قادری صاحب مدظلہ العالی

بانی و مہتمم: جامعہ اسلامیہ لاہور

اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کو اپنا نائب اور خلیفہ اعظم بنایا ہے۔آپ ﷺ اس کے خازن اور اس کے خزانوں کے تقسیم کنندہ ہیں۔متعدد احادیث صحیحہ میں اس پر تصریح موجود ہے۔ ان میں سے چند کا ذکر کیے دیتے ہیں۔

نمبر(۱) حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

إنَّمَا أنَا قَاسِمٌ وَاللهُ يُعْطِي. (1) میں تو فقط تقسیم کرنے والا ہوں، عطا کرنے والا اللہ ہے۔

نمبر(۲) انہی سے مروی دوسری روایت کے الفاظ ہیں:

وَاللهُ الْمُعْطِي وَأنَا الْقَاسِمُ. (2) اللہ عطا کرنے والا ہے میں تقسیم کرنے والا ہوں

تیسری روایت کے الفاظ ہیں:

إنَّمَا قَاسِمٌ وَخَازِنٌ وَاللهُ يُعْطِي. (3) میں قاسم اور خازن ہوں اور عطا کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے۔

---

(1) (البخاری ۱/۱۶، کتاب العلم ، المسلم ۱/ ۳۳ ، المعجم الکبیر للطبرانی ۱۹/ ۳۲۰)

(2) (البخاری ۴۳۹/۱، کتاب الجهاد) .

(3) (البخاری ۴۳۹/۱، کتاب الجهاد) .

نمبر(۴)

مسلم کے الفاظ ہیں۔

إِنَّمَا أَنَا خَازِنٌ ......وفي رواية : وَإِنَّمَا أَنَا قَاسِمٌ وَيُعْطِي اللّٰهُ.(1) میں خازن وقاسم ہوں اور اللہ ہی عطا کرنے والا ہے۔

نمبر(۵)۔حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ الفاظ مروی ہیں۔

آپ ﷺ نے فرمایا:

إِنَّمَا أَنَا قَاسِمٌ أَضَعُ حَيْثُ أُمِرْتُ.(2) میں تقسیم کنندہ ہوں اور وہاں ہی خرچ کرتا ہوں جہاں کا حکم ہوتا ہے۔

نمبر(٦)۔حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

بُعِثْتُ قَاسِمًا أَقْسِمُ بَيْنَكُمْ (3) مجھے قاسم بنا کر بھیجا گیا ہے تا کہ میں تم میں (اللہ کے خزانے) تقسیم کروں۔

ان تمام روایات کو پڑھیے کسی جگہ آپ ﷺ کی تقسیم کو محدود نہیں کیا گیا۔

جب اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو اپنا خازن قرار دے دیا تو اب اس کے بعد یہ کہنا ہرگز درست نہیں کہ آپ ﷺ کو صرف علم کا خزانہ دیا گیا ہے، دیگر خزائن نہیں دیئے گئے۔

اگر ایسی قید لگانا ہوتی تو حضور ﷺ خود لگا دیتے، محض ضد وہٹ دھرمی کی بنیاد پر آپ ﷺ کی

---

(1)(المسلم ، كتاب الزكاة،۱/۳۳۳،الصحيح لإبن حبان ۸/۱۹۳،المسند لأبي يعلىٰ، ۳/۳۴۰، المعجم الكبير ، للطبراني،۱۹/۳۷۰،۳۷۱).

(2)(البخاري ، كتاب الجهاد،۱/۴۳۹، المسند لأحمد،۲/۴۸۲).

(3) (البخاري ، كتاب الجهاد،۱/۴۳۹،المسلم ، كتاب الاداب ،۱۰۰۶،۱۰۰۷)

تقسیم کو محدود کرنا کسی مسلمان کو زیب نہیں دیتا، پھر یہاں اللہ تعالیٰ کی عطا کا بھی ذکر ہے۔
کیا وہ بھی علم تک ہی محدود ہوگی؟
جیسے اللہ تعالیٰ کی عطا متعین نہیں اسی طرح اس کے حبیب ﷺ کی تقسیم بھی متعین نہیں۔
ان روایات کے بعد دیگر کسی حوالہ کی ضرورت نہیں۔ مگر پھر بھی ہم آئمہ امت کے الفاظ نقل کیے دیتے ہیں تا کہ واضح ہو جائے کہ انہوں نے ان احادیث سے کیا سمجھا ہے۔

نمبر(۱)

حضرت ملاعلی قاری "إِنَّمَا جُعِلْتُ قَاسِمًا لِأُقْسِمَ بَيْنَكُمْ" کی شرح میں لکھتے ہیں:

اي العلم والغنيمة ونحوهما، وقيل: البشارة للصالح والنذارة للطالح، ويمكن ان تكون قسمة الدرجات والدركات مفوضة إليه صلى الله عليه وآله وسلم.

اس سے علم، غنیمت اور ان کی مثل دیگر اشیاء مراد ہیں، بعض نے صالح کے لئے بشارت اور بد کے لئے ڈرانے والا مراد لیا ہے۔ ممکن ہے اس سے مراد درجات ہوں جو آپ ﷺ کے سپرد کر دیئے گئے۔

آگے فرماتے ہیں:

ولا منع من الجمع كما يدل عليه حذف المفعول لتعلب أنقسم كل الملعب ويشرب كل واحد من ذلك المشرب .(1)

ان تمام کو جمع کرنے میں کوئی رکاوٹ نہیں جیسا کہ اس پر مفعول کا حذف دال ہے تا کہ اس سے جو بھی مراد لیا جائے درست ہو۔

---

(1)(مرقاة المفاتيح ، شرح مشكاة المصابيح بباب الأسامي ،۹/۸،دار الكتب العلمية)

نمبر(۲)

شیخ عبدالحق محدث دہلوی اس حدیث کی تشریح میں لکھتے ہیں:

قسمت مے کنم میان شما از	میں تم میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے تقسیم کر
جانب حق وآں چه وحی کرده	والا ہوں جو اس نے میری طرف وحی کی۔
شده است بسوئے من وفرستاده	اور جو مجھے علم وعمل عطا فرمایا میں ہر ایک کو حص
شده بر من ازعلم وعمل ومے	دیتا ہوں جس کا وہ مستحق ہے اور میں ہر شخ
رسانم یکے را آں چه نصیب	اس کے مرتبہ وفضل کے مطابق مقام دیتا ہو
اوست ومستحق ست مر	
آنرا ومے کنم هر کس داد وجائے	
که در مرتبه اوست ازفضل	
وشرف۔(1)	

نمبر(۳)

امام محمد مہدی فاسی ان مبارک الفاظ کا مفہوم ان الفاظ میں کرتے ہیں:

وهو خليفة الله في العالم وواسطة	جہاں میں آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کے خلیفہ
حضرته والمتولي لقسمة مواهبه	اور بارگاہ الوہیت میں واسطہ ہیں اور اس
واعطيته فكل من حصلت له رحمة	بخششوں اور عطاؤں کی تقسیم کے امین
في الوجود اوخرج له قسم من رزق	تو جس کسی کو اس کائنات میں کوئی رحمت ل
الدنيا والاخرة والظاهر والباطن	جس کسی کو دنیا وآخرت، ظاہر وباطن، عل

(۱)(اشعة اللمعات ۴/۴۴)

والعلوم والمعارف والطاعات	ومعارف اور طاعات سے جو حصہ ملا ہے وہ
فالماخرج لہ ذلک علی یدیہ	خود آپ ﷺ کے ہاتھوں اور واسطے سے ملا
وبواسطتہ ﷺ (1)	ہے۔

باقی کسی کا یہ کہنا کہ یہ حدیث فلاں باب میں ہے، اسلئے اس کا معنی صرف علم اور غنیمت تک محدود ہے۔اس پر سوائے افسوس کہ کیا کہا جاسکتا ہے۔

سوچئے! یہ احادیث اس وقت بھی تھیں جب کتب احادیث اوران کے عنوانات معرض وجود میں نہ آئے تھے۔ بلکہ اگر محدث حدیث کو کسی عنوان کے تحت ذکر کرتا ہے تو اس کا مفہوم ہرگز یہ نہیں ہوتا کہ اس سے صرف مذکورہ مسئلہ ہی اخذ کیا جاسکتا ہے اور کسی دوسرے مسئلہ پر اس کو دلیل نہیں بنایا جاسکتا۔

حذف مفعول کی وجہ سے عموم

حضرت ملا علی قاری وغیرہ نے عموم پر جو دلیل قائم کی ہے وہ اس جاہل کے سامنے ہی نہیں، انہوں نے فرمایا کہ یہاں مفعول کو حذف کردیا گیا یعنی نہ تو تخصیص کی گئی کہ اللہ تعالیٰ فلاں عطا فرماتا ہے اور نہ آپ ﷺ کی تقسیم کو کسی چیز تک محدود رکھا گیا۔

تو اس کا معنی یہ ہوگا کہ جو کچھ اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے۔ حضور ﷺ اس کے تقسیم کنندہ ہیں۔

محدث مغرب شیخ عبداللہ صدیق غماری مذکورہ احادیث لانے کے بعد لکھتے ہیں۔

هذه الروايات الصحيحة تبين انه	صحیح روایات بتارہی ہیں کہ آپ ﷺ اپنی
ﷺ يقسم بين أمته ما يرزقهم الله من	امت کے درمیان اللہ کا عطا فرمودہ رزق تقسیم
معارف وعلوم وأموال وغيرها	کرتے ہیں مثلاً علوم، معارف، اموال وغیرہ

(1) (مطالع المسرات، ۲۴۶)

وليس قسمه عليه الصلوة والسلام خاصاً بمال الفئى والمغانم بل هذا عام كما ذكرنا (1)

اور آپ ﷺ کی تقسیم صرف مال فئی یا غنیمت تک ہی محدود نہیں بلکہ عام ہے جیسا کہ ذکر ہوا۔

کچھ لوگوں نے کہا یہ تقسیم مال غنیمت تک ہی محدود ہے ان کا رد اور عموم پر دلائل دیتے ہوئے لکھتے ہیں۔

يوئيد هذا العموم ويوكده امر ان الاولى قوله انما بعث قاسما وهوا انما بعث لقسم ما اوتى من الهدى والنور والعلم والعرفان فاما قسم الفى والمغانم فهو امر ثانوى انما حصل بعد فرض الجهاد و الامر بقتال المشركين بعد الهجرة الثانى انه عليه الصلوة والسلام نهى غيره ان يكتنى بابى القاسم وعلل النهى بانه يقسم ولوكان المراد قسم الفئى والمغانم لم يكن لهذا النهى والتعليل معنى لان كل امام وخليفة يقسم المغانم بين المجاهدين كما كان

تقسیم کے عموم کی تائید وتاکید ان دو امور سے ہو رہی ہے۔ اول یہ ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا مجھے قاسم بنا کر بھیجا گیا ہے اور بلا ش آپ ﷺ جن چیزوں کی تقسیم کیلئے مبعوث کئے گئے ہیں وہ ہدایت، نور، علم اور عرفان ہے رہا مال غنیمت کا تقسیم کرنا تو وہ ثانوی امر ہے اور یہ عمل تو آپ ﷺ نے ہجرت کے بعد اجازت جہاد کے بعد فرمایا دوسری دلیل یہ ہے کہ آپ ﷺ نے دوسروں کو ابو القاسم کنیت رکھنے سے منع فرمایا اور اس پر دلیل یہ دی کہ میں تقسیم کنندہ ہوں تمہارا یہ مقام نہیں اگر مراد مال فئی اور غنیمت کی تقسیم ہی ہوتی تو اس سے منع کرنے پر مذکورہ دلیل کا ہر امام

(1) (الأحاديث المنتقاة في فضائل رسول الله ﷺ 47)

يفعل عمرو وغيره من الخلفاء وذلك هو المقرر فى الشرع فلو له انه عليه الصلوة والسلام اختص فى القسم بشئ لم يشركه فيه غيره لم يكن للنهى معنى كما ذكرنا .(1)

وخلیفہ مجاہدین کے درمیان مال غنیمت تقسیم کرتا ہے جیسا کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور دیگر خلفاء کیا کرتے بلکہ شریعت میں یہی اصول ہے، اگر آپ ﷺ کی تقسیم ایسی نہیں جس میں کوئی دوسرا شریک نہ ہو تو پھر کنیت سے منع کرنے کا کوئی معنی نہیں رہ جاتا جیسا کہ ذکر ہوا۔

ملکیت اور تصرفات نبویہ علی صاحبہا الصلوۃ والسلام کے بارے میں شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں:

وملک وملکوت جن وانس وتمامه عوالم بتقدیر وتصرف الٰہی عزوعلا در حیطه قدرت وتصرف ولے بود ﷺ.(2)

ملک، ملکوت، جن وانس اور تمام جہان اللہ تعالیٰ کی تقدیر واذن سے حضور ﷺ کے تصرف اور قدرت میں ہیں۔

جنہیں کتاب وسنت کی سمجھ آئی انہوں نے سچ کہا:

رب ہے معطی یہ ہیں قاسم
رزق ان کا کھلاتے یہ ہیں

---

(1) (الأحاديث المنتقاه في فضائل رسول الله ٧٤، ٧٥).

(2) (اشعة اللمعات ١/٣٣٧).

امام اہل محبت نے اس موضوع پر نہایت ہی قیمتی مواد جمع فرما کر امت پر احسان کیا۔ ضرورت تھی کہ کوئی صاحب علم ان کے حوالہ جات کی تخریج کر دے۔

اللہ تعالیٰ قاری محمد ارشد مسعود اشرف چشتی کو جزائے خیر عطا فرمائے، جنہوں نے بڑی جانفشانی سے اس کام کو سرانجام دیا ہے۔

یقیناً اہل علم کی طرف سے ان کے کام کو نہایت ہی قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا، اللہ تعالیٰ ان کی اس خدمت کو قبول فرمائے۔ آمین

دعا گو !

محمد خان قادری

بروز پیر ۱۲، رمضان المبارک ۱۴۲۳ھ

حرف آغاز

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ (التوفی ۱۳۴۰ھ۔۱۹۲۱ء) یوپی (بھارت) کے شہر بریلی میں جنگ آزادی ۱۸۵۷ء سے تقریباً ایک سال پہلے ۱۰ شوال ۱۲۷۲ھ مطابق ۱۴ جون ۱۸۵۶ء کو رونق افزائے دہر ہوئے۔ آپ نسباً بڑیچ پٹھان، مسلکاً سنی حنفی اور مشرباً قادری، برکاتی تھے۔

فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کے والد ماجد مولانا نقی علی خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ (التوفی ۱۲۹۷ھ/ ۱۸۸۰ء) بھی ایک متبحر عالم دین، علمبردار مسلک اکابر، سچے عاشق رسول اور صاحب تصانیف کثیرہ تھے۔(1)

---

(1)(تصانیف:

(۱)الکلام الأوضح في تفسیر سورۃ ألم نشرح ،(۲) وسیلۃ النجاۃ ، (۳) سرور القلوب في ذکر المحبوب ، (۴) جواهر البیان في اسرار الأرکان (۱)،

(۵) اصول الرشاد لقمع مباني الفساد، (۶) هدایۃ البریه الی الشریعۃ الأحمدیه ،

(۷) اذاقۃ الاثام لمانعي عمل المولود والأیام ، (۸) فضل العلم والعلماء ، (۹) ازالۃ الأوهام ،(۱۰) تزکیۃ ایقان رد تقویۃ الایمان ، (۱۱) الکواکب الزهراء في فضائل العلم و آداب العلماء (2).

---

(۱)(اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے اس کے صرف ڈھائی صفحوں کی شرح فرمائی جس کا نام " زواهر الجنان من جواهر البیان" ملقب بنام تاریخی "سلطنت المصطفیٰ في ملکوت کل الوریٰ" ہے۔

(2)(اس کی تخریج احادیث میں اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے "رسالۃ النجوم الثواقب في تخریج أحادیث الکواکب" لکھا ہے۔

جدِ امجد مولانا رضا علی خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۲۸۲ھ/۱۸۶۵ء) بھی جید عالم اور صاحبِ کشف وکرامت بزرگ تھے۔

ان دونوں بزرگوں کے فیضانِ نظر نے بچپن ہی میں اس فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کو [کندن سے] زرِ خالص بنا دیا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ ۱۴، شعبان ۱۲۸۶ھ/۱۸۷۰ء کو آپ نے عقلی ونقلی علومِ دینیہ کی تکمیل کر کے سندِ فراغ حاصل کر لی تھی۔ حالانکہ اس وقت آپ کی عمر صرف تیرہ سال دس ماہ اور چار دن تھی، یہ سعادت امتِ محمدیہ کے چند افراد ہی کو حاصل ہو سکی ہے۔

۱۲۹۴ھ/ ۱۸۷۸ء میں اپنے والد ماجد کے ہمراہ [عارف باللہ] حضرت شاہ آلِ رسول مارہروی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۲۹۷ھ/۱۸۸۰ء) کے دستِ حق پرست پر سلسلہ عالیہ قادریہ برکاتیہ میں بیعت ہوئے۔

مرشدِ گرامی صاحبِ نظر تھے، اُنہوں نے پہلی ہی نظر میں اس ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات [دیکھ لیے] کو پرکھ لیا، [بیعت کے] ساتھ ہی اجازت وخلافت سے [بھی] سرفراز فرما دیا، اور تازیست اُنھیں مجددِ مائۃ حاضرہ قدس سرہ کی ذاتِ گرامی پر فخر رہا، جس کا کئی مرتبہ برملا اظہار بھی فرمایا:

---

(۱۲) الروایۃ الرویۃ فی الاخلاق النبویۃ، (۱۳) النقادۃ النقویۃ فی الخصائص النبویۃ، (۱۳) لمعۃ النبراس فی آداب الأکل واللباس، (۱۴) التمکن فی تحقیق مسائل التزین، (۱۵) احسن الوعاء، (۱۶) خیر المخاطبۃ فی المحاسبۃ والمراقبۃ، (۱۷) ھدایۃ المشتاق الی سیر الأنفس والآفاق، (۱۸) ارشاد الأحباب الی آداب الاحتساب، (۱۹) اجمل الفکر فی مباحث الذکر، (۲۰) عین المشاھدۃ لحسن المجاھدۃ، (۲۱) تشوق الاداۃ الی طرق حجۃ اللہ، (۲۲) نھایۃ السعادۃ فی تحقیق الھمہ والارادۃ، (۲۳) الوی اللریعۃ الی تحقیق الطریقۃ والشریعۃ، (۲۵) ترویج الأرواح فی تفسیر الانشراح۔ [ملاحظہ فرمائیں: انوار جمال مصطفیٰ صفحہ ۸۰۷ شبیر برادرز، لاہور]

مثلا :ایک مرتبہ فرمایا کہ" ان کے بیعت ہونے سے پہلے میں بہت متفکر رہتا تھا لیکن اب میری وہ پریشانی دور ہوگئی ہے، کیونکہ بروز حشر اگر اللہ جل شانہ پوچھے گا کہ [اے] آل رسول! میرے لئے دنیا سے کیا لائے ہو؟

تو میں عرض کروں گا، اے پروردگار! میں تیرے لئے احمد رضا لایا ہوں۔

۱۲۹۵ھ/۱۸۷۸ء میں فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے والدین کریمین کے ہمراہ حج بیت اللہ اور زیارت روضہ مطہرہ کی سعادت پائی۔(1)

۱۳۲۳ھ/۱۹۰۵ء میں دوبارہ یہ شرف حاصل ہوا۔ علماء پاک و ہند آپ کو اعلیٰ حضرت اور فاضل بریلوی جیسے القاب سے یاد کیا کرتے تھے، آپ کی علمی جلالت اور وسیع النظری، نیز قلمی جہاد کے بے مثل کارناموں کو دیکھتے ہوئے ۱۳۲۳ھ میں [بعض] علماء حرمین شریفین نے آپ کو چودھویں

---

(1) اسی موقع پر تیس سالہ عمر میں آپ نے مکہ معظمہ کی جلیل القدر علمی ہستیوں یعنی مولانا سید احمد دحلان مفتی شافعیہ رحمۃ اللہ علیہ (التوفی ۱۲۹۹ھ/۱۸۸۱ء) اور مفتی احناف مولانا عبدالرحمٰن سراج رحمۃ اللہ علیہ (التوفی ۱۳۰۱ھ/۱۸۸۳ء) سے حدیث، فقہ، تفسیر اور اصول وغیرہ کی سندیں حاصل کیں۔

[محمد ایوب قادری، پروفیسر: تذکرہ علماء ہند، اردو، مطبوعہ کراچی ص۹۹]

اسی مبارک موقع پر ایک روز آپ مقام ابراہیم میں مغرب کی نماز ادا کررہے تھے کہ امام شافعیہ مولانا حسین بن صالح جمل اللیل رحمۃ اللہ علیہ (التوفی ۱۳۰۲ھ/۱۸۸۴ء) نے بغیر کسی سابقہ تعارف کے آپ کا ہاتھ پکڑا اور اپنے ساتھ گھر لے گئے، دیر تک آپ کی مبارک پیشانی کو تھامے رکھا، بوسہ دیا اور فرمایا:

"اِنِّیْ لَاَجِدُ نُوْرَاللّٰہِ مِنْ ھٰذَا الْجَبِیْنِ". یقیناً میں اس پیشانی میں اللہ کا نور پاتا ہوں۔

اس کے بعد انہوں نے آپ کو سلسلہ عالیہ قادریہ کی اجازت مرحمت فرمائی اور صحاح ستہ کی سند دیتے ہوئے فرمایا کہ "تمہارا نام ضیاء الدین احمد ہے۔

اس سند میں امام محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ (التوفی ۲۵۶ھ/۸۶۸ء) تک گیارہ واسطے ہیں۔

[ظفر الدین بہاری، مولانا: حیات اعلیٰ حضرت جلد اول ص ۱۲] ==

= = سلسلہ حصول اسناد کے بارے میں عبدالحیی لکھنوی نے لکھا کہ:

و أسند الحديث في الحجة الأولى عن السيد أحمد زيني دحلان الشافعي المكي والشيخ عبد الرحمن سراج مفتي الأحناف بمكة والشيخ حسين بن صالح جمل الليل ....

(الاعلام بمن في تاريخ الهند من الأعلام ،المسمى بنزهة الخواطر و بهجة المسامع والنواظر ،ج ٣جز٨ص١١٨١،دار ابن حزم ،بيروت ،لبنان)

عبدالحکیم خاں اختر شاہ جہاں پوری رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ

اور دور حاضر کی وہ قابل فخر ہستی صرف مجدد مائۂ حاضرہ قدس سرہ کی ذات گرامی ہے جس نے نوٹ کی شرعی حیثیت کا تعین فرمایا، جس پر آج پوری دنیا کے مسلمانوں کا عمل ہے اور اس لحاظ سے دوستوں اور دشمنوں سب پر احسان عظیم ہے۔(اعلیٰ حضرت کا فقہی مقام،٢٣،لاہور)

آپ رحمۃ اللہ علیہ کا فقہ میں مقام اتنا بلند و بالا ہے کہ عبدالحیی لکھنوی نے مخالف ہونے کے باوجود آپ رحمۃ اللہ علیہ کی فقاہت کا یوں اعتراف کیا ہے کہ"...يندر نظيره في عصره في الاطلاع على الفقه الحنفي و جزئياته . يشهد بذلك مجموع فتاواه و كتابه " كفل الفقيه الفاهم في أحكام قرطاس الدراهم "الذي ألفه في مكة سنة ثلاث و عشرين و ثلاث مئة و الف . . .

(الاعلام بمن في تاريخ الهند من الأعلام ،المسمى بنزهة الخواطر و بهجة المسامع والنواظر ،ج ٣جز٨ص١١٨١،دار ابن حزم ،بيروت ،لبنان)

فقہ حنفی اور اس کی جزئیات پر ان کو جو عبور حاصل ہے اس کی نظیر شاید ہی کہیں ملے اور اس دعویٰ پر ان کا مجموعہ فتاویٰ شاہد ہے اور ان کی تصنیف "جو انہوں نے ١٣٢٣ھ میں مکہ مکرمہ میں لکھی تھی۔

یاد رہے کہ اس کتاب میں عبدالحیی لکھنوی کے بیٹے ابوالحسن علی میاں ندوی نے کچھ اضافے کئے ہیں جن میں اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی ذات کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔

اللہ رب العالمین نے اگر موقعہ نصیب فرمایا تو فقیر ابوالحسن علی ندوی کی طرف سے اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ پر کی جانے والی تنقید کا تفصیلی جائزہ پیش کرے گا،آمین، بجاه النبي الأمين الكريم ﷺ! ارشد مسعود عفی عنہ

صدی کا مجدد برحق تسلیم کیا۔(1)

امام احمد رضا قادری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ گزشتہ مجددین حضرات کی طرح چودھویں صدی میں کشتی ملت اسلامیہ کے ناخدا، عقیدۂ توحید ورسالت کے محافظ، مرکز دائرہ تحقیق، مرجع علماءِ عرب وعجم اور شمع رسالت کے پروانے ثابت ہوئے۔

برٹش گورنمنٹ کی پُر اسرار فتنہ انگیزی واسلام دُشمنی اور رنگ برنگے لصوص دین[دین کے چوروں] وگستاخانِ شانِ رسالت کے زمانے میں آپ کا وجودِ مسعود وقت کی سب سے بڑی ضرورت تھا۔

آپ کی عدیم النظیر علمیت کو دنیائے اسلام کی مایہ ناز علمی ہستیوں نے خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے آپ کے منصبِ امامت کا بڑا فخر کے ساتھ اظہار فرمایا ہے۔(2)

---

(1) مندرجہ ذیل علماءِ اُمت نے اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کو مجدد لکھا ہے:

(۱) السيد حسين ابن العلامة السيد عبد القادر الطرابلسي المدرس بالمسجد النبوی .

(۲) محمد كريم الله المهاجر في المدينة المنورة من تلاميذ حضرة مولانا و سيدنا و أستاذنا الشاه محمد عبد الحق مقيم بمكة المكرمة .

(۳) موسى على الشامي أصلا الأزهري الأحمدي الدرديري المدني .

(۴) السيد اسماعيل بن خليل

(۵) السيد أحمد علي الهندي الرامفوري المهاجر في المدينة المنورة . وغيرهم .

ملاحظہ فرمائیں: التقريظات "الدولة المكية بالمادة الغيبية ،ص ۱۳۸، ۱۷۰، ۱۷۹، ۲۰۱، ۲۰۴ ،مركز أهل السنة بركات رضا فور بندر غجرات ،الهند) .

(2)مثلا أحمد الجزائري بن السيد أحمد المدني ،حمدان الونيسي القسنطيني الجزائري ، عبد الله النابلسي الحنبلي ،وغيرهم .

وانظر :التقريظات "الدولة المكية "۱۳۸الى۲۳۹)

فاضل بریلوی قدس سرہ کو پچاس کے لگ بھگ علوم وفنون میں مہارت تامہ حاصل تھی۔(1)

کتنے ہی علوم میں آپ منصب امامت پر فائز تھے اور بعض علوم کا تو آپ کو موجد ہونے کا شرف حاصل ہے۔

کئی علم ایسے ہیں جن کا آپ کے بعد صرف نام ہی باقی رہ گیا ہے، ایسے علوم میں کامل دسترس رکھنا تو دور کی بات ہے اُن کی معمولی سی واقفیت رکھنے والا بھی آج کل کوئی عالم نظر نہیں آتا۔

جملہ تصانیف اعلیٰ حضرت کا شمار قریباً ایک ہزار بتایا جاتا ہے تصانیف کیا ہیں؟ علوم ومعارف کے خزائن اور تحقیق وتدقیق کے منہ بولتے شاہکار ہیں، آپ کے ان جواہر پاروں سے روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ مجدد مائۃ حاضرہ رحمۃ اللہ علیہ کی ہر تصنیف کے اندر عشق رسول تو روح رواں کی حیثیت رکھتا ہے، جس کا آپ کے مخالفین بھی اعتراف کیے بغیر نہ رہ سکے یعنی

علم وعرفان کے خزائن ہیں تصانیف آپ کی

نور ایمان سب کے اندر بھر دیا پائندہ باد

۱۲۸۶ھ میں آپ نے قلم ہاتھ میں پکڑا (تصنیف وتحریر کے لئے) اور آخری دم تک یعنی متواتر چون (54) سال قلمی جہاد میں شبانہ روز مصروف رہے۔

مبتدعین زمانہ اور گستاخان رسول میں سے کوئی ایسا قابل ذکر شخص نہیں جس کے رد میں آپ نے کتابیں نہ لکھی ہوں۔

---

(1) اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے جن علوم وفنون میں اپنے رشحات قلم چھوڑے ہیں ان کی تعداد بہت زیادہ ہے آپ کے متعدد سوانح نگاروں نے ان کی متفرق تعداد لکھی ہے مگر اب تک حاصل شدہ معلومات میں اس وقت تک ہمیں جو معلومات پہنچی ہیں ان میں ایک ذریعہ ماہنامہ "سنی دنیا" بریلی شریف ہے جو کہ دوسروں کی نسبت زیادہ اہم ومعتبر ہے اس کے مطابق آپ کے علوم وفنون کی تعداد ستر (۷۰) ہے۔

ملاحظہ ہو: ماہنامہ "سنی دنیا" بریلی شریف۔بابت ماہ اگست ۱۹۹۲ء، ومعارف رضا شمارہ نمبر ۲۵، ص ۱۵۳)

فرضیکہ مقدس مجدِ اسلام میں غیر اسلامی عقائد و نظریات کے پیوند لگانے والوں یا کسی کے اشارۂ چشم و ابرو پر خانہ ساز مسائل پیش کر کے مسلمانوں کا رُخ حرمین شریفین سے لندن یا دوارکا کی [غالباً: خاک کھا کر بدلنے والا] جانب پھیرنے والوں کا آپ ڈٹ کر ۱۳۴۰ھ/۱۹۲۱ء تک مقابلہ کرتے رہے۔

اُدھر رہنمائی کے بھیس میں سینکڑوں لصوص دین (دین کے چور) تھے اور ادھر امام احمد رضا فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی تنہا ذات گرامی، قلمی میدان میں خوب گھمسان کا رن پڑا، طرفین سے دلائل و براہین کی دھواں دھار بمباری ہو رہی تھی، تقریباً نصف صدی تک یہ معرکہ آرائی رہی جس جانب مطلع صاف ہوتا تو نظر آنے لگتا کہ میدان میں صرف محمدی کچھار کا شیر احمد رضا خاں بریلوی ہے، جو بار بار " هَلْ مِنْ مُّبَارِزٍ " پکار رہا ہے، لیکن اُس کے مقابلے پر میدانِ کارزار میں کودنے والے راہِ فرار اختیار کر چکے تھے اور وہ سروں پر پاؤں رکھ کر ایسا بھاگ گئے کہ اُن میں سے کوئی بھی پیچھے دیکھنے تک کی جرأت نہیں کرتا۔

زمانہ زبانِ حال سے پکار پکار کر کہہ رہا تھا:

﴿جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا﴾(1) کہ حق آیا اور باطل مٹ گیا بیشک باطل کو مٹنا ہی تھا۔

۱۳۳۰ھ/۱۹۱۱ء میں آپ نے قرآنِ کریم کا ترجمہ کیا جو 'کنز الایمان' کے نام سے مشہور ہے، مجددِ اسلام قدس سرہ اس کو اِملا کراتے اور صدر الشریعہ مولانا امجد علی اعظمی برکاتی رضوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۳۶۸ھ/۱۹۴۸ء) لکھتے جاتے، ترجمہ واقعی اسم بامسمّٰی یعنی ایمان کا خزانہ ہے۔

اُردو زبان میں گویا آپ نے کلامِ الٰہی کی ترجمانی کا حق ادا کر دیا اِس جیتے جاگتے ترجمے کے

---

(1) (الاسراء :۸۱)

ذریعے آپ نے دین کے قلعے میں نقب زنی کرنے والوں کے راستے میں ایک نا قابلِ تسخیر چٹان حائل کر دی تھی تا کہ وہ کلامِ الٰہی سے اپنے عقائدِ فاسدہ اور خیالاتِ کاسدہ کو درست ثابت کرنے کی راہ نہ پاسکیں اور اس طرح بھولے بھالے مسلمانوں کے دین وایمان پر ڈاکے نہ ڈال سکیں۔

بہر حال اس ترجمہ قرآن کریم کو دیکھ کر بے ساختہ زبان پر یہ الفاظ آ ہی جاتے ہیں:

ترجمہ قرآں کا لکھ کر کنزِ ایماں کر دیا　　　اے مفسر! واقفِ رازِ خدا پائندہ باد

فقہ حنفی میں ایک جانب آپ کا عدیم المثال کارنامہ یہ ہے کہ "جد الممتار" کے نام سے فقہ کی مشہور ومعروف کتاب " رد المحتار " [شامی] کا پانچ جلدوں میں حاشیہ تحریر فرمایا دوسری جانب آپ کے گراں قدر فتوؤں کا مجموعہ بارہ (جدید ۳۳) ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے۔
اس مجموعہ فتاویٰ کا پورا نام " العطایا النبویة فی الفتاوٰی الرضویة" ہے اور عام بول چال میں اسے "**فتاوٰی رضویہ شریف**" کہتے ہیں۔ آپ نے کتنے ہی فتوے ایسی بالغ نظری سے تحریر فرمائے ہیں کہ تحقیق کا حق ادا کر دیا ہے۔
مایہ ناز علمی ہستیاں آپ کی وسیع النظری کو دیکھ کر انگشت بدنداں رہ جاتی تھیں، اسی لئے تو آپ کے ایک تحقیقی فتوے کو دیکھ کر مکہ مکرمہ کے جلیل القدر عالم مولانا سید اسماعیل بن سید خلیل آفندی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۳۳۸ھ/۱۹۱۹ء) نے فرمایا تھا:

والله أقول، والحق أقول انه لو راها ابو حنيفة النعمان لأقرت عينه ولجعل مؤلفها في جملة الأصحاب .(1)

خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں اور سچ کہتا ہوں کہ بے شک ان علمی جواہر پاروں کو اگر امام اعظم قدس سرہ دیکھتے تو ضرور اُن کی آنکھیں ٹھنڈی

---

(1) (الاجازات المتينه ص ۹، مشموله رسائل رضويه ۲/۲۴۹، مطبوعه لاهور)

ہوتیں اور ان کے مؤلف کو اپنے اصحاب کے
زُمرے میں شامل فرمالیتے۔

تحریکِ وہابیت کا وجود تعظیم انبیاءِ کرام واولیاءِ عظام کے خلاف ایک کھلا چیلنج ہے ان حضرات کی غایت سعی اور ان کے مذہب کا رُکنِ اعظم ہی یہ ہے کہ مقربین بارگاہِ الٰہیہ کے خداداد اختیارات کا شب وروز انکار کیا جائے، تاکہ ایک بڑے سے بڑے بزرگ اور عام آدمی میں کوئی خاص فرق نظر نہ آئے اور اس طرح مسلمان اپنا رشتہ بزرگانِ دین سے منقطع کر کے ابلیس کے حلیف اور اللہ والوں کے حریف بنتے چلے جائیں، اور ایسے حضرات کا رابطہ ان اللہ والوں سے نہیں ہوگا جن کے بارے میں شیطان نے بھی یوں برملا اعتراف کیا تھا:

﴿فَبِعِزَّتِكَ لَأُغْوِيَنَّهُمْ أَجْمَعِينَ . إِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِينَ﴾ (1)	تیری عزت کی قسم ضرور میں ان سب کو گمراہ کر دوں گا مگر جو ان میں تیرے چنے ہوئے بندے ہیں۔

اور جن اپنے خاص بندوں کے متعلق خود اللہ جل شانہ نے یوں اعلان فرمایا ہے:

﴿إِنَّ عِبَادِي لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطَانٌ إِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْغَاوِينَ﴾ (2)	بیشک میرے بندوں پر تیرا کچھ قابو نہیں، سوا ان گمراہوں کے جو تیرا ساتھ دیں۔

اور بزرگوں سے رابطہ نہ ہونے کے باعث ایسے حضرات علم وفضل کے تمام تر دعوے تو کرتے ہوئے نظر آئیں گے، لیکن سارے خوش نما دعاوی کے باوجود شیطان کے شکار ہوں گے۔

چنانچہ جب وہابیت کی تند وتیز آندھی چلی اور مسلمانوں کو بارگاہِ رسالت کا گستاخ بنانے کی راہ

---

(1)[ص :۸۲، ۸۳]

(2)[الحجر :۴۲]

نکالی گئی تو اس منحوس سازش کا سدِّ باب کرنے اور مسلمانوں کو آقائے کائنات ﷺ کا شیدائی بنانے اور اُنھیں درِ مصطفےٰ ﷺ تک پہنچانے کی خاطر امام احمد رضا نے بلبلِ باغِ مدینہ بن کر حبیب پروردگار کی تعریفوں کے نغمے سنانے شروع کردیئے آپ کے اُن ایمان افروز نغموں کے مجموعے کا نام "**حدائق بخشش**" ہے اکثر محفلوں اور مجالس میں پاک و ہند کے اندر آپ کا کلام فردوس گوش [وہ جس کی آواز کانوں کو اچھی لگے] بنا رہتا ہے جس سے دلوں کو سرور، آنکھوں کو نور، ایمان کو تازگی اور روح کو نئی زندگی ملتی رہتی ہے۔

گونج گونج اُٹھے ہیں نغماتِ رضا سے بوستاں

کیوں نہ ہو کس پھول کی مدحت میں وا منقار ہے

مجدد مائۂ حاضرہ امام احمد رضا فاضل بریلوی قدس سرہ' نے تفسیر، حدیث، اُصولِ حدیث، فنِ رجال، فقہ، اصول فقہ، تصوف، کلام، منطق اور تاریخ وغیرہ کی مشہور و متداول تقریباً ڈیڑھ سو (150) عربی و فارسی تصانیف اکابر پر حواشی لکھے، کئی سو کتابیں مبتدعینِ زمانہ کے محاسبے اور اُن کے سرغنوں کی سرکوبی میں لکھیں۔ ﴿ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ﴾

اعلیٰ حضرت عظیم البرکت رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخِ ولادت اس آیتِ کریمہ سے نکالی تھی:

﴿اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَ اَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ﴾(1)	یہ ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان نقش فرما دیا ہے اور اپنی طرف کی روح سے ان کی مدد فرمائی۔

مادۂ تاریخ ایسا جسے بجا طور پر امام اہلِ سنت کی سوانح حیات کہا جا سکتا ہے۔

۳ رمضان المبارک ۱۳۳۹ھ کو بھوالی پہاڑ پر خامۂ قدرت نے تاریخ وصال کے لئے آپ سے

---

(1)[المجادلة:۲۲]

یہ آیت کریمہ لکھوائی:

﴿وَيُطَافُ عَلَيْهِم بِآنِيَةٍ مِّن فِضَّةٍ وَّأَكْوَابٍ﴾(1) اور طواف کر رہے ہیں ان کے گرد (غلمان) چاندی کے برتن اور آبخورے لے کر۔

جاندار کارناموں کے باعث ہمیشہ خوش نصیب حضرات شہرت عام اور بقائے دوام حاصل کرتے آئے ہیں۔

فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اپنے جاندار علمی کارہائے نمایاں کے ذریعے شہرت غیر فانی اور بقائے جاودانی کی دولت لازوال پائی ہے کیوں نہ ہو:

ہر گز نمیرد آنکه دلش زنده شد بعشق

ثبت است بر جریدنه عالم دوام ما

۱۳۱۱ھ/۱۸۹۳ء میں دہلی سے مولوی کرامت اللہ خانصاحب نے امام احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں استفتاء بھیجا کہ رئیس المبتدعین مولوی محمد اسمٰعیل دہلوی (المتوفی ۱۲۴۶ھ/۱۸۳۱ء) کے گستاخ ٹولے سے بعض مولوی درود تاج کا پڑھنا شرک بتاتے اور سم قاتل ٹھہراتے پھر رہے ہیں کیونکہ اس میں "دافع البلاء والوباء" وغیرہ الفاظ ایسے موجود ہیں جو حبیب پروردگار ﷺ کے خداداد اختیارات کے اظہار و بیان پر مشتمل ہیں جن سے وہابیوں کے قلب و جگر شق ہونے لگتے ہیں کیونکہ اُن کی شیطانی توحید میں نبی کو بھائی کہنا جائز و معمول اور عاجز و نادان بتانا، ذرہ ناچیز سے کمتر اور چمار سے بھی ذلیل ٹھہرانا معقول و مقبول ہے اس صورت حال کے پیش نظر موصوف نے اعلیٰ حضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ سے مدلل جواب لکھنے کی درخواست کی۔

---

(1)[الدھر :۱۵]

حضرت امام اہل سنت مجدد ملت حاضرہ قدس سرہ نے " الأمن والعلٰی لناعتی المصطفٰی بدافع البلاء " (۱۳۱۱ھ) کے تاریخی نام سے جواب مرحمت فرمایا۔

حبیب پروردگار ﷺ کے خداداد اختیارات وتصرفات کا واضح ثبوت دینے والا ایمانی دلائل کا گلدستہ ساٹھ (60) آیات کریمہ اور تین سو (300) احادیث مطہرہ سے مزین ومنورو معطر ہے یہ مقدس رسالہ محبوب رب العالمین کے اختیارات بیان کرنے والا عجالہ چوراسی (84) سال سے لاجواب ہے [اب ایک سو اٹھارہ (118)] اور نبی کریم، نور مجسم، فخر دوعالم ﷺ کے فضائل وکمالات سے جلنے اور چڑھنے والا کوئی بھی مخالف آج تک " الأمن والعلٰی " کا جواب لکھنے کی جرأت نہ کرسکا۔

اوران شاء اللہ تعالی یہ سب عاجز ہی رہیں گے۔

﴿أَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي كَيْدَ الْخَائِنِينَ﴾ بے شک اللہ دغا بازوں کا مکر نہیں چلنے دیتا۔

(1)

اس مبارک رسالے سے اہل حق کا اجماعی عقیدہ بخوبی واضح ہے

لیکن خارجیت زدہ نجدیت رسیدہ وہابیانِ ہند وپاک کو یہاں جانکنی کا سامنا پڑ جاتا ہے اگر ان ساٹھ (60) آیتوں اور تین سو (300) حدیثوں پر ایمان لائیں، فرامینِ خداوندی اور ارشاداتِ مصطفوی کے سامنے گردن جھکا کر سید المرسلین ﷺ اور دیگر مقربینِ بارگاہِ الٰہیہ کے اختیارات کو تسلیم کرلیں تو اپنے ان علماء کو نبی کریم ﷺ اور جملہ انبیائے کرام واولیائے عظام کا مخالف اور گستاخ ماننا پڑے گا، جنہیں ایک عرصہ سے ان حضرات نے ﴿أَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ﴾ (2) بنا کر اپنے دلوں اور دماغوں پر مسلط کیا ہوا ہے۔

---

(1) [الیوسف: ۵۲]

(2) [آل عمران: ۶۴]

کاش! سچے مسلمانوں کو مشرک قرار دینے والے کبھی اس غیر اسلامی مشغلے کی جانب بھی توجہ فرمالیا کریں کہ اپنے اکابر کی تصریحات کے سامنے حدیث کے واضح نصوص کو رد کر کے وہ ایک ایسا شرکیہ کاروبار کر رہے ہیں جس کے بازار خود ان کے دلوں اور دماغوں میں کھلے ہوئے ہوں۔

کیا اُن مولویوں کے الفاظ، احادیث مطہرہ اور آیات مقدسہ سے مقدم ہیں؟۔

کیا اُن کے بالمقابل آیات واحادیث کے مفاہیم ومطالب میں بے جا تاویلات کی راہیں اختیار کی جائیں اور ترامیم کے پیوند لگائے جائیں یا قرآن وحدیث سے ٹکرانے والے ہر نظریے کو پائے استحقار [حقیر] سے ٹھکرادیا جائے؟۔

اختلافات کی اس خلیج کو پاٹنے کا ایک ہی راستہ ہے کہ آیات واحادیث میں من مانی تاویلیں کرنے کے بجائے جو نظریات قرآن وحدیث سے ٹکراتے ہیں انہیں گندے انڈوں کی طرح باہر گلی میں پھینک دیا جائے۔

﴿فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ إِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ﴾(1) اگر تمہارا کسی بات پر نزاع ہو جائے تو اسے اللہ اور رسول کی طرف پھیر دو۔

حکم خداوندی ہے اگر آیات واحادیث کے مفہوم ومطالب میں اختلاف آپڑے تو متقدمین و متاخرین اکابر کی جانب رجوع کرنا ہوگا، کیونکہ وہ حضرات حق پر بالکل متفق ہیں:

"لَا تَجْتَمِعُ أُمَّتِيْ عَلَى ضَلَالَةٍ" (2) یعنی میری امت کو گمراہی پر جمع نہ کرنا۔

---

(1)[النساء ٥٩]

(2)رواه احمد في مسنده ٣٩٦/٦ (٢٧٢٢٤) من حديث أبي بصرة الغفاري عليه: "... سألت الله عزوجل أن لا يجمع أمتي على ضلالة ...والطبراني في الكبير ٢٨٠/٢ (٢١٧١). وذكره الهيثمي في المجمع ٢٢١/٧ فقط له بوجزاه كلاهما وقال فيه راولم يسم.

ورواه الحاكم في المستدرك ٢٠٠/١ عن بن عمر، "لا يجمع الله أمتي على الضلالة".

کی بشارت عظمیٰ اجماعِ اُمت کے برحق اور قابلِ تسلیم و لائقِ یقین ہونے کی دلیل ہے اس بارے میں واضح حکمِ الٰہی یوں ہے:

﴿وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ وَسَاءَتْ مَصِيْرًا﴾(1)

اور جو رسول کا خلاف کرے بعد اس کے کہ حق راستہ اُس پر کھل چکا اور مسلمانوں کی راہ سے جدا راہ چلے ہم اُسے اُس کے حال پر چھوڑ دیں گے اور اُسے دوزخ میں داخل کریں گے اور کیا ہی بری جگہ ہے پلٹنے کی۔

اور اسی سلسلے میں اللہ جل شانہ نے مسلمانوں کو بایں الفاظ بھی حکم دیا ہے:

﴿وَاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَيَّ﴾(2)

اور اس کی راہ چل جو میری طرف رجوع لایا۔

بلکہ مسلمانوں کو حکم دیا ہے کہ علاوہ دوسرے مواقع کے نمازوں میں اہتمام سے یہ دعا مانگا کریں:

﴿اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ. صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ﴾(3)

ہم کو سیدھا راستہ چلا، راستہ اُن کا جن پر تو نے احسان (انعام) کیا۔

اس کے برخلاف بعض لوگوں نے مسلمانوں کی قدیمی و اصلی جماعت یعنی اہلسنت وجماعت سے رشتہ توڑ کر صراطِ مستقیم سے منہ موڑ کر اپنی علیحدہ جماعت بلکہ جماعتیں بنالیں جو اپنے روزِ اول ہی سے ﴿اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ﴾ کے راستے پر چلنے والوں سے برسرِ پیکار چلے آتے ہیں اور انبیائے کرام و اولیائے عظام کے فضائل و کمالات کا انکار کر کے توہین و تنقیص کے مرتکب ہوتے رہنا ان کا پسندیدہ مشغلہ ہو کر رہ گیا ہے چونکہ اُن حضرات کے گستاخانہ الفاظ خوش عقیدہ بلکہ راسخ

---

(1)[النساء:115]

(2)[لقمان:15]

(3)[الفاتحۃ:5،6]

العقیدہ مسلمانوں کے دلوں میں تیر کی طرح پیوست ہوتے اور خنجر کی طرح کام کرتے ہیں اس لئے اختلاف کی خلیج سکڑتی نہیں بلکہ مزید وسیع سے وسیع تر ہوتی جارہی ہے۔

اگر اختلاف کی حد یہاں آکر ختم ہو جاتی تو شاید اس کی شدت میں کسی وقت بھی کمی آنے کی اُمید ہو سکتی تھی لیکن ایک افسوس ناک صورت حال ایسی بھی ہے کہ جو اختلاف کی اس بھڑکتی ہوئی آگ پر تیل بن کر گرتی اور اپنی خاصیت دکھاتی ہے وہ یہ کہ وہابی حضرات جہاں اپنے دل کی [آگ] بجھانے کے لئے انبیائے کرام و اولیائے عظام کے فضائل و کمالات کا انکار کرتے ہیں وہاں وہی فضائل و کمالات بلکہ ان سے بڑھ کر اپنے مولویوں کے لئے ثابت کرتے رہتے ہیں اور مسلمانوں کو اپنا ہم خیال بنانے کی خاطر کتب و رسائل کے ذریعے ایسی باتوں کی تشہیر کرتے رہتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ بعض حضرات ہمارے اس نظریے سے متفق نہ ہوں تو ہم اُن کی تسکین خاطر کی غرض سے وہابی حضرات کے اس افسوسناک طرز عمل اور انداز فکر کی چند مثالیں پیش کر دیتے ہیں و باللہ التوفیق۔

مثال اول:

متحدہ ہندوستان میں بارگاہ رسالت میں گستاخی کا بیج بونے والے یعنی وہابیت کے بانی مبانی مولوی محمد اسماعیل دہلوی (المتوفی ۱۲۴۶ھ/۱۸۳۱ء) نے نبی کریم ﷺ کے خداداد اختیارات و تصرفات کے بارے میں اپنا نظریہ یوں بیان کیا ہے:

"جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں" (1)

مسلمانوں! اللہ اور رسول پر ایمان رکھنے والو! تھوڑی دیر کے لئے عقیدے کی بحث سے ایک

---

(1) (تقویۃ الایمان اشرف پریس، لاہور صفحہ ۸۲۔ راشد کمپنی دیوبند صفحہ ۳۶۔ اشاعت السنہ مرکزی جمعیۃ اہلحدیث مغربی پاکستان، صفحہ ۱۱۷، و مکتبہ تھانوی دیوبند، تقویۃ الایمان مع تذکیر الاخوان، صفحہ ۳۵)

طرف ہو کر غور تو فرماؤ کہ یہ انداز گفتگو کیا ہے؟

کیا اس طرز تکلم سے اس بات کی ذراسی بھی بُو آتی ہے کہ ان الفاظ کا لکھنے والا سید المرسلین ﷺ کا اُمتی ہے؟۔

کیا یہ الفاظ بتاتے ہیں اُس کے دل میں حبیب کردگار، محبوب پروردگار شفیع روز شمار ﷺ کی تعظیم و توقیر کا کوئی ادنیٰ سا تصور بھی موجود تھا؟۔

اس کے بعد موصوف نے اس عقیدے کا حکم یوں سنایا ہے:

"اس آیت سے معلوم ہوا کہ جو کوئی کسی کو اپنا حمایتی سمجھے گو یہی جان کر کہ اس کے سبب سے خدا کی نزدیکی حاصل ہوتی ہے سو وہ بھی مشرک ہے اور جھوٹا اور اللہ کا ناشکر۔(1)

موصوف نے اس سلسلے میں مزید اس نظریہ کی یوں وضاحت کی ہے:

"پھر خواہ یوں سمجھے کہ ان کاموں کی طاقت ان کو خود بخود ہے، خواہ یوں سمجھے کہ اللہ نے اُن کو ایسی قدرت بخشی ہے، ہر طرح شرک ثابت ہوتا ہے۔(2)

اسی نظریے کو مصنف "تقویۃ الایمان" نے اپنے مخصوص گستاخانہ لفظوں میں یوں بھی بیان کیا ہے:

"ہمارا جب خالق اللہ ہے اور اسی نے ہم کو پیدا کیا تو ہم کو بھی چاہیئے کہ اپنے کاموں پر اسی کو پکاریں، اور کسی سے ہم کو کیا کام؟

جیسے جو کوئی ایک بادشاہ کا غلام ہو چکا تو وہ اپنے ہر کام کا علاقہ اُسی سے رکھتا ہے دوسرے بادشاہ

---

(1)(تقویۃ الایمان ص ۳۲، دوسرا نسخہ: ۲۵، اشاعت السنہ مرکزی جمعیۃ اہلحدیث مغربی پاکستان، تیسرا نسخہ: ۱۰ مکتبہ تھانوی دیوبند)

(2)(تقویۃ الایمان صفحہ ۱۵، اشاعت السنہ مرکزی جمعیۃ اہلحدیث مغربی پاکستان۔ دوسرا نسخہ: ۱۳، مکتبہ تھانوی دیوبند).

سے نہیں رکھتا اور کسی چوہڑے چمار کا تو کیا ذکر۔(1)

زمانہ حال [ماضی قریب] کے دیوبندی عالم مولوی محمد سرفراز صاحب گکھڑوی نے "الأمن و العلی" کے دلائل قاہرہ سے بچتے ہوئے دوراز کار دلائل کے سہارے اس موضوع پر "دل کا سرور" نامی کتاب لکھی ہے۔

موصوف نے اُس میں اپنے وہابی [دیوبندی] بھائیوں کے دلوں کو یوں سرور پہنچایا ہے:

"بعض نے یہاں ایک اُلجھن پیدا کردی ہے کہ حضرات انبیاء عظام علیہم السلام اور اولیائے کرام کو جو مختار کل کہا جاتا ہے تو اس کا معنی یہ ہے کہ اُن کے یہ اختیارات عطائی طور پر حاصل ہوئے ہیں۔ مستقل اور ذاتی طور پر صرف اللہ ہی مختار کل ہے اور عطائی طور پر کسی کو مختار کہنا شرک نہیں۔ لیکن یہ بات اتنی لچر پوچ ہے کہ شاید ہی دنیا میں کوئی اور بات اتنی بودی اور کمی ہوگی۔(2)

موصوف نے اس عقیدے کو ذرا آگے چل کر مسلمانوں کو کافر بتاتے ہوئے یوں پیش کیا ہے:

"یہود و نصاریٰ اور مشرکین عرب کا یہ عقیدہ ہرگز نہ تھا کہ احبار اور رہبان اور انبیاء کرام علیہم الصلوۃ والسلام اور اولیاء اللہ کو ذاتی اور مستقل طور پر یہ اختیارات حاصل تھے بلکہ اُن کا عقیدہ تھا کہ عطائی اور غیر مستقل طور پر سارے جہان کے بھی بلکہ اُمور عظام کے علاوہ چھوٹے بڑے اُمور میں ان کو تصرف کا اختیار تھا مگر باوجود اس عقیدہ کے یہود و نصاریٰ اور مشرکین کو اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں کافر اور مشرک کہا ہے۔ اب یہ فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے کہ جو فرقہ دُنیاء آخرت کے تمام اختیارات غیر اللہ کے لئے ثابت کرے، کیا مسلمان رہے گا یا نہیں؟۔

عیسائیوں نے تو صرف تین الٰہ تسلیم کیے اور وہ کافر ٹھہرائے گئے، لیکن یہاں تو الہوں کی حد ہی

---

(1)(تقویۃ الایمان صفحہ ۵۹، اشاعت السنۃ مرکزی جمعیۃ اہلحدیث مغربی پاکستان، صفحہ ۲۰ مکتبہ تھانوی دیوبند)

(2)(دل کا سرور ص ۳۵، ۳۶ طبع پنجم)

نہیں، ہر نبی وامام، ہر پیر وولی، ہر قبر اور گنبد ان کے الٰہ ہیں۔(۱)

حضرت ناصح گر آئیں دیدہ ودل فرشِ راہ

کوئی لیکن یہ تو سمجھا دے کہ سمجھائیں گے کیا؟

وہابی حضرات کا فرمان ہے کہ کوئی ولی یا نبی تو کیا سید الانبیاء علیہ وعلیہم الصلوٰۃ والسلام تک ایک چیز کے بھی مالک نہیں جو انہیں عطائی اختیار بھی ثابت کرے، وہ بھی مشرک۔

جو اُن حضرات کے لئے خدا کا عطا فرمایا ہوا کسی طرح اختیار مانے وہ گویا اُنہیں الٰہ (معبود) مانتا ہے اور اس طرح عیسائی تو صرف تین ہی خدا مانتے ہیں لیکن وہابیوں کے نزدیک مسلمانانِ اہل سنت وجماعت کے خدا احد وشمار سے باہر ہیں ہم ان حضرات کے مذکورہ خلافِ اسلام وایمان بیانات کو قرآن وحدیث کے صریحاً خلاف دکھانے کا حق محفوظ رکھتے ہوئے خود اُن کے اندرونِ خانہ کی سیر کرواتے ہیں تا کہ سند رہے اور بوقتِ ضرورت کام آئے۔

چنانچہ امام الوہابیہ مولوی محمد اسماعیل دہلوی نے اپنے پیر ومرشد سید احمد صاحب رائے بریلوی کے ملفوظات کا بہانہ کر کے اپنے پیر کو سید المرسلین ﷺ کا مدمقابل ثابت کرنے کی غرض سے لکھا ہے:

"ارباب ایں مناصب رفیعہ ماذون مطلق در تصرف عالم مثال و شہادت می باشد و ایں کبار اولی الایدی والابصار را می رسد کہ تمامی کلیات را

اس طرح ان مراتب عالیہ اور مناصب رفیعہ کے صاحبان عالم مثال اور شہادت میں تصرف کرنے کے مطلق ماذون ومجاز ہوتے ہیں اور ان بزرگوں کو (حق) پہنچتا ہے کہ تمام کلیات کو اپنی طرف نسبت کریں مثلاً ان کو

(۱) دل کا سرور، ص ۳۷، ۳۸۔

بسوی خود نسبت نمایند مثلا ایشاں را می رسد که بگویند که از عرش تا فرش سلطنت ما است۔(1)	جائز ہے کہ کہیں، عرش سے فرش تک ہماری سلطنت ہے۔

مسلمانوں کا ایمان ہے کہ سید المرسلین ﷺ سے اوپر اللہ جل شانہ کا مرتبہ ہے، وہابی حضرات کی تعلیم ہے کہ جس کا نام محمد (ﷺ) ہے وہ ایک چیز کا بھی مختار نہیں۔

جو اُن کے لئے عطائی اختیار بھی مانے وہ بھی مشرک کیونکہ اس طرح وہ انہیں اپنا معبود بنا رہا ہے۔ کیا وہابی حضرات مسلمانوں کو یہ سمجھانے کی زحمت گوارا فرمائیں گے کہ جب اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ تک کو ایک چیز کا بھی اختیار نہیں دیا بلکہ اسے شرک ٹھہرا لیا تو مولوی محمد اسمٰعیل دہلوی کے پیروں کو عالم مثال وشہادت میں تصرف کرنے کا ماذون ومجاز بنا کر کیوں اپنا شریک ٹھہرا لیا تھا؟۔ اُنہیں یہ اجازت کس طرح دے دی کہ عرش سے فرش تک کی کائنات کو اپنی سلطنت بتاتے پھریں؟۔

اگر ان تصریحات کو درست تسلیم کیا جائے تو نبی کریم ﷺ سے دہلوی صاحب کے پیروں کا مرتبہ بدرجہا بلند نظر آ رہا ہے یا نہیں؟، کیا جو دروازے اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کے لئے بھی بند رکھے وہ وہابی مولویوں کے لئے چوپٹ کھول دیئے تھے؟

انصاف کی نظر سے دیکھا جائے تو مشرکانہ کاروبار یہ ہے شرک کی گرم بازاری اسے کہتے ہیں کہ انبیائے کرام واولیائے عظام کا نام آئے تو تصرف عطائی کا اثبات بھی شرک، اور اپنے ملاؤں کی باری آئی تو اُس سے ہزار گنا تصرف بھی شیر مادر۔

---

(1)(صراط مستقیم صفحہ ۱۱۲ در مطبع ضیائی واقع میرٹھ طبع شد، مترجم صفحہ ۲۳۲)۔

کیا سید الانبیاء سے کسی کا منصب بڑھانا اُلوہیت کے مقام پر بٹھانا ہے یا نہیں؟

سوچیے یہ مشغلہ کس کا ہے؟، کون توحید کے نام پر بڑے اہتمام سے یہ بُت پرستی کر رہا ہے؟۔

کیا قرآن کریم کی اصطلاح کے مطابق یہ یہود و نصاریٰ کی طرح ﴿اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَھُمْ وَرُھْبَانَھُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ﴾ (1) کا کاروبار تو نہیں؟۔

مثال دوم:

مولوی محمد اسماعیل دہلوی نے فخر دو عالم ﷺ کی شان میں لکھا ہے:

"رسول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا"۔(2)

جس اللہ سبحانہ نے کائنات فخر موجودات ﷺ کے بارے میں یہ واضح اعلان فرمایا کہ:

﴿وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰی﴾(3) — اور بے شک قریب ہے کہ تمہارا رب تمہیں اتنا دیگا کہ تم راضی ہو جاؤ گے۔

خوشی نے ڈالی ہیں بانہیں گلے میں

کہ ہو جائے راضی طبیعت کسی کی۔

اور دوسرے مقام پر تحویل قبلہ کے وقت اس مفہوم کو یوں بیان فرمایا:

﴿فَلَنُوَلِّیَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰھَا﴾(4) — تو ضرور ہم پھیر دیں گے تمہیں اُس قبلہ کی طرف جس میں تمہاری خوشی ہے۔

---

(1)[التوبة ۳۱]

(2)(تقویۃ الایمان صفحہ ۱۰۷ و صفحہ ۱۵۳ اشاعت السنہ مرکزی جمعیۃ اہلحدیث مغربی پاکستان۔ وفي نسخة: مکتبہ تھانوی دیوبند)

(3)[الضحی ۵]

(4)[بقرة ۱۴۴]

یل دہلوی صاحب کے نزدیک اُس حبیبِ پروردگار، مدنی تاجدار ﷺ کے چاہنے سے گویا
بھی نہیں ہوتا تو موجودہ وہابی علماء ہمیں بتائیں کہ وہ کون سی ہستیاں ہیں جن کے چاہنے سے
ہو جاتا ہے؟۔ موصوف کے حوالے سے منشی محمد جعفر تھانیسری یعنی سید احمد صاحب کے اولین
خ نگار نے لکھا ہے:

''حمد وثنا کے بعد آپ سجدہ میں گر پڑے اور سجدے سے سر اُٹھا کر مبارکباد دیتے ہوئے
یا کہ آج ہاتف غیب نے مجھے بشارت دی ہے کہ اس وقت تجھ کو تیرے کل ہمراہیوں کو میں
بخش دیا اور اس ندا کے بعد ایک ہاتھ غیب سے ظاہر ہوا اور اُس ہاتھ نے اُس مسجد کو جنت
میں لے جا کر داخل کر دیا اُس وقت آپ (سید احمد صاحب) نے فرمایا کہ اس مسجد میں جس
آدمی موجود ہیں ان سب کے نام ایک کاغذ پر لکھ لو اور ان کو اصحابِ بدر کی طرح بارگاہ ایزدی
مقبول ومنظور تصور کرو۔(1)

اقعہ تو قصبہ بھاؤں میں پیش آیا، اب فتح پور میں سید احمد صاحب نے کشف وکرامت کی کس
ح دھاک بٹھائی اور مرزا غلام احمد کے لئے کس طرح الہام گڑھنے کا راستہ صاف کر گئے ان کا
رنامہ بھی تھانیسری صاحب کے لفظوں میں ملاحظہ ہو:

''نماز عصر کے بعد آپ مراقب بیٹھے تو نماز مغرب کے قریب سر اٹھا کر فرمایا کہ خداوند
لی کا ہزار ہزار شکر ہے کہ آج اُس رب العزت نے تمام اولیاء مقبولین سلف سے مجھ کو ممتاز کر
ارشاد فرمایا کہ جو کوئی تیرے ہاتھ پر بیعت کرے گا اُس کو تمام مکروہات دنیا وآخرت سے
وظ رکھ کر اپنی رضامندی اور انعام سے سرفراز کروں گا (اس بشارت میں آپ کے خلیفوں اور
ہوں کے خلیفوں کی بیعت بھی شامل ہے) اُس وقت میں (سید احمد صاحب) نے عرض کی،

---

(1)(حیات سید احمد شہید صفحہ ۱۲۶)

اے کریم ورحیم میرے آباء واجداد کو بھی میری بیعت سے مشرف کرتا کہ وہ بھی اس وعدۂ مغفرت میں شامل ہو جائیں کئی روز اس آخری دُعا کی قبولیت میں توقف رہا۔

اس عرصہ میں سید صاحب وطن میں واپس پہنچ گئے۔ وطن میں پہنچ کر اس دعا کی مقبولیت کے واسطے آپ بہت گڑگڑائے آخر اُس کریم ورحیم نے اپنے فضل عمیم سے اس دعا کو قبول فرمایا اور حکم دیا کہ سید محمد (مؤلف مخزن احمدی) کو اپنے آباء واجداد کی طرف سے وکیل کرکے، اُن کی طرف سے ان سے بیعت لے لے۔ (1)

(واضح رہے کہ اس واقعہ میں براہ راست اللہ نے سید احمد سے فرمایا، اور خواب وغیرہ کا بھی ذکر نہیں کیا کسی سے خدا کا کلام فرمانا سلسلۂ نبوت کے ختم ہونے کے بعد نبوت کا دروازہ کھولنا نہیں۔ن)

وہابی حضرات کے نزدیک سید المرسلین ﷺ کے چاہنے سے تو کچھ نہیں ہوتا لیکن سید احمد صاحب کے چاہنے سے سب کچھ ہوتا چلا جاتا تھا اور وہ بھی حسب منشا۔

کیا یہ نبی کریم ﷺ سے اپنے مولویوں کو بڑھایا نہیں جا رہا ہے؟۔

جب فخر دو عالم ﷺ سے اوپر صرف خدا کا منصب ہے تو یہ وہابیوں کا اپنے گرؤوں کو اُلوہیت کے مقام پر بٹھانا اور ﴿أَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ﴾ بنانا ہے یا کچھ اور؟

اسی سلسلے میں حیرت انگیز بیان بھی ملاحظہ ہو:

"جس زمانے میں ملکہ کی تاجپوشی کا جلسہ ہوا اُس زمانے میں مولانا محمد یعقوب صاحب دلی میں تھے اور اکثر غائب رہا کرتے تھے میں نے عرض کیا کہ حضرت آپ کہاں غائب رہتے ہیں؟ فرمایا مجھے حکم ہوا ہے کہ دلی میں جس جس جگہ تیرا قدم جائے گا اُس جگہ کو آباد کر دو

(1) (حیات سید احمد شہید صفحہ ۱۲۶)

ے۔اس لئے شہر اور حوالی شہر میں گشت کیا کرتا ہوں تاکہ ویران مقامات آباد ہو جائیں۔(1)
ور فرمایئے کہ یہاں مولویوں کے قدم بھی کتنے بابرکت ہو جاتے ہیں اور وہاں سید الانبیاء ﷺ
ی چاہت پر کیسی زبردست پابندی ہے یہ اپنے قدموں کی برکت سے شہر آباد کر دیا کرتے لیکن
بیب خدا کے چاہنے سے کچھ بھی نہیں ہوتا۔ معلوم نہیں یہ کس قسم کا ذوق سلیم ہے۔
ر اب اس سے بھی زیادہ حیرت انگیز کرشمہ ملاحظہ فرمایا جا سکتا ہے۔

"ایام تحریکِ خلافت میں ایک بزرگ نقشبندی صاحب کشف دیوبند آئے۔ مولانا کا
صال ہو چکا تھا۔ حضرت نانوتوی کے مزار پر حاضر ہو کر مراقب ہوئے دیر تک مراقبے میں رہے
عد کو فرمایا کہ میں نے مراقبے میں حضرت نانوتوی سے خلافت کی تحریک میں حکام کی سختیوں کا
ذکرہ کیا تو حضرت نے مولانا محمود حسن صاحب کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ مولوی محمود حسن
رش خداوندی کو پکڑے ہوئے اصرار کر رہے ہیں کہ انگریزوں کو جلد ہندوستان سے نکال دیا
ائے۔ واقعہ یہی ہے کہ مولانا مرحوم کی معنوی اور روحانی جدوجہد انگریزوں کو نکالنے اور ہند کو
زاد کرانے میں ظاہری اور مادی جدوجہد سے بدرجہا زائد اور فائق تھی۔(2)
ہی واقعہ اگر انبیائے کرام یا اولیائے عظام کی جانب سے منسوب ہوتا تو عرشِ خداوندی کو پکڑنے
الے سارے وہابی مولوی یک زبان ہو کر کفر و شرک کے فتوے داغنے میں ذرا بھی کوتاہی دکھانے
کے روادار نہ ہوتے لیکن اپنے مولویوں اور مالویوں کی باری آئی تو ان کی درگاہوں میں وہی کفر و
رک اتنا شیریں اور لذیذ بلکہ محبوب و مرغوب ہو جاتا ہے کہ اُسے وہابیت کی معجون کے قوام میں
یمان کا جوہر قرار دے کر شامل کر لیا جاتا ہے۔

---

1)(تذکرۂ مشائخ دیوبند صفحہ ۱۷۵)
2)(نقش حیات ج ۲ صفحہ ۱۳)

لیجیے اس سے بھی حیرت انگیز بیان پیش خدمت ہے:

"جب میں (مولوی محمد جلیل صاحب مدرس مدرسہ دیوبند) بچہ تھا اور حضرت (مولوی محمود حسن صاحب) کے زنانخانے میں آنا جانا تھا تو ایک دن میں نے حضرت کے کمرے کے کواڑوں کے جھروکوں سے جو جھانک کر دیکھا تو کیا دیکھتا ہوں کہ حضرت کے جسم کے تمام اعضاء سر دھڑ علیحدہ علیحدہ پڑے ہوئے ہیں۔ میں یہ دیکھ کر گھبرا گیا اور بھاگ آیا اور باہر آ کر حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی سے بیان کیا تو مولانا نے فرمایا: خاموش! کسی سے نہ کہنا، کوئی فکر کی بات نہیں ہے۔(1)

اسی قسم کا ایک واقعہ مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی (المتوفی ۱۳۲۲ھ۔۱۹۰۵ء) کی زبانی سنیے:

"میرے ماموں صاحب (یا اور کسی کا نام لیا) تذکرہ کر رہے تھے کہ میں میاں جی نور محمد جھنجانوی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں دوپہر کے وقت گیا، حجرہ شریف بند تھا مگر کواڑ اچھی طرح نہ لگے تھے کواڑ کھولا تو کیا دیکھتا ہوں کہ حضرت کا دھڑ سارا الگ الگ ہے مجھے دیکھتے ہی اعضاء باہم مل گئے اور حضرت میاں صاحب اُٹھ بیٹھے اور فرمانے لگے کسی سے کہنا نہیں۔

اس قصہ کو نقل فرما کر حضرت امام ربانی (یعنی، مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی) نے ارشاد فرمایا، مگر یہ درجہ کمال کا نہیں۔(2)

دیکھو تو دلفریبی انداز نقش پا

موجِ خرام یار بھی کیا گل کتر گئی

---

(1)(تذکرہ مشائخ دیوبند صفحہ ۲۳۲)

(2)(تذکرۃ الرشید ج ۲ صفحہ ۲۲۶)

مثال سوم:

مولوی اسماعیل صاحب دہلوی نے اپنی نجدیت زدہ ترنگ میں انبیائے کرام واولیائے عظام کے اختیارات وتصرفات کے بارے میں محمد بن عبدالوہاب نجدی کی شریعت کا حکم یوں سنایا ہے:

''اس آیت سے معلوم ہوا کہ پیغمبر خدا ﷺ کے وقت کے کافر بھی اس بات کے قائل تھے کہ کوئی اللہ کے برابر نہیں اور اُس کا مقابلہ نہیں کر سکتا مگر اپنے بتوں کو اس کی جناب میں وکیل سمجھ کر مانتے تھے اسی سے کافر ہو گئے۔ سو اب بھی جو کوئی کسی مخلوق کا عالم میں تصرف ثابت کرے اور اپنا وکیل ہی سمجھ کر اُس کو مانے سو اُس پر شرک ثابت ہو جاتا ہے گو کہ اللہ کے برابر نہ سمجھے اور اُس کے مقابل کی طاقت اُس کو ثابت نہ کرے۔''(1)

مسلمانوں کو مشرک ٹھہرانے کے جوش میں قرآنی آیات میں معنوی تحریف کا جو موصوف نے الناک دم اُٹھایا تھا وہ اپنی نظیر آپ ہے۔

دہلوی صاحب کو اب تو بخوبی معلوم ہو چکا ہوگا کہ مذکورہ کفار اپنے بتوں کو وکیل مان کر کافر ہو گئے تھے یا بت پرستی کے باعث کافر ہی چلے آرہے تھے؟۔

آگے اُنہوں نے دین ودیانت کی طرح اخلاق وشرافت سے بھی دامن چھڑا کر اسی نظریے کو یوں دُہرایا ہے:

''یعنی اللہ زبردست کے ہوتے ہوئے ایسے عاجز لوگوں (یعنی اولیاء انبیاء) کو پکارنا کہ کچھ فائدہ اور نقصان نہیں پہنچا سکتے محض بے انصافی ہے کہ ایسے بڑے شخص کا مرتبہ ایسے ناکارہ لوگوں کو ثابت کیجئے۔(2)

---

(1)(تقویۃ الایمان صفحہ ۶۳، وصفحہ ۹۰، اشاعت السنہ مرکزی جمعیۃ اہلحدیث مغربی پاکستان، صفحہ ۲۶، دیوبند)

(2)(تقویۃ الایمان صفحہ ۶۵ وصفحہ ۹۲، اشاعت السنہ مرکزی جمعیۃ اہلحدیث مغربی پاکستان، صفحہ ۲۷، دیوبند)

مولوی محمد سرفراز صاحب گکھڑوی نے امام علی الاطلاق کے مذکورہ عقیدے کو شرح مواقف کے ایک حوالے سے کشید کرنا چاہا ہے، جس میں عبادت کا ترجمہ خود اُنہوں نے یوں کیا ہے:

"بت پرست، دو واجب الوجود الٰہوں کے قائل نہیں، اور نہ وہ ان اوثان (بتوں) کو صفات الوہیت سے متصف مانتے ہیں، اگرچہ وہ ان پر الٰہ کا اطلاق کرتے ہیں بلکہ انہوں نے انبیائے کرام یا نیک بندوں یا فرشتوں یا ستاروں کی تصویریں اور بت بنا کر محض اس لیے عبادت شروع کردی تا کہ وہ اس طریقے سے الٰہ حقیقی تک رسائی حاصل کرسکیں"۔ (1)

موصوف نے آگے اپنی خارجیت سے مجبور ہو کر سوادِ اعظم اہل سنت و جماعت کو مشرک ٹھہرا کر اپنے اور دوسرے مبتدعین و گستاخانِ شانِ رسالت کے مضطرب دلوں کو یوں تسکین و راحت پہنچانی چاہی ہے:

"یہی عقیدہ اور عمل ہے بریلوی حضرات کا کہ محض تقرب الٰہی کے لئے اللہ تعالیٰ کے بندوں کو مافوق الاسباب وسیلہ بناتے ہیں"۔ (2)

بت پرستوں کا عمل تو یہ تھا کہ وہ اپنے بتوں کی پوجا کرتے تھے (انہیں الٰہ گردانتے تھے) کیا گکھڑوی صاحب کے اصطلاحی بریلوی حضرات کا عمل بھی بت پرستی ہے؟ (کیا یہ لوگ بھی محبوبانِ خدا اولیاء انبیاء پر الٰہ کا اطلاق کرتے ہیں) اگر نہیں اور ہرگز نہیں تو موصوف کو دن دہاڑے ایسا سفید جھوٹ بول کر اپنی عاقبت برباد نہیں کرنی چاہیے۔

معلوم نہیں گکھڑوی صاحب نے ادھر کروڑ در کروڑ مسلمانوں کو کافر اور بت پرست کہنے کا وبال کس خوشی میں اپنے سر لیا ہے، اور اُدھر ہزاروں بندگانِ خدا کو گمراہی کے راستے پر

---

(1) (دل کا سرور صفحہ ۲۶، ۲۷)

(2) (دل کا سرور ص ۲۷)

انے میں کوشاں ہیں۔
آخر اس طرزِ عمل اور اندازِ فکر میں خود اُن کی ذات کے لئے دارین کی کونسی بھلائی پنہاں ہے؟
دہلوی صاحب کا انبیائے کرام و اولیائے عظام کو صفحہ ۶۵ کی عبارت میں ناکارہ لوگ لکھنا۔
کاش! موصوف کا قلم ایسے صریح گستاخانہ الفاظ لکھنے سے پہلے خشک ہو گیا ہوتا۔
اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو دریدہ دہنی سے محفوظ رکھے، آمین۔
قارئین! ملاحظہ فرمائیں کہ وہابی حضرات اپنے مولوی احمد علی صاحب کا تعارف کن لفظوں میں کرواتے ہیں: "یہ کون تھا؟ ہاں ہمارا آقا، ہمارا مولا، ہمارا ہادی، وَسِیْلَتُنَا فِی الدَّارَیْنِ، جو لاہور کے ام القریٰ میں بیٹھ کر نصف صدی تک دین حقہ کی خدمت کرتا رہا"۔(1)
انبیائے کرام و اولیائے عظام تو ان حضرات کے نزدیک نفع پہنچا ہی نہیں سکتے لیکن ملاحظہ فرمایا جائے کہ سابق صدر مدرسہ دیوبند مولوی حسین احمد صاحب ٹانڈوی وکانگرسی کا ان کے نزدیک مقام کیا ہے؟۔
"مگر اب آہ میرے مسیحا! دنیا میں تو اب قیامت برپا ہے۔ اُمت مرحومہ کا تُو ہی سہارا تھا سو قیامت میں ملنے کا وعدہ کر کے چلا گیا۔(2)
جب شیخ الاسلام نمبر کی باری آ ہی گئی تو دیوبندی حضرات کا ایک شعر ملاحظہ فرما لیا جائے جو اُنہوں نے اپنے دیوبندی شیخ الاسلام کی شان میں کہا ہے:

آج اُس مشفق مربی شیخ کامل کا ہے ساتھ
جس کی نظروں سے گداؤں کو شہنشاہی ملے (3)

---

(1) (بیس بڑے مسلمان ص ۶۵۰)
(2) (شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۴۸)
(3) (شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۱۵۴)

یعنی انبیائے کرام واولیائے عظام تو ان حضرات کے نزدیک کسی کو نفع ونقصان پہنچا ہی نہیں سکتے لیکن اِن کے نانوتوی صاحب اپنی نگاہوں سے ہی گداؤں کو بادشاہی دے دیا کرتے تھے، اسی طرح نانوتوی صاحب کے استاد یعنی مولوی محمود حسن دیوبندی (المتوفی ۱۳۳۹ھ/۱۹۲۰ء) نے اپنے پیر یعنی مولوی رشید احمد گنگوہی (المتوفی ۱۳۲۳ھ/۱۹۰۵ء) کی شان یوں بیان کی ہے:

حوائج دین ودنیا کے کہاں لے جائیں ہم یارب

گیا وہ قبلہ حاجاتِ جسمانی و روحانی (1)

اگر مولوی محمد سرفراز صاحب (دیوبندی) اور اُن کے ہم خیال حضرات ذرا بھی انصاف سے کام لیں تو غیر اللہ کو الٰہ بنانا یہ ہے کہ وہابی حضرات اپنے علماء کی وہ شان بیان کر رہے ہیں جس کا انبیائے کرام تک کے لیے انکار کرتے رہتے ہیں یہی ہے یہود ونصاریٰ کی وہ خصلتِ بد جسے قرآن کریم نے ﴿أَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللهِ﴾ بنانا ٹھہرایا ہے۔

کاش! یہ مفتیانِ نو اگر اپنے دلوں کو اس بت پرستی سے پاک کر کے دیکھیں تو انہیں مسلمانانِ اہلِ سنت وجماعت کبھی مشرک نظر نہ آئیں۔

مثال نمبر ﴿۴﴾

مولوی محمد اسماعیل دہلوی نے انبیائے کرام کی شان یوں ہی بیان کی ہے:

"جتنے اللہ کے مقرب بندے ہیں وہ سب انسان ہی ہیں اور بندے عاجز اور ہمارے بھائی۔(2)

مقربین بارگاہِ الٰہی میں یہ تین اوصاف بتائے گئے لیکن اسی میزان میں وہابی علماء کو تول کر دیکھ لیجئے

---

(1) (مرثیہ متعلقہ گنگوہی صاحب ص ۷، وصفحہ ۱۰ مطبع بلالی ساڈھورہ ضلع انبالہ)

(2) (تقویۃ الایمان ۱۱۱، وصفحہ ۱۵۸، اشاعت السنہ مرکزی جمعیۃ اہلحدیث مغربی پاکستان، صفحہ ۴۸، دیوبند)

ہیں کہ اس دکان پر ان کا وزن کتنا ہے؟

چنانچہ مولوی محمد قاسم نانوتوی (المتوفی ۱۲۹۷ھ/۱۸۷۹ء) کے متعلق دیوبندی امت کے حکیم یعنی مولوی اشرف علی تھانوی (المتوفی ۱۳۶۲ھ/۱۹۴۳ء) نے ایک حکایت یوں پیش کی ہے:

''مولانا رفیع الدین صاحب فرماتے تھے کہ میں پچیس برس حضرت مولانا نانوتوی کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں اور کبھی بلا وضو نہیں گیا میں نے انسانیت سے بالا درجہ اُن کو دیکھا، وہ شخص ایک فرشتہ تھا جو انسانوں میں ظاہر کیا گیا۔(1)

یہاں آکر اگر ناطقہ سر بگریباں ہوتا ہے تو ہوتا پھرے وہابی علماء کو اس امر کی کیا پروا؟ انہیں تو بہر صورت اپنے مولویوں کو انبیائے کرام سے بڑھ کر صفات کا حامل دکھانا ہے، اب دوسری صفت کے لحاظ سے دیکھتے ہیں کہ مقربین بارگاہِ الٰہیہ کو بندے عاجز بتایا ہے لیکن اپنے ﴿أَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللهِ﴾ کو بھلا یہ حضرات کیا سمجھتے ہیں؟۔

چنانچہ قاری فخر الدین گیاوی دیوبندی نے مولوی حسین احمد صاحب کے متعلق لکھا ہے:

''یہ (ٹانڈوی صاحب) انسان ہے یا کوئی فرشتہ؟ نہیں نہیں میرا ضدی قلب اس کو بھی تسلیم کرنے پر آمادہ نہ ہوا کہ وہ انوار قدسیہ کا سرچشمہ فرشتہ ہو سکتا ہے۔۔۔تو پھر آخر وہ کیا ہے؟ کیا وہ انسان ہی ہے؟ اگر ہے تو ہو گا، لیکن ہاں ہاں، وہ انسانوں جیسا انسان تو نہیں ہے جنہیں عام طور پر آنکھیں دیکھتیں، کان اُن کی بات سنتے اور دل اُن کی صحبتوں سے تاثرات کے حصے حاصل کرتے رہتے ہیں۔۔۔۔زیادتی تفکر نے تحیر کو فراوانی بخشی اور بالآخر کسی فیصلے کی حد تک پہنچے ہوئے قلب مضطر عقیدت ومحبت کی زنجیروں میں جکڑ گیا۔(2)

(1)(ارواح ثلاثہ صفحہ ۲۳۰)

(2)(نذر عقیدت، ص ۵)

عقیدت ومحبت کی زنجیروں میں جکڑا ہوا قاری کا دلِ منظر جس نتیجے پر پہنچا وہ یہی ہے کہ نانوتوی صاحب اُن کے نزدیک مقامِ اُلوہیت پر فائز تھے لیکن کسی انسانی شکل میں زمین پر گمراہ گری کے کرشمے دکھانے کے لئے تشریف لے آئے تھے۔

اس کا حوالہ پیش کرنے سے پہلے ہم قاری صاحب کے تین شعر قارئین کو سنانا چاہتے ہیں اُنہوں نے لکھا ہے:

مری بگڑی بنا دے، کر دے میرا کام اے ساقی

قیامت تک نہ بھولوں گا میں تیرا نام اے ساقی(1)

علی سے ملی تجھ کو مشکل کشائی

نہ کیوں مشکلیں پھر ہماری ہوں آساں (2)

تمہارے مرتبے تک فکر کی پرواز کیا پہنچے

تو پھر میں کس طرح کہہ دوں کہ تم کیا ہو کہاں تم ہو(3)

اب قارئین کرام! وہ حوالہ ملاحظہ فرمائیں جس کا ہم نے ابھی وعدہ کیا تھا چنانچہ مولوی حسین احمد صاحب ٹانڈوی کے بارے میں دیوبندی حضرات نے یوں دھوم دھام سے مشتہر کیا تھا:

"تم نے کبھی خدا کو بھی اپنے گلی کوچوں میں چلتے پھرتے دیکھا ہے؟ کبھی خدا کو بھی اُس عرشِ عظمت وجلال کے نیچے فانی انسانوں سے فروتنی (عاجزی) کرتے دیکھا ہے؟ تم کبھی تصور بھی کر سکے کہ رب العالمین اپنی کبریائیوں پر پردہ ڈال کر تمہارے گھروں میں بھی آ کر رہے گا؟۔(4)

(1)(نذرِ عقیدت، ص ۲۹)

(2)(نذرِ عقیدت، ص ۱۹)

(3)(نذرِ عقیدت، ص ۲۲)

(4)(شیخ الاسلام نمبر، ص ۵۹)

دیوبندی صاحبو! یہ کیا کاروبار ہے؟ کیا یہی ہے وہ توحید جس کو قائم کرنے کی خاطر انبیائے کرام کی بڑی اہتمام سے توہین و تنقیص کرنے میں وہابیت کی مشین کا ہر چھوٹا بڑا پرزہ شبانہ روز مصروف عمل رہتا ہے؟

خدا کے بندو! کچھ خدا کا خوف بھی دل میں رکھنا چاہیے، جس کا کلمہ پڑھتے ہو، جس کے اُمتی ہونے کا دم بھرتے ہو، کچھ اُس سے شرمانا چاہیے۔

من آنچہ شرطِ بلاغ است باتومی گویم
تو از سخنم خواہ پند گیر وخواہ ملال

جب وہابی حضرات منصب اُلوہیت تک کو نہیں چھوڑتے بلکہ اُس پر بھی اپنے کسی نہ کسی مولوی یا پیر کو جب چاہتے ہیں بٹھا دیتے ہیں تو باقی مقامات کو زبان زوری سے طے کرتے ہوئے انہیں کتنی دیر لگتی ہے؟۔

آج مسلمانوں میں سے اگر کسی پر اللہ تعالیٰ کا خصوصی کرم ہو تو وہ غوث کے مرتبہ تک پہنچ سکتا ہے اس سے آگے غوث اعظم کا منصب ہے جس پر حضور سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فائز ہیں اور آپ کے بعد یہ منصب صرف حضرت امام مہدی علیہ السلام کو حاصل ہوگا۔

وہابی حضرات معنوی لحاظ سے اس منصب کے منکر ہیں، بلکہ راولپنڈی کے ایک دیوبندی عالم یعنی مولوی غلام خاں صاحب تو اللہ تعالیٰ کو غوث اعظم کہتے اور اس لفظ کے آگے جل جلالہ لکھتے ہیں، لیکن یہ دروازے محض مسلمانانِ اہلسنت وجماعت کو مشرک ٹھہرانے کی غرض سے بند کیے جاتے ہیں اور جب ان کے ﴿أَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ﴾ کی باری آتی ہے تو وہ سارے مقفل دروازے چوپٹ کھل جاتے ہیں اور جس بڑے سے بڑے منصب پر چاہیں وہ اپنے مولویوں کو بٹھاتے چلے جاتے ہیں۔

مثلاً مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کے بارے میں دیوبندیوں کے شیخ الہند یعنی مولوی محمود حسن صاحب نے لکھا ہے:

جنید و شبلی و ثانی ابو مسعود انصاری

رشید ملت و دیں غوث اعظم، قطب ربانی۔(1)

معلوم نہیں مولوی غلام خاں صاحب اور اُن کے ہم خیال حضرات مولوی رشید احمد صاحب کے متعلق اس شعر میں غوث اعظم پڑھ کر آگے جل جلالہ کہتے ہیں یا نہیں؟ خیر موصوف کا اس سے آگے رُتبہ ملاحظہ فرمائیں:

شہید و صالح و صدیق ہیں حضرت باذن اللہ

حیات شیخ کا منکر ہو جو اس کی نادانی(2)

صدیق کے مرتبے تک تو گنگوہی صاحب پہنچا دیئے گئے تھے اور اس کے ساتھ ہی اگر کوئی علامہ کائنات سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کے بارے میں یہ لکھ دے کہ "وہ مر کر مٹی میں مل گئے" تو اس کے دین وایمان میں کوئی فرق نہیں آتا بلکہ ایسی گستاخی کرنے والا ان کے نزدیک منصب امامت پر ہی فائز رہتا ہے لیکن گنگوہی صاحب کی حیات کا منکر ضرور ناداں ہے۔

اب حضرات صدیق وفاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے گنگوہی صاحب کی برتری ملاحظہ ہو:

وہ تھے صدیق اور فاروق پھر کہیے عجب کیا ہے

شہادت نے تہجد میں قدم بوسی کی گر ٹھانی(3)

اسی پر بس نہیں بلکہ گنگوہی صاحب تو ان حضرات کے نزدیک مسیحائے زماں یعنی حضرت عیسیٰ علیہ

---

(1)(مرثیہ صفحہ ۴ وصفحہ ۵ مطبع بلالی ساڈھورہ ضلع انبالہ)

(2)(مرثیہ صفحہ ۱۴ وصفحہ ۱۵ مطبع بلالی ساڈھورہ ضلع انبالہ)

(3)(مرثیہ صفحہ ۱۴ وصفحہ ۱۶ مطبع بلالی ساڈھورہ ضلع انبالہ)

السلام اور حضرت یوسف علیہ السلام بھی تھے چنانچہ لکھتے ہیں:

مسیحائے زماں پہنچا فلک پر چھوڑ کر سب کو

چھپا چاہ لحد میں وائے قسمت ماہ کنعانی (1)

اس شعر میں تو گنگوہی صاحب کو صرف مسیحائے زماں یعنی حضرت عیسی علیہ السلام اور حضرت یوسف علیہ السلام جیسا کہا ہے لیکن عیسیٰ علیہ السلام سے بڑھانا بھی ملاحظہ فرمالیجیے:

مردوں کو زندہ کیا ، زندوں کو مرنے نہ دیا

اس مسیحائی کو دیکھیں ذری ابن مریم (2)

یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو صرف یہ کمال حاصل تھا کہ مردوں کو زندہ کر دیا کرتے تھے لیکن مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کے بارے میں بتایا ہے کہ وہ حضرت مسیح علیہ السلام سے ڈبل کمال والے تھے مردوں کو زندہ بھی کر دیتے اور زندوں کو مرنے نہیں دیتے تھے اسی پر بس نہیں، مزید سنیے:

قبولیت اسے کہتے ہیں، مقبول ایسے ہوتے ہیں

عبید سود کا ان کے لقب ہے یوسف ثانی (3)

گنگوہی صاحب کی بے پناہ مقبولیت کا یہ ثبوت دیا ہے کہ ان کے کالے کلوٹے بندوں کا لقب یوسف ثانی تھا۔

یہ الگ بات ہے کہ ان حضرات کے نزدیک عبد النبی اور عبد الرسول وغیرہ نام رکھنے شرک ہیں لیکن گنگوہی صاحب کا عبد کہنا شرک نہیں بلکہ خود ساختہ توحید کے دودھ کی ملائی یا شیر مادر ہے۔

---

(1)(مرثیہ، ص ٦، وصفحہ ٨ مطبع بلالی ساڈھورہ ضلع انبالہ)

(2)(مرثیہ صفحہ ٣٣ مطبع بلالی ساڈھورہ ضلع انبالہ)

(3)(مرثیہ، صفحہ ٨ وصفحہ ١١ مطبع بلالی ساڈھورہ ضلع انبالہ)

آگے اسی سلسلے میں ستم بالائے ستم یوں ڈھایا اور مسلمانوں کے دلوں کو تڑپایا ہے:

زبان پر اہل اُہوا کی ہے کیوں اُعل ہبل شاید

اُٹھا عالم سے کوئی بانی اسلام کا ثانی (1)

یعنی نفس پرستوں کی زبان پر جو بت پرستی کی باتیں آرہی ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ کوئی بانی اسلام یعنی سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ جیسی ہستی دنیا سے رخصت ہوگئی، اور گنگوہی صاحب کا مقام صرف پیغمبر اسلام جیسا ہی نہیں بتایا بلکہ اس لحاظ سے کہ نبی کریم ﷺ ان حضرات کے نزدیک نور نہیں ہیں لیکن گنگوہی صاحب کو نورِ مجسم بتایا ہے۔

چنانچہ لکھتے ہیں:

چھپائے جامۂ فانوس کیوں کر شمعِ روشن کو

تھی اس نورِ مجسم کے کفن میں وہ ہی عریانی (2)

ایک خوبی گنگوہی صاحب میں ایسی بتائی ہے جو کائنات کے اور کسی فرد میں نہیں پائی جاتی لہذا موصوف کو اس کے لحاظ سے ساری کائنات سے ممتاز ٹھہرایا گیا ہے چنانچہ لکھا ہے:

خدا ان کا مربی، وہ مربی تھے خلائق کے

میرے مولا، مرے ہادی تھے بیشک شیخ ربانی (3)

یعنی ان حضرات کے نزدیک اللہ رب العزت کا رب العالمین ہونا اس طرح ہے کہ اللہ تعالی صرف گنگوہی صاحب کا پالنے والا ہے اور گنگوہی صاحب ساری مخلوق کو پالتے ہیں۔

د۔ یسے ان حضرات کے نزدیک رسول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا کیونکہ "تقویۃ الایمان" نے

---

(1)(مرثیہ، صفحہ ۴، ۶ مطبع بلالی ساڈھورہ ضلع انبالہ)

(2)(مرثیہ، صفحہ ۱۱، صفحہ ۱۲ مطبع بلالی ساڈھورہ ضلع انبالہ)

(3)(مرثیہ صفحہ ۱۲ مطبع بلالی ساڈھورہ ضلع انبالہ)

انہیں یہی سبق پڑھایا ہے، لیکن گنگوہی صاحب کا حکم رو کے نہیں رُکتا تھا اور قضائے مبرم کی تلوار ثابت ہوتا تھا۔ چنانچہ لکھا ہے:

نہ رکا، پر نہ رکا، پر نہ رکا

اُس کا جو حکم تھا، تھا سیف قضائے مبرم(1)

جب سید المرسلین ﷺ سے بھی گنگوہی صاحب آگے نکل گئے، مخلوق کا ہر کمال حاصل کر کے موصوف کو سب سے آگے نکال دیا گیا تو اُلوہیت ہی باقی رہ گئی تھی۔

بھلا جنہوں نے اتنے مقامات زبان زوری سے حاصل کر لئے ہوں، جب وہ ناچتے ہی نکلے تھے تو منصب اُلوہیت کو حاصل کرنے میں گھونگٹ کا تکلف کیوں برتتے؟۔

اس پر بھی خوب دھوم دھام سے ڈنکے کی چوٹ ڈاکہ مارا اور ان کے شیخ الہند صاحب نے یوں مشتہر کیا:

تمہاری تربتِ انور کو دے کے طور سے تشبیہ

کہوں ہوں بار بار ارنی، مری دیکھی بھی نادانی (2)

گنگوہی صاحب کی تربت جو نہ صرف نور بلکہ انور ہے اِسے طور سے تشبیہ دے کر مولوی محمود حسن صاحب تو موسیٰ علیہ السلام بن جاتے ہیں اور اپنے گنگوہی پیر کو اپنا رب ٹھہرا کر بار بار ﴿رَبِّ أَرِنِيْ أَنْظُرْ إِلَيْكَ﴾ کہنے کی نادانی فرماتے ہیں اور خود اسے نادانی کہتے ہوئے ٹلنے کا تصور تک دماغ میں نہیں لاتے۔

اگر ولایت سے لے کر اُلوہیت تک ہر منصب پر اپنے مولویوں اور پیروں کو فائز کرنے والے

---

(1)(مرثیہ، صفحہ ۱۲، وصفحہ ۲۱ مطبع بلالی ساڈھورہ ضلع انبالہ)

(2)(مرثیہ صفحہ ۱۷ مطبع بلالی ساڈھورہ ضلع انبالہ)

گروہ کی بارگاہ میں ہمارے جیسے گناہگار مسلمانوں کو بھی لب کشائی کی اجازت ہے تو احقر یہ وضاحت ضرور پیش کرے گا کہ تصرف واختیار کے مسئلے میں علمائے اہلسنت اور وہابیہ کے مابین اختلاف دو باتوں میں ہے:

(۱) مقربین بارگاہ الٰہیہ کے اختیارات

(۲) وہابی علماء کے اختیارات

وہابی حضرات کا کہنا ہے کہ اللہ تبارک وتعالی نے انبیائے کرام واولیائے عظام کو کسی قسم کا تصرف واختیار نہیں دیا جبکہ علمائے اہل سنت اُن مقدس ہستیوں کے لئے اعلیٰ قدر مراتب اختیارات کا اثبات کرتے ہیں اور قرآن وحدیث سے دلائل پیش کرتے ہیں اور اس بات کے علی الاعلان قائل ہیں کہ اللہ تعالی نے اپنے مقرب بندوں کو بطور انعام بہت سے اختیارات سے نوازا ہے۔

رہی دوسری بات کہ وہابی علماء جس تصرف واختیار کا انبیائے کرام بلکہ سید الانبیاء علیہم الصلوۃ والسلام تک کے لئے بڑی شدومد سے انکار کرتے ہیں اور اپنی بات کو مدلل کرنے کی غرض سے آیات واحادیث میں دل کھول کر معنوی تحریف کا بازار ایسا گرم کرتے ہیں کہ گستاخی سے بھرپور دلوں کو سرور آجاتا ہے۔

لیکن یہی حضرات جب اسی تصرف واختیار بلکہ اس سے بدرجہا زیادہ کا اپنے مولویوں کے لئے اثبات کرتے ہیں تو ان کے خودساختہ عقیدۂ توحید کی دھجیاں اڑ جاتی ہیں اور ان کے دلائل کا فلک بوس محل چشم زدن میں دھڑام سے زمین پر آگرتا، بلکہ تحت الثریٰ میں جا پہنچتا ہے۔

قارئین کرام! غور تو فرمائیں کہ اپنے مقرب بندوں یعنی انبیائے کرام واولیائے عظام کو اختیارات تو ربّ العزت نے مرحمت فرمائے ہیں، جن کے قرآن وحدیث میں روشن اور واضح

دلائل موجود ہیں، لیکن کیا وہابی حضرات یہ بھی بتا سکتے ہیں کہ ان کے علماء کو وہ اختیارات جن کا ڈھول پیٹا جاتا ہے کس نے عطا فرمائے ہیں؟۔

کیا انہیں بھی پروردگار عالم نے تصرف واختیار کی طاقت دی ہے؟۔

یا ان حضرات پر لارڈ وارن ہیسٹنگ، ملکہ وکٹوریہ، لارڈ ڈلٹن اور گاندھی جی مہاراج کے آسمانوں سے ہر قسم کے عہدوں کی بارش برسا کرتی تھی؟

(اللہ تو ان کے بقول عاجز ہے کہ اپنے کسی محبوب نبی یا ولی کو اختیارات دے، تو بھلا ان گستاخانِ شانِ رسالت کو کیسے دے گا، پھر یہ اختیارات وکمالات ان علمائے دیوبند کو کہاں سے آئے، یہ عقدہ تو کچھ یہی لوگ حل کر سکتے ہیں۔ ن)

معزز قارئین! مجدد ملتہ حاضرہ امام احمد رضا فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ مقدس رسالہ مسمّٰی بہ " الامن والعلی "آپ کے ہاتھوں میں ہے اس میں نبی کریم ﷺ کے خداداد اختیارات کو ساٹھ (60) آیات اور تین سو (300) احادیث سے ثابت کیا ہے، اگر ان حضرات کے نزدیک فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے مذکورہ آیات واحادیث کے حقیقی مفہوم و مطالب سے انحراف کیا ہے تو یہ حضرات نمبر وار ان ساٹھ (60) آیات اور تین سو (300) احادیث کے پیش کردہ مطالب کی مدلل تغلیط پیش کر کے حقیقی مفہوم واضح کرنے سے آج تک کیوں شرماتے اور منہ چھپاتے رہے ہیں؟۔

حالانکہ اہل حق کبھی حق بیان کرنے سے نہیں شرماتے بلکہ ڈنکے کی چوٹ پر اسکا اعلان کرتے ہیں کاش! وہابی علماء اپنے استادوں اور پیروں کو ﴿أَرْبَابًا مِّنْ دُونِ اللّٰهِ﴾ بنانے کے مرض سے نجات پانے کی کوشش کریں کیوں کہ یہی ضرورت ہے جو ان حضرات کو انبیائے کرام واولیائے عظام کے علوم واختیارات کا منکر بنا کر اُن کے مخالفوں کی صف میں لا کر کھڑا کر دیتی ہے۔

اسی کے باعث ﴿وَأَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ﴾(1) کی زندہ تصویریں، اور ﴿يُجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتَابٍ مُّنِيْرٍ﴾(2) کے منہ بولتے نمونے نظر آنے لگتے ہیں۔

حالانکہ علماء کو علماء کے مقام پر، اولیاء کو اولیاء کے مقام پر، انبیاء کو انبیائے کرام کے مقام پر اور خدا کو خدا کے مقام پر تسلیم کرنا ہی اسلامی عقیدہ ہے اس میں اپنی جانب سے کمی یا بیشی کرنے کا کوئی بھی مجاز نہیں ہے۔

﴿رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ. وَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ﴾

وصلى الله تعالى على حبيبه محمد وعلى اله وصحبه اجمعين.

أحقر العباد:

عبدالحکیم خاں مجددی مظہری معروف بہ اختر شاہجہان پوری (دارالمصنفین لاہور)

۲۹ شوال المکرم ۱۳۹۵ھ یکم نومبر ۱۹۷۵ء

---

(1)[الجاثية :۲۳]

(2)[الحج :۸]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

استفتاء

از دہلی باڑہ ہندرائے مرسلہ مولوی محمد کرامت اللہ خاں صاحب(1) ۲۱ جمادی الاخریٰ ۱۳۶۱ھ

علمائے دین اس مسئلہ میں کیا فرماتے ہیں .... زید کہتا ہے کہ پڑھنا درود تاج اور دلائل الخیرات کا شرک محض اور بدعت سیئہ ہے۔اور تعلیم اس کی سم قاتل شرک اس لئے کہ درود تاج میں ...... " دَافِعِ الْبَلَاءِ وَالْوَبَاءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمْ "

رسول اکرم ﷺ کی شان میں مذکور ہے اور بدعت سیئہ اس لئے کہ یہ درود بعد صد ہا سال کے تصنیف ہوئے ہیں۔عمرو، جواب میں کہتا ہے کہ ورد اس درود مقبول کا موجب خیر و برکت اور باعث ازدیاد محبت ہے۔زید عربیت سے جاہل ہے وہ نہیں سمجھتا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سبب ہیں دفع بلا کے۔اگرچہ دافع البلاء حقیقتاً خدائے تعالیٰ ہے۔مختصر المعانی میں ,, اَنْبَتَ الرَّبِیْعُ الْبَقْلَ،، (2) کو بقول مومن مجاز اور بقول کافر حقیقت فرمایا ہے علاوہ ازیں

﴿وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ﴾(3) اور اللہ کی شان یہ نہیں ہے کہ انہیں عذاب دے اس حال میں کہ آپ ان میں رونق افروز ہیں۔

اور

﴿وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ﴾(4) اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو مگر رحمت تمام جہانوں کے لئے۔

---

(1) مولانا کرامت اللہ خاں صاحب خلیفہ حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہما۔

(2)(مختصر المعانی ۵۳)

(3)[الانفال ۳۳]

(4)[الانبیاء ۱۰۷]

ہمارے دعوے پر دو بزرگ گواہ ہیں۔ اور کیا سال ولادت حضرت رحمت عالم ﷺ میں قحط عام کی وبا دفع نہیں ہوئی؟ اس کے سوا جبریل جلیل کا مقولہ قرآن کریم میں اس طرح درج ہے۔

﴿لِأَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا﴾ (1) تا کہ میں تجھے ستھرا بیٹا دوں۔

یہاں بقول زید حضرت جبریل بھی معاذ اللہ مشرک ہو گئے کیونکہ وہ اپنے کو وہاب فرما رہے ہیں۔ پس جو جواب زید کی جانب سے ہوگا وہی ہماری طرف سے پھر چونکہ یہ درود معمول بہا اکثر علماء و مشائخ عظام ہے۔ پس وہ سب بھی زید کے نزدیک مشرک ہوئے۔

اور طرہ یہ کہ خود زید اس خواہ مخواہ کے شرک سے بچ نہیں سکتا کیونکہ وہ بھی سم کو قاتل اور ادویہ کو دافع درد رافع غشیان کہتا ہے اور حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قصیدہ اطیب النغم میں آنحضرت ﷺ کو دافع فرما رہے ہیں۔ سندیں تو اور بھی بہت ہیں مگر اس مختصر میں گنجائش نہیں۔

رہا صدہا سال کے بعد تصنیف ہونے سے بدعت سیہ ہونا یہ بھی زید کی حماقت پر دال ہے۔ خود زید جو مولوی اسمٰعیل صاحب کے خطبے جمعہ میں بر سر منبر پڑھتا ہے۔ اس کے لئے اس کے پاس کوئی حدیث ہے یا وہ زمانہ رسول اللہ ﷺ کی تصنیف ہیں، سُبْحَانَ اللّٰہِ.

ان خطبوں کا پڑھنا (جو صدہا سال بعد کی تصنیف ہیں) تو زید کے لئے سنت ہو اور خاصان حق کی تصنیف درود کا پڑھنا بدعت سیہ ٹھہرے ہاں جو صیغے درود کے حضور سرور عالم ﷺ سے منقول ہیں ان کا پڑھنا ہمارے نزدیک بھی افضل و بہتر ہے۔

مگر علمائے راسخین و فقرائے کاملین نے حالت ذوق و شوق میں جو درود شریف بالفاظ بدیعہ تصنیف فرمائے ہیں۔ جن میں جناب غوث الثقلین محبوب سبحانی بھی شامل ہیں اور حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے جذب القلوب میں درج فرمائے ہیں۔

---

(1) [سورۃ مریم ۱۹]

اور خود حضرت شیخ نے ایک مستقل رسالہ اس بارے میں تالیف فرمایا ہے۔اور جتنے درود مشائخ عظام نے تصنیف فرمائے ہیں۔

سب اس میں درج ہیں اور " شرح سفر السعادۃ" میں 36 صیغے رسول خدا ﷺ سے منقول ہیں۔باقی صحابہ کرام وتابعین[رضی اللہ عنہم] سے زیادہ کئے ہیں۔

زید جاہل نے ان سب حضرات کو (معاذ اللہ) مشرک بنایا ہے اب علمائے اعلام سے استفسار ہے کہ قول زید کا صحیح اور موافق عقائد سلف صالح کے ہے یا عمرو کا، بہ تشریح وتفصیل ارشاد ہو واللہ آپ کو جزائے خیر عنایت فرمائے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الجواب

خطبہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی مَا عَلَّمَ وَھَدٰنَا لِلدِّیْنِ الْاَقْوَمِ وَسَلَکَ بِ
السَّبِیْلَ الْاَسْلَمَ وَصَلّٰی رَبُّنَا وَبَارَکَ وَسَلَّمَ عَلٰی دَافِعِ الْبَلَاءِ وَالْوَبَ
وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَمَالِکِنَا وَمَاْوٰنَا مُحَمَّدٍ مَالِکِ
الْاَرْضِ وَرِقَابِ الْاُمَمِ وَعَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ اُوْلِی الْفَضْلِ وَالْفَیْضِ وَالْعَ
وَالْجُوْدِ وَالْکَرَمِ آمین.

قال الفقیر المستدفع البلاء من فضل نبیه العلی الأعلی صلی
اللّٰه تعالی عبدالمصطفٰی **احمد رضا** المحمدي السني الح
القادري البرکاتي البریلوي دفع نبیه عنه البلاء ومنح قلبه ال
والجلاء.

یہ مختصر جواب موضح صواب متضمن مقدمہ ودو باب وخاتمہ۔

مقدمہ

اتمام الزام وتمہید مرام میں عائدہ قاہرہ وفائدہ زاہرہ پر مشتمل۔

عائدہ قاہرہ

اَيُّهَا الْمُسْلِمُوْنَ دَفَعَ نَبِيُّكُمْ عَنكُمْ بَلَاءِ الْمَجْنُوْنِ وَفِتْنَةِ الْمَفْتُوْنِ. — اے مسلمانوں! تمہارے نبی ﷺ نے تم سے مجنوں کی بلاء اور فتنہ انگیز کا فتنہ دفع فرمایا۔

زید بے قید کے ایسے کلمات کچھ محلِ تعجب نہیں کہ مذہب وہابیہ کی بنا ہی حتی الامکان حضور سید الانس والجان علیہ وآلہ افضل الصلوۃ والسلام کے ذکر شریف مٹانے اور محبوبانِ خدا جل وعلا وعلیہم الصلوۃ والثناء کی تعظیم قلوبِ مسلمین سے گھٹانے پر ہے۔

﴿وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا أَيَّ مُنْقَلَبٍ يَنْقَلِبُوْنَ﴾.(1) — اور اب جانا چاہتے ہیں ظالم کہ کس کروٹ پر پلٹا کھائیں گے۔

مگر تعجب ان مسلمانانِ اہل سنت سے کہ ایسے ناپاک اقوال پر کان دھریں بہت کان کھانے والے دنیا میں ہوئے اور ہوتے رہیں گے۔

مسلمان صحیح العقیدہ ان کی طرف التفات ہی کیوں کریں ایسوں کا علاج حضور میں خاموشی اور غیبت میں فراموشی اور اٹھتے بیٹھتے ہر وقت ہر حال اپنے محبوب بے مثال ﷺ کے ذکرِ پاک کی زیادہ گرمجوشی کہ مخالف خود ہی اپنی آگ میں جل بجھیں گے۔

﴿قُلْ مُوْتُوْا بِغَيْظِكُمْ إِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ﴾.(2) — اے محبوب فرماؤ کہ تم اپنے غیظ میں مر جاؤ اللہ دلوں کی باتیں جانتا ہے۔

---

(1) [الشعراء: ۲۲۷]

(2) [آل عمران: ۱۱۹]

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جناب میں علماء وائمہ دین کا عقیدہ

اس طائفہ کے رد میں اقوال آئمہ وعلماء پیش کرنے کا تو کوئی محل ہی نہیں کہ یہ [جن کو] تم اپنے اعتقاد سے آئمہ وعلماء کہتے ہو ان کے نزدیک وہ بھی تمہاری طرح معاذ اللہ مشرک وبدعتی تھے۔ درود محمود میں کتب وصیغ کثیرہ کی تصنیف واشاعت انہی نے کی۔

تمہارے پیارے نبی محمد مصطفےٰ دافع البلاء ﷺ کو اللہ عزوجل کا خلیفہ اکبر ومدد بخش ہر خشک وتر واسطہ ایصال ہر خیر وبرکت ووسیلہ فیضان ہر جود ورحمت وشافی وکافی وقاسم نعمت وکاشف کرب ودافع زحمت وہی لکھ گئے جس کی تصریحات قاہرہ سے ان تصنیفات باہرہ کے آسمان گونج رہے ہیں۔ فقیر غفر اللہ لہ نے کتاب مستطاب.....

"سلطنة المصطفى فی ملکوت کل الوریٰ.. ۱۲۹۷ھ"

میں بکثرت ارشادات جلیلہ ونصوص جزیلہ جمع کئے جن کے دیکھنے سے بحمد اللہ ایمان تازہ ہو اور روئے ایقان پر احسان کا غازہ۔

وہابیوں کا پیشوا چھ سو برس سے سب عالموں کو کافر کہتا تھا(1)

تو ان کے نزدیک حقیقۃً یہ شرک وبدعت تمہیں وہی سکھا گئے۔ آخر ان کا بانی مذہب شیخ نجدی علیہ ماعلیہ ڈنکے کی چوٹ پر کہتا تھا کہ ۶۰۰ سو برس سے جتنے علماء گزرے سب کافر تھے۔

كما ذكره المحدث العلامة الفقيه الفهامة شيخ الإسلام زينت المسجد الحرام سيدى احمد بن زين دحلان المكى قدس سره المكى فى الدرالسنية .(2)

---

(1)(مراد محمد بن عبدالوہاب نجدی علیہ ماعلیہ ۔(ارشد مسعود)

(2)(الدرر السنیة ۴۷ مترجم)

احادیث! دکھانے کا کیا موقع کہ آخر سب کتب حدیث صحاح وسنن ومسانید ومعاجیم وغیرہا حضور والا صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ کے بعد تصنیف ہوئیں۔

ان کے طور پر معاذ اللہ سب بدعت اور مصنف بدعتی۔ رہی آیت: کہ رب العزت جل وعلا نے تخصیص لفظ وصیغہ ووقت وعدد مطلقاً اپنے حبیب ﷺ پر درود وسلام کی طرف بلایا ہے۔

﴿یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا﴾.(1) اے ایمان والو! ان پر درود اور خوب سلام بھیجو۔

"اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ كُلَّمَا وَلَعَ بِذِكْرِهِ الْفَائِزُوْنَ وَمَنَعَ مِنْ اِكْثَارِهِ الْهَالِكُوْنَ"۔

دلائل الخیرات ودرود تاج وغیرہا سب اس حکم جانفزا کے دائرہ میں داخل یہ بھی انہیں مقبول ہوتی نظر نہیں آتی کہ ان کتب وصیغ میں حضور والا دافع البلاء ﷺ کے اوصاف عظیمہ جلیلہ ونعوت کثیرہ جزیلہ ہیں۔ اور

وہابیہ کے نزدیک حضور کی تعریف میں کمی چاہیے

ان کے امام الطائفہ(2) کا حکم ہے کہ "جو بشر کی سی تعریف ہو اس میں بھی اختصار کرو"(3) علاوہ ازیں وظیفہ درود میں صدہا بار نام اقدس لینا ہوگا۔ اور ان کا امام لکھ چکا ہے کہ نام جپنا شرک ہے۔

اب وہ اپنے امام کی تصریح مانیں یا تمہارے خدا کا اطلاق (حکم) ہاں اگر انہیں سے امام الطائفہ اور اس کے آباؤ اجداد واکابر کی تصانیف دکھاؤ تو شاید کچھ کام چلے کہ امام الطائفہ کو کچھ

---

(1) [الاحزاب:۵۶]

(2) اسماعیل دہلوی، مصنف تقویۃ الایمان۔

(3) (تقویۃ الایمان ۱۶۵ ۱۱ اشاعۃ السنہ مرکزی جمعیۃ اہلحدیث مغربی پاکستان لاہور، وصفحہ ۵۱، دیوبند)

کہیں تو ایمان کی گت بری بنے، اور اس کے اکابر سے مکابر رہیں تو اس سے کیونکر گاڑھی چھنے [آپس میں خوب میل جول ہونا] ایسی ہی جگہ پر بدلگامی کا قافیہ تنگ ہوتا ہے۔ کہ

ع ..... نہ رائے یافتن نہ روے ماندن

وہابیہ کے نزدیک شاہ عبدالعزیز صاحب وشاہ ولی اللہ صاحب بدعتی تھے

مثلاً:

اولاً: یوں پوچھیے کہ حیادارو! صرف اس جرم پر کہ حضرات علمائے دین مصنفین کتب رحمہم اللہ تعالیٰ زمانہ اقدس حضور دافع البلاء ﷺ میں نہ تھے انہیں کی کتابیں بدعت اور وہ معاذ اللہ اہل بدعت قرار پائیں گے یا یہ حکم امام الطائفہ اور اُس کے عم نسب [یعنی نسبی چچا] و پدر شریعت [یعنی علم شریعت میں باپ] وجد طریقت [یعنی طریقت میں دادا] جناب مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب اور اس کے جد نسب وجد شریعت و فرجد طریقت [یعنی طریقت میں پردادا] شاہ ولی اللہ صاحب اور فرجد نسب وتلمذ وجد الجد بیعت شاہ عبدالرحیم صاحب وغیرہم اکابر عمائد خاندان دہلی کو بھی شامل ہوگا۔

کیا یہ حضرات زمانہ اقدس میں تھے؟۔ کیا ان کی کتابیں جبھی تصنیف ہوئیں تھیں؟۔ کیا انہوں نے اپنی تصانیف کے خطبوں میں بیسیوں مختلف صیغوں سے درود لکھے ہیں سب بعینہا حضور دافع البلاء ﷺ سے ثابت ہیں، اگر ہیں تو بتادو۔ اور نہیں تو کیا ہٹ دھرمی سینہ زوری ہے کہ ان کی تصانیف بدعت اور یہ بدعتی نہ ٹھہریں؟ کیا وحی باطنی اسمٰعیلی میں یہ حکم تشریعی بھی آچکا ہے کہ

یَجُوْزُ لِاٰبَائِكَ مَا لَا یَجُوْزُ لِغَیْرِهِمْ. تیرے آباؤ اجداد کیلئے جائز ہے جو دوسروں کیلئے جائز نہیں۔

ان کا امام(1) صاف صاف لکھ چکا کہ بعض غیر انبیاء پر بھی (جن میں اس نے اپنے پیر اور پردادا کو بھی داخل کیا ہے) بے وساطت انبیاء وحی باطنی آتی ہے جس میں احکام تشریعی اترتے ہیں۔ وہ ایک جہت سے انبیاء کے پیرو اور ایک جہت سے خود محقق ہوتے ہیں۔ وہ شاگرد انبیاء بھی ہیں اور ہم استاذ انبیاء بھی وہ مثل انبیاء معصوم ہیں۔(2)

گمراہی وبد دینی کا منہ کالا پھر نبوت کیا کسی چیز کا نام ہے اللہ کی شان یہ کھلم کھلا اپنے استادوں، پیروں کو نبی بنانے والے تو امام اور آئمہ شریعت........

اور علمائے اہل سنت اس جرم پر کہ صیغہائے درود مصطفے ﷺ کی کیوں کثرت کی، معاذاللہ بدعتی بدنام۔

ثانیا۔ یہ قہرمانی حکم صرف حضور دافع البلاء ﷺ پر درود میں ہے یا خاندان امام الطائفہ کے عبادات میں بھی کہ شاہ صاحب کے "قول الجمیل" جن کیلئے ضامن وکفیل۔

اسی "قول الجمیل" میں اپنے پیران ومشائخ کے آداب طریقت واشغال ریاضت کی نسبت صاف لکھا کہ ہماری صحبت وسلوک آمیزی تو نبی ﷺ تک متصل ہے۔

وان لم یثبت تعین الاداب ولا تلک الاشغال.(3) اگر چہ ان آداب واشغال کا تعین ثابت نہیں

یعنی نہ ان خاص آداب کا نبی ﷺ سے ثبوت ہے نہ ان اشغال کا۔

شاہ عبدالعزیز صاحب حاشیہ میں فرماتے ہیں: "اسی طرح پیشوایان طریقت نے

---

(1) یعنی مولوی اسماعیل دہلوی امام الطائفہ کا اپنے بڑوں کو صاف صاف نبی وصاحب شریعت ووحی ومعصوم ماننا۔

(2) دیکھو صراط مستقیم ص ۳۸ دوسطر اخیر تا ۳۹ سطر ۱۰، ۱۱ دوسطر اخیر، ۴۱ سطر ۵، ۶ تا صفحہ ۴۲ سطر ۲، ۳، ۴، دور مطبع (لاہور)

(3) شفاء العلیل ترجمہ القول الجمیل صفحہ ۲۱، مکتبہ رحمانیہ اردو بازار لاہور)

جلسات وہیات واسطے اذکارِ مخصوصہ کے ایجاد کئے۔"

[مولوی خرم علی مصنف "نصیحۃ المسلمین" نے اس کے ترجمہ "شفاءالعلیل" میں شاہ صاحب کا یہ قول نقل کر کے لکھا ہے۔] "یعنی ایسے امور کو مخالف شرع یا داخل بدعات سیئہ نہ کہنا چاہئے جیسا کہ بعض کم فہم سمجھتے ہیں"۔ (1)

ذرا تصورِ شیخ کا حکم ملاحظہ ہو!

اور سنیے! اسی "قول الجمیل" میں اشغال مشائخ نقشبندیہ قدست اسرارہم میں تصور شیخ کی ترکیب لکھی ہے:

اِذَاغَابَ الشَّیْخُ عَنْہُ یَخَیَّلُ صُوْرَتَہٗ بَیْنَ عَیْنَیْہِ بِوَصْفِ الْمُحَبَّۃِ وَالتَّعْظِیْمِ فَتُفِیْدُ صُوْرَتُہٗ مَا تُفِیْدُ صُحْبَتُہٗ. (2)	جب شیخ غائب ہو تو اس کی صورت اپنے پیش نظر محبت و تعظیم کے ساتھ تصور کرے تو جو فائدے اس کی صحبت دیتی تھی اب یہ صورت دے گی۔

﴿﴾ شفاءالعلیل میں مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب سے نقل کیا:

"حق یہ ہے کہ سب راہوں سے یہ راہ زیادہ تر قریب ہے۔"(3)

وظائف کے التزام کا حکم

مکتوبات مرزا مظہر صاحب جانجاناں میں ہے [جنہیں شاہ ولی اللہ صاحب اپنے مکتوبات میں نفس زکیہ قیم طریقہ احمدیہ داعی سنت نبویہ لکھتے ہیں]۔

(1) شفاء العلیل ترجمہ القول الجمیل صفحہ ٦١، مکتبہ رحمانیہ اردو بازار لاہور)

(2)(شفاء العلیل ترجمہ القول الجمیل صفحہ ٩٦۔٩٧، مکتبہ رحمانیہ اردو بازار لاہور)

(3)(شفاء العلیل ترجمہ القول الجمیل صفحہ ٩٥، مکتبہ رحمانیہ اردو بازار لاہور)

دعائے حزب البحر وظیفه صبح وشام وختم حضرات خواجگان قدس الله اسرار هم هر روز بجهت حل مشکلات باید خواند(1)	دعائے حزب البحر صبح وشام کا وظیفہ اور حضرات خواجگان قدس اللہ اسرارہم کا ختم شریف مشکلات کے حل کے لئے ہر روز پڑھنا چاہئے۔

ذرا اس صبح وشام وہر روز کے الفاظ پر بھی نظر رہے کہ وہی التزام ومداومت ہے جسے ارباب طائفہ وجہ ممانعت قرار دیتے ہیں یہ ان داعی سنت نے بدعت اور بدعت کا حکم دیا بلکہ اس ختم مجددی کی نسبت انہیں مکتوبات میں ہے۔

بعد حلقه صبح لازم گیرد (2)	اس کے بعد صبح کے حلقے کو لازم قرار دے لیں۔

اسی میں ہے:

بعداز حلقه صبح براں مواظبت نمایند.(3)	اس کے بعد صبح کے حلقے کی پابندی کرنی چاہئے۔

---

(1)(مکتوبات مرزا مظہر جانجاناں ۷۴)

(2)(مکتوبات مرزا مظہر جانجاناں ۴۱_۴۲)

(3)(مکتوبات مرزا مظہر جانجاناں ۹۲)

میں کہتا ہوں کہ یہاں غیر مقلدین کے عمدۃ المفسرین زبدۃ المحدثین نواب صدیق حسن بھوپالوی کی تصنیف "کتاب التعویزات اردو معروف الدعاء والدواء" میں سے دعائے حزب البحر اور دیگر وظائف کے بارے میں تفصیل سے نقل کرنا بھی فائدہ سے خالی نہ ہوگا

نواب صاحب لکھتے ہیں کہ:

"اب میں بقیہ مشائخ متقدمین کے بعض اعمال متفرقہ جمع کر کے لکھتا ہوں: ===

= = = ف مرزا مظہر جانجاناں قدس سرہ معاصر مولف کتاب قول جمیل تھے۔ مولوی نعیم اللہ مرحوم خلیفہ مرزا صاحب نے بعض اعمال ان کے کتاب معمولات مظہریہ میں لکھے ہیں ان کو اس جگہ نقل کیا جاتا ہے یہ اعمال بھی مجرب اور لائق اعتماد ہیں۔

طریق ختم خواجگان رضی اللہ عنہم۔ یہ ختم جس نیت سے پڑھا جاتا ہے وہی مقصد حاصل ہوتا ہے طریقہ اس کا یہ ہے کہ پہلے ہاتھ اٹھا کر ایک بار سورہ فاتحہ پڑھے پھر سورہ فاتحہ کو معہ بسم اللہ سات بار پڑھے پھر درود سو بار پھر الم نشرح مع بسم اللہ ہفتاد و نہ بار پھر سورہ اخلاص با بسم اللہ ہزار و یکبار پھر سورہ فاتحہ با بسم اللہ ساتھ بار پھر درود سو بار پھر فاتحہ پڑھ کر ثواب اس ختم کا ارواح حضرات کو جن کی طرف یہ ختم منسوب ہے پیش کرے ان بزرگوں کی تعین نام میں اختلاف ہے۔

پھر اللہ تعالی سے حصول مدعا بوسیلہ ان بزرگوں کے چاہے اور جب تک کام نہ ہو مداومت رکھے اللہ ہر مشکل کا آسان کرنے والا ہے اس ختم کو خواہ ایک شخص تنہا پڑھے یا زیادہ لوگ پڑھیں بطور تقسیم لکن رعایت عدد وتر کی اولی ہے کیونکہ اللہ تعالی وتر ہے وتر کو دوست رکھتا ہے خانقاہ شریف مظہری کا دستور یہ تھا کہ بعد فاتحہ آخر کے دعا آواز بلند سے تھے اور کہتے تھے کہ ہم نے ثواب ان کلمات کا جو اس حلقہ میں پڑھے گئے ہیں ارواح طیبات حضرات علیہ (عالیہ) نقشبندیہ رضی اللہ عنہم کو پیش کیا اور اللہ تعالی سے ہم امداد و اعانت بواسطۂ ان حضرات کے چاہتے ہیں مجدد الف ثانی کے ختم میں بھی معمول دعا اسی طور پر تھا میں کہتا ہوں (یعنی نواب صدیق حسن) کہ شیخ محمد بن علی نے خزینۃ الاسرار میں لکھا ہے کہ امام جعفر صادق و ابو یزید بسطامی و ابوالحسن خرقانی اور جو بعد ان کے ہوئے ان سے تا شاہ نقشبند سب کا اس بات پر اتفاق ہے کہ قضا حاجات و حصول مرادات و دفع بلاو قہر اعداء و حساد و رفع درجات و وصال قربات و ظہور تجلیات میں استعمال اس فائدہ جلیلہ و اسرار غریبہ کا تریاق مجرب ہے آگے طریقہ نقل کرنے کے بعد لکھا محرر سطور اگرچہ کسی شیخ کا مرید نہیں ہے لکن (لیکن) آباء و مشائخ میرے سب نقشبندیہ گذرے ہیں اگرچہ ان کو اجازت جملہ سلاسل سلوک کی بھی حاصل تھی اس لئے میں نے اس ختم کا اس جگہ ذکر کرنا مناسب جانا برسات اس ختم کے لاتعد عند حد ہیں۔

خزینۃ الاسرار میں تفصیل اس اجمال کی لکھی ہے اور طریقہ مجددیہ کو بھی بابت اس ترتیب کے ذکر کیا ہے واللہ

مرحوم میرے نقشبندی تھے اور قاضی محمد علی شوکانی بھی نقشبندی تھے اور اہل خاندان شاہ ولی اللہ محدث اور مرزا مظہر جانجاناں بھی اسی طریقہ علیہ (عالیہ) پر تھے۔ آگے ختم حضرت مجدد شیخ احمد سرہندی (سرہندی) کی سرخی قائم کرنے کے بعد لکھا، "یہ ختم واسطے حصول جمیع مقاصد و حل مشکلات کے مجرب ہے پہلے سو بارہ درود پڑھے پھر پانسو بار (پانچ سو) لاحول ولا قوۃ الا باللہ بلا کم بیش پھر سو بار درود اس ختم کو ہمیشہ پڑھتا رہے یہانتک کہ مطلب حاصل اور مشکل حل ہو مرزا صاحب قدس سرہ نے قاضی ثناء اللہ مرحوم کو لکھا تھا کہ ختم خواجگان و ختم مجدد رضی اللہ عنہم ہر دن بعد حلقہ صبح کے لازم کرلو۔ آگے ختم قادریہ وغیرہ کا ذکر کرنے کے بعد حزب البحر کے بارے میں نواب صاحب لکھتے ہیں۔" یہ دعا طرف شیخ ابو الحسن علی بن عبد اللہ حوفی ۶۵۶ ہجری کی طرف منسوب ہے یہ دعا ان کو خواب میں الہام ہوئی تھی اس کا ذکر شعرانی نے منن کبرے میں بھی کیا ہے علماء و مشائخ طریق کا اس کے مجرب ہونے پر دفع آفات و قضائے حاجات میں اتفاق ہے شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اور قاضی ثناء اللہ پانی پتی (صاحب تفسیر مظہری) رح [رحمۃ اللہ علیہما] نے اس کی شرح لکھی ہے اور فوائد و منافع ذکر کیے ہیں ستر فائدے سے زیادہ اس میں ثابت ہوئے یہ دعا مشتمل ہے اسماء و صفات و افعال الہی پر کوئی لفظ اس دعا کا ایسا نہیں ہے جس میں کوئی رائحہ استعانت و استمداد لغیر اللہ کا ہو جو طریق دعوت کا واسطے اس دعا کے بیان کیا ہے وہ خالی شرائط دشوار سے نہیں لکن کلمات طیبات اس کے جنکی بنیاد توحید خالص پر ہے ایسے سب۔ ے الفاظ ہیں کہ اگر کوئی مخلص حاجتمند باوضوء ہو کر صدق نیت و حسن طویت و حضور قلب و طہارت باطن کے ساتھ بے دعوت بھی پڑھے گا تو بھی اثر اس کا ضرور ظاہر ہوگا یہ دعا مع مخص شرح ہندوستان میں طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے حاجت نقل عبارت و بسط کلام کی اس پر نہیں یہ دعاء جالب ہر نعمت و دافع ہر نقمت ہے۔

جب یہ دعا بشرائط پڑھی جاتی ہے تو واسطے کشائش رزق و حب زوجین و زبان بندی اعداء و شفاء مریض و تسخیر سلاطین و امراء و محافظت کشتی و ادائے قرض و سلامتی ایمان و نفقہ غیب و حرز سارقان و دفعہ سموم و اوجاع و دفع فقر و افلاس و عمارت باغ و خانہ و دفع جن و ہزیمت اعداء و ہیبت در دل رعایا و خلاص از فسق و لہو و دفع خطرات و وساوس و اشراف بر خواہر و ازل آفت و نصرت بر اعداء و دفع چشم زخم الی غیر ذلک کے حکم اکسیر اعظم و تریاق مجرب کا رکھتی ہے۔ (کتاب [illegible])

امام الطائفہ کا خود بدعتی بننا

سب جانے دو خود امام الطائفہ "صراط المستقیم" میں لکھتا ہے:

اشغال مناسبہ ہر وقت وریاضات ملائمہ ہر قرن جدا جدا میباشد ولہٰذا محققان ہر وقت از اکابر ہر طریق در تجدید اشغال کوششہا کردہ اند بناء علیہ مصلحت دید وقت چناں اقتضا کرد کہ یک باب ازیں کتاب برائے بیان اشغال جدیدہ کہ مناسب ایں وقت است تعیین کردہ شود۔

ہر وقت کے مناسب اعمال اور ہر زمانے کے مطابق ریاضتیں مختلف ہوتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اکابر میں سے ہر طریقے کے محققین نے اشغال واعمال میں تبدیلی کرنے کی کوشش کی بایں وجہ جو مصلحت دیکھی یا حالات کا تقاضا ہوا اسی لئے اس کتاب کا ایک باب ایسے جدید اشغال کے نئے جو اپنے اپنے وقت کی مناسبت سے شروع کئے گئے متعین کیا گیا ہے۔

الخ۔(1)

للہ! انصاف یہ لوگ کیوں نہ بدعتی ہوئے اور ذرا تصور شیخ کی تو خبریں کہیے جسے جناب شاہ صاحب مرحوم سب راہوں سے قریب تر راہ بتا رہے ہیں۔

یہ ایمان "تقویۃ الایمان" پر خبیث بت پرستی تو نہیں یا حضرات شریعت باطنہ اسماعیلی سے مستثنیٰ ہیں۔

---

(1) (صراط مستقیم صفحہ ۸، در مطبع ضیائی میرٹھ)

ثالثاً:

بھلا حضور اقدس دافع البلاء مانح العطاء ﷺ کو دافع البلاء کہنا تو معاذ اللہ شرک ہوا۔

وہابیہ کے طور پر سارا خاندان دہلی مشرک تھا

اب جناب شاہ ولی اللہ صاحب [رحمۃ اللہ علیہ] کی خبر لیجئے۔

وہ اپنے قصیدہ نعتیہ "اطیب النغم" اوراس کے ترجمہ میں کیا بول بول رہے ہیں:

بنظر نمی آید مرا مگر آنحضرت ﷺ کہ جائے دست زدن اندوہ گین است در ہر شدتے(1)	ہمیں نظر نہیں آتا مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہر مصیبت کے وقت غم خواری فرماتے ہیں۔

پھر کہا:

جائے پناہ گرفتن بندگان وگریزگاہ ایشاں در وقت خوف ایشاں روز قیامت۔(2)	حضور قیامت کے دن خوف زدوں اور خوف سے بھاگنے والوں کی جائے پناہ ہیں۔

پھر کہا:

نافع ترین ایشاں است مرد ماں رانزدیک ھجوم حوادث زماں۔(3)	زمانہ کے حوادث کے ہجوم کے وقت لوگوں کے لئے سب سے زیادہ نفع بخش ہیں۔

پھر کہا:

---

(1)(شرح قصیدہ اطیب النغم صفحہ ۴، و ۲۳ مترجم)

(2)(شرح قصیدہ اطیب النغم صفحہ ۶، و ۲۳ مترجم)

(3)(شرح قصیدہ اطیب النغم صفحہ ۶، و ۲۵ مترجم)

اے بہترین خلق خدا واے بہترین عطا کننده واے کسیکه امید داشته شود برائے ازاله مصیبتے۔(1)

اے خلق خدا میں بہترین عطا کرنے والے اور مصیبت کے وقت امیدوار کے مصیبت ٹالنے والے۔

پھر کہا:

تو پناه دہندۂ منی از ہجوم کردن مصیبتے۔(2)

آپ مصیبتوں کے ہجوم سے پناہ دینے والے ہیں۔

عاجزی وتذلل کے ساتھ حضور کو ندا کرے

اپنے دوسرے قصیدہ نعتیہ "ہمزیہ" کے ترجمہ میں لکھتے ہیں۔

حضور ہی ہر بلا سے پناہ ہیں

آخر حالت مادح آنحضرت صلی الله علیه وسلم را وقتیکه احساس کند نا رسائی خود را از حقیقت ثنا آنست که ندا کند خوار دزار شده باخلاص در مناجات وبه پناه

حضور کی تعریف کرنے والا جب اپنی نارسائی کا احساس کرے تو حضور کو نہایت عاجزی اور اخلاص سے پکارے اور فریاد کرے اور حضور کی پناہ اس طرح چاہے کہ اے خدا کے رسول قیامت کے دن تیری عطا چاہتا ہوں تو ہی میری ہر بلا کی پناہ ہے جب ہی تو میں

---

(1)(شرح قصیدہ اطیب النغم صفحہ ۲۲، و ۵۶۔۵۷ مترجم)

(2)(شرح قصیدہ اطیب النغم صفحہ ۲۲، و ۱۶۲ مترجم)

گرفتن بایں طریق ای رسول خدا عطائے ترامیخواهم روز حشر (الی قوله) تو ئی پناه از هر بلابسوئے تست رو آوردن من وبه تست پناه گرفتن من ودر تست امید داشتن من آه. ملخصاً (1)	تری طرف رجوع کرتا ہوں اور تجھ سے پناہ کا طلب گار ہوں اور میری امیدیں تجھ سے ہی وابستہ ہیں۔

اولیاء کا مشکل کشا ہونا

یہی شاہ صاحب "ہمعات" میں زیر بیان نسبت اویسیہ لکھتے ہیں:

از ثمرات ایں نسبت رویت آں جماعت است در منام وفانده ها ازیشان یافتن ودر مهالک ومضائق صورت آں جماعت پدید آمدن وحل مشکلات وے بآں صورت منسوب شدن	اس نسبت کا ثمرہ یہ ہے کہ ان کی زیارت خواب میں ہو جاتی ہے اور ہلاکت وتنگی کے اوقات میں وہ جماعت ظاہر ہو کر مشکلیں حل فرماتی ہے۔(2)

اولیاء کی روحیں جہاں چاہتی جاتی ہیں

قاضی ثناء اللہ پانی پتی ان کے شاگرد رشید اور مرزا صاحب موصوف کے مرید "تذکرۃ الموتی"

---

(1)(شرح قصیدہ ہمزیہ ۳۲)

(2)(ہمعات صفحہ ۵۹، اکادیمیہ الشاہ ولی اللہ الدھلوی، صدر حیدر آباد)

میں ارواح اولیائے کرام قدس اسرارہم کی نسبت لکھتے ہیں:

ارواح ایشاں از زمین وآسماں وبهشت هر جا که خواهند میروند ودوستاں و معتقداں را در دنیا وآخرت (1) مدد گاری میفرمایند ودشمناں را هلاك می سازند۔(2)	ان کی ارواح زمین وآسماں اور بہشت سے ہر جگہ جہاں چاہتی ہیں جاتی ہیں اپنے دوستوں اور معتقدوں کی دنیا اور آخرت میں مدد فرماتی ہیں اور دشمنوں کو ہلاک کرتی ہیں۔

اور دافع البلاء کس چیز کا نام ہے۔

مرزا صاحب کے "ملفوظات" میں ہے:

نسبت ما بجناب امیر المومنین علی المرتضیٰ کرم اللّٰه وجهه میرسد وفقیر را نیاز (3) خاص بآنجناب ثابت ست در وقت عروض عارضه(3) جسمانی توجه بآنحضرت واقع میشود وسبب حصول شفا میگردد۔(4)	میری حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے نسبت خاص وجہ سے ہے کہ فقیر کو آنجناب سے خاص نیاز حاصل ہے اور جس وقت کوئی عارضہ بیماری جسمانی پیش ہوتی ہے میں آنجناب کی طرف توجہ دیتا ہوں جو باعث شفاء ہو جاتی ہے۔

---

(1) (ارواح اولیاء کا مدد کرنا اور دشمنوں کو ہلاک کرنا)

(2) (تذکرۃ الموتی ۴۱، مطبع مجتبائی دہلی)

(3) (مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نیاز۔ بیماری میں مولیٰ علی کی طرف توجہ)

(4) (ملفوظات مرزا مظہر جانجاناں ۷۸)

ذرا اس نیاز خاص پر نظر رہے۔

یہی داعیٔ سنت نبویہ فرماتے ہیں:

التفات غوث(1) الثقلین بحال متوسلان طریقه علیه ایشاں بسیار معلوم شدبا هیچکس اهل ایں طریقه ملاقات نشده که توجه مبارك آنحضرت بحالش مبذول نیست.(2)

حضور غوث الثقلین اپنے تمام متوسلین کے حالات کی طرف توجہ رکھتے ہیں کوئی ان کا مرید ایسا نہیں کہ اس کی طرف آنجناب کی توجہ نہ ہو۔

ذرا اس عبارت کے تیور دیکھئے اور لفظ غوث الثقلین بھی ملحوظ خاطر رہے، اس کے یہی معنی ہیں ناں کہ انس وجن سب کی فریاد کو پہنچنے والے۔

اور سنئے یہی نفس زکیہ فرماتے ہیں:

همچنیں عنا یت حضرت خواجه نقشبند(3) بحال معتقدان خود مصروف است مغلاں(4) در صحرا یا وقت خواب اسباب واسپان خود

ایسا ہی حضرت خواجہ نقشبند اپنے، معتقدین کے حالات میں ہمیشہ مصروف رہتے ہیں چرواہے اور مسافر جنگل یا نیند کے وقت اپنے اسباب اور چوپائے گھوڑے وغیرہ حضور خواجہ نقشبند کے سپرد کردیتے ہیں غیبی تائیدان کے

---

(1)(غوث پاک کی توجہ وعنایت)

(2)(ملفوظات مرزا مظہر جانجاناں)

(3)(خواجہ نقشبند کی عنایت) (4)(ان کی حمایت میں اہل وعیال واسباب کا سونپنا)

بحمایت حضرت خواجه می   ساتھ ہوتی ہے۔

سپارند وتائید ات از غیب همراه

ایشاں میشود۔(1)

اب تو شرک کا پانی سر سے تیر ہو گیا ایمان سے کہیو تمہارے ایمان پر کتنا بڑا بھاری شرک ہے، جس پر مدد غیبی نازل ہوتی اور یہ بات حضرت خواجہ قدس سرہ العزیز کے مدائح میں گنی جاتی ہے۔

خدا کرے اس وقت کہیں تمہیں حدیث:

"أَعُوْذُ بِعَظِيْمِ هٰذَا الْوَادِىْ"(2)

یا آیت کریمہ:

﴿كَانَ رِجَالٌ مِنَ الْإِنْسِ يَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِنَ الْجِنِّ﴾(3)   آدمیوں میں سے کچھ مرد جنوں کے کچھ مردوں کی پناہ لیتے تھے۔

یاد آجائے پھر جناب مرزا صاحب اور ان کے مداح جناب شاہ صاحب کا مزہ دیکھئے۔

آخر تمہارا امام (اسمٰعیل) بھوت پریت جن پری اور اولیاء شہداء سب کو ایک ہی درجہ میں مان رہا ہے۔

---

(1)(ملفوظات مرزا مظہر جانجاناں

(2) (أخرجه الحاكم في المستدرك ٣/٧٢٠ (٦٦٠٧)، في ذكر خريم بن فاتك الأسدي ،وفي نسخة:٣/٦٢١، والطبراني في الكبير ٤/٢١١ (٤١٦٦) ،وابن أبي الدنيا في الهواتف ١٧ ، وابن عساكر في تاريخه ٢٩/٣٣٨ و ٥٢/٣٧٦ .

وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ٨/٢٥٠ (١٣٩٤٣) :رواه الطبراني و فيه من لم اعرفهم .

(3)[الجن ٦]

اولیاء بعد انتقال بھی دنیا میں تصرف فرماتے اور مشکلیں حل کرتے ہیں

مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب ''تفسیر عزیزی'' میں اکابر اولیاء کا حال بعد انتقال لکھتے ہیں:

دریںحالت ہم تصرف در دنیا وا دہ واستغراق آنہا بجہت کمال وسعت(1) مدارک آنہا مانع توجہ(2) بایں سمت نمیگردد واویسیاں تحصیل [مطلب](3) کمالات باطنی ازانہا می نمایند وارباب حاجات ومطالب حل مشکلات(4) خود از آنہا می(5) طلبند ومی یابند(6)

اولیاء اللہ بعد انتقال دنیا میں تصرف فرماتے ہیں اور ان کے استغراق کا کمال اور مدارج کی رفعت ان کو اس سمت توجہ دینے کی مانع نہیں ہے اویسیاں اپنے کمالات باطنی کا اظہار فرماتے ہیں اور حاجت مند لوگ اپنی مشکلات کا حل اور حاجت روائی انہیں سے طلب کرتے ہیں اور اپنے مقاصد میں کامیاب ہوتے ہیں۔

﴿﴾ ذرا یہ دنیا میں اولیاء کا تصرف بعد انتقال ملحوظ رہے اور حل مشکل ودفع بلا میں کتنا فرق ہے۔

(یا علي مشکلکشا مشکلکشا)

کاروبارِ عالم مولیٰ علی کے دامن سے وابستہ ہے اور مولیٰ علی کے نام کی منت

اور ''**تحفہ اثنا عشریہ**'' میں تو اس سے بھی بڑھ کر جان نجدیت پر قیامت توڑ گئے، فرماتے ہیں:

---

(1) (کمال وسیع علم رکھتے ہیں) (2) (اس عالم کی طرف توجہ رکھتے ہیں) (3) (فیض پہنچاتے ہیں)
(4) (مشکل حل کرتے ہیں) (5) (ان سے حاجتوں کا مانگنا)
(6) (تفسیر عزیزی، تفسیر سورۃ انشقت پارہ: ۳۰، ص ۱۱۳، مطبع مجتبائی دھلی)

حضرت امیر و ذریه طاهره او را تمام امت بر مثال پیران و مرشدان می پرستند و امور تکوینیه را با یشاں وابسته میدانند وفاتحه ودرود وصدقات ونذر بنام(1) ایشاں رائج ومعمول گردیده چنانچه جمیع اولیاء اللہ همیں معامله است۔(2)	حضرت امیر یعنی علی المرتضی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کی اولاد پاک کو تمام امت پیر و مرشد مانتی ہے اور امور تکوینیہ کو یعنی دنیا میں جو کچھ الٹ پھیر ہوتا ہے انہیں وابستہ جانتی ہے اور ان کے نام فاتحہ درود وصدقات اور ان کے ناموں کی نذر [صدقہ وخیرات برائے ایصال ثواب] وغیرہ دینا رائج ومعمول ہے۔ چنانچہ تمام اولیاء اللہ کا یہی معاملہ ہے۔

کیوں صاحبو! یہ کتنے بڑے شرکہائے اکبر واعظم ہیں کہ شاہ صاحب جن پر اجماع امت بتارہے ہیں اب تو عجب نہیں کہ روافض کی طرح امت مرحومہ کو معاذ اللہ امت ملعونہ لقب دیجئے۔ بھلا دفع بلا بھی امور تکوینیہ میں ہے یا نہیں جو دامن پاک حضرت مولیٰ علی واہلبیت کرام سے وابستہ ہے صلی اللہ تعالیٰ علیٰ سیدہم ومولاہم وعلیہم وبارک وسلم طرفہ تر سنئے۔

شاہ ولی اللہ صاحب کا پھر بدعتی بننا

شاہ ولی اللہ صاحب کے **"انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ"** سے روشن کہ شاہ صاحب والا مناقب اور ان کے بارہ اساتذۂ علم حدیث ومشائخ طریقت جن میں مولانا ابو طاہر مدنی اور ان کے والد واستاذ وپیر مولانا ابراہیم کردی اور ان کے استاذ مولانا احمد قشاشی اور

---

(۱)(مولیٰ علی کے نام کی منت)

(۲)(تحفہ اثناء عشریہ ۳۹۶، ۳۹۷، مطبوعہ کلکتہ)

ان کے استاذ مولانا احمد شنادی اور شاہ صاحب کے استاذ الاستاذ مولانا احمد نخلی وغیرہم اکابر داخل ہیں کہ شاہ صاحب کے اکثر سلاسل حدیث انہیں علماء سے ہیں جواہر خمسہ حضرت شاہ محمد غوث گوالیاری علیہ الرحمۃ الباری وخاص دعائے سیفی کی اجازتیں لیتے اور اپنے مریدین ومعتقدین کو اجازت دیتے اعمال جواہر خمسہ ودعا سیفی کا زمانہ اقدس حضور دافع البلاء ﷺ کے بعد تصنیف ہونے سے بدعت اور اس وجہ سے ان صاحبوں کا بدعتی ومروج بدعت قرار پانا۔

شاہ صاحب کا بڑا بھاری شرک نادعلی

درکنار اسی جواہر خمسہ کی سیفی میں وہ جواہر دار سیف خونخوار جسے دیکھ کر وہابیت بیچاری اپنا جوہر کرنے کو تیار وہ کیا یعنی کہ نادعلی کہ ایمان طائفہ پر شرک جلی جواہر خمسہ میں ترکیب دعائے سیفی میں فرمایا:

نادعلی هفت بار یا سه بار یا یک بار بخواند و آں ایں است
. نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ سَيَنْجَلِي بِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ، يَا عَلِيُّ، يَا عَلِيُّ. (1)

نادعلی سات بار یا تین بار یا ایک بار پڑھنا چاہئے اور وہ یہ ہے علی رضی اللہ عنہ کو پکار کہ وہ عجائبات کے مظہر ہیں تو انہیں مصیبتوں میں اپنا مددگار پائے گا ہر پریشانی اور غم آپ کی ولایت کے صدقے فوراً دور ہو جاتا ہے۔
یا علی یا علی یا علی۔

یعنی پکار علی مرتضی کو کہ مظہر عجائب ہیں تو انہیں اپنا مددگار پائے گا مصیبتوں میں سب پریشانی وغم اب دور ہو جاتے ہیں حضور کی ولایت سے یا علی یا علی یا علی ذرا اب شرک طائفہ کا مول تول کیجیے

---

(1)(جواہر خمسہ

اس نفیس سند کی قدرے تفصیل درکار ہو تو فقیر کے رسائل " انهار الأنوار من يم صلاة الاسرار، وحياة الموات بيان سماع الأموات، (1) وأنوار الإنتباه في حل نداء يا رسول الله ﷺ" ملاحظہ ہوں۔

رہے یہ کہ ان خاندانی اماموں نے طائفہ کی مٹی اور بھی خراب کی ہے وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ.

کیوں صاحبو! یہ سب حضرات بھی ایمانِ طائفہ پر مشرک بے ایمان واجب العذاب مستحیل الغفران [ناقابل معافی] تھے یا "تقویۃ الایمان" کی آیتیں حدیثیں امام الطائفہ کا گھر چھوڑ کر باقی علمائے اہلسنت ہی کو مشرک بدعتی بنانے کے لئے اترے ہیں۔ اللہ ایمان وحیا بخشے۔ آمین۔

غرض ان حضرات کے مقابل شاید ایسے ہی گرم دودھوں سے کام چلے جنہیں نہ نگلے بنے نہ اگلتے، وللہ الحجة الساطعه۔

(1) (فقیر نے اس کتاب کی تخریج "مردے سنتے اور پہچانتے ہیں" کے نام کی ہے جو کہ زیر طبع ہے۔ محمد ارشد مسعود)

فائدہ زاہرہ

خیر یہ تو اجمالاً ان حضرات کی خدمت گزاری تھی اور بدعت کی بحث تو علمائے سنت بہت کتب میں غایت قصوی تک پہنچا چکے "وَمَنْ أَحْسَنَ مَنْ فَصَّلَهُ وَحَقَّقَهُ خَاتِمُ الْمُحَقِّقِيْنَ سَيِّدُنَا الْوَالِدُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ الْمَوْلٰى الْمَاجِدُ فِيْ كِتَابِهِ الْجَلِيْلِ الْمُفَادِ" أُصُوْلِ الرَّشَادِ لِقَمْعِ مَبَانِي الْفَسَادِ".

فقیر غفراللہ تعالیٰ نے بھی اپنے رسالہ "إِقَامَةُ الْقِيَامَةِ عَلٰى طَاعِنِ الْقِيَامِ لِنَبِيِّ تِهَامَةَ" وغیرہا رسائل میں بقدر کافی نکات چیدہ گزارش کئے اور اپنے رسالہ "مُنِيْرُ الْعَيْنِ فِيْ حُكْمِ تَقْبِيْلِ الْإِبْهَامَيْنِ" وغیرہا میں خاندان مذکور کے بکثرت ایجادو احداث لکھے کہ اس توصیفی کی صفراشکنی [یعنی اس نئے گڑھے ہوئے عقیدہ کے علاج کے لئے کافی ہیں] کو بس ہیں اور حضور دافع البلاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وبا وبلا وقحط ومرض والم کو دفع فرمانے کے جزئیات ووقائع جو احادیث میں مروی ان کے جمع کرنے کی ضرورت نہ حصر [شمار] کی قدرت، اُن میں سے بہت بحمد اللہ تعالیٰ کتب وخطب علماء میں مسلمانوں کے کانوں تک پہنچ چکے اور جو چاہے کتب سیر وخصائص ومعجزات مطالعہ کرے۔

نکتہ جلیلہ کہ وہابیہ کا مذہب انبیاء وملائکہ یہاں تک کہ خود اللہ جل جلالہ کو معاذ اللہ مشرک کہتا ہے۔

مگر فقیر غفر اللہ تعالیٰ لہ ایک نکتہ جلیلہ کلیہ بغایت مفید القا کرے کہ ان شاء اللہ تمام شرکیات وہابیہ کی بیخ کنی [جڑ سے اُکھاڑنے] میں کافی وافی کام دے۔

مسلمانو! کچھ خبر بھی ہے ان حضرات کا لفظ دافع البلاء اور اس کے مثال کو شرک بتانے بلکہ یہ بات بات پر شرک پھیلانے سے اصل مدعا کیا ہے وہ ایک دائے باطنی ومرض خفی ہے کہ اکثر عوام

بیچاروں کی نگاہ سے مخفی ہے۔ان نئے فلسفیوں پرانے فیلسوفوں کے نزدیک شرک امور عامہ سے ہے کہ عالم میں کوئی موجود اس سے خالی نہیں یہاں تک معاذ اللہ حضرات انبیاء کرام وملائکہ عظام علیہم الصلوٰۃ والسلام تا آنکہ عیاذ اًباللہ خود حضرت رب العزت وحضور پر نور سلطانِ رسالت علیہ افضل الصلاۃ والتحیۃ۔ولہذا امام الطائفہ نے جابجا وبیجا مسائل جی سے گڑھے کہ یہ ناپاک چھینٹا وہاں تک بڑھے جس کی بعض مثالیں مجموعہ فتاوائے فقیر........

"العطایا النبویۃ فی فتاوی الرضویۃ "، کی مجلد ششم "البارقۃ الشارقۃ علی مارقۃ المشارقۃ "میں ملیں گی،ان کی تفصیل طویل کی حاجت نہیں۔

یہ حضرات کہ اس امام کے مقلد ہیں ﴿اِنَّا عَلٰی آثَارِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ﴾ (1) پڑھتے ہوئے اسی ڈگر ہولئے یہ حکم شرک بھی اسی دبی آگ کا دھواں دے رہا ہے اجمال سے نہ سمجھو تو مجھ سے مفصل سنو۔

اقول وباللہ التوفیق :نسبت واسناد دو قسم ہے۔

حقیقی کہ مسند الیہ حقیقت میں متصف ہو اور مجازی کہ کسی علاقہ سے غیر متصف کی طرف نسبت کردیں جیسے نہر کو جاری یا جالس سفینہ کو متحرک کہتے ہیں۔

حالانکہ حقیقۃً آب وکشتی جاری ومتحرک ہیں،پھر حقیقی بھی دو قسم ہے ذاتی کہ خود اپنی ذات سے بے عطائے غیر ہو اور عطائی کہ دوسرے نے اسے حقیقۃً متصف کردیا ہو خواہ وہ دوسرا خود بھی اس وصف سے متصف ہو جیسے واسطہ فی الثبوت میں یا نہیں جیسے واسطہ فی الاثبات میں ان سب صورتوں کی اسنادیں تمام محاورات عقلائے جہاں واہل ہر مذہب وملت وخود قرآن وحدیث میں شائع وذائع مثلاً انسان عالم کو عالم کہتے ہیں۔

---

(1)[الزخرف:۲۳]

فرق ذاتی وعطائی

قرآن عظیم میں جابجا﴿ أُولُوا الْعِلْمِ (1)،وَعُلَمٰٓؤُا بَنِیْ إِسْرَآئِیْلَ (2)﴾ اور انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کی نسبت لفظ علیم وارد، یہ حقیقت عطائیہ ہے، یعنی بعطائے الٰہی وہ حقیقۃً متصف بعلم ہیں اور مولیٰ عزوجل نے اپنے نفس کریم کو علیم فرمایا یہ حقیقت ذاتیہ ہے(3) کہ وہ بے کسی کی عطاء کے اپنی ذات سے عالم ہے سخت احمق وہ کہ ان اطلاقات میں فرق نہ کرے وہابیہ کے مسائل شرکیہ استعانت وامداد وعلم غیب وتصرفات ونداء وسماع فریاد وغیرہا اسی فرق نہ کرنے پر مبنی ہیں۔

---

(1) [آل عمران :۱۸]

(2)[الشعراء :۱۹۷]

(3)(قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے حضرت یوسف علیہ السلام کے تذکرہ میں آپ کا بادشاہ کے سامنے اپنے بارے میں "حفیظ" اور "علیم" جیسے لفظ استعمال کرنا ذکر کیا ہے ارشادفرمایا:

﴿قَالَ اجْعَلْنِیْ عَلٰی خَزَآئِنِ الْاَرْضِ اِنِّیْ حَفِیْظٌ عَلِیْمٌ ﴾[الیوسف :۵۵]

یوسف علیہ السلام نے کہا مجھے زمین کے خزانوں پر کر دے بیشک میں حفیظ اور علیم ہوں۔

اسی طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جب حضرت اسحاق علیہ السلام کی بشارت دینے کے لئے فرشتے بھیجے گئے تو انہوں نے حضرت اسحاق کو "علیم "کہا، ارشادفرمایا:

﴿قَالُوْا لَا تَوْجَلْ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ عَلِیْمٍ ﴾[الحجر :۵۳]

انہوں نے کہا ڈریئے نہیں ہم آپ کو ایک علیم لڑکے کی بشارت دیتے ہیں۔

دوسرے مقام پر ارشادفرمایا:

﴿فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِیْفَةً قَالُوْا لَا تَخَفْ وَ بَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِیْمٍ ﴾[الذریت :۲۸]

تو اپنے جی میں ان سے ڈرنے لگا وہ بولے ڈریئے نہیں اور اس کو ایک علیم لڑکے کی بشارت دی۔

فقیر غفر اللہ تعالی لہ نے اس بحث شریف میں ایک نفیس رسالہ کی طرح ڈالی ہے اس میں متعلق نزاعیات وہابیہ صدہا اطلاقات کو آیات واحادیث سے ثابت اور احکام اسنادات کو مفصل بیان کرنے کا قصد ہے، ان شاء اللہ تبارک وتعالیٰ۔ حضور پر نور معطی النعماء والسرور، دافع البلاء والشرور، شافع یوم النشور ﷺ کو دافع البلاء کہنا بھی بمعنی حقیقی عطائی ہے۔

= = اللہ تعالی نے قرآن مجید میں بیان فرمایا کہ ہر علم والے کے اوپر ایک " علیم " ہے، ارشاد فرمایا:

﴿نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ وَفَوْقَ كُلِّ ذِیْ عِلْمٍ عَلِیْمٌ﴾ [الیوسف :۷۶] — ہم جسے چاہیں درجوں بلند کریں اور ہر علم والے کے اوپر ایک علیم ہے۔

اور اللہ تعالی نے اپنی ذات کے لئے لفظ " علیم " قرآن مجید میں کئی مقامات پر استعمال فرمایا ہے،

ارشاد فرمایا:

﴿فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَهُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ﴾ [البقرۃ ۲۹] — تو ٹھیک سات آسمان بنائے اور وہ ہر چیز کا علیم ہے

اور ارشاد فرمایا:

﴿اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ﴾ [البقرۃ :۳۲] — فرشتوں نے عرض کی بے شک تو علیم وحکیم ہے

اور ارشاد فرمایا:

﴿اِنَّ اللّٰهَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ﴾ [البقرۃ :۱۱۵] — بے شک اللہ عزوجل وسعت والا علیم ہے۔

پس معلوم ہوا کہ جہاں کسی نبی ﷺ یا ولی کی طرف لفظ " علیم " استعمال کیا جائے گا تو اس کی طرف اس کی نسبت مجازی ہوگی اور جب اللہ رب العزت کی طرف اس کی نسبت ہوگی تو حقیقی ذاتی معنی میں، یعنی باقی جس کسی کے پاس بھی علم ہوگا اس کی عطا سے اور اللہ عزوجل کا علم کسی کی عطا نہیں بلکہ اس کا ذاتی علم ہے گویا وہ ذاتی طور پر علیم ہے باقی سب اس کی عطا سے۔

اسی طرح سمیع، بصیر، حکیم وغیرہ صفات بھی۔

مخالف متعسف کو یوں توفیقِ تصدیق نصیب نہ ہو تو فقیر کا رسالہ "سلطنۃ المصطفیٰ فی ملکوت کل الورٰی" مطالعہ کرے کہ بعونہ تعالیٰ تحقیق وتوثیق کے باغ لہکتے نظر آئیں اور ایمان وایقان کے پھول مہکتے، خیر یہاں اس بحث کی تکمیل کا وقت نہیں۔

جو معنی شرک ہیں کسی مسلمان کی خواب میں بھی ان کا خیال نہیں گزرتا

تنزلاً یہی سہی کہ احد الامرین سے خالی نہیں نسبت حقیقی عطائی ہے یا از انجا کہ حضور سبب ووسیلہ وواسطہ دافع بلا ہیں۔ لہٰذا نسبت مجازی رہی حقیقی ذاتی حاشا کہ کسی مسلمان کے قلب میں کسی غیر خدا کی نسبت اس کا خطرہ گزرے۔

امام علامہ سید تقی الملۃ والدین علی بن عبد الکافی سبکی قدس سرہ المالکی جن کی امامت وجلالت محل خلاف وشبہت نہیں، یہاں تک کہ میاں نذیر حسین دہلوی اپنے ایک مہری مصدق فتوے میں انہیں بالاتفاق امام مجتہد مانتے ہیں، کتاب مستطاب "شفاء السقام شریف" میں ارشاد فرماتے ہیں:

لیس المراد نسبۃ النبي صلی اللہ تعالی علیہ وسلم إلی الخلق والإستقلال بالأفعال هذا لا یقصدہ مسلم فصرف الکلام إلیہ ومنعه من باب التلبیس في الدین والتشویش علی عوام الموحدین (1)

یعنی نبی ﷺ سے مدد مانگنے کا یہ مطلب نہیں کہ حضور خالق وفاعل مستقل ہیں۔ یہ تو کوئی مسلمان ارادہ نہیں کرتا تو اس معنی پر کلام کو ڈھالنا اور حضور سے مدد مانگنے کو منع کرنا دین میں مغالطہ دینا اور عوام مسلمانوں کو پریشانی میں ڈالنا ہے۔

صدقت یا سیدي جزاك اللہ عن الإسلام والمسلمین خیراً. آمین.

---

(1) (شفاء السقام في زیارۃ خیر الأنام ص۱۷۴، المکتبۃ النوریۃ الرضویۃ لائلپور باکستان)

وہابیہ کا ظلم جو محاورے خود بولتے ہیں مسلمانوں کے مشرک بنانے کو ان سے آنکھ بند کر لیتے ہیں

فقیر کہتا ہے ایک دافع بلا و امداد و عطا پر ہی کیا موقوف مخلوق کی طرف اصل وجود ہی کی اسناد بمعنی حقیقی ذاتی نہیں پھر عالم کو موجود کہنے میں وہابیہ بھی ہمارے شریک ہیں، کیا ان کے نزدیک عالم بذاتہ موجود ہے یا سوفسطائیہ کی طرح عقیدہ حقائق الأشیاء ثابتۃ سے منکر ہیں، اور جب کچھ نہیں تو کیا ظلم کہ جو محاورے صبح و شام خود بولتے رہیں، مسلمانوں کے مشرک بنانے کو ان کی طرف سے آنکھیں بند کر لیں، کیا مسلمانوں پر بدگمانی حرام قطعی نہیں؟ کیا اس کی مذمت پر آیات قرآنیہ و احادیث صحیحہ ناطق نہیں؟ بلکہ انصاف کی آنکھ کھلی ہو تو اس ادعائے خبیث کا درجہ تو بدگمانی سے بھی گزرا ہوا ہے، سوئے ظن کے لئے اس گمان کی گنجائش تو چاہئے۔ مسلمان کے بارے میں ایسے خیال کا احتمال ہی کیا ہے، اس کا موحد ہونا ہی اس کی مراد پر گواہ کافی ہے۔

كَمَا لَا يَخْفٰى عِنْدَ كُلِّ مَنْ لَهٗ عَقْلٌ وَّدِيْنٌ — جیسا کہ ہر عقل و دین رکھنے والے کے لئے یہ بات پوشیدہ نہیں۔

• فتاویٰ خیریہ، کتاب الایمان" میں ہے:

"سُئِلَ فِيْ رَجُلٍ حَلَفَ اَنَّهٗ لَا يَدْخُلُ هٰذِهِ الدَّارَ اِلَّا اَنْ يَّحْكُمَ عَلَيْهِ الدَّهْرُ.... فَدَخَلَهَا هَلْ يَحْنَثُ....؟ أَجَابَ: لَا [يحنث] وَهٰذَا مَجَازٌ بِصُدُوْرِهٖ مِنَ الْمُوَحِّدِ.... وَاِذَا دَخَلَهَا

ایک شخص کے بارے میں سوال کیا گیا کہ اس نے قسم کھائی ہے کہ جب تک مجھے دہر حکم نہیں دے گا میں اس گھر میں داخل نہیں ہوں گا اور وہ داخل ہو گیا کیا وہ قسم توڑنے والا ہے یا نہیں اس کا جواب یہ تحریر کیا کہ حانث نہیں ہوا یہ

لِقَدْ حَكَمَ أَيْ قَضٰى عَلَيْهِ رَبُّ الدَّهْرِ بِدُخُوْلِهَا وَهُوَ مُسْتَثْنٰی [من يمينه] فَلَا حِنْثَ اھ بتلخيص. (1)	کلمہ مجازی ہے موحد جو خدا کو ایک مانتا ہے اس سے شرک کا صدور نا ممکن ہے جب داخل ہوا تو رب الدھر یعنی خدا کے حکم سے داخل ہوا اس لئے وہ حانث نہیں ہوا۔

تو ایسا ناپاک ادعا بدگمانی نہیں صریح افترا ہے، وہ بھی مسلمان پر وہ بھی کفر کا، مگر قیامت تو نہ آئے گی حساب تو نہ ہوگا ان خبائث کے دعووں سے سوال تو نہ کیا جائے گا۔ مسلمان کی طرف سے " لا اله إلا الله" جھگڑتا ہوا تو نہ آئے گا۔ ستمگر جواب تیار کر رکھ اس سختی کے دن کا

﴿وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا أَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ﴾ (2)	اب جانا چاہتے ہیں ظالم کہ کس کروٹ پر پلٹا کھائیں گے۔

بالجملہ اس احتمال کی تو یہاں راہ ہی نہیں بلکہ انہیں دو سے ایک مراد بالیقین یعنی اسناد غیر ذاتی کسی قسم کی ہو، اب جو اسے شرک کہا جاتا ہے تو اس کی دو ہی (3) صورتیں متصور بنظر (4) مصداق نسبت یا بنفس حکایت اول یہ کہ غیر خدا کے لئے ایسا اتصاف [موصوف ہونا] ماننا ہی مطلقاً شرک

---

(1)(الفتاوى الخيرية مع الفتاوى تنقيح الحامدية ۱/۳۵، دار الأشاعة العربية كوئٹه)

(2)[الشعراء ۲۲۷:]

(3)(دافع البلاء کہنے کے شرک ہونے کی دو ہی صورتیں ہیں اور جو صورت مراد لو خدا اور رسول تک حکم شرک پہنچے گا۔)

(4)(فرق یہ ہے کہ اول میں حکم مع حکایت بنظر بطلان و عدم مطابقت ہوگا یعنی واقع میں موضوع ایسے صفت سے متصف ہی نہیں جو اس حکایت کا مصحح ہو، اور دوم میں حکایت خود ہی محذور ہوگی اگر چہ صادق ہو کہ صدق محت اطلاق الزام نہیں،، أَلَا تَرٰی إِنَّا نُؤْمِنُ بِأَنَّ مُحَمَّدًا ﷺ أَعَزُّ عَزِيْزًا وَأَجَلُّ جَلِيْلٍ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وَلٰكِنْ لَا يُقَالُ مُحَمَّدًا عَزَّوَجَلَّ بَلْ صَلَّى اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ"=

اگرچہ مجازی ہو جس کا حاصل اس مسئلہ میں یہ کہ حضور دافع البلاء ﷺ دفع بلا کے سبب ووسیلہ وواسطہ بھی نہیں کہ مصداق نسبت کسی طرح متحقق ہو، جو غیر خدا کو ایسے اُمور میں سبب ہی مانے وہ بھی مشرک۔

دوم: یہ کہ ایسی نسبت وحکایت خاص بذات احدیت جل وعلا ہے غیر کے لئے مطلقاً شرک، اگرچہ اسناد غیر ذاتی مانے۔

جو چیز اللہ کی قدرت میں ہے اسے غیر کیلئے بعطائے الٰہی ماننا کبھی شرک نہیں ہوسکتا۔

آدمی اگر عقل وہوش سے کچھ بھی بہرہ رکھتا ہو تو غیر ذاتی کا لفظ آتے ہی شرک کا خاتمہ ہوگیا کہ جب بعطاء الٰہی مانا تو شرک کے کیا معنی، برخلاف اس طاغی سرکش کے جو عقل کی آنکھ پر مکابرہ کی پٹی باندھ کر صاف کہتا ہے:

"پھر خواہ یوں سمجھے کہ یہ بات ان کو اپنی ذات سے ہے خواہ اللہ کے دینے سے۔ غرض اس عقیدے سے ہر طرح شرک ثابت ہوتا ہے"۔ (1)

کسی سفیہ، مجنوں نے بھی کیا کہا جائے کہ صفت الٰہی بعطائے الٰہی نہیں تو جو بعطائے الٰہی ہے صفت الٰہی نہیں تو اس کا اثبات بھی نہ ہوا، نہ کہ خاص صفت ملزومہ الوہیت کا کہ شرک ثابت ہو بلکہ یہ تو

= تو وجہ اول میں ہمیں یہ بیان کرنا ہے کہ اسناد غیر ذاتی کا مطلقاً تحقق اور دوم میں یہ کہ اطلاق یقیناً جائز۔ ظاہر کہ دلائل وجہ دوم سب دلائل وجہ اول بھی ہیں کہ حکایت الٰہیہ ونبویہ قطعاً صادق لہٰذا ہم انہیں جانب کثرت بقلت توجہ کریں گے نصوص وجہ ثانی بکثرت لائیں گے۔ وباللہ التوفیق ۱۲ منہ دامت فیوضہ۔

(1) (تقویۃ الایمان صفحہ ۵۰، اشاعۃ السنۃ مرکزی جمعیۃ اہلحدیث مغربی پاکستان شیش محل روڈ لاہور، وصفحہ ۱۴، کتبہ تھانوی، دیوبند)

بالبداہۃ صفت ملزومہ عبدیت کا اثبات ہو نہ کہ معاذ اللہ الوہیت کا، ایک یہی حرف تمام ژکیات وہابیہ کو کیفر چشانی [سزا چکھانے] کے لئے بس ہے۔

مگر مجھے تو یہاں وہ بات ثابت کرنی ہے جس پر میں نے یہ تمہید اٹھائی ہے یعنی ان صاحبوں کا حکم شرک اللہ ورسول تک متعدی ہونا [جا پہنچنا]، ہاں اس کا ثبوت لیجئے ابھی بیان کر چکا ہوں کہ اس حکم ناپاک کے لئے دو ہی وجہیں متصور ان میں سے جو وجہ لیجئے ہر طرح یہ حکم معاذ اللہ اللہ ورسول تک منجر [کھینچا ہوا، جانے والا] جل جلالہٗ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

بــــــــــــاب

اول

پیارے محبوب ﷺ بعطائے الٰہی دفع بلا کا سبب ہیں

وجہ اول پر نصوص سنئے اس میں چھ (6) آیتیں اور ساٹھ حدیثیں (60) جملہ چھیاسٹھ نص ہیں۔

فصل اول

آیات کریمہ میں

آیت ﴿1﴾ : قال اللہ عزوجل

﴿ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ﴾(1) اللہ ان کافروں پر عذاب نہ فرمائے گا جب تک اے محبوب آپ ان میں تشریف فرما ہیں۔

سبحان اللہ! ہمارے حضور دافع البلا ﷺ کفار پر سے بھی سبب دفع بلا ہیں پھر مسلمانوں پر تو خاص رؤف ورحیم ہیں (ﷺ)

آیت ﴿2﴾:

﴿وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴾ (2) ہم نے نہ بھیجا تمہیں مگر رحمت سارے جہاں کے لئے۔

پر ظاہر کہ رحمت سبب دفع بلا و زحمت۔

اللہ تعالیٰ یوں ہی بخش سکتا تھا مگر فرماتا ہے کہ "قبول توبہ چاہو تو نبی کے حضور حاضر ہو جاؤ"

---

(1)[الانفال : ۳۳] (2) [الأنبياء :۱۰۷]

آیت (3):

﴿وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا﴾.(1)

اور اگر جب وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں تو اے محبوب [ﷺ]! آپ کے حضور حاضر ہوں پھر اللہ سے معافی چاہیں اور رسول ان کی شفاعت فرمائے تو ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں۔

آیت کریمہ صاف ارشاد فرماتی ہے کہ حضور پرنور عفو غفور ﷺ کی بارگاہ میں حاضری سبب قبول توبہ و دفع بلائے عذاب ہے بلکہ یہ آیت بیماردلوں پر اور بھی بلا وعذاب کہ رب العزت قادر تھا یوں ہی گناہ بخش دے مگر ارشاد ہوتا ہے کہ توبہ قبول ہونا چاہو تو ہمارے پیارے کی سرکار میں حاضر ہو جاؤ (ﷺ) وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔

آیت (4):

﴿وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ﴾(2)

اگر اللہ تعالیٰ آدمیوں سے آدمیوں کو دفع نہ فرمائے تو ہر ملت و مذہب کی عبادت گاہ ڈھادی جائے۔

معلوم ہوا کہ مجاہدین آلہ و واسطہ دفع بلا ہیں۔

متعدد آیات و احادیث کہ نیکوں کے سبب بلا دفع ہوتی ہے

آیت (5):

﴿وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ

اگر نہ ہوتا دفع کرنا اللہ عزوجل کا لوگوں کو

(1)[النساء:٦٤]

(2)[الحج:٤٠]

بِبَعْضٍ لَّفَسَدَتِ الْأَرْضُ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴾(1)

ایک دوسرے سے تو بیشک تباہ ہو جاتی زمین مگر اللہ فضل والا ہے سارے جہان پر۔

آئمہ مفسرین فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے سبب کافروں اور نیکوں کے باعث بدوں سے بلا دفع کرتا ہے۔

آیت ﴿6﴾:

﴿وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَنِسَآءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَئُوْهُمْ فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌ بِغَيْرِ عِلْمٍ لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴾(2)

اور اگر نہ ہوتے ایمان والے مرد اور ایمان والی عورتیں جن کی تمہیں خبر نہیں کہیں تم انہیں روند ڈالو تو ان سے تمہیں انجانی میں مشقت پہنچے تا کہ اللہ جسے چاہے اپنی رحمت میں لے لے وہ اگر الگ ہو جاتے تو ہم ان میں سے کافروں کو دردناک عذاب دیتے۔

یہ فتح مکہ سے پہلے کا ذکر ہے جب حضور اقدس ﷺ عمرے کیلئے مکہ معظمہ تشریف لائے ہیں اور کافروں نے مقام حدیبیہ میں روکا شہر میں نہ جانے دیا۔ صلح پر فیصلہ ہوا ظاہر کی نظر میں اسلام کے لئے ایک دبتی ہوئی بات تھی اور حقیقت میں بڑی فتح نمایاں تھی۔

جسے اللہ عزوجل نے ﴿اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا﴾(3) فرمایا اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی تسکین کو یہ آیات نازل فرمائی کہ اس سال تمہیں داخل مکہ نہ ہونے دینے میں کئی حکمتیں تھیں

---

(1)[البقرة ٢٥١]

(2)[الفتح ٢٥]

(3)[الفتح ١]

مکہ معظمہ میں بہت مرد وعورت مغلوبی کے سبب خفیہ مسلمان ہیں جنکی تمہیں خبر نہیں تم قہر اجاتے تو وہ بھی تیغ وبند کے روندنے میں آجاتے اور ان کے سوا ابھی وہ لوگ ہیں جو ہنوز کافر ہیں اور عنقریب اللہ تعالیٰ انہیں اپنی رحمت میں لے گا اسلام دے گا ان کا قتل منظور نہیں ان وجوہ سے کفار مکہ پر سے عذاب قتل وقہر موقوف رکھا گیا یہ سب لوگ الگ ہوجاتے تو ہم ان کافروں پر عذاب فرماتے۔

کیا روشن نص ہے کہ اہل اسلام کے سبب کافروں پر سے بھی بلا دفع ہوتی ہے، وللہ الحمد۔

فصل دوم:

احادیث عظیمہ میں

حدیث(1):

کہ رب العزت جل وعلا فرماتا ہے:

إِنِّيْ لَأَهُمُّ بِأَهْلِ الْأَرْضِ عَذَابًا فَإِذَا نَظَرْتُ إِلٰى عُمَّارِ بُيُوْتِيْ وَالْمُتَحَابِّيْنَ فِيَّ وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ بِالْأَسْحَارِ صَرَفْتُ عَذَابِيْ عَنْهُمْ .(1)

میں زمین والوں پر عذاب اتارنا چاہتا ہوں جب میرے گھر آباد کرنے والے اور میرے لئے باہم محبت رکھنے والے اور پچھلی رات استغفار کرنے والے دیکھتا ہوں تو اپنا غضب ان سے پھیر دیتا ہوں۔

البیهقي في الشعب عن أنس بن مالك رضي الله تعالى عنه عن النبي صلى الله تعالى عليه وسلم قال: إن الله تعالى يقول:... الحديث .

---

(1) أخرجه البيهقي في شعب الإيمان ٣/٧٩(٢٩٨٥)، و٦/٣٣٥ ،وابن عدي في الكامل ٥/٩٣في ترجمة صالح بن بشير أبو بشر المري ،والديلمي في فردوس الأخبار بمأثور الخطاب ٣/١١٥(٤٤٣١) وذكره السيوطي في الدر المنثور[التوبة ١٨] ،وابن كثير في تفسيره :[التوبة ١٨] ،والمتقي الهندي في كنز العمال ٧/٥٧٩(٢٠٤٤٣) .

وقال المناوي في فيض القدير ٢/٣٣:وفيه صالح المري أورده الذهبي في الضعفاء والمتروكين. وقال :قال النسائي:وغيره متروك .

قلت :وأخرج البيهقي عن أنس قال:قال رسول الله ﷺ:إِذَا عَاهَةٌ مِّنَ السَّمَاءِ أُنْزِلَتْ صُرِفَتْ عَنْ عُمَّارِ الْمَسَاجِدِ . یعنی رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب آسمان سے آفت نازل کی جاتی ہے تو اس کو مساجد آباد کرنے والوں کے سبب پھیر دیا جاتا ہے۔

==

حدیث(2):

کہ حضور دافع البلاء ﷺ فرماتے ہیں:

لَوْلَا عِبَادٌ لِلّٰهِ رُكَّعٌ وَصِبْيَةٌ رُضَّعٌ وَبَهَائِمُ رُتَّعٌ لَصُبَّ عَلَيْكُمْ

اگر نہ ہوتے اللہ تعالیٰ کے نمازی بندے اور دودھ پیتے بچے اور گھاس چرتے چوپائے تو

الطبراني في الكبير والبيهقي في السنن عن مسافع الديلمي رضي الله تعالى عنه۔

= (شعب الإيمان ۳/ ۳۷۹۔ ۳۸۰ (۳۸۹۲) والخطيب في تالي تلخيص المتشابه ۱/ ۲۲۱ (۱۱۷) وأبو نعيم في أخبار أصبهان ۱/ ۵۰۹ وابن عدي في الكامل ۳/ ۲۲۳ في ترجمة: زافر بن سليمان، وابن عساكر في تاريخه ۱۷/ ۱۱ في ترجمة: خلف بن سعيد، وذكره السيوطي في الدر المنثور ۳/ ۲۳۱ [التوبة: ۱۷] وعزاه إلى البزار وأبو يعلى والطبراني في الأوسط والبيهقي في الشعب.)

قال البيهقي: هذه الأسانيد عن أنس بن مالك في هذا المعنى إذا ضممتهن إلى ما روي في هذا الباب عن غيره أخذت قوة، والله أعلم.

أخرج عبد الرزاق ۲/ ۴۱۷ (۳۷۵۲) و ۳/ ۳۰۷ (۵۰۹۷) بلفظه. والبيهقي في الشعب ۶/ ۵۰۰ (۹۰۵۲) وابن المبارك في الزهد ۷ (۲۲۲)، وابن عساكر في تاريخه ۶/ ۲۱. معمر عن رجل من قريش رفع الحديث قال: يقول الله تبارك وتعالى

إِنِّيْ أُحِبُّ عِبَادِيْ إِلَيَّ الَّذِيْنَ يَتَحَابُّوْنَ فِيَّ، وَالَّذِيْنَ يَعْمُرُوْنَ مَسَاجِدِيْ، وَالَّذِيْنَ يَسْتَغْفِرُوْنَ بِالْأَسْحَارِ، أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ إِذَا أَرَدْتُ بِخَلْقِيْ عَذَابًا ذَكَرْتُهُمْ فَصَرَفْتُ عَذَابِيْ عَنْ خَلْقِيْ.

یعنی معمر ایک قریشی آدمی سے مرفوعاً بیان کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے کہ میرے بندوں میں سے مجھے سب سے زیادہ پسند وہ ہیں جو میرے لیے ایک دوسرے سے محبت کرتے اور میری مسجد کو آباد کرتے اور سحری کے وقت استغفار کرتے ہیں یہی وہ لوگ ہیں کہ جب میں اپنی مخلوق کو عذاب دینے کا ارادہ کرتا ہوں تو ان کا ذکر کرتا اور اپنی مخلوق سے اپنا عذاب پھیر دیتا ہوں۔ = = =

الْعَذَابُ صَبًّا ثُمَّ رُصَّ رَصًّا .(1)   بیشک عذاب تم پر سختی ڈالا جاتا پھر مضبوط محکم کردیا جاتا۔

= = وابن أبي الدنيا في الأولياء ۳۲ (۷۱) عن خالد بن معدان ، نحوه .

(1)(أخرجه الطبراني في المعجم الكبير ۲۲/۳۰۹،وفي الأوسط ۵/۳٦ (۱۵۳۹) ، والبيهقي في السنن الكبرى ۵/۱۵۵(۹۳۸۳)،وفي شعب الإيمان ۲/۲۵٦.۲۵۷ (۹۳۴)، وابن أبي عاصم في الآحاد والمثاني ۲/۲۱۰(۹۱۵)،وابن قانع في معجم الصحابة ۱۰/۳۴۴۷(۱۱۷۳)،وأبو نعيم في معرفة الصحابة ۴/۳۸ و ۵۱۳ ،وفيه : قال أحمد بن عمرو : إسناده حسن .والدولابي في الكنى والأسماء ۱/۷۸، وابن عدي في الكامل في ترجمة عبد الرحمن بن سعد بن عمار ۴/۳۱۵ ومالك بن عبيدة ٦/۳۸۰ ، وذكره الهيثمي في مجمع الزائد ۱۰/۲۸۰ وقال :رواه الطبراني في الكبير والأوسط ، وفيه عبد الرحمن بن سعد بن عمار ، وهو ضعيف .

وقال القاضي أبو بكر الشيباني :إسناده حسن (الآحاد والمثاني ۲/۲۱۰).

اس کے شاہد ہیں اگر یہ سند ضعیف بھی ہے تب بھی یہ روایت اپنے شواہد کے ساتھ حسن کا درجہ پالیتی ہے۔

شاهد نمبر (۱) امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں:

"قال رسول الله ﷺ:مَهْلًا عَنِ اللهِ مَهْلًا ، لَوْلَا شَبَابٌ خُشَّعٌ ، وَشُيُوخٌ رُكَّعٌ ، وَأَطْفَالٌ رُضَّعٌ ، وَبَهَائِمُ رُتَّعٌ لَصُبَّ عَلَيْكُمُ الْعَذَابُ صَبًّا ، ثُمَّ لَرُضَّ رَضًّا . (۱۹/۳٦۷(۸۹۳) والأوسط۵/۲۰۵.۲۰٦(۷۰۸۵)، وأبو يعلى في مسنده ۱۱/۲۸۷(٦۴۰۲)،و ۵۱۱ (۶۴۳۳) والبيهقي في السنن الكبرى ۵/۱۵۵(۹۳۸۲)،والخطيب في تاريخه٦/۶۴ في ترجمة :إبراهيم بن خثيم ،وأبو نعيم في الحلية ٦/۱۰۲،(۷۹۷۷) في ترجمة بحلبر بن كريب،وابن عدي في الكامل ۱/۲۹۵ ، ترجمة إبراهيم بن خثيم ، وابن شاهين في الترغيب (۳۸۳)، وذكره الحافظ في مطالب العالية ۷/۳۰۹(۳۲۱۵)، وأحمد بن أبي بكر البوصيري في إتحاف الخيرة المهرة ۹/۵۰٦(۹۳۵۴). = = =

حدیث (3):

کہ فرماتے ہیں ﷺ:

إِنَّ اللّٰهَ لَيَدْفَعُ بِالْمُسْلِمِ الصَّالِحِ عَنْ مِئَةِ أَهْلِ بَيْتٍ مِنْ جِيْرَانِهِ الْبَلَاءَ .

بیشک اللہ عزوجل نیک مسلمان کے سبب اس کے ہمسائے میں سو گھر والوں سے بلا دفع فرماتا ہے۔ابن عمر رضی اللہ عنہما نے یہ حدیث روایت فرما کر آیہ کریمہ:

﴿وَلَوْ لَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّفَسَدَتِ الْأَرْضُ﴾. تلاوت کی .(1)

رواه عنه الطبراني في الكبير وعبد الله بن أحمد ثم البغوي في المعالم .

= = وقال البيهقي :إبراهيم بن خثيم غير قوي .وله شاهد بإسناد آخر غير قوي .

وقال الهيثمي :رواه البزار والطبراني في الأوسط ...وأبو يعلى أخصر منه ،وفيه إبراهيم بن خثيم ، وهو ضعيف .

شاهد نمبر (۲) امام ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ "معرفۃ الصحابہ" میں روایت کرتے ہیں:

عن أبي الزاهرية أن النبي ﷺ قال :مَا مِنْ يَوْمٍ إِلَّا وَيُنَادِيْ مُنَادٍ :مَهْلًا أَيُّهَا النَّاسُ مَهْلًا فَإِنَّ لِلّٰهِ سطوَاتٍ ، وَلَوْلَا رِجَالٌ خُشَّعٌ ، وَصِبْيَانٌ رُضَّعٌ ،وَدَوَابٌ رُتَّعٌ، لَصُبَّ عَلَيْكُمُ الْعَذَابُ صَبًّا، ثُمَّ رُضِضْتُمْ بِهِ رَضًّا .(أخرجه أبو نعيم في الحلية ۶/۱۰۰،عن أبي الزاهرية. وذكره ابن حجر في تلخيص الحبير ۹۸/۲،في الإستسقاء ،وعزاه إلى معرفة الصحابة)

(1)أخرجه الطبراني في الأوسط ۳۹/۳(۳۰۸۰)،و في الكبير۲۲۸/۱۱ ، والعقيلي في الضعفا ۳ / ۳۰۳ ،وفي نسخة ۱۵۱۳/۴،ترجمة :يحيى بن سعيد العطار الشامي ، وابن عدي في الكامل ۲۷۴/۲،وفي نسخة ۳۸۲/۲،ترجمة حفص بن سليمان والبغوي في المعالم ۳۳۶/۱،وفي نسخة ۳۴۳/۱، لفظ له، سورة البقرة آيت :۲۵۱، والطبري في تفسيره ۷۷۲/۱(۴۳۸۹)،وذكره ابن كثير في تفسيره ۴۸۲/۱، والسيوطي في الدر المنثور ۷۴۶/۱،وابن عادل الحنبلي في تفسيره ۲۹۴/۴. = = =

حدیث﴿4﴾:

فرماتے ہیں ﷺ:

مَنِ اسْتَغْفَرَ لِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعاً وَعِشْرِينَ مَرَّةً كَانَ مِنَ الَّذِينَ يُسْتَجَابُ لَهُمْ وَيُرْزَقُ بِهِمْ أَهْلُ الْأَرْضِ. الطبراني في الكبير عن أبي الدرداء رضي الله تعالى عنه۔(1)

جو ہر روز ستائیس بار سب مسلمان مردوں اور سب مسلمان عورتوں کے لئے استغفار کرے وہ ان لوگوں میں ہو جن کی دعا قبول ہوتی ہے اور ان کی برکت سے تمام اہل زمین کو رزق ملتا ہے۔

== = وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ۸ / ۲۱۳ ،وفي نسخة:۸/۲۱(۱۳۵۲۳)

كتاب البر والصلة:رواه الطبراني في الكبير والأوسط ، وفيه:يحيى بن سعيد العطار، وهو ضعيف. وله شاهد :عن مجاهد ﴿وَلَوْلَا دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَفَسَدَتِ الْأَرْضُ﴾ يَقُولُ :ولولا دفاع الله بالبر عن الفاجر، وببقية أخلاف الناس بعضهم عن بعض لهلك أهلها . تفسير الطبري ۱/۷۷۷(۳۲۸۲) بسندين ،وابن أبي حاتم في تفسيره ۲/۴۸۰(۲۵۳۸) وذكره السيوطي في الدر المنثور ۱/۷۴۶.

عن جابر بن عبد الله :قال قال :رسول الله ﷺ إن الله ليصلح بصلاح الرجل المسلم ولده وولد ولده و أهل دويرته و دويرات حوله ، ولا يزالون في حفظ الله ما دام فيهم. تفسير طبرى ۱/۷۷۷(۳۲۹۰) والسيوطى في الدر المنثور ۱/۷۴۶.

عن ابن عباس في قوله ﴿وَلَوْلَا دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ﴾ قال :يدفع الله بمن يصلي عمن لا يصلي ، وبمن يحج عمن لا يحج ، وبمن يزكي عمن لا يزكي .

أخرجه ابن ابى حاتم في تفسيره ۲/۴۸۰(۲۵۳۷)،وذكره ابن عادل حنبلي في تفسيره ۴/۲۹۳، والشوكاني في تفسيره ۱/۳۴۷)

(1)(ذكره المتقي الهندي في كنز العمال/۱ ۴۷۶ (۲۰۶۸) اللفظ له.

حدیث (5):

فرماتے ہیں ﷺ:

هَلْ تُنْصَرُوْنَ وَتُرْزَقُوْنَ إِلَّا بِضُعَفَائِكُمْ — کیا تمہیں مدد و رزق کسی اور کے سبب ملتا۔ سوا اپنے ضعیفوں کے۔ (1).

البخاري عن سعد بن وقاص رضي الله تعالى عنه .

امام ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ نے مجمع الزوائد ۱۰/۲۱۰ ، دوسرا نسخہ ۱۰/۳۵۲ میں اس کے ایک راوی "عثمان بن أبي عاتكة" کے بارے میں کہا ہے کہ " ضعفه الجمهور "۔

میں کہتا ہوں کہ امام ابن حبان نے اپنی " صحیح " ۲/۱۵۱ (۴۹۹) میں اس سے روایت لی ہے، اسی طرح ابن ماجہ اور ابوداود وغیرہما نے اس سے اپنی اپنی "سنن" میں احادیث لی ہیں اور ابن ماجہ کے "زوائد" ۴/۰۶ میں اس کی ایک روایت کی سند کے بارے میں امام کنانی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ " هذا إسناد حسن وعثمان مختلف فيه "، اور امام حاکم نے "مستدرک" ۴/۵۹۱ (۸۶۴۶) "کتاب الفتن والملاحم" میں اس کی روایت کو بخاری کی شرط پر صحیح کہا ہے اور اس کی "تلخیص" میں امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ " على شرط مسلم "، اور امام مقدسی رحمۃ اللہ علیہ نے الاحادیث المختارۃ ۸/۳۵۲ (۴۳۰) میں اس کی روایت کے بارے میں کہا کہ " إسناده حسن "۔ اس روایت کے باقی راویوں کو امام ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ نے ثقہ کہا ہے۔

(1) أخرجه البخاري في الصحيح ۲/۴۰۵ كتاب الجهاد، باب الجهاد مَن استعان بالضعفاء، وأحمد في مسنده ۱/۱۷۳ (۱۴۹۳) مرويات أبي إسحاق سعد بن أبي وقاص ، عبدالرزاق في المنصف ۵/۳۰۳ ، وفي نسخة ۵/۳۰۳ (۹۷۵۳) كتاب الجهاد ، باب: لمن الغنيمة ، والطبراني في الأوسط ۲/۳۶۷ ، وفي نسخة ۳/۳۱ (۲۴۷۰) ، وفي الصغير ۷۲ ، وفي نسخة ۹۳ (۱۴۳) ، والبزار في مسنده ۳/۳۵۹ (۱۱۵۹) ، والبيهقي في شعب الإيمان ۷/۳۳۷ .[صحيح]. والنسائي في السنن المجتبى ۳۷۴ (۳۱۸۰) في كتاب الجهاد ، باب الاستنصار = = =

حدیث (6):

کہ فرماتے ہیں ﷺ:

إِنَّ اللّٰهَ يَنْصُرُ الْقَوْمَ بِأَضْعَفِهِمْ۔(1) بیشک اللہ تعالیٰ تمام قوم کی مدد فرماتا ہے ان کے ضعیف تر کے سبب۔

الحارث في مسند ه عن ابن عباس رضي الله عنهما .

حدیث (7):

زمانہ اقدس میں دو بھائی تھے۔ایک کسب کرتے دوسرے خدمت والائے ،حضور دافع البلاء ﷺ میں حاضر ہوتے کمانے والے ان سے شاکی ہوئے فرمایا:

= = = بالضعيف . بلفظ :إنما ينصر الله هذه الأمة بضعفها بدعوتهم وصلاتهم واخلاصهم . وفي السنن الكبرى ٣/٣٠(٤٣٨٧)، وتمام في الفوائد٣/ ٧٧.٧٨ في الجهاد . [صحيح] .

وابي نعيم في حلية الأولياء ٨/٢٩٠، بلفظ :هل تنصرون إلا بضعفائكم بدعوتهم واخلاصهم .

وفي الباب عن أبي الدرداء أخرجه ابن حبان في الصحيح ١١/٨٥ (٤٧٦٧) كتاب السير , بلفظ :فإنما ترزقون و تنصرون بضعفائكم . والنسائي في سنن المجتبى ٣٦٤ (٣١٨١) في الجهاد ، وأبي داود في السنن ،والترمذي في الجامع ، وأحمد في مسنده ٥/١٩٨،والحاكم في المستدرك ٢/١٦،و٢/١٥٧،والبيهقي في الكبرى ٣/٣٤٥ (٦١٨٢) ،و٦/٣٣١(١٢٦٨٤) ،والطبراني في مسند الشاميين ١/٣٣٥ (٥٩٠)،و ابن عساكر في تاريخ مدينة دمشق ١٩/٢٥٣،و٥٥/٢٤٣) .[صحيح] .

(1)أخرجه الحارث في مسنده كما في بغية الباحث ٢/٦٨٣(٦٦٤)،وذكره المناوي في فيض القدير ١/٣٦١(٥١٠) . وقال :بإسناد ضعيف لكن له شواهد .

لَعَلَّكَ تُرْزَقُ بِهٖ. (1) کیا عجب کہ تجھے اس کی برکت سے رزق ملے۔

الترمذي وصححه الحاكم عن أنس رضي الله عنه.

متعدد حدیثیں کہ اولیاء کے باعث بارش برستی ہے

حدیث (8):

فرماتے ہیں ﷺ:

اَلْاَبْدَالُ فِي أُمَّتِي ثَلٰثُوْنَ بِهِمْ تَقُوْمُ الْاَرْضُ وَبِهِمْ تُمْطَرُوْنَ وَبِهِمْ تُنْصَرُوْنَ

ابدال میری امت میں تیس ہیں انہی سے زمین قائم ہے انہی کے سبب تم پر بارش اترتی ہے انہی کے باعث تمہیں مدد ملتی ہے۔

---

(1) أخرجه الترمذي في الجامع ٢/٥٨، وفي نسخة ٦٧٥ (٢٣٥٠) كتاب الزهد، باب ما جاء في اللهاده في الدنيا، والحاكم في المستدرك ١/٩٣ كتاب العلم، والروياني في مسنده ٢/٣٨٧ (١٣٧٣) ، والبيهقي في المدخل إلى السنن الكبرى ٣٣٥ (٥٣٥) وابن عدي في الكامل ٢/٢٦٣، وفي نسخة ٢/٦٨٠ في ترجمة: حماد بن سلمة، و إبراهيم بن محمد في البيان والتعريف ٢/١٥٩، وفي نسخة ٥١٧(١٣٦٥). [صحيح].

وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح...

وقال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط مسلم.

وقال الذهبي في التلخيص: على شرط مسلم.

وقال إبراهيم بن محمد: أخرجه الحاكم وابن خزيمة عن أنس. قال في الرياض: بأسانيد صحيحة وفي الجامع الكبير: حسن صحيح غريب.

وقال الألباني في هداية الرواة إلى تخريج أحاديث المصابيح والمشكاة ٥/٥٨ (٥٢٣٨): إسناده جيد.

الطبراني في الكبير عن عبادة رضي الله عنه، بسند صحيح. (1)

حدیث ﴿۹﴾:

فرماتے ہیں ﷺ ابدال شام میں ہیں اور وہ چالیس ہیں جب ایک مرتا ہے اللہ تعالی اس کے بدلے دوسرا قائم کرتا ہے:

يُسْقَى بِهِمُ الْغَيْثُ وَيُنْتَصَرُ بِهِمْ عَلَى الْأَعْدَاءِ وَيُصْرَفُ عَنْ أَهْلِ الشَّامِ بِهِمُ الْعَذَابُ.(2)

اُنھی کے سبب بارش دی جاتی ہے اُنھی سے دشمنوں پر مدد ملتی ہے اُنھی کے باعث شام والوں سے عذاب پھیرا جاتا ہے۔

مسند أحمد عن علي كرم الله وجهه، بسند حسن.

---

(1) كذا في كنز العمال ١٢/ ١٣٩ و١٣٩ (٣٤٥٩٣، ٣٤٦٠٣)، اللفظ له.

وذكره ابن كثير في تفسيره ١/ ٣٠٤، سورة البقرة ٢٥١، وعزاه إلى ابن مردويه، و السيوطي في الدر المنثور ١/ ٧٦٥ وعزاه إلى الطبراني في الكبير. والهيثمي في مجمع الزوائد ١٠/ ٦٣ وفي نسخة ١٠/ ٧٥ (١٦٦٧٣)، وعزاه إلى الطبراني.

وقال رواه الطبراني من طريق عمرو والبزار عن عنبسة الخواص وكلاهما لم أعرفه وبقية رجاله رجال الصحيح.

وقال المناوي في فيض القدير ٣/ ١٧٠ (٣٠٣٣) سنده صحيح.

وقال في التيسير ١/ ٤٥٢ وإسناد صحيح.

وقال شمس الحق العظيم آبادي (غير مقلد) في عون المعبود ١١/ ٢٥٣ رواه الطبراني في الكبير أورده السيوطي في الكتاب المذكور (يعني الجامع الصغير) وقال العزيزي والمناوي بإسناد صحيح.

(2) أخرجه أحمد في مسنده ١/ ١١٢ (٨٩٦) وفي فضائل الصحابة ٢/ ٩٠٦ (١٧٢٧)

وابن عساكر في تاريخ مدينة دمشق ١/ ٢٨٩ والمقدسي في الأحاديث المختارة = = =

☆ دوسری روایت میں یوں ہے:

يُصْـرَفُ عَنْ أَهْلِ الْأَرْضِ الْبَلَاءُ وَالْغَرَقُ .(1)
انہی کے سبب اہل زمین سے بلا اور غرق دفع کیا جاتا ہے۔

ابن عسـاكر عنه رضي الله تعالى عنه .

حديث (10) :

فرماتے ہیں ﷺ کہ ابدال شام میں ہیں:

بِهِمْ يُنْصَرُوْنَ وَبِهِمْ يُرْزَقُوْنَ(2)
وہ انہی کی برکت سے مدد پاتے ہیں انہی کے وسیلے سے رزق۔

الطبراني في الكبير عن عوف بن مالك وفي الأوسط عن علي المرتضى رضي الله عنهما، كلاهما : بسند حسن .

= = ٢/١٠(٣٨٤٣) ،والحكيم الترمذي في النوادر الأصول ٣/٣ ،وذكره السيوطي في الدر المنثور ١/٧٦٥ ،وعزاه إلى أحمد والحكيم الترمذي وابن عساكر .

قال الهيثمي في مجمع الزوائد ١٠/٦٣:رواه أحمد و رجاله رجال الصحيح غير شريح بن عبيد وهو ثقة وقد سمع من المقداد وهو أقدم من علي .

وقال المدارسي في ذيل القول المسدد ٨٣رجاله رجال الصحيح غير شريح وهو ثقة .

وقال العجلوني في كشف الخفاء ١/٢٣:ورجاله من رواة الصحيح إلا شريحا لكنه ثقة .

وقال شمس الحق العظيم آبادي (غير مقلد) في عون المعبود ٨/١٥٣وقال المناوي : إسناده حسن . وقال١١/٢٥٣ :وقال العزيزي والمناوي بإسناد حسن .

(1)أخرجه ابن عساكر في تاريخ مدينة دمشق ١/٢٨٩)

(2)أخرجه الطبراني في معجم الكبير ١٨/٦٥(١٢٠) ،وابن عساكر في التاريخ = = =

حدیث ﴿11﴾:

فرماتے ہیں ﷺ:

لَنْ تَخْلُوا الْأَرْضُ مِنْ أَرْبَعِيْنَ رَجُلًا مِثْلَ إِبْرَاهِيْمُ خَلِيْلِ الرَّحْمٰنِ فَبِهِمْ يُسْقَوْنَ وَبِهِمْ يُنْصَرُوْنَ. (1)	زمین ہرگز خالی نہ ہوگی چالیس اولیاء سے کہ ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلاۃ والسلام کے پرتو پر ہونگے انہی کے سبب تمہیں بارش ملے گی اور انہی کے سبب مدد پاؤ گے۔

الطبراني في الأوسط عن أنس رضي الله عنه ، بسند حسن .

= = مدينة دمشق ١/٢٩٠. كلاهما عن عوف بن مالك .

قال شمس الحق العظيم آبادي في عون المعبود ٨/١٥٢وقال المناوي إسناده حسن .

وقال ٨/٢٥٣:أخرجه الطبراني في الكبير أورده السيوطي في الكتاب المذكور (يعني الجامع الصغير) وقال العزيزي والمناوي:إسناده حسن .

وقال العجلوني في كشف الخفاء ١/٢٣ومنها ما رواه الطبراني في الأوسط عن علي بن أبي طالب بسند، فيه عمرو بن واقد ضعفه الجمهور، وبقية رجاله رجال الصحيح، بلفظ:لا تسبوا أهل الشام فإن فيهم الأبدال وفي رواية زيادة فبهم تنصرون وبهم ترزقون .

(1)أخرجه الطبراني في الأوسط ٥/٦٥(٤١٠٣) وفي نسخة ٤/٢٤٧،وأبو نعيم في حلية الأولياء ١/٩.قال الهيثمي في مجمع الزوائد ١٠/٦٣وفي نسخة ١٠/٤٦:رواه الطبراني في الأوسط وإسناده حسن .

وقال السيوطي في الدر المنثور ١/٧٦٥أخرج الطبراني في الأوسط بسند حسن .

وقال المناوي في فيض القدير ٥/٣٠٠قال الهيثمي : إسناده حسن .

حدیث ﴿12﴾:

کہ فرماتے ہیں ﷺ:

لَنْ تَخْلُوا الْاَرْضُ مِنْ ثَلٰثِیْنَ مِثْلَ اِبْرَاهِیْمَ خَلِیْلِ الرَّحْمٰنِ بِهِمْ تُغَاثُوْنَ وَبِهِمْ تُرْزَقُوْنَ وَبِهِمْ تُمْطَرُوْنَ.(1)

ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلاۃ والثناء سے خوبو میں مشابہت رکھنے والے تیس شخص زمین پر ضرور رہیں گے انہی کی بدولت تمہاری فریادرسی جائے گی اور انہی کی برکت سے بارش دیئے جاؤ گے

ابن حبا ن في تاريخه عن ابي هريرة رضي الله تعالى عنه.

حدیث ﴿13﴾:

کہ فرماتے ہیں ﷺ:

لَا یَزَالُ اَرْبَعُوْنَ رَجُلًا مِّنْ اُمَّتِیْ قُلُوْبُهُمْ عَلٰی قَلْبِ اِبْرَاهِیْمَ یَدْفَعُ اللّٰهُ بِهِمْ عَنْ اَهْلِ الْاَرْضِ یُقَالُ لَهُمُ الْاَبْدَالُ.(2)

میری امت میں چالیس مرد ہمیشہ رہیں گے کہ ان کے دل ابراہیم علیہ الصلوۃ والسلام کے دل پر ہونگے اللہ تعالیٰ ان کے سبب زمین والوں سے بلا دفع کرے گا، ان کا لقب ابدال ہوگا۔

ابو نعيم فی حلية الأولياء عن عبد الله بن مسعود رضي الله تعالى عنه .

---

(1)أخرجه ابن حبان في المجروحين ٢/٦(٦٠٥) ، وذكره المتقي في كنز العمال ٢/ ٣٤٢ (٣٤٦٠٢) لفظ له.وعزاه إلى ابن حبان في تاريخه،والسيوطي في الدر المنثور ١/٧٦٦ .

[فيه عبد الرحمن بن مرزوق وهو مختلف فيه .]

(2)اخرجه أبي نعيم الأصبهاني في حلية الأولياء ٣ / ١٧٣، و في معرفة الصحابة ٣/٢٣٧(٣٥٢٣) والطبراني في الكبير ١٠/١٨١ (١٠٣٩٠) = = =

اولیاء کے سبب زمین کی نگہبانی

حدیث ﴿14﴾:

کہ فرماتے ہیں ﷺ:

لَا یَزَالُ أَرْبَعُوْنَ رَجُلًا یَحْفَظُ اللّٰہُ بِهِمُ الْأَرْضَ كُلَّمَا مَاتَ رَجُلٌ أَبْدَلَ اللّٰہُ مَكَانَهُ آخَرَ وَهُمْ فِي الْأَرْضِ كُلِّهَا.(1)	چالیس مرد قیامت تک ہوا کریں گے جن سے اللہ تعالیٰ زمین کی حفاظت (کا کام) لے گا جب ان میں ایک انتقال کرے گا اللہ عزوجل اس کے بدلے دوسرا قائم فرمائے گا اور وہ ساری زمین میں ہیں۔

الخلال عن ابن عمر رضي الله تعالى عنهما.

= = وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ۱۰/۴۶: رواه الطبراني من رواية ثابت بن عياش الأحدب عن أبي رجاء الكلبي وكلاهما لم أعرفه، وبقية رجاله رجال الصحيح .

میں کہتا ہوں: حافظ ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں ۳/۶۳۶ سورۃ الأحزاب آیت: ۳۳ کے تحت کہا کہ:

ابو رجاء الكلبي، روح بن المسيب: ثقة . اور اسحاق بن ابراہیم یعنی ابن ابو اسرائیل نے کہا کہ ثقہ ہے یحییٰ بن معین نے کہا کہ "صويلح" ابوحاتم نے کہا کہ "صالح ليس بالقوي".

أنظر: (تاريخ أسماء الثقات لابن شاهين ۸۷(۳۶۴)، الجرح والتعديل ۳/۴۹۱).

(1) أخرجه ابن حبان في المجروحين ۲/۲۹۵ في ترجمة محمد بن عبد الرحمن البيلماني، ذكره الذهبي في ميزان الإعتدال ۶/۲۲۵ في ترجمته، والسيوطي في الدر المنثور ۱/۷۶۵. وقال أخرج الخلال بسند ضعيف . والمتقي الهندي في كنز العمال ۱۲/۷۴۴(۳۴۶۱۴)- [قال البخاري وأبي حاتم ابن البيلماني منكر الحديث.].

اس بارے میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی "حسن" حدیث نمبر گیارہ (۱۱) کے تحت گزر چکی۔ = = =

……………………………………………………………………………………

= = جب کہ اس بارے میں حضرت قتادہ سے موقوف روایت بھی موجود ہے جس کو ابن عساکر نے روایت کیا ہے اور اس کے الفاظ مندرجہ ذیل ہیں: "لن تخلوا الأرض من أربعين بهم يغاث الناس وبهم تنصرون وبهم ترزقون كلما مات منهم احد أبدل مكانه رجلا. قال قتادة: والله إني لأرجو أن يكون الحسن منهم. (أخرجه ابن عساكر في تاريخه ١/ ٢٩٨).

جبکہ طبرانی اوسط میں اسی سند کے ساتھ حضرت قتادہ کے الفاظ یہ ہیں کہ:

"لسنا نشك أن الحسن منهم". یعنی ہمیں اس میں شک نہیں کہ حسن انہی میں سے ہیں۔

اس کے کئی شاہد ہیں جن میں سے ایک وہ جس کو امام عبدالرزاق نے اپنے مصنف میں حضرت علی المرتضی رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کیا ہے کہ:

"...لم يزل على وجه الأرض في الدهر سبعة مسلمون فصاعدا فلولا ذلك هلكت الأرض ومن عليها."

(أخرجه عبد الرزاق في المصنف ٥/ ٩٦-٩٧ (٩٠٩٩) وذكره السيوطي في الدر المنثور ١/ ٧٦٦ وعزاه إليه)

اور اسی طرح وہ جو بسند صحیح حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے روایت ہے کہ:

"ما خلت الأرض من بعد نوح من سبعة يدفع الله بهم عن أهل الأرض."

(ذكره السيوطي في الدر المنثور ١/ ٧٦٥ وقال: وأخرج أحمد في الزهد والخلال في كرامات الأولياء بسند صحيح)

اور اسی طرح حضرت کعب سے مروی ہے کہ:

"قال لم يزل بعد نوح في الأرض أربعة عشر يدفع الله بهم العذاب.

(أخرجه ابن أبي الدنيا في الأولياء ٢٨ (٦١)، وذكره السيوطي في الدر المنثور ١/ ٧٦٦ وعزاه إلى أحمد في الزهد) اسی طرح کئی تابعین سے بھی روایات مروی ہیں۔ واللہ تعالی أعلم۔

مزید تفصیل کے لئے فقیر کا رسالہ "حقیقت ابدال" زیر طبع، ملاحظہ فرمائیں۔ [ارشد مسعود عفی عنہ]

حدیث ﴿15﴾ :

کہ فرماتے ہیں ﷺ:

"بیشک اللہ تعالیٰ کے لئے خلق میں تین سو اولیاء ہیں کہ ان کے دل قلب آدم پر ہیں اور چالیس کے دل قلب موسیٰ اور سات کے قلب ابراہیم اور پانچ کے دل قلب جبرئیل اور تین کے قلب مکائیل اور ایک کا قلب اسرافیل پر ہے علیہم الصلاۃ والتسلیم جب وہ ایک مرتا ہے تین میں سے کوئی اس کا قائم مقام ہوتا ہے اور جب ان میں سے کوئی انتقال کرتا ہے تو پانچ میں سے اس کا بدل کیا جاتا ہے اور پانچ والے کا عوض سات اور سات کا چالیس اور چالیس کا تین سو سے اور تین سو کا عام مسلمین سے

بِهِمْ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَيُمْطِرُ وَيُنْبِتُ وَيَدْفَعُ الْبَلَاءُ .(1)

انہی تین سو چھپن اولیاء کے ذریعہ سے خلق کی حیات وموت، بارش کا برسنا، نباتات کا اُگنا، بلاؤں کا دفع ہونا ہوا کرتا ہے۔

ابو نعيم في حلية الأولياء وابن عساكر عن ابن مسعود رضي الله تعالى عنه.

حدیث ﴿16﴾:

کہ فرماتے ہیں ﷺ:

قَرَاءَ الْقُرْآنَ ثَلٰثَةٌ (فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ إِلٰى أَنْ قَالَ) وَرَجُلٌ قَرَأَ الْقُرْآنَ فَوَضَعَ دَوَاءَ الْقُرْآنِ عَلٰى دَاءِ قَلْبِهٖ فَأَسْهَرَ بِهٖ

تین قسم کے آدمیوں نے قرآن پڑھا (دو قسمیں دنیا طلب وقاری بے عمل بیان کرکے فرمایا) ایک وہ شخص جس نے قرآن عظیم

---

(1) أخرجه أبي نعيم في حلية الأولياء ١/ ٩ وابن عساكر في تاريخ مدينة دمشق ١/ ٣٠٣، وذكره الحافظ في قول المسدد ٨٣، [فيه مجاهيل] .

تِلَاوَتَهُ وَأَظْمَأَ بِهِ نَهَارَهُ وَقَامُوا فِي مَسَاجِدِهِمْ وَحَفُّوا [وَحَنُّوا] بِهِ تَحْتَ بَرَانِسِهِمْ فَهَؤُلَاءِ [فَبِهَؤُلَاءِ] يَدْفَعُ اللّٰهُ بِهِمُ الْبَلَاءَ وَيُزِيلُ مِنَ الْأَعْدَاءِ وَيُنَزِّلُ غَيْثَ السَّمَاءِ فَوَاللّٰهِ لَهَؤُلَاءِ مِنَ الْقُرَّاءِ أَعَزُّ مِنَ الْكِبْرِيتِ الْأَحْمَرِ.

پڑھا اور اس کی دوا کو اپنے دل کی بیماری کا علاج بنایا تو اس سے اپنی رات جاگ کر اور اپنا دن پیاس یعنی روزے میں کاٹا اور اپنی مسجدوں میں قرآن کے ساتھ نماز میں قیام کیا اور اپنی زاہدانہ ٹوپیاں پہنے نرم آواز سے اس کے پڑھنے میں روئے تو یہ لوگ وہ ہیں جن کے طفیل میں اللہ تعالیٰ بلا کو دفع فرماتا اور دشمنوں سے مال دولت وغنیمت دلاتا اور آسمان سے بارش برساتا ہے خدا کی قسم قاریان قرآن میں ایسے لوگ گوگرد سرخ سے بھی کمیاب تر ہیں۔

ابن حبان في الضعفاء ،وأبو نصر السجزي في الإبانة، والديلمي عن بريدة رضي الله تعالى عنه، ورواه البيهقي في الشعب عن الحسن البصري رضي الله تعالى عنه من قوله.(1)

---

(1)(أخرجه ابن حبان في المجروحين ١/٣٨. ٣٩(٧٩) ، وابن الجوزي في علل المتناهية ١/٨٧عن بريدة ،وذكره الحافظ في لسان الميزان ١/٣٢٦في ترجمة: أحمد بن ميثم ،والذهبي في ميزان الإعتدال ١/٣٠٦في ترجمته ،والمتقي الهندي في كنز العمال/ ٢٣، ٢٤ (٢٨٨٢) لفظ له.وعزاه إلى ابن حبان في الضعفاء وأبو نصر السجزي في الابانة والديلمي عن بريدة والبيهقي في الشعب عن الحسن .وفيه وقال السجزي غريب لم يروه غير أحمد بن ميثم ،وفيه مقال.
والبيهقي في شعب الإيمان ٢ /٥٤١. ٥٤٢(٢٦٩٥) وابن ابي الدنيا في الهم و ===

= = الحزن ٩٣(١٥٢) وأبو عبد اللّٰه محمد بن نصر المروزي في قيام الليل ٢٦،
وذكره الفاقي في كتاب لمحات الأنوار ١/ ٣٧٨، ٣٧٩، ٣٨٠ (٣٧٩).

☆اس بارے میں اور بھی کئی روایات ہیں جن میں سے ایک وہ جس کو امام عبدالرزاق نے اپنے "مصنف" میں ابن المبارک نے "الجهاد" میں ابن ابی الدنیا نے "الأولياء" اور ابوداود نے "المراسيل" میں حضرت ابو قلابہ سے روایت کیا کہ:

"لا يزال في أمتي سبعة لا يدعون بشيء إلا استجيب لهم بهم تنصرون و بهم تمطرون و حسبت إنه قال وبه يدفع عنكم".

(أخرجه عبد الرزاق في المصنف ١١/ ٢٥٠ (٢٠٣٥٧) وابن المبارك في الجهاد ١٥٣(١٩٥)، وابن أبي الدنيا في الأولياء ٣٠ (٦٩) وأبو داود في المراسيل ٢٣٦ (٣٠٩).

امام ابن ابی حاتم لکھتے ہیں کہ مسلمہ بن عبدالملک نے کہا کہ:

"إن في كندة لثلاثة نفر ان الله عزوجل لينزل بهم الغيث و ينصر بهم على الأعداء رجاء بن حيوة وعبادة بن نسي وعدي بن عدي .

(الجرح والتعديل ٨/ ٢٣٠ في ترجمة مغيرة بن أبي مغيرة الرملي، وابن عساكر في تاريخ مدينة دمشق ١٨/ ١٠٣ في ترجمة رجاء بن حيوة، و٢٦/ ٢١٥ في ترجمة: عبادة بن نسي، و٤٠/ ١٣٣ في ترجمة عدي بن عدي، و٤٠/ ٨٦ في ترجمة: المغيرة أبو هارون الرملي، وذكره الحافظ في تهذيب التهذيب ٥/ ٩٩ في ترجمة: عبادة بن نسي الكندي، و٧/ ١٥٢ في ترجمة: عدي بن عدي، وفي الأصابة ٥/ ٢٦٩ في ترجمة: عدي بن عدي، والمزي في تهذيب الكمال ٩/ ١٥٣ في ترجمة رجاء بن حيوة، و١٣/ ١٩٧ في ترجمة عبادة بن نسي، و١٩/ ٥٣٥ في ترجمة عدي بن عدي، والنووي في تهذيب الأسماء ١/ ٣٠٣ في ترجمة: عدي بن عدي. [وسنده صحيح].

متعدد حدیثیں کہ صحابہ کرام و اهل بیت[رضی اللہ عنہم] پناہ امت ہیں

حدیث (17):

فرماتے ہیں ﷺ:

النُّجُومُ أَمَنَةٌ لِلسَّمَاءِ فَإِذَا ذَهَبَتِ النُّجُومُ أَتَى السَّمَاءَ مَا تُوعَدُ وَأَنَا أَمَنَةٌ لِأَصْحَابِي فَإِذَا ذَهَبْتُ أَتَى أَصْحَابِي مَا يُوعَدُونَ وَأَصْحَابِي أَمَنَةٌ لِأُمَّتِي فَإِذَا ذَهَبَ أَصْحَابِي أَتَى أُمَّتِي مَا يُوعَدُونَ.(1)

ستارے امان ہیں آسمان کے لئے جب ستارے جاتے رہیں گے آسمان پروہ آئے گا جس کا اس سے وعدہ یعنی شق ہونا فنا ہوجانا اور میں امان ہوں اپنے اصحاب کے لئے جب میں تشریف لے جاؤنگا میرے اصحاب پروہ آئے گا جس کا ان سے وعدہ ہے یعنی مشاجرات اور میرے اصحاب امان ہیں میری امت کے لئے جب میرے صحابہ نہ رہیں گے میری امت پروہ آئے گا جس کا ان سے وعدہ ہے۔

یعنی ظہور کذب ومذاہب فاسدہ وتسلط کفار ۔ [صدق رسول اللہ ﷺ]

أحمد ومسلم عن أبی موسی الأشعري رضي اللہ عنہ.

---

(1)(أخرجه أحمد في مسنده ۴/۳۹۸،۳۹۹ ومسلم في الصحيح، كتاب الفضائل ۲/۳۰۸ (۲۵۳۱) وابن حبان في الصحيح ۱۶/۲۳۴،۲۳۵(۷۲۴۹) وعبد بن حميد ۲۰(۵۴۹)، والخلال في السنة ۲/۴۸۳(۷۷۲) والبيهقي في الإعتقاد ۳۱۹ والبغوي في شرح السنة ۱۴/۷۱،۷۲ (۳۸۶۶) والبزار في مسنده ۸/۱۰۴(۳۱۰۲) و

= = =

حدیث (18.19):

فرماتے ہیں ﷺ:

اَلنُّجُوْمُ اَمَانٌ لِاَهْلِ السَّمَاءِ وَاَهْلُ بَيْتِيْ اَمَانٌ لِاُمَّتِيْ .(1)	ستارے آسمان والوں کے لئے امان ہیں اور میرے اہل بیت میری امت کے پناہ۔

= = أبي نعيم في المعرفة الصحابة ٣٢/١ (٣٠) وابن حجر في الأمالي المطلقة ٥٨ .

وفي الباب عن ابن عباس . (أخرجه الطبراني في الكبير ٥٣/١١ وفي مسند الشاميين ٣/١٢(١٨٩٥). وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ٢/٥٨: رواه الطبراني في الكبير ورجاله موثقون . وأخرجه الطبراني في الأوسط ٧/٦ (٢٨٨٧) . ورواه ابن المبارك في الزهد ٣٠٠ (٥٢٢) عن علي بن أبي طلحة مرسلا .

وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ١٠/١٧: رواه الطبراني في الأوسط وإسناده جيد إلا أن علي بن طلحة لم يسمع من ابن عباس .

وعن أبي بردة عن أبيه : (أخرجه أبي يعلى في مسنده ٢٠٨/١٣ وابن أبي شيبة في المصنف ٣٠٣/٦ (٣٢٣٠١) وقال حسين سليم : إسناده صحيح .

وعن محمد بن المنكدر عن جابر بن عبد الله:

أخرجه الحاكم في المستدرك ٢/٤٨٦ (٣٦٧٦) . وقال صحيح الإسناد ولم يخرجاه .

وعن محمد بن المنكدر عن أبيه:

(أخرجه الحاكم في المستدرك ٣/٥١٧ (٥٩٢١) والطبراني في الكبير ٢٠/٣٦٠، وفي الأوسط ٧/٢٦٨، وفي الصغير ٢/٢٣ (٩١٧) والخطيب في تاريخه ٣/١٧، ٦٨ وعبد الباقي بن قانع في معجم الصحابة ٣/٣٠ . وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ٢/٥٧: رواه الطبراني في الثلاثة ورجاله ثقات .

(1) أخرجه الطبراني في الكبير ٧/٢٢ (٦٢٦٠) وابن عساكر في تاريخ مدينة = = =

اقول: اگر اہل بیت کرام میں تعمیم ہو جیسا کہ ظاہر حدیث ہے تو غالباً یہاں ہلاک مطلق وارتفاع قرآن عظیم وہدم کعبہ معظمہ وویرانی مدینہ طیبہ سے پناہ مراد ہو کہ جب تک اہل بیت اطہار رہیں گے یہ جانگزا بلائیں پیش نہ آئیں گی۔

واللہ ورسولہ أعلم ﷺ اور بر تقدیر خصوص ظہور طوائف ضالہ مراد ہو۔

کما فی روایۃ أبو یعلی فی مسندہ عن سلمۃ بن الأکوع رضي اللہ تعالی عنہ بسند حسن(1) والحاکم في المستدرک وصحح وتعقب عن ابن عباس رضي اللہ تعالی عنہما، ولفظہ: اَلنُّجُوْمُ أَمَانٌ لِأَهْلِ الْأَرْضِ مِنَ الْغَرَقِ وَأَهْلُ بَيْتِي أَمَانٌ لِأُمَّتِي مِنَ الْاِخْتِلَافِ الْحَدِيْثِ.(2)

= = دمشق ۳۰/۴۰۴ وابن حبان في المجروحين ۲/۲۳۶ والروياني في مسنده ۲/۲۵۳(۱۱۰۴) والخطيب في موضح الجمع والتفريق ۲/۴۶۳. كلهم عن إياس بن سلمة عن أبيه. والحكيم الترمذي في نوادر الأصول ۳/۶۱ عن سلمة بن الأكوع.

(1) ذكره المتقي الهندي في كنز العمال ۲/۱۰۱.۱۰۲(۳۴۱۸۸) وعزاه إلى ابن أبي شيبة ومسدد والحكيم وأبو يعلى، والطبراني وابن عساكر.

(2) (أخرجه الحاكم في المستدرك ۳/۱۶۲(۴۷۱۵). وقال العجلوني في كشف الخفاء ۲/(۲۰۲۸): قال: قال النجم قلت رواه أبو يعلى عن سلمة بن الأكوع [رضي اللہ تعالی عنہ]... امام ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس کو طبرانی نے روایت کیا ہے اور اس میں موسیٰ بن عبیدہ الربذی ہے اور وہ متروک ہے۔ مجمع الزوائد ۹/۲۷۷ (۱۵۰۱۵) ،وفي نسخة: ۹/۱۷۴۔

علامہ مناوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے ابو یعلی کے حوالہ سے الجامع الصغیر میں ذکر کیا اور اس کے لئے "حسن" کی رمز لکھی ہے آگے فرماتے ہیں کہ اور اسی طرح اس کو انہی سے طبرانی، مسدد اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے ضعیف سندوں کے ساتھ "لکن تعدد طرقه ربما یصیره حسنا".

فیض القدیر ۶/۲۹۷۔

= = =

حدیث ﴿20﴾:

فرماتے ہیں ﷺ:

أَهْلُ بَيْتِي أَمَانٌ لِأُمَّتِي فَإِذَا ذَهَبَ أَهْلُ بَيْتِي أَتَاهُمْ مَا يُوعَدُونَ۔

میرے اہل بیت میری امت کے لئے امان ہیں جب اہل بیت نہ رہیں گے امت پر وہ آئے گا جس کا ان سے وعدہ ہے۔

الحاكم وتعقب عن جابر بن عبد الله رضي الله تعالى عنهما .(1)

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پناہ عالم ہیں

حدیث ﴿21﴾:

عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے کہ انہوں نے فرمایا:

كَانَ مِنْ دَلَالَةِ حَمْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله تعالى عليه وسلم اَنَّ كُلَّ دَابَّةٍ كَانَتْ لِقُرَيْشٍ نَطَقَتْ تِلْكَ اللَّيْلَةَ وَقَالَتْ حُمِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله تعالى عليه وسلم وَرَبِّ الْكَعْبَةِ وَهُوَ أَمَانُ الدُّنْيَا وَسِرَاجُ أَهْلِهَا.(2)

نبی ﷺ کے حمل مبارک کی نشانیوں سے تھا کہ قریش کے جتنے چوپائے تھے سب نے اس رات کلام کیا اور کہا کہ رب کعبہ کی قسم! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حمل میں تشریف فرما ہوئے وہ تمام دنیا کی پناہ اور اہلِ اسلام کے سورج ہیں۔

= = وفي الباب :عن علي رضي الله عنه . (اخرجه احمد في فضائل الصحابة ٢/٦٧١(١١٣٥)، والديلمي في فردوس الأخبار ٣/٣١١(٢٩١٣) .

(1)(اخرجه الحاكم في المستدرك ٢/٣٨٦(٣٦٧٦).

(2)ذكره ابن كثير في " البداية والنهاية ٥/٤٧٣باب:في معجزات الرسول ﷺ = = =

سترہ حدیثیں کہ اللہ کے نیک بندوں سے حاجتیں مانگو

حدیث(22.23):

فرماتے ہیں ﷺ:

أُطْلُبُوا الْحَوَائِجَ إِلَى ذَوِي الرَّحْمَةِ مِنْ أُمَّتِيْ تُرْزَقُوْا وَتُنْجِحُوا. وَفِيْ لَفْظٍ: أُطْلُبُوا الْفَضْلَ عِنْدَ الرُّحَمَاءِ مِنْ أُمَّتِيْ تَعِيْشُوْا فِيْ أَكْنَافِهِمْ فَإِنَّ فِيْهِمْ رَحْمَتِيْ. وَفِيْ لَفْظٍ أُطْلُبُوا الْفُضُوْلَ مِنَ الرُّحَمَاءِ. وَفِيْ رِوَايَةٍ أُخْرٰى: أُطْلُبُوا الْمَعْرُوْفَ مِنْ رُحَمَاءِ أُمَّتِيْ تَعِيْشُوْا فِيْ أَكْنَافِهِمْ.

میرے رحم دل امتیوں سے حاجتیں مانگو ان سے فضل طلب کرو ان سے بھلائی چاہو رزق پاؤ گے مرادوں کو پہنچو گے ان کے دامن میں آرام سے رہو گے ان کی پناہ میں چین کرو گے کہ ان میں میری رحمت ہے۔

العقيلي والطبراني في الأوسط بالفظ الأول،(1)وابن حبا ن والخرائطي

= = وأنها مماثلة لمعجزات الأنبياء أو أعلى ،والحلبي في سيرة الحلبية ١/٧٦ ، و والسيوطي في خصائص الكبرىٰ ١/٤٧،باب ما ظهر في ليلة مولده ﷺ من المعجزات والخصائص وعزاه كلاهم إلى أبي نعيم)۔

(1)أخرجه ابن عساكر في تاريخه ٥/٤٣ في ترجمة :علي بن طاهر بن محمد أبو الحسن القرشي لفظ له .

ما وجدت في المطبوع " الضعفاء الكبير " للعقيلي والطبراني في الأوسط، لكن وجدت في جامع الصغير للسيوطي ١/٢٤١(١١٠٦)، وفي كنز العمال للمتقي الهندي ٦/٥١٨ (١٦٨٠٩)وعزاهما إلى العقيلي في " الضعفاء الكبير ،والطبراني في الأوسط . = = =

والقضاعي وأبو الحسن الموصلي والحاكم في التاريخ با لثاني ،(2)والعقيلي بالثالث كلهم عن سعيد الخدري (3)

= = أخرج العقيلي في الضعفاء الكبير ٣/١٩،في ترجمة عبد العزيز بن يحيى المديني بلفظ: " أُطْلُبُوا الْخَيْرَ عِنْدَ ذَوِي الرَّحْمَةِ مِنْ عِبَادِيْ فَإِنَّ فِيْهِمْ رَحْمَتِيْ فَتَعِيْشُوْا فِيْ أَكْنَافِهِمْ وَلَا تَطْلُبُوْهَا مِنَ الْقَسْوَةِ فَإِنَّ فِيْهِمْ سَخَطِيْ ".

والطبراني في الأوسط ٥ /٣٦١ (٣٨٤) وفي نسخة ٥/٨٦(٣٨٤٨) ، بلفظ :

" أُطْلُبُوا الْفَضْلَ إِلَى الرُّحَمَاءِ مِنْ أُمَّتِيْ تَعِيْشُوْا فِيْ أَكْنَافِهِمْ وَلَا تَطْلُبُوْهَا مِنَ الْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ فَإِنَّهُمْ يَنْتَظِرُوْنَ سَخَطِيْ ". كلاهما من طريق داود بن أبي هند عن أبي نضرة عن أبي سعيد الخدري ....إلخ .وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد ٨/٣٥٧(٣٨٣٦) :بلفظ :

" التمسوا الخير إلى الرحماء من أمتي ...إلخ .وقال رواه الطبراني في الأوسط، وفيه: محمد بن مروان السدي الصغير وهو متروك .

(2) أخرجه الخرائطي في مكارم الأخلاق ٢ /٥٨٨(٣٣)،وابن حبان في المجروحين ٢ / ٢٨٦في ترجمة :محمد بن مروان السدي ،والقضاعي في مسند الشهاب١ / ٤٠٣ (٧٠٠) ،وتمام في فوائده ٢/٨٣(١١٧٧)، وابن سمعون في أماليه ١٠١(٢٦) ، وأبو نعيم في تاريخ أصبهان ٢/٣٣٠،٣٣١ في ترجمة همام بن محمد بن النعمان .

بألفاظ مختلفة .لكن عند الأكثر :قال ﷺ :يقول الله تعالى:...من عبادي ....إلخ .

لكن ذكره أبو الفضل النيسابوري في مجمع الأمثال ٢/٣٢٨،والسيوطي في الجامع الصغير ١/٢٣(١١٣) ، والمتقي الهندي في كنز العمال ٦/٣١٨ (١٦٨٠٢) ،كلهم بلفظ :أُطْلُبُوا الْفَضْلَ عِنْدَ الرُّحَمَاءِ مِنْ أُمَّتِيْ ....إلخ .

(3) أخرجه العقيلي ٣/٣ ،في ترجمة عبد الرحمن السدي ، بلفظ :يقول الله:اطلبوا الفضول من الرحماء من عبادي تعيشون في أكنافهم فإني جعلت فيهم رحمتي... إلخ . و ابن حيان في طبقات المحدثين بأصبهان ٣/٢٨٥ في ترجمة أبو عمرو همام بن = = =

والاخرى للحاكم في المستدرك عن علي المرتضى رضي الله عنهما(1)

حديث (24 تا 37):

کہ فرماتے ہیں ﷺ:

اُطْلُبُوا الْخَيْرَ وَالْحَوَائِجَ مِنْ حِسَانِ الْوُجُوْهِ. بھلائی اور اپنی حاجتیں خوش رویوں سے مانگو

ع... کہ معنی بود وصورت خوب را۔

کہ یہ خوش رو حضرات اولیاء کرام ہیں کہ حسن ازلی جن سے محبت فرماتا ہے۔ "مَنْ كَثُرَتْ صَلَاتُهُ بِاللَّيْلِ حَسُنَ وَجْهُهُ بِالنَّهَارِ".

اور (جو کمال سخائے شمال بھی انہیں کا حصہ کہ وقت عطا شگفتہ روئی جس کا ادنیٰ ثمرہ)

الطبراني في الكبير عن ابن عباس بهذا اللفظ(2) والعقيلي والخطيب وتمام الرازي في فوائده والطبراني في الكبير والبيهقي في شعب الإيمان عنه.(3)

= محمد، وذكره الحافظ في لسان الميزان ٣/٤٢٦ في ترجمة عبد الرحمن السدي.

(1) أخرجه الحاكم في المستدرك ٣/٣٢١. وقال :هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه. وقال الذهبي قلت الاصبغ واه وحبان ضعفوه.

(2) أخرجه الطبراني في الكبير ١١/٨١ (١١١١٠) من طريق... العوام بن حوشب عن مجاهد عن ابن عباس. والخطيب في تاريخه ٣/٥٨١، بلفظ: "اطلبوا الخير عند صباح الوجوه"، من طريق... منصور بن عمار، عن أبي حفص الأبار، عن ليث، عن مجاهد، به.

(3) أخرجه العقيلي في الضعفاء الكبير ٣/٣٢٠ في ترجمة عصمة بن محمد الأنصاري، والخطيب في تاريخه ٧/١١في ترجمة: أيوب بن سليمان بن داود، و١١/٤٣ ===

ابن أبي الدنيا في قضاء الحوائج ، والعقيلي ، والدارقطني في الأفراد، والطبراني في الأوسط، وتمام ، والخطيب في رواة مالك عن أبي هريرة .(1).

= = في ترجمة عبد الصمد بن أحمد أبو القاسم الخولاني ، و ٣/٥٨ في ترجمة: مالك بن سلام البغدادي ، وتمام في فوائده [كما في "الروض البسام" ٣/٤٧(٢٨٤)، والطبراني في الأوسط ٥/٥٥،٢٥٤ (٥٠٤٣)، وفي الصغير ١/٣٨٠ (٦٣٥) [فيه:.. فابتغوا الخير... إلخ]، والبيهقي في شعب الإيمان ٣/٢٧٨. ٢٧٩(٣٥٤٣)، وأبو عبد الله الأصبهاني في مجلس املاء ٤٩، وأبو نعيم في تاريخ أصبهان ٢/٢١ في ترجمة :عبد الله بن يحيى بن العباس ، وابن عساكر في تاريخ مدينة دمشق ٣١/٤٧ في ترجمة عبد الله بن علي بن عبد الرحمن ، و٣٦/٢٣٥ في ترجمة عبد الصمد بن أحمد بن خنبش ، و ٣٨/٣٦٣ في ترجمة :الفضل بن محمد ، و٥٢/١٧٨ في ترجمة :محمد بن جابر بن حماد ، وابن عدي في الكامل ٣/٣٣٠ في ترجمة :سليم بن مسلم الخشاب .

اس روایت کو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مندرجہ ذیل لوگوں نے روایت کیا ہے۔

(۱) حضرت مجاہد (۲) عمرو بن دینار (۳) ابن ابی ملیکہ (۴) عروہ (۵) عطاء۔

(1)(أخرجه ابن أبي الدنيا في قضاء الحوائج (٥٣) ، والعقيلي في "الضعفاء الكبير" ٢/٢٢١، والدارقطني كما في "اللآلئ المصنوعة" ٢/٤٧، الطبراني في الأوسط ٤/٢٠٩(٣٧٨٤)، وتمام في فوائده ٢/٢٩٨ (١٧٩٨)، وفي "الروض البسام" ٢/٤٣ (٢٨٩)، ذكره الحافظ في لسان الميزان ٦/١٥٢ في ترجمة نصر بن سلام ، وساق في الروة عن مالك ، و٣/٢٠٩، في ترجمة :عبد الرحمن بن إبراهيم القاص، = =

وابن عساكر، والخطيب في تاريخهما عن أنس بن مالك .(1)
والطبراني في الأوسط ،والعقيلي،والخرائطي في اعتلال القلوب،وتمام ،وأبو سهل، وعبد الصمد بن عبد الرحمن البزاز في جزئه ،وصاحب المهرنيات فيها عن جابر بن عبدالله.(2)

= = وفي تعجيل المنفعة ٦٣١ في ترجمته .وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ٣٥٦/٨ :

رواه الطبراني في الأوسط ، وفيه :طلحة بن عمرو وهو متروك .

(1)(أخرجه ابن عساكر في تاريخه ٥٧/٨، والخطيب في تاريخه ٣/٢٣١ في ترجمة:

محمد بن محمد بن أحمد بن عثمان، بلفظ :التمسوا الخير عند حسان الوجوه .

(2)(أخرجه الطبراني في الأوسط ٦/١٤٦(٦١٤٧) ،والعقيلي في " الضعفاء الكبير"

٢/٣٩ في ترجمة: سليمان بن كراز ،والخرائطي في اعتلال القلوب ٤٣٠ ،والبزار

كما في كشف الأستار (١٣٢٨) ، وأبو نعيم في حلية الأولياء ٣/١٥١ ،وابن عدي في

الكامل ٣/٢٩٠ في ترجمة:سليمان بن كراز، وتمام في فوائده ٢/١٤٦ (١٣٨٨)،

بلفظهما:واطلبوا الحوائج ...إلخ ، وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ٣٥٥/٨

(١٣٦٣٠):رواه البزار والطبراني في الأوسط وفيه:عمرو بن صهبان، وهو متروك .

قلت :وله سند آخر:عند ابن حيان في طبقات المحدثين بأصبهان ٣/٢٠٣ في ترجمة:

أبو جعفر محمد بن إسماعيل ،وعند أبو نعيم في تاريخ أصبهان ١/٢٣٣ ،و ٢/١٨٣ .

١٨٥ في ترجمة :خلف بن يحيى ،وفي ترجمة ،محمد بن إسماعيل بن بكير:

من طريق :مصعب بن سلام عن العباس بن عبد الله القرشي عن عمرو بن دينار = = =

وعبد بن حميد في مسنده ،وابن حبان في الضعفاء، وابن عدي في الكامل، والسلفي في الطيوريات عن ابن عمر (1)

وابن النجار في تاريخه عن أمير المؤمنين علي(2)، والطبراني في الكبير عن ابن أبي خصيفة .(3).

= = عن جابر بن عبد الله . ولفظهما أطلبوا حوائجكم عند حسان الوجوه .

وقال الذهبي في السير أعلام النبلاء ٢١/٦٣، في ترجمة أحمد بن بندار بن إسحاق،الشعار الظاهري إسناده لين .

(1) (أخرجه عبد بن حميد ٢٤٣(٧٥١)،وابن حبان في المجروحين ٢/ ٣١٣ ،في ترجمة:محمد بن يونس ،وابن عدي في الكامل ٦/١٨٩،في ترجمة:محمد بن عبد الرحمن ،والسلفي في الطيوريات كما في "اللالئ المصنوعة" ٢/٦٦ ، والقضاعي في مسنده ١/٣٨٣(٦٦١)،وابن أبي الدنيا في قضاء الحوائج ٥٧(٥٢)،بلفظ :أطلبوا الحوائج ...الخ . ، وأبو القاسم الجرجاني في تاريخه ٣٨٥، في ترجمة :محمد بن زياد الرازي ، وأبو الشيخ الأصبهاني في كتاب الأمثال في الحديث النبوي ١١٠(٤٧)، والخطيب في تاريخه ١١/١٩٥، .بلفظ :إذا سألتم الخير فسلوا حسان الوجوه .

(2) ذكره العجلوني في كشف الخفاء ١/١٠٠،وعزاه إلى ابن النجار عن علي ، بلفظ أطلبوا حوائجكم عند صباح الوجوه .

(3)أخرجه الطبراني في الكبير ٢٢/٣٩٦(٩٨٣) .بلفظ :التمسوا ...الخ .

وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ٨/٣٥٦ (١٣٧٤٢):رواه الطبراني من طريق = = =

وتمام عن أبي بكرة(4). والبخاري في التاريخ،وابن أبي الدنيا في القضاء الحوائج، وأبو يعلى في مسنده ، والطبراني في الكبير،والعقيلي، والبيهقي في شعب الإيمان ، وابن عساكر عن أم المؤمنين الصديقة (5) كلهم، بلفظ: اطلبو الخير عند حسان الوجوه كما عند الأكثر .[كما بين في تخريجه] .

= =يحي بن يزيد بن عبد الملك النوفلي عن أبيه كلاهما ضعيف .

(4)(اخرجه تمام في فوائده ١/٣٣٠(٨٦٣).

(5)(اخرجه البخاري في التاريخ الكبير ١/٥١، في ترجمة :محمد بن ثابت بن سباع ، وفي الأوسط ٢/١٧٦(٢٢٠٥)،وابن أبي الدنيا في قضاء الحوائج ٥٧ (٥١)،أبو يعلى في مسنده ٨/١٩٩(٤٧٥٩)،وفي نسخة ٨٧٢(٤٧٥٢)، والعقيلي في "الضعفاء الكبير" ٢/١٢١ في ترجمة:سليمان بن أرقم ،والبيهقي في شعب الإيمان ٣/٢٧٨(٣٥٤١) و (٣٥٤٢)، وابن عساكر في تاريخ مدينة دمشق ٢٢/١٨٣ في ترجمة:سليمان بن أرقم ، و٥١/١٥٧، في ترجمة : محمد بن أحمد بن نصر ،وابن عدي في الكامل ٧/٦٥ في ترجمة :وهب بن وهب أبو البختري ، وابن حبان في المجروحين ١/٢٣٨ في ترجمة: الحكم بن عبد الله بن سعد ، وأحمد بن حنبل في فضائل الصحابة ٢/٧٤٦ (١٢٤٦)، وأبو الشيخ الأصبهاني في كتاب الأمثال في الحديث النبوي ١٠٦.١٠٧ (٦٧).

وإسحاق بن راهويه في مسنده ٣/٩٣٦(١٦٥٠). بلفظ :سلوا المعروف عند حسان الوجوه .

والخرائطي في اعتلال القلوب ٦٤٣. بلفظ:اطلبوا الحوائج عند حسان الوجوه.

والتمسوا كما بتمام عن ابن عبا س (1) والخطيب عن أنس (2) وابتغو كما للدار قطني عن أبي هريرة (3). ولفظه :عند ابن عدي عن أم المؤمنين، اطلبوا الحاجات هو في كاملة. (4)والبيهقي في شعب عن عبد الله بن جراد: إذا ابتغيتهم المعروف فاطلبوا عند حسان الوجوه .(5).

---

(1)أخرجه تمام في فوائده١/٣٢٠(٨٦٥) ،وابن عساكر في تاريخ مدينة دمشق ١٧/٤٢ في ترجمة :خيثمة بن سليمان .

(2) ذكره الحافظ في لسان الميزان ٥/٣٦٣، في ترجمة محمد بن محمد بن أحمد .

(3)أطراف الغرائب والأفراد للدارقطني ٥/٢٣٩(٥٢٨٧)، وأبو الشيخ الأصبهاني في الأمثال الحديث ١٠٨(٦٨).

(4)أخرجه ابن عدي في الكامل ٢/٢٠٣،في ترجمة الحكم بن عبد الله بن سعد .

(5)أخرجه البيهقي في شعب الإيمان ٧/٣٣٥(١٠٨٧٦) ،بلفظ : إذا ابتغيتهم المعروف فابتغوه في حسان الوجوه .،وابن عدي في الكامل ٧/٢٨٧ في ترجمة :يعلى بن الأشدق العقيلي ،بلفظ : إذا ابتغيتهم المعروف فاطلبوا عند جمال الوجوه، وأبو الشيخ الأصبهاني في كتاب الأمثال في الحديث النبوي ٣٣ (٤٣)، والديلمي في فردوس الأخبار ٣/٣٣ (٣٣٥٩) بلفظهما: إذا ابتغيتهم المعروف ففي حسان الوجوه من الرجال فابتغوا . قلت ما وجدت في" الشعب" المطبوع :لكن وجدت في" الجامع الصغير" للسيوطي ١/٨١، وعزاه إلى ابن عدي في الكامل، والبيهقي في الشعب، وفي كنز العمال للمتقي، إلا عزاه إلى الدارقطني .

یہ اللہ عزوجل کی خاص صفت نبی صدیق نے اپنے لئے کیسی ثابت فرمائی اور جب نبی صدیق سب سے بہتر اتارنے والے راحت و نعمت بخشنے والے ہوئے تو دافع البلا سے بھی بڑھ کر ہوئے۔ "کَمَا لَا یَخْفٰی"۔

صرف اللہ، رسول و اولیاء مددگار ہیں و بس

آیت (40.34):

﴿ اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوا الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ وَھُمْ رٰکِعُوْنَ ﴾(1)

اے مسلمانو! تمہارا مددگار نہیں مگر اللہ اور اس کا رسول اور وہ ایمان والے جو نماز قائم رکھتے اور زکوۃ دیتے اور وہ رکوع کرنے والے ہیں۔

اقول : یہاں اللہ و رسول جل وعلا و ﷺ اور نیک بندوں میں مدد کو منحصر فرما دیا کہ بس یہی مددگار ہیں تو ضرور یہ مدد خاص ہے جس پر نیک بندوں کے سوا اور لوگ قادر نہیں ورنہ عام مددگاری کا علاقہ تو ہر مسلمان کے ساتھ ہے۔

قال اللہ تعالی :

﴿وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُھُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ﴾(2)

مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں آپس میں ایک دوسرے کے مددگار ہیں۔

حالانکہ خود ہی دوسری جگہ فرماتا ہے:

﴿مَا لَھُمْ مِّنْ دُوْنِہٖ مِنْ وَّلِیٍّ﴾(3)

اللہ کے سوا کسی کا کوئی مددگار نہیں۔

---

(1) [المائدة:٥٥]

(2)[التوبة:٧١]

(3) [الكهف ٢٦]

معالم میں ہے:

﴿مَالَهُمْ﴾ اي ما لأهل السموٰتِ وَالارض ﴿مِنْ دُوْنِهٖ﴾ اي: من دون الله ﴿مِنْ وَّلِيٍّ﴾ ناصر"۔(1)	نہیں ان کے لئے یعنی زمین و آسمان والوں کے لئے اللہ تعالیٰ کے علاوہ ولی ومددگار۔

وہابی صاحبو! تمہارے طور پر معاذ اللہ کیسا کھلا شرک ہوا کہ قرآن نے خدا کی خاص صفت امداد کو رسول ﷺ وصلحاء کے لئے ثابت کیا جسے قرآن ہی جابجا فرما چکا تھا کہ یہ اللہ کے سوا دوسرے کی صفت نہیں مگر بحمد اللہ اہل سنت دونوں آیتوں پر ایمان لاتے اور ذاتی عطائی کا فرق سمجھتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ بالذات مددگار ہے یہ صفت دوسرے کی نہیں اور رسول واولیاء اللہ۔ اللہ کی قدرت دینے سے مددگار ہیں۔ "وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ"۔

اب اتنا اور سمجھ لیجئے مدد کاہے کے لئے ہوتی ہے؟۔

دفع بلا کے واسطے تو جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور اللہ کے مقبول بندے بنص قرآن مسلمانوں کے مددگار ہیں تو قطعاً دافع البلاء بھی ہیں اور فرق وہی ہے کہ اللہ سبحانہ بالذات دفع البلاء اور انبیاء، اولیاء علیہم الصلاۃ والثناء عطائے خدا "وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الْعَلِيِّ الْاَعْلٰی".

پنج آیت از تورات وانجیل وزبور مقدسہ۔

آیت (41.35):

تورات شریف امام بخاری حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما اور دارمی وطبرانی ویعقوب بن سفیان حضرت عبد اللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی کہ تورات مقدس میں حضور پرنور دافع البلاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صفت یوں ہے:

---

(1)(معالم التنزيل للبغوي ۳/۱۵۸، ادارہ تالیفات اشرفیہ، ملتان)

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی امت کے حافظ ونگہبان ہیں

يَآاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا وَّحِرْزًا لِّلْاُمِّيّٖنَ (اِلٰى قَوْلِهٖ تَعَالٰى) يَعْفُوْ وَيَغْفِرُ.(1)

اے نبی! ہم نے تجھے بھیجا گواہ اور خوشخبری دینے والا اور ڈرسنانے والا اور بے پڑھوں کے لئے پناہ (الی قولہ تعالیٰ) معاف کرتا ہے اور مغفرت فرماتا ہے۔

"حرز" بھی رب العزت جل وعلا کی صفات سے ہے۔حدیث میں ہے:

"يَا حِرْزَ الضُّعَفَاءِ يَا كَنْزَ الْفُقَرَاءِ"۔(2)

اے ضعیفوں کی پناہ گاہ!، اے فقیروں کے حاجت روا!۔

---

(1)(اخرجه البخاري في الصحيح ا/٢٧٥ (٢٠١٨)،و في الأدب المفرد٩٥ (٢٣٦)، واحمد في مسنده ٢/١٧٣(٦٦٢٢)،والبيهقي في السنن الكبرى ٧/٣٥ (٣٠٧٩) و في الشعب٢/١٣٧(١٣١٠)،وفي الدلا ئل١/٣٧٣،٣٧٥، وابن سعد في طبقات الكبرى ١/٣٦٢،والطبري في تفسيره ٦/٨٢،والبغوي في تفسيره ٨٨٢،وفي شرح السنة ٣/٢٠٨(٣٦٢٧)، عن عبد الله بن عمرو.

والدارمي في السنن١/١٣(٦)،والمقدسي في المختارة ٩/٣٦٠،٣٦١ (٣٣٥) ، والبيهقي في الدلا ئل ١ / ٣٧٦،وفي ا لاعتقاد ٢٥٦،وابن عبد البر في ا لاستيعاب ١/٥٣ وابن سعد في الطبقات ١/٣٦٠ ،والخطيب في موضع أوهام الجمع والتفريق٢/٥١٨، والأصبهاني في الدلائل ٩٨ (٩٣)،و١٥٨(١٥٣)،والحافظ ابن حجر في تغليق التعليق ٣/٢٣٣ ،وقال :رواه يعقوب بن سفيان في تاريخه عن عبد الله بن صالح با لاسنادين عن عبد الله بن سلام .)

(٢)(أخرجه الديلمي في الفردوس ١/٣٥٠(١٨٣١)عن أبي هريرة .

علامہ زرقانی ''شرح مواہب شریفہ'' میں فرماتے ہیں:

"جَعَلَهُ نَفْسَهُ حِرْزًا مُبَالَغَةً لِحِفْظِهِ لَهُمْ فِي الدَّارَيْنِ".(1)

یعنی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پناہ دینے والے ہیں، مگر رب تبارک وتعالیٰ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بطور مبالغہ خود پناہ کہا۔

جیسے عادل کو عدل یا عالم کو علم کہتے ہیں۔ اور اس صفت کی وجہ یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دنیا و آخرت میں اپنی امت کے حافظ ونگہبان ہیں، ''وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ''.

آیت ﴿42.36﴾ از تورات:

ہاں ہاں خبردار ہوشیار! آئے نجدیان نابکار ذرا کم سن نو پیدا عیارہ خام پارۂ وہابیت ناکارہ کے ننھے سے کلیجے پر ہاتھ دھر لینا تورات و زبور کی دو آیتیں تلاوت کی جائیں گی نوخیز وہابیت کی نادان جان پر قہر الٰہی کی بجلیاں گرائیں گی۔ افسوس تمہیں تورات و زبور کی تکذیب کرتے کیا لگتا تھا جب تم قرآن کی نہ سنو اللہ کا کذب تم ممکن گنو، مگر جان کی آفت گلے کا غل تو یہ ہے کہ یہ آیات جناب شاہ عبدالعزیز صاحب نے نقل فرمائیں۔ کلام الٰہی بتائیں یہ امام الطائفہ کے نسب کے چچا شریعت کے باپ طریقت کے دادا۔ اب نہ انہیں مشرک کہے بنتی ہے نہ کلام الٰہی پر ایمان لانے کو روٹھی وہابیت منتی ہے۔ ع...... نہ روئے رفتن نہ دائے ماندن۔

دوگونہ رنج وعذاب است جان لیلٰے را　　بلائے صحبت مجنوں و فرقت مجنوں

سب کے ہاتھ حضور کی طرف پھیلے ہیں

ہاں! اب ذرا گھبرائے دلوں شرمائی چتونوں سے لجائی انکھڑیاں اوپر اٹھائیے۔ اور بحمد اللہ وہ سینے کہ ایمان نصیب ہو تو سنی ہو جائیے۔

---

(1) (شرح الزرقاني على المواهب اللدنية ١٩٣/٦، دار المعرفة بيروت، الطبعة الثانية)

جناب شاہ صاحب تحفہ اثنا عشریہ میں لکھتے ہیں۔ تورات کے سفر چہارم میں ہے:

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی لِاِبْرَاهِیْمَ اِنَّ هَاجَرَ تَلِدُ وَیَکُوْنُ مِنْ وَلَدِهَا مَنْ یَدَہٗ فَوْقَ الْجَمِیْعِ وَیَدُ الْجَمِیْعِ مَبْسُوْطًا اِلَیْهِ بِالْخُشُوْعِ ۔(1)

اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام سے فرمایا بیشک ہاجرہ کے اولاد ہوگی اور اس کے بچوں میں وہ ہوگا جس کا ہاتھ سب پر بالا ہے اور سب کے ہاتھ اس کی طرف پھیلے ہیں عاجزی وگڑگڑانے میں۔

وہ کون **محمد رسول اللہ** سید الکون معطی العون صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قربان تیرے اے بلند ہاتھ والے، اے دوجہاں کے اجالے، حمد اس کے وجہ کریم کو جس نے ہماری عاجزی دھائی کے ہاتھ ہر لئیم بے قدرت سے بچائے اور تجھ جیسے کریم رؤف ورحیم کے سامنے پھیلائے، "وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ".

وہی رب ہے جس نے تجھ کو ہمہ تن کرم بنایا
ہمیں بھیک مانگنے کو ترا آستان بتایا

حضور ساری زمین اور تمام مخلوق کے مالک ہیں

آیت (43.37) از زبور مقدس:

نیز تحفہ میں زبور شریف سے منقول:

یَا اَحْمَدُ فَاضَتِ الرَّحْمَةُ عَلٰی شَفَتَیْكَ مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ نُبَارِكُ [اُبَارِكُ] عَلَیْكَ فَتَقَلَّدِ السَّیْفَ

اے احمد صلی اللہ علیہ وسلم! رحمت نے جوش مارا تیرے لبوں پر ہم اس لئے تجھے برکت دیتے ہیں تو اپنی تلوار حمائل کر کہ تیری چمک اور تیری

(1) (التحفۃ اثنا عشریۃ ۲۹ سہیل اکیڈمی لاہور، ص ۳۳۳ مترجم۔ نور محمد، کراچی)

فَإِنَّ بَهَائَكَ وَحَمْدَكَ الْغَالِبُ (إلى قوله) الْأُمَمُ يَخِرُّوْنَ[يجرون] تَحْتَكَ بِكِتَابٍ حَقٍّ جَاءَ اللّٰهُ بِهٖ مِنَ الْيُمْنِ وَالتَّقْدِيْسِ مِنْ جَبَلِ فَارَانَ وَامْتَلَاءَتِ الْأَرْضُ مِنْ تَحْمِيْدِ أَحْمَدَ وَتَقْدِيْسِهٖ وَمَلَكَ الْأَرْضَ وَرِقَابَ الْأُمَمِ. (1)	تعریف غالب ہے سب امتیں تیرے قدموں میں گریں گی سچی کتاب لایا اللہ برکت و پاکی کے ساتھ مکہ کے پہاڑ سے بھر گئی زمین احمد کی حمد اور اسکی پاکی بولنے سے احمد مالک ہو ساری زمین اور تمام امتوں کی گردنوں کا۔[صلی اللہ تعالی علیہ وسلم]

اے احمد پیارے صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے مملوکو! خوشی و شادمانی ہے تمہارے لئے تمہارا مالک پیارا سراپا کرم سراپا رحمت ہے، "وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ".

مہد ما بالب شیریں دہناں بست خدائے	با ہمہ بندہ و ایں قوم خداوندا نند
میں تو مالک ہی کہوں گا کہ ہو مالک کے حبیب	یعنی محبوب و محب میں نہیں میرا تیرا

جو حضور کو اپنا مالک نہ جانے سنت کی حلاوت نہ پائے

ولھــذا۔ حضرت امام اجل عارف باللہ سیدی سہل بن عبداللہ تستری رضی اللہ تعالی عنہ پھر امام اجل قاضی عیاض شفا شریف، پھر امام احمد قسطلانی مواہب لدنیہ شریف نقلا وتذکیرا پھر علامہ شہاب الدین خفاجی مصری نسیم الریاض پھر علامہ محمد بن عبدالباقی زرقانی شرح مواہب میں شرحا وتفسیرا فرماتے ہیں:

"مَنْ لَّمْ يَرَ وَلَايَةَ الرَّسُوْلِ عَلَيْهِ فِيْ جَمِيْعِ أَحْوَالِهٖ وَيَرٰى نَفْسَهٗ فِيْ مِلْكِهٖ لَا يَذُوْقُ حَلَاوَةَ سُنَّتِهٖ". (2)	جو ہر حال میں نبی ﷺ کو اپنا والی اور اپنے آپ کو حضور کی ملک نہ جانے وہ سنت نبی ﷺ کی حلاوت سے اصلا خبردار نہ ہوگا۔

---

(1) (التحفة الاثنا عشرية، ۱۴۰، سہیل اکیڈمی لاہور نو ۳۳۶ مترجم نور محمد اصح المطالع کراچی)

(2) الشفاء للقاضي عياض ۲/۵۷۳، باب: لزوم محبته، ونسيم الرياض ۳/۳٦۷، للخفاجي نو الصالحي = = =

"وَالْعِيَاذُ بِاللّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ".

فائدہ عظیمہ :الحمد للہ! سنیوں کی اقبالی ڈگری۔

ان آیات تورات وزبور پر فقیر غفر اللہ تعالیٰ لہ، کو دو آیت تورات وانجیل مبارک مع چند احادیث کے یاد آئیں۔

امام الطائفہ نے انجانی میں گھر پھونک دیا۔

مگر ان کے ذکر سے پہلے امام الطائفہ کا ایک انجان پنے کا اقرار سن لیجئے۔

"تقویۃ الایمان فصل ثانی اشراک فی العلم" کے شروع میں لکھا ہے:

"جس کے ہاتھ میں کنجی ہوتی ہے قفل اسی کے اختیار میں ہوتا ہے جب چاہے تو کھولے جب چاہے نہ کھولے" انتہی (1)۔

بھولا نادان لکھنے کو لکھ گیا مگر۔

؎ کیا خبر تھی انقلاب آسماں ہو جائے گا
دین نجدی پائمال سنیاں ہو جائے گا

= الشامي في سبل الهدى والرشاد ۴۳۰/۱۱)

(1)(تقوية الإيمان ۷۶)

بارہ حدیثیں کہ نبی ﷺ کو اختیار و تصرف کی کنجیاں عطا ہوئیں

غریب مسکین کیا جانتا تھا کہ وہ تو چند ورق بعد یہ کہنے کو ہے کہ:

"جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں۔"(1)

یہاں اس کے قول سے تمام عالم پر محمد رسول اللہ ﷺ کا اختیار تام ثابت ہو جائے گا۔ بیچارے مسکین عزیز کے دھیان میں اس وقت بھی لوہے پیتل کی کنجیاں تھیں۔ جو جامع مسجد کی سیڑھیوں پر بساطی پیسے پیسے بیچتے ہیں اس کی خواب میں بھی خیال نہ تھا کہ محمد رسول اللہ ﷺ کے رب جل وعلا نے اس بادشاہ جبار جلیل الاقتدار عظیم الاختیار ﷺ کو کیا کیا کنجیاں عطا فرمائی ہیں۔

ہاں! ہم سے سن اور وہ سن کہ سن ہو جا۔

آیات و احادیث عطائے مفاتیح عالم بحضور پرنور مولائے اعظم ﷺ

آیت (44.38) :

از توراتِ شریف، بیہقی و ابونعیم دلائل النبوۃ، ابن عساکر حضرت ام الدرداء سے راوی۔

میں نے کعب احبار سے پوچھا تم توارت میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نعت کیا پاتے ہو کہا حضور کا وصف توراتِ مقدس میں یوں ہے:

مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِسْمُهُ الْمُتَوَكِّلُ لَيْسَ بِفَظٍّ وَلَا غَلِيْظٍ وَلَا صَخَّابٍ بِالْاَسْوَاقِ [وَ] اُعْطِيَ الْمَفَاتِيْحَ لِيُبَصِّرَ اللّٰهُ بِهٖ اَعْيُنًا عُوْرًا، وَيُسْمِعَ بِهٖ آذَانًا وُقْرًا [صُمًّا]، وَيُقِيْمَ بِهٖ اَلْسُنًا

محمد اللہ کے رسول ہیں ان کا نام متوکل ہے نہ درشت خو ہیں نہ سخت گو نہ بازاروں میں چلانے والے، وہ کنجیاں دیئے گئے ہیں تاکہ اللہ تعالیٰ ان کے ذریعے سے پھوٹی آنکھیں بینا اور اور بہرے کان شنوا اور ٹیڑھی زبانیں سیدھی کر

(1) (تقویۃ الایمان ص ۱۱۷)

[السنة] مُعْوَجَّةً حَتّٰی يُشْهَدَ [يَشْهَدُوْا] أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ يُعِيْنُ الْمَظْلُوْمَ وَيَمْنَعُهٗ [مِنْ أَنْ يُّسْتَضْعَفَ].(1)

دے یہاں تک کہ لوگ گواہی دیں کہ ایک اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں اس کا کوئی ساجھی نہیں وہ نبی کریم ہر مظلوم کی مدد فرمائیں گے اور اسے کمزور سمجھے جانے سے بچائیں گے۔

آیت〈45.39〉از انجیل جلیل :

حاکم باقادہ صحیح اور ابن سعد و بیہقی و ابو نعیم روایت کرتے ہیں۔

ام المؤمنین محبوبہ محبوب رب العالمین حضرت عائشہ صدیقہ صلی اللّٰہ تعالٰی علی بعلها وابيها وعليها وسلم فرماتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی صفت وثناء انجیل پاک میں مکتوب ہے:

لَا فَظٌّ وَلَا غَلِيْظٌ وَلَا سَخَّابٌ فِي الْأَسْوَاقِ وَأُعْطِيَ الْمَفَاتِيْحَ، مِثْلَ مَا مَرَّ سَوَاءً بِسَوَاءٍ.(2)

نہ سخت دل ہیں نہ درشت خو نہ بازاروں میں شور کرتے انہیں کنجیاں عطا ہوئیں ہیں۔ باقی عبارت مثل تورات مبارک ہے۔

---

(1)(أخرجه البيهقي في الدلائل ۱/۳۷۷ ،وابن عساكر في تاريخه ۳/۳۹۴،وابن إسحاق في سيرته ۲/۲۳،وذكره السيوطي في الخصائص ۱/۲۰،۲۱، وفي الدر المنثور ۳/۵۷٦، وعزاه إلى البيهقي وأبي نعيم،وابن كثير في البداية والنهاية ٦/٦۱)

(2)(أخرجه الحاكم في المستدرك ۲/٦۷۳،و إسحاق بن راهويه في مسنده ۳/۹۹ (۲۱۰)،و ابن سعد في الطبقات ۱/۳٦۳ ،وابن عساكر في تاريخه ۳/۳۸۸.

[ما وجدت في المطبوع "أعطي المفاتيح"]

وفي الباب عن علي رضي الله تعالى عنه .

أخرجه الحاكم في المستدرك ۲/٦۷۸(۴۲۴۲).

= = =

حدیث(61.1):

بخاری ومسلم حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی۔

حضور مالک المفاتیح صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

بَيْنَا اَنَا نَائِمٌ اُتِيْتُ بِمَفَاتِيْحِ خَزَائِنِ الْاَرْضِ فَوُضِعَتْ فِيْ يَدَيَّ .(1)	میں سو رہا تھا کہ تمام خزائن کی کنجیاں لائی گئیں اور میرے دونوں ہاتھوں میں رکھ دی گئیں۔

= = عن ام سلمة رضي الله تعالى عنها .

اخرجه ابن أبي حاتم في العلل ٢/٣٩٠(٢٦٨٢).

عن كعب الأحبار

اخرجه الدارمي في السنن ١٢(٥)، ١٧(٨٠٧)،وابن سعد في الطبقات ١/٣٦٠ .

(1)(أقول:رواه الجماعة عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه .

منهم :سعيد بن المسيب عن أبي هريرة .

أخرجه البخاري في الصحيح ١ /٣١٨(٢٨١٥) لفظ له ،و(٦٩١١)،و(٦٨٣٥)،و مسلم في الصحيح١/١٩٩(٥٢٣) في كتاب المساجد...والنسائي في السنن (٣٠٨٧) باب وجوب الجهاد، وفي السنن الكبرى ٣/٣(٤٢٩٥) واحمد في مسنده ٢/٢٦٣ (٧٥٧٥)،و ٢/٣٥٥(٩٨٦٧)،وابو عوانة في مسنده ١/٣٣٠(١١٧٠)،وابن حبان في الصحيح ١٣/٢٧٧(٤٣٦٣)،والبيهقي في الشعب ١/٦٦(٣٩) ،والدارقطني في العلل ٨/٩٧.٩٨،وابو نعيم في الدلائل ١/٤١٠(٢٨٨).

ومنهم أبو سلمة عن أبي هريرة .

أخرجه النسائي في السنن (٣٠٨٨) و في السنن الكبرى ٣/٣(٤٢٩٦)،واحمد في مسنده ٢/٥٠١(١٠٥٢٣) ،وابن أبي شيبة في المصنف ٦/٣٠٣ (٣١٦٣٣)، والخطيب في الكفاية في علم الرواية ٧٨ .

= = =

حدیث (62.2):

امام احمد وابوبکر بن ابی شیبہ سیدنا علی مرتضی کرم اللہ وجہہ الکریم سے راوی حضور مالک ومختار صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ومنهم ابن المسيب وأبو سلمة بن عبد الرحمن عن أبي هريرة .

اخرجه مسلم في الصحيح ١/٤٩٩(٥٢٣) في كتاب المساجد...والنسائي في السنن (٣٠٨٩) و في السنن الكبرى ٣/٣(٤٢٩٧) وأحمد في مسنده ٢/٢٦٨(٧٦٣٠)، و عبد الرزاق في المصنف ١١/٩٩ (٢٠٠٢٣)،والبيهقي في السنن الكبرى ٧/٤٨ (١٣٠٩٢)،والطبراني في مسند الشاميين ٣/١٧(١٧١٢)، و ٤/١٧١(٣٠٢٩)، والدارقطني في العلل ٨/٩٧ .

ومنهم همام بن منبه عن أبي هريرة .

اخرجه البخاري في الصحيح (٤١١)،و(٢٧٣٠)،ومسلم في الصحيح ١/٤٩٩ (٥٢٣) في كتاب المساجد...،و(١٢٧٤) باب رؤيا النبي ﷺ وأحمد في مسنده ٢/٣١٩(٨٢٣٢) ، والبيهقي في السنن الكبرى ٨/١٧٥(١٦٥٠٣)، وهمام في صحيفته ٤٣(٣٤) .

ومنهم : أبو يونس مولى أبي هريرة عن أبي هريرة .

اخرجه مسلم في الصحيح ١/٤٩٩(٥٢٣) في كتاب المساجد...،وسعيد بن منصور في السنن ٢/٣١٠(٢٨٩٣) وأبو عوانة في مسنده ١/٣٣٠(١١٧٢).

ومنهم عبد الرحمن الأعرج عن أبي هريرة .

اخرجه أحمد في مسنده ٢/٣٩٥(٩١٣٠)، وأبو يعلى في مسنده ١١/١٧٦(٦٢٨٧)،

ومنهم :محمد عن أبي هريرة .

اخرجه البخاري في الصحيح (٦٥٩٧)

أُعْطِيْتُ مَا لَمْ يُعْطَ أَحَدٌ مِّنَ الْأَنْبِيَاءِ قُلْنَا يَا رَسُوْلَ ﷺ مَا هُوَ؟ قَالَ: نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ وَأُعْطِيْتُ مَفَاتِيْحَ الْأَرْضِ ...... الحديث.

مجھے وہ عطا ہوا جو مجھ سے پہلے کسی نبی کو نہ ملا ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ وہ کیا ہے۔ فرمایا رعب سے میری مدد کی گئی (کہ مہینہ بھر کی راہ پر دشمن میرا نام پاک سن کر کانپے) اور مجھے ساری زمین کی کنیاں عطا ہوئیں۔(1)

امام جلال الدین سیوطی نے اس حدیث کی تصحیح کی ہے۔(2)

---

(1) (اخرجه احمد في مسنده ۱/۹۸(۷۶۳)، و۱۵۸(۱۳۶۱) ،وابن أبي شيبة في المصنف ۶/۳۰۴(۳۱۶۴۷)وفي نسخة :۷/۲۱۱،والبيهقي في السنن الكبرى ۱/۲۱۳ (۹۶۵)، وتمام في الفوائد ۲/۱۰۹(۱۲۷۶)،والمقدسي في الأحاديث المختارة ۲/۳۲۸.۳۲۹ (۷۲۸،و۷۲۹)، واللالكائي في السنة ۴/۷۸۵ (۱۴۴۷)،والآجري في الشريعة ۵۰۰، وابن عبد البر في التمهيد ۱۹/۲۹۱، وفي ا لإستذكار ۱/۳۱۰ .
من طريق عبد الله بن محمد بن عقيل عن محمد بن علي عن علي بن ابي طالب رضي الله تعالى عنهم :... إلخ .

(2)(وذكره السيوطي في الجامع الصغير ۱/۲۵۵(۱۱۴۹) ورمز له لصحته .
قلت:قال ا لإمام جلال الدين السيوطي رحمه الله تعالى في الدر المنثور ۲/۲۹۴:
واخرج أحمد، بسند حسن، عن علي قال :... إلخ .
وقال المقدسي في المختارة ۲/۳۲۸.۳۲۹ : إسناده حسن .
وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ۱/۵۸۸(۱۳۰۶) :رواه أحمد و فيه عبد الله بن محمد بن عقيل و هو سيء الحفظ . قال الترمذي :صدوق و قد تكلم فيه بعض أهل العلم من قبل حفظه و سمعت محمد بن إسماعيل يعني البخاري يقول : كان أحمد بن حنبل و إسحاق بن إبراهيم والحميدي يحتجون بحديث ابن عقيل . ===

حدیث (63.3):

امام احمد اپنی مسند اور ابن حبان اپنی صحیح اور ضیاء مقدسی صحیح مختارہ اور ابو نعیم دلائل النبوت میں بسند صحیح حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی۔

حضور مالک تمام دنیا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

أُوتِيتُ بِمَقَالِيدِ الدُّنْيَا عَلَى فَرَسٍ أَبْلَقٍ عَلَيْهِ قَطِيفَةٌ مِّنْ سُنْدُسٍ ۔(1)

دنیا کی کنجیاں ابلق گھوڑے پر رکھ کر میری خدمت میں حاضر کی گئیں اس پر نازک ریشم کا زین پوش بانقش ونگار پڑا تھا۔

قلت :فالحديث حسن، والله اعلم .وله شاهد من حديث أبي بن كعب ، اخرجه الفاكهي في اخبار مكة ٣/١١٧(١٨٧٢) وذكره السيوطي في الدر المنثور ٨/٣٢٨، لكن عزاه إلى ابن مردويه .وهذا اللفظ يعني " واعطيت مفاتيح الأرض،، ثابت من حديث عقبة بن عامر .وأخرجه البخاري في الصحيح (١٣٧٩و٣٨٥٧ و٦٤٢٦و٦٥٩٠) ومسلم في الصحيح (٢٢٩٦) وابن حبان في الصحيح ٧/٤٧٢. ٤٧٣(٣١٩٨) واحمد في مسنده ٤/١٤٩،والطبراني في الكبير ١٧/٢٧٨(٧٦٧) والبيهقي في السنن الكبرى ٤/١٤ (٦٦٠٠) وابن عبد البر في التمهيد ٢/٣٠٢،وابو نعيم في الدلائل ٤١،وغيرهم .

(1)(اخرجه أحمد في مسنده ٣/٣٢٧ ،وابن حبان في الصحيح ١٤/٢٧٩، وأبو نعيم في الدلائل ١/١٩١(٢٣٩) ،وابو الشيخ في أخلاق النبي ﷺ (٢٩٠)،وابن ابي عاصم في الزهد (٣٠٠)، والديلمي في الفردوس ١/٤٠٠(١٤٩).وذكره السيوطي في جامع الصغير ١/٣٥.٣٦(١٥٨) وعزاه إلى أحمد وابن حبان والضياء ، ورمز له لصحته . وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ٨/٥٨٣:رواه احمد و رجاله رجال الصحيح . وقال :شعيب الأرنؤوط في الذيل الصحيح لإبن حبان : إسناده على شرط الصحيح . لكن قال ابن الجوزي في العلل ١/١٧٩(٢٧٧) هذا حديث لا يصح، وعلي بن = = =

حدیث (64.4):

امام احمد مسند اور طبرانی معجم کبیر میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حضور پرنور ابوالقاسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

أُوْتِيْتُ مَفَاتِيْحَ كُلِّ شَيْءٍ إِلَّا الْخَمْسَ (1) مجھے ہر چیز کی کنجیاں عطا ہوئیں سوا ان پانچ کے۔(یعنی غیوب خمسہ)

علامہ حنفی [میں اس حاشیہ پر مطلع نہیں ہوسکا، محمد ارشد مسعود] حاشیہ جامع صغیر میں فرماتے ہیں:

ثُمَّ أُعْلِمَ بِهَا بَعْدَ ذٰلِكَ (2) پھر یہ پانچ بھی عطا ہوئیں، ان کا علم بھی دیا گیا

☆اسی طرح امام جلال الدین سیوطی نے بھی خصائص کبریٰ میں نقل فرمایا (3)

= = الحسين مجهول .قلت :هوعلي بن الحسين بن واقد وهو معروف ،خرج عنه : مسلم في المقدمة الصحيح،والأربعة ، وذكره ابن حبان في الثقات، وقال النسائي:ليس به بأس،[تهذيب التهذيب ۷/۲۷۱]. وقال الحافظ في التقريب ۴۰۰:صدوق يهم.

وقال الذهبي في الكاشف۲/۳۸ :ضعفه أبو حاتم وقواه غيره . ورواياته الكثيرة صحح الحاكم والذهبي حتى الألباني والأرنؤوط وغيرهم .

وقال المناوي في التيسير ۱/۶۳:وهو صحيح ،ووهم ابن الجوزي .

أقول : فإن علي بن الحسين لم ينفرد به ، فقد تبعه حصين عند أحمد في مسنده .

(1)(اخرجه أحمد في مسنده ۲/۸۵(۵۵۷۹)،والطبراني في الكبير ۱۲/۳۶۰ (۱۳۳۴۴) . وقال الهيثمي في المجمع ۸/۲۷۴(۱۳۹۹۸) :قلت : لابن عمر في الصحيح:"مفاتيح الغيب خمس " رواه أحمد والطبراني و رجال أحمد رجال الصحيح.

وقال شعيب الأرنؤوط : إسناده صحيح على شرط الشيخين .

(2)(قلت :قال العزيزي :..وقيل الله أعلمها بعد هذا الحديث .السراج المنير ۲/۹۸)

(3)(الخصائص الكبرى للسيوطي ۲/۳۳۵دار الكتب العلمية بيروت)

علامہ مدابغی شرح فتح المبین امام ابن حجر مکی میں فرماتے ہیں: یہی حق ہے(1)۔ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ۔

حدیث ﴿65.5﴾:

بعینہ یہی مضمون احمد وابو یعلی نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا(2)۔

مدد دینے اور نفع پہچانے کی کنجیاں اور زمین وآسمان کی سب مخلوق حضور ﷺ کے قبضہ اور ساری دنیا مٹھی میں ہے

حدیث آخر ابو نعیم حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حضور مالک غیور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی تھیں:

فَلَمَّا خَرَجَ مِنْ بَطْنِيْ نَظَرْتُ إِلَيْهِ فَإِذَا أَنَا بِهٖ سَاجِدًا قَدْ رَفَعَ إِصْبَعَيْهِ كَالْمُتَضَرِّعِ الْمُبْتَهِلِ، ثُمَّ رَأَيْتُ سَحَابَةً بَيْضَاءَ قَدْ أَقْبَلَتْ مِنَ السَّمَاءِ	جب حضور میرے شکم سے پیدا ہوئے میں نے دیکھا سجدے میں پڑے ہیں پھر ایک سفید ابر نے آسمان سے آکر حضور کو ڈھانپ لیا کہ میرے سامنے سے غائب ہو گئے پھر وہ

)(1)

(2)(اخرجه احمد في مسنده ١/ ٣٨٦،(٣٦٥٩) ،و١/٣٣٨(٣٣٤٧)،بلفظ اوتي نبيكم ﷺ مفاتيح كل شيء غير خمس ... إلخ . وابو يعلى في مسنده ٩/ ٨٦ (٥١٥٣)،وابن ابي شيبة في المصنف ٦/٣١٧(٣١٧٢٧) ، والحميدي في مسنده ١/ ٦٨ (١٢٤) ، والشاشي في مسنده ٢/٣٠٧(٨٨٧)،و ابو نعيم في الحلية ٥/٩٧.

وقال الهيثمي في المجمع ٨/٢٧١(١٣٩٩٩) :رواه احمد و ابو يعلى و رجالهما رجال الصحيح .

وقال ابن كثير في تفسيره ٣/٤٥٥:قال الإمام احمد .... إلخ . هذا إسناد حسن على شرط اصحاب السنن ولم يخرجوه .

حتّٰى غَشِيَتْهُ، فَغَابَ عَنْ وَجْهِيْ
...... ثُمَّ تَجَلَّتْ عَنْهُ فِي السَّرْعِ
فَإِذَا أَنَا بِهِ مُدْرَجٌ فِيْ ثَوْبِ
صُوْفٍ أَبْيَضَ وَتَحْتَهُ حَرِيْرَةٌ خَضْرَاءُ،
وَقَدْ قَبَضَ عَلٰى ثَلَاثَةِ مَفَاتِيْحَ مِنَ
اللُّؤْلُؤِ الرَّطْبِ، وَإِذَا قَائِلٌ يَقُوْلُ:
قَبَضَ مُحَمَّدٌ عَلٰى مَفَاتِيْحِ النُّصْرَةِ وَ
مَفَاتِيْحِ الرِّبْحِ، وَمَفَاتِيْحِ النُّبُوَّةِ، ثُمَّ
أَقْبَلَتْ سَحَابَةٌ أُخْرٰى .... حَتّٰى غَشِيَتْهُ
فَغَابَ عَنْ عَيْنِيْ، ... ثُمَّ تَجَلَّتْ عَنْهُ
فَإِذَا أَنَا بِهِ قَدْ قَبَضَ عَلٰى حَرِيْرَةٍ
خَضْرَاءَ مَطْوِيَّةٍ، وَإِذَا قَائِلٌ يَقُوْلُ: بَخٍ
بَخٍ قَبَضَ مُحَمَّدٌ ﷺ عَلَى الدُّنْيَا كُلِّهَا
لَمْ يَبْقَ خَلْقٌ مِنْ أَهْلِهَا إِلَّا دَخَلَ فِيْ
قَبْضَتِهِ، هٰذَا مُخْتَصَرٌ .(1)
"وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ"۔

پردہ ہٹا تو میں کیا دیکھتی ہوں کہ حضور ایک اونی
سفید کپڑے میں لپٹے ہیں اور سبز ریشمین
بچھونا بچھا ہے اور گوہر شاداب کی تین کنجیاں
حضور کی مٹھی میں ہیں اور ایک کہنے والا کہہ رہا
ہے کہ نصرت کی کنجیاں، نفع کی کنجیاں، نبوت
کی کنجیاں سب پر محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
نے قبضہ فرمایا پھر اور ابر نے آکر حضور کو ڈھانپا
کہ میری نگاہ سے چھپ گئے پھر روشن ہوا تو
کیا دیکھتی ہوں کہ ایک سبز ریشم کا لپٹا ہوا کپڑا
حضور کی مٹھی میں ہے اور کوئی منادی پکار رہا
ہے۔ واہ واہ ساری دنیا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم کی مٹھی میں آئی زمین وآسمان میں کوئی
مخلوق ایسی نہ رہی جو ان کے قبضہ میں نہ آئی۔
"صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم"

---

(1) ذكره السيوطي في الخصائص ١/٤٨، ٤٩ ،وفي نسخة ١/٨٢ ،وفي البداية والنهاية ٢/٢٦٤ ،وفي السيرة الحلبية ١/٨٨، وعزاه كلهم إلى أبي نعيم.

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ کے نائب ہیں

حدیث (66.6):

حافظ ابوزکریا یحیٰ بن عائذ اپنے مولد میں بروایت حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما حضرت آمنہ زہریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی رضوان خازن جنت علیہ الصلاۃ والسلام نے بعد ولادت حضور سید الکونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے پروں کے اندر لے کر گوش اقدس میں عرض کی:

مَعَكَ مَفَاتِيحُ النُّصْرَةِ قَدْ أُلْبِسْتَ الْخَوْفَ وَالرُّعْبَ لَا يَسْمَعُ أَحَدٌ بِذِكْرِكَ إِلَّا وَجِلَ فُؤَادُهُ وَخَافَ قَلْبُهُ، وَإِنْ لَمْ يَرَكَ يَا خَلِيفَةَ اللّٰهِ.(1)

حضور کے ساتھ نصرت کی کنجیاں ہیں رعب ودبدبہ کا جامہ حضور کو پہنایا گیا ہے جو حضور کا چرچا سنے گا اس کا دل ڈر جائے گا اور جگر کانپ اٹھے گا اگرچہ حضور کو نہ دیکھا ہو اے اللہ کے نائب۔

صلی اللہ تعالی علیك وعلی آلك وسلم -

ایمان کی آنکھ میں نور ہو تو اللہ کا نائب ہی کہنے میں سب کچھ آگیا، اللہ کا نائب ایسا ہی تو چاہئے کہ جس کا نام محمد ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں۔ایک دنیا کے کتے کا نائب کہیں کا صوبہ اس کی طرف سے وہاں کے سیاہ وسپید کا مختار ہوتا ہے۔مگر اللہ کا نائب کسی پتھر کا نائب ہے۔

﴿وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ﴾(2) بے دولتوں نے اللہ ہی کی قدر نہ جانی لا واللہ، اللہ کا نائب اللہ کی طرف سے اللہ کے ملک میں تصرف تام کا اختیار رکھتا ہے۔جب تو اللہ کا نائب کہلایا۔

---

(1)(ذکرہ السیوطی فی الخصائص ۱/ ۴۹ ،وفی نسخۃ ۱/ ۸۴)

(2) [سورۃ الأنعام ۹۱]

آخرت میں عزت دینا حضور کے اختیار میں ہے

حدیث ‹67.7›:

امام دارمی اپنی سنن میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، حضور مالک جنت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

أَنَا أَوَّلُ النَّاسِ خُرُوْجًا إِذَا بُعِثُوْا، وَأَنَا قَائِدُهُمْ إِذَا وَفَدُوْا، وَأَنَا خَطِيْبُهُمْ إِذَا أَنْصَتُوْا، وَأَنَا مُسْتَشْفِعُهُمْ إِذَا حُبِسُوْا وَأَنَا مُبَشِّرُهُمْ إِذَا أَيِسُوْا، اَلْكَرَامَةُ وَالْمَفَاتِيْحُ يَوْمَئِذٍ بِيَدِيْ، وَلِوَاءُ الْحَمْدِ يَوْمَئِذٍ بِيَدِيْ.... الحديث. (1)
"وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ".

میں سب سے پہلے قبر سے باہر آؤں گا جب لوگ اٹھائے جائیں گے اور میں ان کا پیشوا ہوں جب وہ حاضر بارگاہ ہوں گے اور میں ان کا خطیب ہوں جب وہ دم بخود ہوں گے اور میں ان کا شفیع ہوں جب وہ محبوس ہوں گے اور میں خوشخبری دینے والا ہوں جب وہ نا امید ہوں گے عزت اور کنجیاں اس دن میرے ہاتھ ہیں۔ اور لواء الحمد اس دن میرے ہاتھ ہوگا۔

شکر اس کریم کا جس نے عزت دینا اس دن کے کاموں کا اختیار پیارے رؤف ورحیم کے ہاتھ میں رکھا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

---

(1) أخرجه الدارمي في السنن ١/ ٣٥ (٤٨)، والترمذي في الجامع ٢/٢٠١ (٣٦١٠) وابن عبد البر في الاستذكار ٨/ ٦٢٢، والخلال في السنة ١/٢٠٨ (٢٣٥)، والبغوي في تفسيره ١/١٥٠ تحت ﴿وَمِنَ اللَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ.. الآية﴾ وفي شرح السنة ١٣/ ٢٠٣ (٣٦٢٢)، مشكوٰة ٥١٣ لفظ له. وذكره السيوطي في الدر المنثور ٨/٣٧٦ وعزاه إلى ابن مردويه.
وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب.

اس لئے شیخ محقق مولانا عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ "مدارج شریف" میں فرماتے ہیں:

دراں روز ظاہر گردد کہ وے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نائب مالک یوم الدین ست روز روز اوست وحکم حکم او بحکم رب العالمین۔ (1)

اس دن ظاہر ہو جائے گا کہ آپ ﷺ قیامت کے دن کے مالک کے نائب ہیں وہ دن آپ ﷺ کا ہے اور رب العالمین کے حکم سے آپ ﷺ کا ہی حکم چلے گا۔

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے جنت ونار کی کنجیاں حضور کو عطا ہوں گی اور حضور کی سرکار سے حضرت صدیق وفاروق کو [صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ورضی اللہ عنہما]

حدیث ‹68.8›:

ابن عبدربہ کتاب "بہجۃ المجالس" میں حضور پرنور افضل الصلاۃ اللہ تسلیماتہ علیہ فرماتے ہیں:

يُنْصَبُ لِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنبرٌ عَلَى الصِّرَاطِ وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ إِلَى أَنْ قَالَ ثُمَّ يَأْتِي مَلَكٌ فَيَقِفُ عَلَى أَوَّلِ مِرْقَاةٍ مِنْ مِنْبَرِي فَيُنَادِي مَعَاشِرَ الْمُسْلِمِيْنَ مَنْ عَرَفَنِي فَقَدْ عَرَفَنِي وَمَنْ لَمْ يَعْرِفْنِي

روز قیامت صراط کے پاس ایک منبر بچھایا جائے گا پھر ایک فرشتہ آکر اس کے پہلے زینہ پر کھڑا ہوگا اور ندا کرے گا اے گروہ مسلمانان جس نے مجھے پہچانا اس نے مجھے پہچانا اور جس نے نہ پہچانا تو میں مالک داروغہ دوزخ

---

(1) (مدارج النبوۃ

نا مالِكٌ خَازِنُ النَّارَ إِنَّ اللّٰهَ أَمَرَنِيْ
أنْ أدْفَعَ مَفَاتِيْحَ جَهَنَّمَ إِلى مُحَمَّدٍ وَ إِنَّ
مُحَمَّدًا أَمَرَنِيْ أَنْ أَدْفَعَ إِلى أَبِيْ بَكْرٍ
هَاه أَشْهِدُوْا هَـاه أَشْهِدُوْا ثُمَّ يَقِفُ
مَالِكٌ آخَرَ ثَانِيْ مِرْقَاةٍ مِنْ مَنْبَرِيْ
يُنَادِيْ مَعَاشِرَ الْمُسْلِمِيْنَ مَنْ عَرَفَنِيْ
لَقَدْ عَرَفَنِيْ وَمَنْ لَمْ يَعْرِفْنِيْ فَأَنَا
رِضْوَانُ خَازِنُ الْجِنَانِ إِنَّ اللّٰهَ أَمَرَنِيْ أَنْ
أَدْفَعَ مَفَاتِيْحَ الْجَنَّةِ إِلى مُحَمَّدٍ وَ إِنَّ
مُحَمَّدًا أَمَرَنِيْ أَنْ أَدْفَعَ هَاه إِلى أَبِيْ
بَكْرٍ هَـاهُ أَشْهِدُوْا هَـاهُ أَشْهِدُوْا...
الحديث .

ہوں اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ جہنم کی
کنجیاں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دے دوں
اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حکم ہے کہ ابو بکر
صدیق کو سپرد کردوں ہاں ہاں گواہ ہو جاؤ ہاں
ہاں گواہ ہو جاؤ پھر ایک اور فرشتہ دوسرے زینہ
پر کھڑا ہو کر پکارے گا اے گروہ مسلمین جس
نے مجھے جانا اس نے جانا اور جس نے نہ جانا
تو میں رضوان اور داروغہ جنت ہوں مجھے اللہ
نے حکم دیا ہے کہ جنت کی کنجیاں محمد ﷺ کو
دے دوں اور محمد ﷺ کا حکم ہے کہ ابو بکر کو سپرد
کردوں ہاں ہاں گواہ ہو جاؤ ہاں ہاں گواہ ہو
جاؤ۔

أورده العلامة ابراهيم بن عبد الله المدني الشافعي في الباب السابع من كتاب التحقيق في فصل الصديق من كتابه الاكتفاء في فضل الأربعة الخلفاء .(1)

حديث ‹69.9› :

حافظ ابو سعید عبد الملک بن عثمان کتاب "شرف النبوۃ" (باب سابع ص ۲۷۹، ۲۸۰)
میں حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حضور پر نور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم فرماتے ہیں:

(1)

إِذَا كَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ جَمَعَ اللّٰهُ الْأَوَّلِيْنَ وَالْآخِرِيْنَ وَيُؤْتٰى بِمِنْبَرَيْنَ مِنْ نُوْرٍ فَيُنْصَبُ أَحَدُهُمَا عَنْ يَمِيْنِ الْعَرْشِ وَالْآخَرُ عَنْ يَسَارِهٖ وَيَعْلُوْهُمَا شَخْصَانِ فَيُنَادِي الَّذِيْ عَنْ يَمِيْنِ الْعَرْشِ مَعَاشِرَ الْخَلَائِقِ مَنْ عَرَفَنِيْ فَقَدْ عَرَفَنِيْ وَمَنْ لَّمْ يَعْرِفْنِيْ فَأَنَا رِضْوَانُ خَازِنُ الْجَنَّةِ إِنَّ اللّٰهَ أَمَرَنِيْ أَنْ أُسَلِّمَ مَفَاتِيْحَ الْجَنَّةِ إِلٰى مُحَمَّدٍ وَإِنَّ مُحَمَّدًا أَمَرَنِيْ أَنْ أُسَلِّمَهَا إِلٰى أَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ لِيُدْخِلَا مُحِبِّيْهِمَا الْجَنَّةَ أَلَا فَاشْهَدُوْا ثُمَّ يُنَادِي الَّذِيْ عَنْ يَسَارِ الْعَرْشِ مَعَاشِرَ الْخَلَائِقِ مَنْ عَرَفَنِيْ فَقَدْ عَرَفَنِيْ وَمَنْ لَّمْ يَعْرِفْنِيْ فَأَنَا مَالِكٌ خَازِنُ النَّارِ إِنَّ اللّٰهَ أَمَرَنِيْ أَنْ أُسَلِّمَ مَفَاتِيْحَ النَّارِ إِلٰى مُحَمَّدٍ وَّمُحَمَّدٌ أَمَرَنِيْ أَنْ أُسَلِّمَهَا إِلٰى أَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ لِيُدْخِلَا مُبْغِضِيْهِمَا النَّارَ أَلَا فَاشْهَدُوْا.

روز قیامت اللہ تعالیٰ سب اگلوں پچھلوں کو جمع فرمائے گا اور دو منبر نور کے لاکر عرش کے داہنے بائیں بچھائے جائیں گے ان پر دو شخص چڑھیں گے دہنے والا پکارے گا اے جماعات مخلوق جس نے مجھے پہچانا اس نے پہچانا اور جس نے نہ پہچانا تو میں رضوان داروغہ بہشت ہوں مجھے اللہ عزوجل نے حکم دیا کہ جنت کی کنجیاں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سپرد کردوں اور محمد ﷺ نے حکم دیا کہ ابوبکر وعمر [رضی اللہ عنہما] کو دوں کہ وہ اپنے دوستوں کو جنت میں داخل کریں سنتے ہو گواہ ہو جاؤ۔ پھر بائیں والا پکارے گا اے جماعات مخلوق جس نے مجھے پہچانا اور جس نے نہ پہچانا تو میں مالک داروغہ دوزخ ہوں مجھے اللہ عزوجل نے حکم دیا ہے کہ دوزخ کی کنجیاں محمد ﷺ کے سپرد کردوں اور محمد ﷺ نے حکم دیا ہے کہ ابوبکر وعمر کو دوں کہ وہ اپنے دشمنوں کو جہنم میں داخل کریں سنتے ہو گواہ ہو جاؤ۔

وأورده أيضاً في الباب السابع من كتاب الحديث الغرر في فضل الشيخين

ابي بكر وعمر من كتاب الاكتفاء .(1)

یہی معنی ہیں اس حدیث کے کہ ابوبکر شافعی نے غیلانیات میں روایت کی:

يُنَادِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَيْنَ أَصْحَابُ مُحَمَّدٍ ﷺ فَيُؤْتَى بِالْخُلَفَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُمْ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ لَهُمْ اُدْخِلُوْا مَنْ شِئْتُمْ الْجَنَّةَ وَدَعُوْا مَنْ شِئْتُمْ.	روز قیامت ندا کی جائے گی کہاں ہیں اصحاب محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پس خلفاء رضی اللہ تعالیٰ عنہم لائے جائیں گے۔ اللہ عزوجل ان سے فرمائے گا تم جسے چاہو جنت میں داخل کرو اور جسے چاہو چھوڑ دوں۔

ذكره العلامة الشهاب الخفاجي في نسيم الرياض شرح شفاء الإمام القاضي عياض في فضل ما أطلع عليه النبي ﷺ من الغيوب وقال أوما هو بمعناه.(2)

---

(1) ذكره أبو جعفر الطبري في رياض النضرة ١/٣٦٦(١٠٩) ، وعزاه إلى ابي سعيد في شرف النبوة .أقول :ما وجدت في المطبوع عن ابن عباس . لكن وجدت في المطبوع " شرف المصطفى " ٥/٤١٩.٤٢٠(٢٣٨٨) لابي سعد، عبد الملك بن عثمان النيسابوري، بتغير روى عن ابي سعيد الخدري رضي اللّٰه تعالى عنه ،وأيضا رواه ابن عساكر في تاريخه ١/٣٢/١٠٣،عنه في ترجمة أبي بكر الصديق رضي الله تعالى عنه بلفظ: إذا كان يوم القيامة نصب منبران ،قال ليجيء ملك من الملائكة فيرتقي على أحدهما فيقول :معشر الخلائق من كان لا يعرفني فليعرفني، فانا رضوان خازن الجنة، وهذه مفاتيحها، أمرني ربي أن أدفعها إلى محمد ، وامرني محمد أن أدفعها إلى ابي بكر ليدخل الجنة محبيه ومحبي عائشة بغير حساب ، قال:ثم يجيء ملك آخر فيرتقي على المنبر الآخر، فيقول :معشر الخلائق من كان لا يعرفني فليعرفني، فانا مالك خازن جهنم ،وهذه مفاتيحها، أمرني ربي أن أدفعها إلى محمد ، وامرني محمد أن أدفعها إلى ابي بكر ليدخل النار مبغضه ومبغض عائشة بغير حساب .

(2)ابو بكر الشافعي في الغيلانيات ٥٩-٦٠ ، ونسيم الرياض ٣/٦٣ ،بلفظه ،وعزاه إلى ابي بكر الشافعي في الغيلانيات .

= = =

مولیٰ علی قسیم النار ہیں

حدیث (70.10):

ولہذا سیدنا مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے فرمایا:

أَنَا قَسِيمُ النَّارِ.(1) — میں قسیم دوزخ ہوں۔

یعنی وہ اپنے دوستوں کو جنت اور اعداء کو دوزخ میں داخل فرمائیں گے۔

رواه شاذان الفضلي عنه رضي الله تعالى عنه في جزء رد الشمس (2) جعلنا الله ممن والاه كما يحبه ويرضاه بجاه جمال محياه امين۔

= قلت: أخرج ابن عساكر في تاريخه (۳۹/۳۳۳) من حديث ابن عباس رضي الله تعالى عنهما ،بلفظ قال رسول الله ﷺ إذا كان يوم القيامة نادى مناد من بطنان العرش اين اصحاب محمد فيقوم ابو بكر د الصديق وعمر الفاروق وعثمان ذو النورين واصلع قريش الرضي علي فيقال لأبي بكر قف على باب الجنة فأدخل من شئت برحمة الله لم أخرج من شئت بقدرة الله ويقال لعمر قم عند الميزان فثقل من شئت برحمة الله خفف من شئت بقدرة الله ويقال لعثمان البس هذه الحلة خذ عز هذا القضيب قضيب عوسج من عوسج الجنة غرسه الله تعالى بيده فذد الناس عن الحوض .

وفي رواية :ويكسى عثمان حلتين فيقال له البسهما فاني خلقتهما وادخرتهما حين انشأت خلق السموات والأرض و يعطى علي بن أبي طالب عصا عوسج من الشجرة التي غرسها الله تعالى بيده في الجنة فيقال ذد الناس عن الحوض .قال سفيان :قال بعض أهل العلم لقد واسى الله بينهم في الفضل والكرامة . رواه أيضا ۳۲/ ۹۰، ۹۱، ۹۲ بتغير قليل . وأيضا ابو جعفر الطبري في رياض النضرة ۱/ ۲۵۳(۹۱) .

(1)(أخرجه ابن عساكر في تاريخه ۳۵/ ۲۲۹،۲۲۷،۲۲۸وفي نسخة ۴۲/ ۲۹۸، ۲۹۹، ۳۰۰، ۳۰۱،والفسوي في المعرفة والتاريخ ۲/ ۸۳، ۸۵،والعقيلي

....

= في الضعفاء الكبير ٣/٢١٥ في ترجمة حباية بن ربعي و ٣/١٥٨ في ترجمة موسى
طريف ،وابن عدي في الكامل ٦/٣١ في ترجمة قيس بن الربيع و ٦/٣٣٩ في ترجمة
موسى بن طريف ،وابن قتيبة في غريب الحديث ٢/١٥٠، والجزري في النهاية ٢/٦١ ،
والزمخشري في الفائق ٣/١٩٥، وابن الجوزي في العلل المتناهية ٢/٩٣٥ ،وفي غريب
الحديث ٢/٢٣٣ ،وابن المفلح في المقصد الأرشد ٢/٢٩٣، ٢٩٣، وفيه :قال محمد بن
منصور :كنا عند أحمد بن حنبل فقال له رجل يا أبا عبد الله ما تقول في هذا الحديث
الذي يروى (أن عليا قسيم النار)فقال و ما تنكرون من ذا أليس روينا عن النبي ﷺ قال
لعلي "لا يحبك إلا مؤمن و لا يبغضك إلا منافق "قلنا بلى قال فأين المؤمن قلنا في
الجنة قال وأين الكافر قلنا في النار قال فعلي قسيم النار .أيضا في طبقات الحنابلة لأبي
يعلى ٢/٣٥٨ وذكره المتقي الهندي في كنز العمال ٣/١٥٢(٣٦٤٧٥) و عزاه إلى
... الفضيلي في جزء رد الشمس. و في الباب عن أبي ذر كما في العلل للدارقطني
... مرفوعا .وعن حذيفة كما في الفردوس للديلمي ٣/٦٣(٣١٨٠) .

قلت :حديث رد الشمس بدعاء النبي ﷺ قد رواه جماعة من الصحابة رضي الله
تعالى عنهم ، منهم أسماء بنت عميس ، وجابر بن عبد الله ، وعن أبي هريرة ، وعلي بن
أبي طالب ،وأبي ذر ،والحسين بن علي، وغيرهم .

رواه عنهم جماعة من علماء المسلمين منهم أبو بشر الدولابي ، والبيهقي، والطحاوي
والطبراني ، والعقيلي ، وابن مردويه ، وابن منده، وابن شاهين ، وابن عساكر وغيرهم .
انظر "كشف اللبس في حديث رد الشمس "للسيوطي ،واللآلىء المصنوعة ١/٣٠٨.
... صححه الطحاوي ، والهيثمي ،والقاضي عياض، والقسطلاني ،وعلي القاري،
وغيرهم .وهذا الحديث اختلف في صحته جماعة بل جزم بعضهم بوضعه كابن الجوزي
... وصححه آخرون وهو الحق عندي .

بلکہ امام اجل قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے اسے احادیث حضور والاصلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ میں داخل کیا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت مولیٰ علی کو قسیم النار فرمایا۔

☆ شفاء شریف میں فرماتے ہیں:

قَدْ خَرَجَ أَهْلُ الصَّحِيحِ وَالْأَئِمَّةُ مَا أَعْلَمَ بِهِ أَصْحَابَهُ ﷺ وَعَلَّمَهُمْ بِهِ مِنَ الظُّهُوْرِ عَلَى أَعْدَائِهِ (إلى قوله) وَقَتْلِ عَلِيٍّ وَأَنَّ أَشْقَاهَا الَّذِي يَخْضِبُ هٰذِهِ مِنْ هٰذِهِ أَيْ لِحْيَتَهُ مِنْ رَأْسِهِ وَأَنَّهُ قَسِيْمُ النَّارِ يُدْخِلُ أَوْلِيَاءَهُ الْجَنَّةَ وَأَعْدَاءَهُ النَّارَ . (1)

بیشک اصحاب صحاح وائمہ حدیث نے وہ حدیثیں روایت کیں جن میں مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کو غیب کی خبریں دیں۔ مثلاً یہ وعدہ کہ وہ دشمنوں پر غالب آئیں گے اور مولیٰ علی کی شہادت اور یہ کہ بدبخت ترین امت ان کے سر مبارک کے خون سے ریش مطہر کو رنگے گا۔ اور یہ کہ مولیٰ علی قسیم دوزخ ہیں اپنے دوستوں کو بہشت اور اپنے دشمنوں کو دوزخ میں داخل فرمائیں گے۔

رضی اللہ تعالیٰ عنہ وعنا بہ آمین۔

نسیم میں عبارت نہایہ۔ "أَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ: أَنَا قَسِيْمُ النَّارِ". ذکر کر کے فرمایا: " ابن الأثير ثقة وما ذكره علي لا يقال من قبل الراى فهو في حكم المرفوع إذ لا مجال فيه للاجتهاد " . (2)

أقول : كلام النسيم أنه لم يره مرويا عن علي فأحال على وثاقة ابن الأثير وقد ذكرنا تخريجه. ولله الحمد۔

(2.1)(شفاء مع شرح نسیم الریاض ۳/ ۱۴۳، ۱۴۳)

ارج شریف میں ہے:

امدہ است کہ ایستادہ میکند
ورا پروردگار وے بیمین عرش
ودر روایتے بر عرش ودر روایتے بر
کرسی ومی سپارد بوے کلید
جنت.(1)

جس طرح کہ حدیث میں آیا ہے کہ اللہ
عزوجل مجھ کو عرش کے دائیں جانب کھڑا
کرے گا اور ای روایت میں ہے کہ عرش پر،
اور ایک روایت میں ہے کہ کرسی پر اور اللہ
عزوجل آپ کو جنت کی چابی سپرد کردے گا۔

لاجی ! ذرا انصاف کی کنجی سے دیدۂ عقل کے کواڑ کھول کر کنجیاں دیکھئے جو مالک الملک شہنشاہ قدیر
ل جلالہ نے اپنے نائب اکبر خلیفہ اعظم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو عطا فرمائی ہیں خزانوں کی کنجیاں،
زمین کی کنجیاں، دنیا کی کنجیاں، نصرت کی کنجیاں نفع کی کنجیاں، جنت کی کنجیاں، نار کی کنجیاں، ہر
ئے کی کنجیاں، اور اب اپنا وہ بلائے جان اقرار یاد کیجئے۔ "جس کے ہاتھ کنجی ہوتی ہے قفل اسی
کے اختیار میں ہوتا ہے۔ جب چاہے کھولے جب چاہے نہ کھولے"۔(2)
دیکھو حجت الٰہی یوں قائم ہوتی ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ.

---

(1)(مدارج النبوۃ ۱/۲۷۳ مطارسی ۱۰/۳۴۹ص)
(2)(تقویۃ الایمان صفحہ ۷۶).

فصل دوم

احادیث منیفہ میں

وصل پُر مشتمل:

وصلِ اوّل:

اعظم و اجل محمد رسول اللہ ﷺ کی طرف جانفزا اسناد میں جن سے ایمان کی جان میں جان آئے ایمان کی آنکھ نور ایمان پائے۔ وباللہ التوفیق۔

اللہ و رسول [جل جلالہ و ﷺ] نے غنی کر دیا

حدیث (71.11):

بخاری شریف میں سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہے جب ابن جمیل نے زکوۃ دینے میں کمی کی سید عالم مغنی اکرم ﷺ نے فرمایا:

مَا يَنْقِمُ ابْنُ جَمِيْلٍ إِلَّا أَنَّهُ كَانَ فَقِيْرًا فَأَغْنَاهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ. (1)	ابن جمیل کو کیا بُرا لگا یہی نہ کہ وہ محتاج تھا اللہ رسول نے اُسے غنی کر دیا۔

(لجل جلالہ وصلی اللہ علیہ وسلم)

---

(1)(أخرجه البخاري في الصحيح ١/١٩٨(١٣٩٩) وعبد الرزاق في المصنف ٤/١٨ و٤/٣٥ وأحمد في فضائل الصحابة ٢/٢٠٣ والبغوي في شرح السنة ٦/٢٣، ٢٣ (١٥٧٨)، والدارقطني في السنن ٢/١٢٣ باب تعجيل الصدقة قبل الحول وابن طهمان في مشيخته ٧٥ (٢٣) وابن عساكر في تاريخه ٣٦/١١.

وأخرجه مسلم في الصحيح (٩٨٣) وأبو داود (١٦٢٣) والنسائي (٢٤٦٤) وفي الكبرى ٢/١٨ (٢٢٢٣) وأحمد في مسنده ٢/٣٢٢ (٨٢٦٧) وفي فضائل الصحابة ٢/٩٠٩

اللہ ورسول [جل جلالہ ﷺ] حافظ ونگہبان ہیں

حدیث (72.12):

فرماتے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم

اللّٰہ وَرَسُوْلُہٗ مَوْلٰی مَنْ لَا مَوْلٰی لَہٗ ... جس کا کوئی نگہبان نہ ہو اللہ ورسول اُس کے نگہبان ہیں۔ (۱)

ترمذی وحسنه وابن ماجه عن أمير المؤمنين عمر رضي الله عنه .

= (۱۷۷۸) و۲/۳۰۸(۱۸۰۵) وابن خزيمة في الصحيح ۴/۳۸(۲۳۳۰) وابن حبان
(۲۲۷۴) والدارقطني في السنن ۲/۴۳، والبيهقي في السنن الكبرى ۴/۱۱
(۵۲) و۱/۱۳(۱۹۹۵) وابو نعيم في المسند المستخرج ۳/۷۱ (۲۲۰۷) وابن
عساكر في تاريخه ۲۸/۳۳. بدون "ورسوله".

(۱)أخرجه الترمذي في الجامع ۲/۳۱ (۲۱۰۳)، لفظ له، وابن ماجه في السنن
(۲۷۳۷)، واحمد في مسنده ۱/۲۸ (۱۸۹)، و۱/۴۶(۳۲۳) وابن أبي شيبة في
المصنف ۶/۲۳۹(۳۱۳۷) والنسائي في السنن الكبرى ۴/۷۶(۶۳۵۱) وابن حبان
في الصحيح ۱۳/۴۰۰(۶۰۳۷) والمقدسي في الأحاديث المختارة ۱/۱۶۷(۷۳)
(۷۵) و۱۶۹(۷۶) و۱۷۰(۷۷) والدارقطني في السنن ۴/۸۴ والبزار في مسنده
(۲۵۴) والطحاوي في شرح معاني الآثار ۴/۳۹۷(۶۹۰۲) والبيهقي في السنن
الكبرى جلد۶ /۲۱۴، ۲۱۵وابن عساكر في تاريخه ۸/۳۲۷ . وقال الترمذي هذا
حديث حسن صحيح . وفي الباب عن عائشة والمقدام بن معديكرب .
والدارمي في السنن ۲/۴۶۳(۲۹۷۷)وعبد الرزاق في المصنف ۹/۲۰ (۱۶۲۰۲)، و
(۱۶۲۰۳) والنسائي في السنن الكبرى ۴/۷۶(۶۳۵۲، ۶۳۵۳) و إسحاق
بن راهويه في مسنده ۳/۹۳۵(۱۶۳۲) و۹۳۷(۱۶۳۴) وأبو عوانة في مسنده ==

○ علامہ مناوی "تیسیر" میں اس حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں:

"أي بحَافِظٌ مَنْ لَا حَافِظَ لَهُ".(1) یعنی ارشاد حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جس کا کوئی محافظ نہیں اللہ و رسول اُس کے محافظ ہیں

نبی [مکرم] صلی اللہ علیہ وسلم دنیا و آخرت میں کارساز ہیں

حدیث (73.13):

کہ جب سیدنا حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ کی شہادت ہوئی حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم اُن کے یہاں تشریف لائے اور ان کے یتیم بچوں کو خدمت اقدس میں یاد فرمایا وہ حاضر ہوئے حضرت عبداللہ بن جعفر طیار رضی اللہ عنہ اسے بیان کر کے فرماتے ہیں:

فَجَاءَتْ أُمُّنَا فَذَكَرَتْ يُتْمَنَا وَجَعَلَتْ تُفْرِحُ لَهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ الْعَيْلَةَ میری ماں نے حاضر ہو کر حضور پناہ بیکساں ﷺ سے ہماری یتیمی کی شکایت عرض کی

= ۴/۴۴۷ (۵۷۳۸ إلى ۵۷۴۲) و۴۴۸ (۵۷۴۵) والحاكم في المستدرك ۴/۳۸۳ (۸۰۰۴) والدارقطني في السنن ۴/۸۵، وابن عدي في الكامل ۵/۱۹ في ترجمة: عمرو بن مسلم الجندي، عن عائشة رضي الله تعالى عنها.

وقال الحاكم هذا حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه.

والطحاوي في شرح معاني الآثار ۴/۳۹۸ (۷۹۱۰) عن مقدام بن معديكرب.

وفي الباب مرسل طاووس: أخرجه عبد الرزاق في المصنف ۱۰/۲۸۵ (۱۹۱۲۳)

والطبراني في الكبير ۵/۲۵۰ (۵۲۴۷.۵۲۴۸) وابن طهمان في مشيخته ۱۸۷ (۳۵)

عن زيد بن خالد، بلفظ: أن النبي ﷺ قال قريش والأنصار وأسلم وغفار ومزينة ومن كان من جهينة وأشجع موالي ليس لهم دون الله ورسوله مولى.

(1) (التيسير بشرح الجامع الصغير ۱/۲۰٦)

تَخَافِيْنَ عَلَيْهِمْ وَأَنَا وَلِيُّهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ .(1)

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا ان پر محتاجی کا اندیشہ کرتی ہے حالانکہ میں ان کا ولی وکارساز ہوں دنیا وآخرت میں۔

احمد والطبرانی و ابن عساکر۔

غم نخورد آنکہ حفیظش توئی
والی و مولیٰ و دلیش توئی

حدیث (74.14):

کہ فرماتے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم :

حُبُّ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ مِنَ الْإِيْمَانِ وَ بُغْضُهُمَا كُفْرٌ وَحُبُّ الْأَنْصَارِ مِنَ الْإِيْمَانِ وَبُغْضُهُمْ كُفْرٌ وَحُبُّ الْعَرَبِ

محبت ابوبکر وعمر کی ایمان سے ہے اور ان کا بغض کفر اور محبت انصار کی ایمان سے ہے اور ان کا بغض کفر اور محبت عرب کی ایمان سے

---

(1) (أخرجه أحمد في مسنده ١/٢٠٤.٢٠٥(١٧٥٠) والطبراني في الكبير ٢/١٠٥ (١٤٦) وابن عساكر في تاريخه ٢٧/٢٥٥.٢٥٦ والمقدسي في الأحاديث المختارة ٩/١٤٢ (١٣٧، ١٣٨، ١٣٩) وابن سعد في الطبقات ٤/٣٦.٣٧ وابن عبد البر في التمهيد ٢٢/١٣٨.١٣٩وذكر في ا لاستيعاب في ترجمة :محمد بن جعفر بن ابي طالب مختصرا . وقال الهيثمي في المجمع ٦/١٥٧قلت :رواه أبو داود وغيره بعضه رواه أحمد والطبراني ورجالهما رجال الصحيح .

وابن أبي شيبة في المصنف ٧/٤١٤(٣٦٩٧٤) عن الحسن بن سعد ، بلفظ :لما جاء النبي ﷺ خبر قتل زيد وجعفر وعبد الله بن رواحة .....قال :فجعلت أمهم تفرح لهم فقال لها رسول الله ﷺ أتخشين عليهم الضيعة وأنا وليهم في الدنيا والآخرة .

مِنَ الْإِيْمَانِ وَبُغْضُهُمْ كُفْرٌ .....وَمَنْ سَبَّ أَصْحَابِيْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَمَنْ حَفِظَنِيْ فِيْهِمْ فَأَنَا أَحْفَظُهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ (1)	ہے اوران کا بغض کفر اور جو میرے اصحاب کو بُرا کہے اُس پر اللہ کی لعنت اور جو ان کے معاملہ میں میرا لحاظ رکھے میں روز قیامت اس کا حافظ نگہبان ہوں گا۔

وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ....ابن عساكر عن جابر رضي الله عنه.

حدیث (75.76 = 15.16):

دنیا کی ظاہری زینت وحلاوت اور مال حلال کما کر اچھی جگہ خرچ کرنے کی خوبی اور حرام کما کر بُری جگہ اٹھانے کی بُرائی بیان فرما کر فرماتے ہیں ﷺ:

وَرُبَّ مُتَخَوِّضٍ فِيْمَا شَاءَتْ نَفْسُهُ مِنْ مَّالِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ لَيْسَ لَهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ إِلَّا النَّارُ۔	اور بہت اللہ اور رسول کے مال سے اپنے نفس کی خواہشوں میں ڈوبنے والے ہیں جن کیلئے قیامت میں نہیں مگر آگ۔

أحمد والترمذي، و قال: حسن صحيح عن خوله بنت قيس (2) ....

---

(1) (أخرجه ابن عساكر في تاريخه ٣٣/٢٢٢والديلمي في الفردوس ٢/٢٢٥ (٢٧١٩)وذكره المتقي في كنز العمال (٣٢٧٠٣) و عزاه إلى ابن عساكر والديلمي.

(2) (أخرجه أحمد في مسنده ٦/٣٦٣ (٢٧١٠٠) و٦/ ٣٧٨ (٢٧١٣٨) لفظ له، والترمذي في الجامع ٢ /٦٣(٢٣٧٣) و عبد بن حميد في مسنده ٣٥٩(١٥٨٨) والطبراني في الكبير٢٣/٢٢٧(٥٧٧)، و ٢٣/٢٢٨(٥٧٨.٥٧٩) و ٢٣/٢٢٩ (٥٨٠.٥٨١.٥٨٢)و٢٣/٢٣٠(٥٨٣.٥٨٤.٥٨٥.٥٨٦)و٢٣/٢٣١(٥٨٧.٥٨٨) و٢٣/٢٣٢(٦١٧)وابن حبان في الصحيح كما في موارد الظمآن ٢١٧(٨٥٢)، و ابن أبي الدنيا في اصلاح المال ٣١(٢) وابن الأعرابي في الزهد و صفة الزاهدين ٥٨ =

والبيهقي في الشعب عن ابن عمر رضي اللّٰه عنهما .(1).

حدیث (77.17):

جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

مَا نَفَعَنِيْ مَالٌ قَطُّ مَا نَفَعَنِيْ مَالُ أَبِيْ بَكْرٍ. مجھے کسی مال نے وہ نفع نہ دیا جو ابوبکر کے مال نے دیا۔

صدیق اکبر رضی اللہ عنہ روئے اور عرض کی:

هَلْ أَنَا وَمَالِيْ إِلَّا لَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ. (2) میری جان و مال کا مالک حضور کے سوا کون ہے یا رسول اللّٰہ ۔

احمد في مسنده بسند صحيح عن أبي هريرة رضي اللّٰه تعالى عنه.

= = (۹۹)، والبيهقي في الشعب ۷/۲۷۹(۱۰۳۰۴.۱۰۳۰۵.۱۰۳۰٦)، وابن عساكر في أربعون حديثا ۵۹ و ٦۰، وابن حجر في الأمالي المطلقة ۱۷۹. وقال: حديث صحيح .

(1) والبيهقي في الشعب ۳/۳۹٦.۳۹۷(۵۵۲۷) .عن ابن عمر .

قلت :والطبراني في الكبير ۲۴/۳۳۰(۸۵۰.۸۵۱) عن عمرة بنت الحارث.

وقال الهيثمي في المجمع ۱۰/۳۳۱(۱۷۸۱۴) :رواه الطبراني و إسناده حسن .

وابو يعلى في مسنده ۱۱/۳۸۷(٦٦۰۲)، وابن حبان في الثقات ۴/۲۵۲ في ترجمة : زياد بن ثوبان ، والدارقطني في العلل ۱۰/۳۸۵ (س ۲۰۷۱) عن أبي هريرة .

والحاكم في المستدرك ۳/۷٦(۲۹۳۲) عن حمنة .

(2)اخرجه أحمد في مسنده ۲/۲۵۳(۷۴۳۹)، لفظ له ، وفي فضائل الصحابة ۱/٦۵(۲۵)، و ۱/۳۹۳(۵۹۵)، وابن أبي شيبة في المصنف ٦/۳۴۸(۳۱۹۲۷)، وابن ماجه في السنن (۹۴)، والطحاوي في شرح معاني الآثار ۴/۱۵۸، واللالكائي في السنة = =

نبی صلی اللہ علیہ وسلم جان ومال کے مالک ہیں

ث ﴿78=18﴾:

ریمہ﴿ قُلْ لَّا أَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى ﴾(1)

بابِ نزول میں مروی انصار کرام رضی اللہ عنہم سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور عاجزی تے ہوئے گھٹنوں کے بل کھڑے ہوئے اور عرض کی:

اَنْفُسُنَا وَمَا فِيْ اَيْدِيْنَا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ. ہمارے مال اور ہمارے ہاتھوں میں جو کچھ ہے سب اللہ ورسول کا ہے

ابنـاء جـريـر وابي حاتم ومردويه عن مقسم عن ابن عباس رضي الله الٰی عنهما.

مدیث ﴿79=19﴾:

کہ جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے روزِ حنین زنان وصبیان نبی ہوازن کو اسیر فرمایا اور اموال وغلام وکنیز مجاہدین پر تقسیم فرمادیئے اب سردارانِ قبیلہ اپنے اہل وعیال واموال حضور

= = ٧/٣٧٣(٢٣٢) وابـن أبي عاصم في السنة ٢/٥٧٧(١٢٢٩)، وابن حبان في الـصـحـيـح ١٥/٢٧٣ (٦٨٥٨)، والـخـطـيـب في تـاريخه ١٠/٣٦٣، وابن عساكر في تاريخه ٢١/٣٢٠، و٣٠/٥٦و٥٧.

وقال المناوي في التيسير بشرح الجامع الصغير ٢/٣٧٩: إسناده صحيح.

(1) [الشورى :٢٣]

(2)(أخرجه ابـن جـريـر في تفسيره ٢٥/ ٢، وابن أبي حاتم في تفسيره ١٠/٣٢٧٦، ٣٢٧٧ (١٨٣٧٦،١٨٣٧٧)، والزمخشري في الكشاف ٣/٢٢٣، وذكره السيوطي في الدر المنثور ٧/٣٤٧، ٣٤٨ وعزاه إلى ابن جرير وابن أبي حاتم وابن مردويه.

سے مانگنے کو حاضر ہوئے زُہیر بن صرد جشمی رضی اللہ عنہ نے عرض کی:

أُمْنُنْ عَلَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فِيْ كَرَمٍ
فَإِنَّكَ الْمَرْءُ نَرْجُوْهُ وَ نَتَّظِرُ
أُمْنُنْ عَلٰى بَيْضَةٍ قَدْ عَاقَهَا قَدَرٌ
مُفَرَّقٌ شَمْلُهَا فِيْ دَهْرِهَا غِيَرُ
أَبْقَتْ لَنَا الدَّهْرَ هَتَّافًا عَلٰى حَزَنٍ
عَلٰى قُلُوْبِهِمُ الْغَمَّاءُ وَالْغُمَرُ
إِنْ لَمْ تَدَارَكْهُمْ نَعْمَاءُ تَنْشُرُهَا
يَا أَرْجَحَ النَّاسِ حِلْمًا حِيْنَ يُخْتَبَرُ

یارسول اللہ! ہم پر احسان فرمایئے اپنے کرم سے حضور ہی وہ مردِ کامل و جامع فواضل و محاسن و شمائل ہیں جن سے ہم امید کریں اور جنھیں وقت مصیبت کیلئے ذخیرہ بنائیں احسان فرمایئے اُس خاندان پر کہ تقدیر جس کے آڑے آئے اس کی جماعت تتر بتر ہوگئی اس کے وقت کی حالتیں بدل گئیں یہ بدحالیاں ہمیشہ کیلئے ہم میں غم کے وہ مرثیہ خواں باقی رکھیں گی جن کے دلوں پر رنج و غیظ مستولی ہوگا اگر حضور کی نعمتیں جنھیں حضور نے عام فرمادیا ہے ان کی مدد کو نہ پہنچیں تو ان کا کہیں ٹھکانا نہیں اے آزمائش کے وقت تمام جہان سے زیادہ عقل والے۔ صلی اللہ علیہ وسلم

قَالَ فَلَمَّا سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهِ الشِّعْرَ قَالَ: مَا كَانَ لِيْ وَلِبَنِيْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَهُوَ لَكُمْ وَ قَالَتْ قُرَيْشٌ: مَا كَانَ لَنَا فَهُوَ لِلّٰهِ وَ

یہ اشعار سن کر سید ارحم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کچھ میرے اور بنی عبدالمطلب کے حصے میں آیا وہ میں نے تمہیں بخش دیا قریش نے عرض کی جو کچھ ہمارا ہے وہ سب اللہ کا ہے اور اللہ

لِرَسُوْلِهٖ وَقَالَتِ الْاَنْصَارُ مَا كَانَ لَنَا فَهُوَ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۔(1)	کے رسول کا ہے۔ انصار نے عرض کی جو کچھ ہمارا ہے وہ سب اللہ کا ہے اور اللہ کے رسول کا ہے۔ جل جلالہ وصلی اللہ علیہ وسلم۔

الطبرانی و ثلاثیات معجمه الصغیر .

حدثنا :عبید اللّٰہ بن رماحس القیسی بزیادۃ الرملة سنه أربع وسبعین ومائتین حدثنا أبو عمرو زیادۃ بن طارق و کان قد أتت علیه عشرون و مائة سنة قال سمعت أبا جرول زهیر بن صرد الجشمي یقول فذکره .

(1) أخرجه الطبراني في الكبير ٥/٢٦٩(٥٣٠٣)،وفي الأوسط ٥/٢٥ (٣٦٣٠)،وفي الصغير ١/٣٩٣(٢٦٩) ،والخطيب في تاريخه ٧/١٠٦، وابن عبد البر في الاستيعاب ١/٥٣في ترجمة أبو صرد الجشمي ،وابن عساكر في أربعون حديثا ٩١. ٩٢، والعسقلاني في الأربعين المتباينة السماع ٣٨. ٣٩.

قال الهيثمي في مجمع الزوائد ٦/١٨٧رواه الطبراني في الثلاثة و فيه من لم أعرفهم .

قال الحافظ في الفتح ٨/٣٣،باب :قول اللّٰه تعالى و يوم حنين اذ اعجبتكم كثرتكم ...إلخ وقد وقع لنا عاليا جدا في المعجم الصغير عشارى ا لإسناد ومن بين الطبراني له و زهير لا يعرف لكن يقوي حديثه بالمتابعة المذكورة فهو حسن وقد بسطت القول فيه الأربعين المتباينة و في الأمالي وفي الصحابة و في العشرة العشارية و بينت وهم من زعم أن الإسناد منقطع و اللّٰه الموفق .

قال السيوطي في تدريب الراوي ٢/١٤٣هذا حديث حسن غريب .

قلت:ورواه الطبراني في الكبير ٥/٢٦٩. ٢٧٠(٥٣٠٤) من طريق محمد بن إسحاق عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده أن وفد هوازن لما أتوا رسول اللّٰه ﷺ بالجعرانة ... وفيه :فقال رسول اللّٰه ﷺ أبناؤكم و نساؤكم احب اليكم او اموالكم قالوا : = =

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فضل کی اُمید

حدیث (80=20):

کہ اسود مسعود ثقفی رضی اللہ علیہ نے حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی:

أَنْتَ الرَّسُوْلُ الَّذِيْ تُرْجٰى فَوَاضِلُهٗ
عِنْدَ الْقُحُوطِ إِذَا مَا أَخْطَأَ الْمَطَرُ

حضور وہ رسول ہیں کہ حضور کے فضل کی امید کی جاتی ہے۔ قحط کے وقت کی امید کی

= = يا رسول الله ﷺ خيرتنا بين أموالنا ونسائنا بل ترد علينا أموالنا ونساءنا فقال أما ما كان لي و لبني عبد المطلب فهو لكم فاذا صليت الظهر بالناس فقوموا فقولوا انا نستشفع برسول الله ﷺ إلى المسلمين و بالمسلمين إلى رسول الله ﷺ في أبنائنا و نسائنا فساعطيكم عند ذلك وأسأل لكم فلما صلى رسول الله ﷺ بالناس الظهر قاموا فكلموه بما أمرهم رسول الله ﷺ فقال رسول الله ﷺ أما ما كان لي و لبني عبد المطلب فهو لكم وقال المهاجرون ما كان لنا فهو لرسول الله ﷺ وقالت الأنصار مثل ذلك ... إلخ .وقال الهيثمي في المجمع ١٨٧/٦:رواه الطبراني وفيه ابن إسحاق وهو مدلس ولكنه ثقة وبقية رجاله ثقات .

قلت:وفي سند ابي بكر عبد الله بن محمد القرشي في مكارم الأخلاق ١٢٦(٣٨٣) قال ابن إسحاق :حدثني عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده عبد الله بن عمرو ... إلخ .

ولفظ الحديث "و ما كان لنا فهو لرسول الله ﷺ" أخرجه أحمد في مسنده ١٨٣/٢(٦٧٢٩) ،و٢١٨/٢(٧٠٣٧)،والشافعي في الأم ٥٥٣/٧،والنسائي في السنن (٣٦٨٨)،وفي الكبرى ١٢٠/٣(٦٥١٥)والبيهقي في السنن الكبرى ٣٣٦/٦ (١٢٧٤٢)،و٧٥/٩ (١٧٨٥٣)، وابن سعد في الطبقات ١٥٣/٢، كلهم من طريق عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده .

جاتی ہے قحط کے وقت جب مینہ خطا کرے۔

عمر بن شبة من طريق عامر الشعبی، ذكره الحافظ في الإصابة، وقال: ذكره ابن فتحون في الذيل (1).

حديث ‹81=21›:

ایک اعرابی نے خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کی:

أَتَيْنَاكَ وَالْعَذْرَاءُ يَدْمِي لِبَانُهَا
وَقَدْ شُغِلَتْ أُمُّ الصَّبِيِّ عَنِ الطِّفْلِ
وَأَلْقَى بِكَفَّيْهِ الصَّبِيُّ اسْتِكَانَةً
مِنَ الْجُوْعِ ضُعْفًا مَا يُمِرُّ وَلَا يُحْلِي
وَلَاشَيْءَ مِمَّا يَأْكُلُ النَّاسُ عِنْدَنَا
سِوَى الْحَنْظَلِ الْعَامِيِّ وَالْعِلْهِزِ الْفَسْلِ
وَلَيْسَ لَنَا إِلَّا إِلَيْكَ فِرَارُنَا
وَأَيْنَ فِرَارُ النَّاسِ إِلَّا إِلَى الرُّسُلِ

ہم در دولت پر شدت قحط کی ایسی حالت میں حاضر ہوئے کہ جو کواری لڑکیاں ہیں۔ جنہیں اُن کے والدین بہت عزیز رکھتے تھے ناداری کے باعث خادمہ رکھنے کی طاقت نہیں کام کاج کرتے کرتے ان کے سینے شق ہو گئے) اُن کی چھاتی سے خون بہ رہا ہے۔ مائیں بچوں کو بھول گئی ہیں جوان قوی کو اگر کوئی لڑکی دونوں ہاتھوں سے دھکا دے تو ضعف گرسنگی سے عاجزانہ زمین پر ایسا گر پڑتا ہے کہ منہ سے کڑوی میٹھی کوئی بات نہیں نکلتی اور ہمارا حضور کے سوا کون ہے،

(1)(ذكره الحافظ في الإصابة ۱/ ۲۲۸، وفي نسخة ۱/۷۷)

جس کے پاس مصیبت میں بھاگ کر جائیں اور خود مخلوق کو جائے پناہ ہے ہی کہاں مگر رسولوں کی بارگاہ میں صلی اللہ علیہ وسلم۔

یہ فریاد سن کر حضور رحمت عالم ﷺ فوراً بہ نہایت عجلت منبر اطہر پر جلوہ فرما ہوئے اور دونوں دستِ مبارک بلند فرما کر اپنے رب عزوجل سے پانی مانگا ابھی وہ پاک مبارک ہاتھ جھک کر گلوئے پرنور تک نہ آئے تھے آسمان اپنی بجلیوں کے ساتھ اُمڈا اور بیرون شہر کے لوگ فریاد کرتے آئے کہ یا رسول اللہ ہم ڈوبے جاتے ہیں۔

حضور نے فرمایا: "اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا" اے اللہ عزوجل! ہمارے گرد برسا ہم پر نہ برسا۔ فوراً ابر مدینے پر سے کھل گیا آس پاس گھر اتھا اور مدینہ طیبہ پر سے کھلا ہوا یہ ملاحظہ فرما کر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے خندۂ دنداں نما کیا اور فرمایا اللہ کیلئے ہے خوبی، ابو طالب اس وقت وہ زندہ ہوتا تو اُس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوتیں کون ہے جو ہمیں اس کے اشعار سنائے مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ نے عرض کی یا رسول اللہ شاید حضور یہ اشعار سننا چاہتے ہیں جو ابو طالب نے نعت اقدس میں عرض کئے تھے کہ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم یتیموں کے جائے پناہ بیواؤں کے نگہبان ہیں

وَاَبْيَضَ يُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهٖ
ثِمَالَ[ربیع] الْيَتَامٰى عِصْمَةً لِّلْاَرَامِلِ
يَلُوْذُ بِهِ الْهُلَّالُ[الهلاك] مِنْ اٰلِ هَاشِمٍ
فَهُمْ عِنْدَهٗ فِيْ نِعْمَةٍ وَّفَوَاضِلِ

وہ گورے رنگ والے کہ ان کے منہ کے صدقے ابر کا پانی مانگا جاتا ہے یتیموں کے جائے پناہ بیواؤں کے نگہبان بنی ہاشم (جیسے غیور لوگ) تباہی کے وقت اُن کی پناہ میں آتے ہیں

ان کے پاس ان کی نعمت وفضل میں بسر کرتے ہیں۔

حضوراقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "أَجَلْ ذَالِكَ أَرَدْتُ" ہاں یہی نظم ہمیں مقصود تھی۔

صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَقَانَا بِجَاهِهِ عِنْدَهُ الْغَيْثُ النَّافِعُ الْأَكَمُّ الْأَعَمُّ آمین.

البيهقي في الدلائل بسند صالح كما أفاده حافظ الشان العسقلاني والديلمي في مسند الفردوس كلاهما عن أنس رضي الله عنه (۱).

یہ حدیث نفیس بحمد اللہ تعالیٰ اوّل تا آخر شفائے مومنین وشقائے منافقین ہے اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پسند فرمودہ اشعار میں یہ الفاظ خاص ہمارے مقصود رسالہ ہیں کہ حضور کے سوا ہمارا کوئی نہیں جس کے پاس مصیبت میں بھاگ کر جائیں خلق کیلئے جائے پناہ نہیں سوا بارگاہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والثناء کے وہ گورے رنگ والا پیارا جس کے چاند سے منہ کے صدقے میں مینہ اُترتا ہے وہ یتیموں کا حافظ وہ بیواؤں کا نگہبان وہ ملجا وماوا کہ بڑے بڑے تباہی کے وقت ان کی پناہ میں آکر اُس کی نعمت اُس کے فضل سے چین کرتے ہیں۔

صلى الله عليه وعلى اله وبارك وسلم.

---

(1)(أخرجه البيهقي في الدلائل ۱۴۱/۶،وأبو نعيم في الدلائل ۱۸۴/۱(۲۳۸)، والماوردي في أعلام النبوة ۱۳۲/۱،وابن عدي في الكامل ۲۰۸/۳.۲۰۹،في ترجمة : سعيد بن خثيم بن هلال، والطبراني في الدعاء ۵۹۷/۱(۲۱۸۰) وفي الأحاديث الطوال ۲۴۲.۲۴۳،وابن عبد البر في التمهيد ۶۳/۲۲.۶۴.۶۵،وفي ا لاستذكار ۴۳۲/۲، ۴۳۳، وذكره المتقي الهندي في كنز العمال (۲۳۵۴۹) وعزاه إلى الديلمي.

وقال الحافظ في الفتح ۴۹۵/۲، باب سؤال الناس ا لإمام الإستسقاء اذا قحطوا : وإسناد حديث أنس وإن كان فيه ضعف لكنه يصلح للمتابعة وقد ذكره بن هشام في زوائد في السيرة تعليقا[۱۱/۲، و ۲۹۴/۳] عمن يثق به ...

حدیث (82=22):

کہ جعرانہ کے اموال غنیمت حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش ودیگر اقوام عرب کو عطا فرمائے اور انصار کرام نے اس میں سے کوئی شے نہ پائی انھیں (اس خیال سے کہ شاید حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو ہم پر اب وہ نظر توجہ وکرم نہ رہی شاید اب اپنی قوم قریش کی طرف زیادہ التفات فرمائی بمقتضائے سنت عشاق کہ دوسروں پر لطف محبوب زائد دیکھ کر رنجیدہ وکبیدہ ہوتے ہیں) ملال گزرا یہاں تک کہ بعض کی زبان پر بعض کلمات شکایت آمیز آئے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے سنا خاطر انور پر ناگوار گزرا انھیں جمع کر کے ارشاد فرمایا:

أَلَمْ أَجِدْكُمْ ضَلَالًا فَهَدَاكُمُ اللّٰهُ فَجَعَلُوْا يَقُوْلُوْنَ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ غَضَبِ اللّٰهِ وَغَضَبِ رَسُوْلِهٖ يَامَعْشَرَ الْأَنْصَارِ أَلَمْ أَجِدْكُمْ عَالَةً فَأَغْنَاكُمُ اللّٰهُ. (1)	کیا میں نے تمھیں (نہ پایا) گمراہ پس اللہ عزوجل نے تمھیں راہ دکھائی کیا میں نے تمھیں نہ پایا محتاج اللہ عزوجل نے تمھیں تونگری دی۔

اور صحیح بخاری وصحیح مسلم ومسند امام احمد میں یوں ہے:

يَامَعْشَرَ الْأَنْصَارِ أَلَمْ أَجِدْكُمْ ضَلَالًا فَهَدَاكُمُ اللّٰهُ بِيْ وَكُنْتُمْ مُتَفَرِّقِيْنَ فَأَلَّفَكُمْ بِيْ وَكُنْتُمْ عَالَةً فَأَغْنَاكُمُ اللّٰهُ بِيْ.	اے گروہ انصار! کیا میں نے نہ پایا تمھیں گمراہ پس اللہ عزوجل نے تمھیں میرے ذریعے سے ہدایت کی اور تمھارے آپس میں پھوٹ تھی اللہ نے میرے وسیلہ سے تم میں موافقت کر دی اور تم محتاج تھے اللہ عزوجل نے میرے واسطے سے تمھیں تونگری بخشی۔

---

(1) اخرجه ابن أبي شيبة في المصنف ٨ /٥٥٣، وفي نسخة ٧/٤١٨(٣٦٩٩٧)

رواه عن عبد الله بن زيد بن عاصم ونحوه لاحمد عن أنس وله ولعبد بن حميد والضياء عن أبي سعيد رضي الله عنهم .(1)

انصار کرام ہر کلمے پر عرض کرتے جاتے تھے:

نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ غَضَبِ اللّٰهِ وَمِنْ غَضَبِ رَسُوْلِهٖ . (جل جلالہ وصلی اللہ علیہ وسلم) — ہم اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔ اللہ کے غضب اور رسول اللہ کے غضب سے۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اَلَا تُجِیْبُوْنَنِیْ" (احمد) جواب کیوں نہیں دیتے مجھے،

انصار نے عرض کی:

اللہ ورسول [جل جلالہ و ﷺ] کا فضل بڑا ہے

اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَمَنُّ وَاَفْضَلُ — اللہ اور رسول کا احسان زائد ہے اور اللہ

---

(1) (عن عبد الله بن زيد بن عاصم رواه البخاري في الصحيح (۴۰۷۵) باب غزوة الطائف ، ومسلم في الصحيح ۱/۳۳۹(۱۰۶۱)، وابن أبي شيبة في المصنف ۷/۴۲۰ (۳۷۰۰۱)، واحمد في مسنده ۴/۴۲، والبغوي في شرح السنة ۱۴/۳۴ ، والروياني في مسنده ۲/۱۸۳ (۱۰۱۳)، والبيهقي في السنن الكبرى ۶/۳۳۹ (۱۲۷۴۳).

عن ابي سعيد الخدري رواه أحمد في مسنده ۳/۷۶(۱۱۷۴۸)، وأبو عبد الله الدقاق في مجلس رؤية الله ۳۳۷(۷۸۳)، وابن بشران في أماليه ۳۳۷، والبغوي في شرح السنة ۱۴/ ۱۷۵(۳۹۷۵)، وذكره المتقي في كنز العمال(۳۳۷۹۴)وعزاه إلى عبد بن حميد.

عن أنس رواه أحمد في مسنده ۳/۲۵۳(۱۳۶۸۰)، وفي فضائل الصحابة ۲/۸۰۰ (۱۴۳۵)، والنسائي في السنن الكبرى ۵/۹۱(۸۳۴۷)، وفي فضائل الصحابة ۷۲ (۲۴۲)، وابن أبي حاتم في تفسيره ۳/۷۲۵(۳۹۴۸)، وابن قدامة في التوابين ۱۴۸، ۱۴۹(۵۳) .

ورسول کا فضل بڑا ہے۔

حضور نے فرمایا: تم جواب چاہو تو جواب دے سکتے ہو انصار کرام روئے اور بار بار عرض کرنے لگے :

اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَمَنُّ اَفْضَلُ .(1) — اللہ ورسول کا احسان زائد ہے اللہ ورسول کا فضل بڑا ہے۔

ابوبكر بن أبي شيبة في مصنفه عن أبي سعيد الخدري رضي اللّٰه تعالى عنه.

تین حدیثیں کہ زمین کے مالک اللہ اور رسول [جل جلالہ و ﷺ] ہیں

حدیث (23=83): کہ فرماتے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم :

مَوْتَانُ الْاَرْضِ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ .(2) — جو زمین کسی کی ملک نہیں وہ اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کی ہے۔

البيهقي في الشعب عن ابن عباس رضي اللّٰه تعالى عنهما موصولا.

---

(1) أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف ۸ / ۵۵۳، وفي نسخة ۷/۳۱۸(۳۲۹۹۷)،
وأحمد في مسنده ۳/۷۶(۱۱۷۳۸) .
قلت ولفظ الحديث " الله ورسوله أمن ". أيضا في رواية عبد الله بن زيد بن عاصم .رواه بهذا اللفظ ، البخاري في الصحيح (۴۳۳۰) ومسلم في الصحيح (۱۰۶۱) و أحمد في مسنده ۴/۴۲(۱۶۵۱۷) والروياني في مسنده ۲/۱۸۳(۱۰۱۳) وابن بشكوال في الدليل على جزء بقي بن مخلد ۱/۳۴(۷۲) وابن حزم في المحلى ۹/۲۴۰ والبيهقي في السنن الكبرى ۶/۳۳۹، والبغوي في تفسيره، التوبة ۲۵ وغيرهم .

(2) أخرجه يحيى بن آدم في الخراج ۱/۳۰(۲۶۱) والبيهقي في السنن الكبرى ۶/۱۴۳(۱۱۵۲۲) والهروي في غريب الحديث ۲/۸۶ ، والجزري = = =

حدیث (84=24):

کہ فرماتے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم:

عَادِيُّ الْأَرْضِ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ .(1)　　　قدیم زمینیں اللہ ورسول کی ملک ہیں۔

هو فيها عن طاوس مرسلا .

اقول: بن جنگل پہاڑوں اور شہروں کی اُفتادہ زمینوں کی تخصیص اس لئے فرمائی کہ ان پرظاہری ملک بھی کسی کی نہیں یہ ہر طرح خالص ملک خدا اور رسول ہیں جل جلالہٗ وصلی اللہ علیہ وسلم ورنہ محلوں احاطوں گھروں مکانوں کی زمینیں بھی سب اللہ ورسول ہی کی ملک ہیں۔

اگرچہ ظاہری نام من وتو کا لگا ہوا ہے، زبور شریف سے رب العزۃ کا ارشاد سن ہی چکے کہ احمد مالک ہوساری زمین اور تمام امتوں کی گردنوں کا صلی اللہ علیہ وسلم تو یہ تخصیص مانی ایسی ہے جیسے آیہ کریمہ ﴿وَالْأَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ﴾ (2) میں تخصیص زمانی کہ حکم اُس دن اللہ کیلئے ہے، حالانکہ ہمیشہ اللہ ہی کا ہے مگر وہ دن روز ظہور حقیقت وانقطاع ادّعا ہے۔

= = في النهاية ٣/٣٧٠ ،والبستي في إصلاح غلط المحدثين ١٥٦(٣٦) وأبو أحمد العسكري في تصحيفات المحدثين ٢٢٧.

وقال ابن الملقن في خلاصة البدر المنير ٢/١١٠(٢٢٩٣):تفرد به معاوية بن هشام مرفوعا، موصولا ،قلت :هو صدوق و هو رجال الصحيح .

(1) (أخرجه البيهقي في السنن الكبرى ٧ /١٤٣(١١٥٧٣) ،وفي الصغرى ١/٢٩٣، ويحيى بن آدم في الخراج ٩٣. ٩٤(٢٦٩. ٢٧٠)، وأبو عبيد في الأموال ٣٢٧(٦٧٦) ،وابن الجوزي في التحقيق ٢/٢٢٣(١٥٠٠) ، من طريق سعيد بن منصور ، وذكره ابن قدامة في المغني ٥/٣٢٩ ، وعزاه إلى سعيد بن منصور في سننه ،ورواه البيهقي كذلك موقوفا على ابن عباس رضي الله تعالى عنهما : (١١٥٦٥)

(2) [الإنفطار ١٩]

لاجرم صحیح بخاری شریف کی حدیث نے ساری زمین بلاتخصیص اللہ ورسول کی ملک بتائی وہ کہاں وہ
اس حدیث آئندہ میں۔

حدیث (85=25):

فرماتے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم:

اِعْلَمُوْا اَنَّ الْاَرْضَ لِلّٰہِ وَلِرَسُوْلِہٖ.(1) یقین جان لو کہ زمین کے مالک اللہ ورسول ہیں۔جل وعلا وصلی اللہ علیہ وسلم.

البخاري في الجهاد من جامع الصحيح، باب: إخراج اليهود من جزيرة العرب ، عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه .

نبی[مکرم] صلی اللہ علیہ وسلم تمام آدمیوں کے مالک ہیں

حدیث (86=26):

اعشی مازنی رضی اللہ عنہ خدمت اقدس میں اپنے بعض اقارب کی ایک فریاد لے کر حاضر ہوئے اور اپنی منظوم عرضی مسامع قدسیہ پر عرض کی جس کی ابتدا اس مصرع سے تھی:

یا مَالِكَ النَّاسِ وَدَیَّانَ الْعَرَبِ.(2) اے تمام آدمیوں کے مالک! اے عرب کے جزا وسزا دینے والے۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی فریاد سن کر شکایت رفع فرمادی۔(الإمام أحمد)

---

(1)أخرجه البخاري في الصحيح ۱/۴۴۹ ، باب: إخراج اليهود من جزيرة العرب، و ۲/۱۳۷۸ ومسلم في الصحيح (۱۷۶۵)، وأحمد في مسنده ۲/۴۵۱(۹۸۲۵) ، وأبوداود في السنن ۲/۱۲(۳۰۰۳)، والنسائي في السنن الكبرى ۵ /۲۴۰ والبيهقي في السنن الكبرى ۹ /۲۰۷ والطحاوي في شرح مشكل الآثار ۹/۵۷ والدارقطني في العلل ۱۰/۲۸۰. وغيرهم.

(2)أخرجه أحمد في مسنده ۲/ ۴۰۲ (۸۸۸۵) والطحاوي في شرح معاني الآثار ۳/۲۹۹

حدثنا محمد بن أبي بكر المقدمي ثنا أبو معشر البراء حدثني صدقة بن طيسلة حدثني معن بن ثعلبة المازني والحي بعد قال حدثني الأعشى المازني رضي الله عنه قال أتيت النبي صلى الله عليه وسلم فأنشدته :يامالك الناس وديان العرب....الحديث

رواه الإمام الأجل أبوجعفر الطحاوي في معاني الآثار بحدثنا ابن أبي داود قال ثنا المقدمي قال ثنا أبو معشر البراء إلى آخره نحوه سندًا ومتنًا.

ورواه عبد الله ابن الإمام في زوائد مسنده من طريق عوف بن كهمس بن الحسن عن صدقة بن طيسلة حدثني معن بن ثعلبة المازني والحي بعده قالوا

= = (١٥٠٧)،وفي شرح مشكل الآثار ٣/ ٢٩٩، وأبو يعلى في مسنده ١٢/٢٨٧، (٦٨٧١)،والبزار في مسنده كما في كشف ا لإسعار عن زوائد البزار٣/٧ ،والبيهقي في السنن الكبرى ١٠/٢٣٠(٢٠٩٠٣)،والشيباني في الآحاد والمثاني ٥/١٢٧(٢٧١١) و٥/٢٩١ (٢٨٣٣)،وأبو نعيم في معرفة الصحابه ٣ /٢،وابن سعد في طبقات الكبرى ٧/٥٣،والبخاري في تاريخ الكبير ٢/٦١، في ترجمة :أعشى المازني، وابن حبان في الثقات٢/٣١، في ترجمة :أعشى المازني، وابن عبد البر في ا لإستيعاب ١/٣٣في ترجمة :أعشى المازني ، وابن أبي حاتم في الجرح والتعديل ٥/٩٠،في ترجمة عبد الله بن عبد الله الأعشى المازني ،وابن قانع في معجم الصحابة ١/٦٦، وابن أبي الدنيا في الاشراف في منازل الأشراف ٢٩٦ (٣١٠)،وأبو محمد المقدسي في الأحاديث الشعر٦٩(٣٣).

وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ٢/١٠٧(٣١٧٧) رواه عبد الله بن احمد، ورجاله ثقات، وفي الموضع الثاني٨/٢٣٣(١٣٣٣١) :رواه عبد الله بن أحمد والطبراني وأبو يعلى والبزار وقال ان إسم الأعشى عبد الله بن الأعور، ورجالهم ثقات .

حدثنا الأعشى رضي الله عنه فذكره .(1)

قلت:و إليه أعني عبدالله عزاه حافظ الشان فى الاصابة أنه رواه فى الزوائد والعبد الضعيف غفر الله تعالى له قد راه في المسند نفسه أيضا كما سمعت والله الحمد.

ورواه البغوى وابن السكن وابن أبى عاصم كلهم من طريق الجنيد بن أمين بن ذروة بن نضلة بن طريف بن نهصل الحرمازي عن أبيه عن جده نضلة.(2)

ولفظ البغوي عنه حدثني أبي أمين حدثني أبي ذروه عن أبي نضلة عن رجل منهم يقال له الأعشى واسمه عبد الله ابن الأعور رضي الله عنه فذكر القصة.

وفيه فخرج حتى أتى النبي صلى الله عليه وسلم تعاذ به وانشا يقول ....

يامالك الناس وديان العرب... الحديث .(2)

☆ یہ حدیث جلیل اتنے ائمہ کبار نے باسانید متعددہ روایت کی اور طریق اخیر میں یہ لفظ ہیں کہ اعشیٰ رضی اللہ عنہ نے صلی اللہ علیہ وسلم کی پناہ لی اور عرض کی کہ اے مالک آدمیاں والی جزادہندۂ عرب " صلى الله تعالى عليك وبارك وسلم "۔

حديث (87=27):

حارث بن عوف مزنی رضی اللہ عنہ نے حاضر خدمت ہوکر عرض کی:

اِبْعَثْ مَعِيَ مَنْ يَدْعُوَ إِلٰى دِيْنِكَ فَاَنَا میرے ساتھ کسی شخص کو حضور ارسال فرمائیں

---

(1)(ذكره الحافظ في الإصابة ۴/۹)

(2) (ذكره الحافظ في الإصابة ۶/۴۳۲ في ترجمة :نضلة بن طريف بن نهصل الحرمازي) .

لَهٗ جَارٌ. جو میری قوم کو حضور کے دین کی طرف دعوت کرے اور وہ میری پناہ میں ہوگا۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک انصاری رضی اللہ عنہ کو ساتھ کر دیا حارث رضی اللہ عنہ کے کنبے والوں نے عہد شکنی کر کے انہیں شہید کر دیا۔

حسان بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ نے اس بارے میں اشعار کہے از انجملہ یہ شعر:

يَا حَارِ مَنْ يَّغْدِرْ بِذِمَّةِ جَارِهٖ
مِنْكُمْ فَإِنَّ مُحَمَّدًا لَا يَغْدِرُ

اے حارث! جو کوئی تم میں اپنا پناہ دیئے ہوئے کے عہد سے بے وفائی کرے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم جسے پناہ دیتے ہیں وہ سچی پناہ ہوتی ہے۔

فَجَاءَ الْحَارِثُ فَاعْتَذَرَ وَوَدِيَ الْأَنْصَارِيَّ وَقَالَ يَا مُحَمَّدُ إِنِّيْ عَائِذٌ بِكَ مِنْ لِّسَانِ حَسَّانٍ.(1)

حارث رضی اللہ عنہ نے حاضر ہو کر عذر کیا اور انصاری شہید کی دیت دی اور حضور سے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ میں حضور کی پناہ مانگتا ہوں حسان کی زبان سے۔

الزبير بن بكار حدثني عمي مصعب ان الحارث بن عوف أتى النبي صلى الله عليه وسلم فذكره .[قلت:وله شاهد، عن أبي هريرة ، كشف الأستار (١٧٠٥)]

حديث (88=28):

صحیح مسلم شریف میں حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ سے ہے:

أَنَّهٗ كَانَ يَضْرِبُ غُلَامَهٗ فَجَعَلَ يَقُوْلُ یعنی وہ اپنے غلام کو مار رہے تھے غلام نے کہا

(1)(أخرجه الأصبهاني في الأغاني ٦/٣من طريق الزبير به بنوله وقال يا محمد ﷺ انا عائذ بك من شره فلو مزج البحر بشعره ، وذكره الحافظ في الإصابة ١/٥٩٠في ترجمة الحارث بن عوف .

تعوذ باللہ قال فجعل یضربہ فقال تعوذ برسول اللہ فترکہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: واللہ للہ اقدر علیک منک علیہ، قال: فاعتقہ. (1)

کہنا شروع کیا اللہ کی دوہائی اللہ کی دوہائی انہوں نے ہاتھ نہ روکا غلام نے کہا رسول اللہ کی دوہائی فورا چھوڑ دیا حضور سید عالم ﷺ نے فرمایا خدا کی قسم بیشک اللہ تجھ پر اس سے زیادہ قادر ہے۔ جتنا تو اس غلام پر انہوں نے غلام کو آزاد کردیا۔

الحمد للہ! اس حدیث صحیح کے تیور دیکھئے حیا ہو تو وہابیت کو ڈوب مرنے کی بھی جگہ نہیں یہ حدیث تو خدا جانے بیمار دلوں پر کیا کیا قیامتیں توڑے گی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دوہائی دینا ہی اُن کی دوہائی مچانے کو بہت تھی نہ کہ وہ بھی یوں کہ سیدنا ابو مسعود بدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اللہ عزوجل کی دوہائی دیتا رہا میں نے نہ چھوڑا جب نبی ﷺ کی دوہائی دی فورا چھوڑ دیا۔ علماء فرماتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دوہائی سن کر حضور کی عظمت دل پر چھائی ہاتھ روک لیا۔

---

(1) اخرجه مسلم في الصحيح (۱۶۵۹)، في كتاب الأيمان.

قلت وفي الباب عن عائشة رضي الله عنها:

اخرجه الامام احمد في مسنده ۲۷۷/۶ (۲۶۳۰۹) بلفظ: قالت بعثت صفية إلى رسول الله ﷺ بطعام قد صنعته له وهو عندي فلما رأيت الجارية أخذتني رعدة حتى استقلني أفكل فضربت القصعة فرميت بها قالت فنظر إلى رسول الله ﷺ فعرفت الغضب في وجهه فقلت أعوذ برسول الله ﷺ ان يلعنني اليوم قالت قال أولى قالت قلت وما كفارته يا رسول الله ﷺ قال طعام كطعامها وإناء كانائها.

قال الهيثمي في المجمع ۵۸۹/۴ (۷۲۹۴) رواه أحمد ورجاله ثقات.

قلت هذا حديث حسن.

= = =

وعن عائشة رضي الله تعالى عنها قالت: اشتريت نمرقتين فحشوتهما فجاء النبي ﷺ فلما رآهما أبى أن يدخل ،قالت: فعرفت الغضب في وجهه ،قالت قلت: أعوذ بالله ورسوله ما أذنبت؟ قال: ما هاتان النمرقتان ،قالت: قلت: اشتريتهما لتجلس عليهما، قال: ان الملائكة لا تدخل بيتا فيه صورة ،قالت: فما دخل حتى أخرجتهما .

(الفوائد الشهير بالغيلانيات لأبي بكر الشافعي ١/٢٨٣(٢٢٨) وانظر برقم (٩٣) .

قلت: رجاله كلهم ثقات ،عدا الحسين بن عبد الله بن شاكر السمرقندي ،ذكره الحافظ في لسان الميزان ٣/١٧٥،١٧٦، وقال وثقه الادريسي وضعفه الدارقطني ...قال الادريسي: كان فاضلا ثقة ،كثير الحديث ، حسن الرواية ...

وعن علي رضي الله تعالى عنه: قال: خرجت أنا ورسول الله ﷺ من منزل رجل من الأنصار عشية ، فاذا رجل يضرب غلاما له والغلام يقول: أعوذ بالله ،أعوذ بالله ، كل ذلك لا يكف عنه سيده قال: فلما نظر الى رسول الله ﷺ قال: أعوذ برسول الله فكف عنه الرجل ، فقال رسول الله ﷺ: ألم تعلم أن عائذ الله أحق أن يجار ، ثم قال رسول الله ﷺ: أرقاكم أرقاكم فانهم لم ينجروا من شجرة ، ولم ينحتوا من جبل أطعموهم مما تأكلون واسقوهم مما تشربون واكسوهم مما تلبسون .

(أخرجه زيد في مسنده ٣٣٧، ٣٣٨) قلت: رجاله ثقات .

عن سعيد البختري أنه كان يضرب غلاما له ، فجعل يعوذ بالله فمر به رسول الله ﷺ فقال: أعوذ برسول الله ، فتركه ، فقال رسول الله ﷺ: عاذ بالله فلم تتركه ، وعاذ بي فتركته ، الله أحق لعائذه قال: فاني أشهدك أنه حر لوجه الله ، قال: فلو لم تفعل لسفع وجهك النار .

(أخرجه أبو نعيم في معرفة الصحابة ٢/٣٣٩(٣٣٩٣).

قلت: فيه يحيى بن سلمة بن كهيل وهو متروك .

[تر]ان: یعنی پہلی بات ایک معمولی ہو جانے سے ایسی موثر نہ ہوئی انسان کا قاعدہ ہے کہ جس [بات] کا محاورہ کم ہوتا ہے اُس کا اثر زیادہ پڑتا ہے ورنہ نبی ﷺ کی دوہائی بعینہٖ اللہ عزوجل کی دوہائی [ہے] اور نبی ﷺ کی عظمت اللہ عزوجل ہی کی عظمت سے ناشی ہے۔

[بح]مد اللہ! حدیث کے یہ معنی ہیں اگرچہ وہابیہ کے طور پر تو اُس کا درجہ شرک سے بھی کچھ آگے [بڑ]ھا ہوا ہے۔

[حد]یث (29=89):

[اس]ی مضمون عبدالرزاق نے اپنی مصنف میں امام حسن بصری رضی اللہ عنہ سے روایت کیا:

[ق]الَ بَيْنَا رَجُلٌ يَضْرِبُ غُلَامًا لَهُ وَهُوَ [يَقُ]وْلُ أَعُوْذُ إِذْ بَصُرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی [اللّٰ]ه علیه وسلم فَقَالَ أَعُوْذُ بِرَسُوْلِ [ال]لّٰهِ فَأَلْقٰى مَا كَانَ بِيَدِهٖ وَخَلّٰى عَنِ [الْعَبْ]دِ فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم [أَمَ]ا وَاللّٰهِ لِلّٰهِ أَحَقُّ أَنْ يُّعَاذَ مَنِ اسْتَعَاذَ [بِ]نِيْ فَقَالَ الرَّجُلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَهُوَ [حُرٌّ لِ]وَجْهِ اللّٰهِ.(1)

یعنی ایک صاحب اپنے کسی غلام کو مار رہے تھے اور وہ کہہ رہا تھا کہ اللہ کی دوہائی اتنے میں غلام نے حضور سید عالم ﷺ کو تشریف لاتے دیکھا۔ اب کہا رسول اللہ کی دوہائی فوراً ان صاحب نے کوڑا ہاتھ سے ڈال دیا اور غلام کو چھوڑ دیا۔ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا سنتا ہے خدا کی قسم بے شک اللہ عزوجل مجھ سے زیادہ اس کا مستحق ہے کہ اس کی دوہائی دینے والے کو پناہ دی جائے۔ اُن صاحب نے عرض کی یارسول اللہ تو وہ اللہ کیلئے آزاد ہے۔

---

(1) اخرجه عبد الرزاق في المصنف ٩/٤٤٥(١٧٩٥٧) وفيه "... فألقى ما في يده الخ. وذكره المتقي في كنز العمال ٩/ ٢٠٣ (٢٥٦٧٢) لفظ له)

أقول: الحمد للہ! اس حدیث نے تو اور بھی پانی سر سے تیر کر دیا صاف تصریح فرمادی کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے غلام کی دونوں دوہائیاں بھی سنیں اور پہلی دوہائی پر اُن کا نہ رُکنا اور دوسری پر فوراً باز رہنا بھی ملاحظہ فرمایا مگر افسوس وہابیت کی ذلت و مردودیت کہ نہ تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اُس غلام سے فرماتے ہیں کہ تو مشرک ہو گیا اللہ کے سوا میری دوہائی دیتا ہے اور وہ بھی کس طرح کہ اللہ عزوجل کی دوہائی چھوڑ کر نہ آقا سے ارشاد کرتے ہیں کہ یہ کیسا شرک اکبر خدا کی دوہائی کی وہ بے پرواہی اور میری دوہائی پر یہ نظر ایک تو میری دوہائی مانی اور وہ بھی یوں کہ خدا کی دوہائی نہ مان کر افسوس آقا و غلام کو مشرک بنانا درکنار خود جو اُس پر نصیحت فرماتے ہیں وہ کس مزے کی بات ہے کہ اللہ مجھ سے زیادہ اس کا مستحق ہے دوہائی تو اپنی بھی قائم رکھی اور اپنی دوہائی دینے پر پناہ دینی بھی ثابت رکھی صرف اتنا ارشاد ہوا کہ خدا کی دوہائی زیادہ ماننے کے قابل تھی۔

الحمد للہ! کہ اللہ کے سچے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے دین وہابیہ کے جھوٹے قرآن تقویۃ الایمان کی کچھ قدر نہ فرمائی اُسے سخت ذلت پہنچائی جس میں اس کا امام لکھتا ہے "اوّل معنی شرک و توحید کے سمجھنا چاہیے، اکثر لوگ پیروں کو پیغمبروں کو اماموں کو شہیدوں کو فرشتوں اور پریوں کو مشکل کے وقت پکارتے ہیں اُن سے مرادیں مانگتے ہیں کوئی اپنے بیٹے کا نام عبدالنبی رکھتا ہے کوئی علی بخش کوئی غلام محی الدین کوئی مشکل کے وقت کسی کی دوہائی دیتا ہے غرض کہ جو کچھ ہندو اپنے بتوں سے کرتے ہیں وہ سب کچھ جھوٹے مسلمان انبیاء سے کر گزرتے ہیں اور دعویٰ مسلمانی کا کیے جاتے ہیں سچ فرمایا اللہ صاحب نے کہ نہیں مسلمان ہیں اکثر لوگ مگر کہ شرک کرتے ہیں"(1)

---

(1)(تقویۃ الایمان ۲۱۔ ۲۲، مختصراً.

ان دافع البلاء کے منکروں سے بھی اتنا پوچھ لیجئے کہ کسی کی پناہ یعنی اس کی دوہائی دینی دفع بلاء ہی کے لئے ہوتی ہے یا کچھ اور" ولکن الوھابیۃ قوم یعتدون".

حضور ﷺ کی پناہ لینے والے کو امان کا وعدہ

حدیث (90=30):

ابن ماجہ حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ سے راوی:

قَالَ كُنَّا جُلُوْسًا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ أَقْبَلَ بَعِيْرٌ يَعْدُوْ حَتّٰى وَقَفَ عَلٰى هَامَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّهَا الْبَعِيْرُ اُسْكُنْ فَإِنْ تَكُ صَادِقًا فَلَكَ صِدْقُكَ وَ إِنْ تَكُ كَاذِبًا فَعَلَيْكَ كِذْبُكَ مَعَ أَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَدْ أَمَّنَ عَائِذَنَا وَلَيْسَ بِخَائِبٍ لَائِذُنَا فَقُلْنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَا يَقُوْلُ هٰذَا الْبَعِيْرُ فَقَالَ هٰذَا بَعِيْرٌ قَدْ هَمَّ أَهْلُهٗ بِنَحْرِهٖ وَأَكْلِ لَحْمِهٖ فَهَرَبَ مِنْهُمْ وَاسْتَغَاثَ بِنَبِيِّكُمْ فَبَيْنَا نَحْنُ كَذٰلِكَ إِذْ أَقْبَلَ أَصْحَابُهٗ يَتَعَادُوْنَ فَلَمَّا نَظَرَ إِلَيْهِمُ الْبَعِيْرُ عَادَ

یعنی ہم خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوئے ناگاہ ایک اونٹ دوڑتا آیا یہاں تک کہ حضور کے سر مبارک کے قریب آ کر کھڑا ہوا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے اونٹ ٹھہر اگر تو سچا ہے تو تیرے سچ کا پھل تیرے لئے ہے اور جھوٹا ہے تو تیرے جھوٹ کا وبال تجھ پر ہے۔ اس کے ساتھ یہ بات بے شک کہ جو ہماری پناہ میں آئے اللہ تعالیٰ نے اس کیلئے اماں رکھی ہے اور جو ہمارے حضور التجا لائے وہ نامرادی سے بری ہے صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ یہ اونٹ کیا عرض کرتا ہے فرمایا اس کے مالکوں نے اسے حلال کر کے کھا لینا چاہا تھا یہ اُن کے پاس سے بھاگ آیا اور تمہارے

إِلٰى هَامَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ فَلَاذَ بِهَا فَقَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ
هٰذَا بَعِيْرُنَا هَرَبَ مُنْذُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ فَلَمْ
نَلْقَهُ اِلَّا بَيْنَ يَدَيْكَ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ
تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَا اِنَّهُ يَشْكُوْ اِلَيَّ
فَبِئْسَتِ الشِّكَايَةُ فَقَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ
مَا يَقُوْلُ قَالَ يَقُوْلُ اِنَّهُ رُبِّيَ فِيْ اَمْنِكُمْ
اَحْوَالًا وَكُنْتُمْ تَحْمِلُوْنَ عَلَيْهِ فِي
الصَّيْفِ اِلٰى مَوَاضِعِ الْكَلَاءِ فَاِذَا كَانَ
الشِّتَاءُ رَحَلْتُمْ اِلٰى مَوْضِعِ الدِّفْءِ فَلَمَّا
كَبُرَ اسْتَفْحَلْتُمُوْهُ فَرَزَقَكُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى
اِبِلًا سَائِمَةً فَلَمَّا اَدْرَكَتْهُ هٰذِهِ السَّنَةُ
الْخَصِيْبَةُ هَمَمْتُمْ بِنَحْرِهٖ وَاَكْلِ لَحْمِهٖ
فَقَالُوْا قَدْ وَاللّٰهِ كَانَ ذٰلِكَ يَارَسُوْلَ
اللّٰهِ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا هٰذَا
جَزَاءُ الْمَمْلُوْكِ الصَّالِحِ مِنْ مَوَالِيْهِ
فَقَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَاِنَّا لَا نَبِيْعُهُ وَلَا
نَنْحَرُهُ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
كَذَبْتُمْ قَدِ اسْتَغَاثَ بِكُمْ فَلَمْ تُغِيْثُوْهُ

نبی ﷺ کے حضور فریاد لایا ہم یوں بیٹھے کر
اتنے میں اس کے مالک لوگ دوڑتے آئے
اونٹ نے جب انہیں دیکھا پھر حضور اقدس
ﷺ کے سر انور کے پاس آگیا اور حضور کی پنا
ہ پکڑی اس کے مالکوں نے عرض کی یارسول
اللہ ہمارا اونٹ تین دن سے بھاگا ہوا ہے
آج حضور کے پاس ملا ہے حضور اقدس صلی
اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سنتے ہو اُس نے میرے
حضور نالش کی ہے اور بہت ہی بری نالش ہے
وہ بولے یارسول اللہ یہ کیا کہتا ہے فرمایا یہ کہتا
ہے کہ وہ برسوں تمہاری امان میں پلا گرمی میں
اُس پر اسباب لاد کر سبزہ ملنے کی جگہ تک
جاتے اور جاڑے میں گرم سیر مقام تک کوچ
کرتے جب وہ بڑا ہوا تم نے اُسے سانڈ بنا
لیا اللہ تعالیٰ نے اُس کے نطفے سے تمہارے
بہت اونٹ کر دیئے جو چرتے پھرتے ہیں
اب جو اُسے یہ شاداب برس آیا تم نے اُسے
ذبح کر کے کھا لینا چاہا، وہ بولے یارسول اللہ
خدا کی قسم یونہی ہوا حضور اقدس ﷺ نے فرمایا

وَاَنَا اَوْلٰی بِالرَّحْمَةِ مِنْكُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ
نَزَعَ الرَّحْمَةَ مِنْ قُلُوْبِ الْمُنَافِقِيْنَ وَ
اَسْكَنَهَا فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ فَاشْتَرَاهُ
عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ مِنْهُمْ بِمِائَةِ
دِرْهَمٍ وَقَالَ يَاۤاَيُّهَا الْبَعِيْرُ اِنْطَلِقْ فَاَنْتَ
حُرٌّ لِوَجْهِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَرَغٰى عَلٰى هَامَةِ
رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آمِيْنَ ثُمَّ
رَغٰى فَقَالَ آمِيْن ثُمَّ رَغٰى فَقَالَ آمِيْن
ثُمَّ رَغَى الرَّابِعَةَ فَبَكَى النَّبِيُّ فَقُلْنَا
يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَا يَقُوْلُ هٰذَا الْبَعِيْرُ قَالَ
قَالَ جَزَاكَ اللّٰهُ اَيُّهَا النَّبِيُّ عَنِ
الْاِسْلَامِ وَالْقُرْآنِ خَيْرًا فَقُلْتُ آمِيْنَ
ثُمَّ قَالَ سَكَّنَ اللّٰهُ رُعْبَ اُمَّتِكَ يَوْمَ
الْقِيٰمَةِ كَمَا سَكَّنْتَ رُعْبِيْ فَقُلْتُ
آمِيْنَ ثُمَّ قَالَ حَقَنَ اللّٰهُ دِمَاءَ اُمَّتِكَ
مِنْ اَعْدَائِهَا كَمَا حَقَنْتَ دَمِيْ فَقُلْتُ
آمِيْنَ ثُمَّ قَالَ لَا جَعَلَ اللّٰهُ بَأْسَهَا بَيْنَهَا
فَبَكَيْتُ فَاِنَّ هٰذَا الْخِصَالَ سَاَلْتُ رَبِّيْ

نیک مملوک کا بدلہ اُس کے مالکوں کی طرف
سے یہ نہیں ہے وہ بولے یارسول اللہ خدا کی
قسم یونہی ہوا حضوراقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا نیک مملوک کا بدلہ اُس کے مالکوں کی
طرف سے یہ نہیں ہے وہ بولے یارسول اللہ تو
ہم نہ اسے بیچیں گے نہ ذبح کریں گے فرمایا
غلط کہتے ہو اس نے تم سے فریاد کی تم اُس کی
فریاد کو نہ پہنچے اور میں تم سے زیادہ اس کا مستحق
ولائق ہوں کہ فریادی پر رحم فرماؤں اللہ
عزوجل نے منافقوں کے دلوں سے رحمت
نکال لی اور ایمان والوں کے دلوں میں رکھی
ہے پس حضوراقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ
اونٹ اُن سے سو درہم کو خرید لیا اور اُس سے
ارشاد فرمایا اے اونٹ چلا جا کہ اللہ عزوجل
کیلئے آزاد ہے یہ سن کر اُس نے سراقدس پر
اپنی بولی میں کچھ آواز کی حضوراقدس صلی اللہ
علیہ وسلم نے آمین کہی اُس نے دوبارہ آواز کی
حضور نے پھر آمین کہی اُس نے سہ بارہ آواز کی
حضور نے پھر آمین کہی اُس نے چوتھی بار کچھ

فَأَعْطَانِيهَا وَمَنَعَنِي هٰذِهٖ وَأَخْبَرَنِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ أَنَّ فَنَاءَ أُمَّتِي بِالسَّيْفِ جَرَى الْقَلَمُ بِمَا هُوَ كَائِنٌ كَذَا.

آواز کی اُس پر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے گریہ فرمایا صحابہ نے عرض کی یارسول اللہ یہ کیا کہتا ہے فرمایا اس نے کہا اے نبی اللہ عزوجل حضور کو اسلام وقرآن کی طرف سے بہتر جزا عطا فرمائے میں نے کہا آمین پھر اس نے کہا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن حضور کی امامت سے خوف دور کرے جس طرح حضور نے میرا خوف دور کیا میں نے کہا آمین پھر اس نے کہا اللہ جل وعلا حضور کی امت کے خون اُن کے دشمنوں کے ہاتھوں سے محفوظ رکھے (کہ کفار کبھی اُن کا استیصال نہ کرسکیں) جیسا حضور نے میرا خون بچایا میں نے کہا آمین پھر اُس نے کہا اللہ سبحانہ امت والا کی سختی اُن کے آپس میں نہ رکھے (باہمی خونریزی سے دور رہیں) اس پر میں نے گریہ فرمایا کہ سب مرادیں میں اپنے رب عزوجل سے مانگ چکا اور اُس نے مجھے عطا فرمادیں مگر یہ پچھلی منع فرمائی اور مجھے جبریل امین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے اللہ جل وعلاء کی

طرف سے خبر دی کہ میری امت کی فنا تلوار
سے ہے قلم چل چکا شدنی پر۔

اوردہ عازیا له الإمام الحافظ زكي الدين عبد العظيم المنذري رحمة الله عليه في كتاب الترغيب الترهيب. (1)

فقیر نے اس رسالہ میں بنظر اختصار اکثر احادیث کا خلاصہ لکھا یا صرف محل استدلال پر اقتصار کیا یہ حدیث نفیس کہ ایک اعلیٰ اعلام نبوت و معجزات جلیلہ حضرت رسالت علیہ وعلیٰ آلہ افضل الصلوٰۃ والتحیۃ سے تھی بتمام ذکر کرنی مناسب سمجھی یہاں موضع استنادوہ پیاری پیاری اسناد ہے کہ جو ہماری پناہ لے اللہ عزوجل اُسے امان دیتا ہے اور جو ہم سے التجا کرے نامراد نہیں رہتا۔ "اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ" اور خدا جانے دافع البلاء کس شے کا نام ہے۔

اللہ اور اللہ کے رسول [جل جلالہ و ﷺ] پر بھروسہ

حدیث (31=91):

عبداللہ بن سلامہ بن عمیر اسلمی صحابی ابن صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں:

تَزَوَّجْتُ ابْنَةَ سُرَاقَةَ بْنِ حَارِثَةَ النَّجَارِيِّ وَقَدْ قُتِلَ بِبَدْرٍ فَلَمْ أُصِبْ شَيْئًا مِنَ الدُّنْيَا كَانَ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ

میں نے سراقہ بن حارثہ بخاری شہید غزوہ بدر رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی سے نکاح کیا دنیا کی کوئی چیز میں نے ایسی نہ پائی جو اُن کے ساتھ

---

(1) ذكره المنذري في الترغيب ٣/ ٢٠٧، وفي نسخة ٣/١٣٥ (٣٣٣١) لفظ له.

والشعراني في لواقع الأنوار القدسية ١٧٨، وعزاهما إلى ابن ماجه. وذكره ابن كثير في البداية والنهاية ٦/ ١٣٢، وفي نسخة: ٥/١٠/١١، باب: ما يتعلق بالحيوانات من دلائل النبوة. وعزاه إلى أبي محمد عبد الله بن حامد الفقيه في كتابه دلائل النبوة.

وقال: قلت: هذا حديث غريب جدا ... وفيه غرابة ونكارة في إسناده ومتنه أيضا. والله أعلم.

نِكَاحِهَا وَأَصْدَقْتُهَا مِائَتَيْ دِرْهَمٍ فَلَمْ أَجِدْ شَيْئًا أَسُوْقُهُ إِلَيْهَا فَقُلْتُ عَلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ الْمُعَوَّلُ فَجِئْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ .....الحديث ۔	شادی ہونے سے زیادہ مجھے پیاری ہو میں نے دوسو روپے اُن کا مہر کیا تھا اور پاس کچھ نہ تھا جو انہیں بھیجوں میں نے کہا اللہ اور اللہ کے رسول ہی پر بھروسا ہے پس میں خدمت انور حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوا اور حال عرض کیا۔

حضور نے ایک جہاد پر انہیں بھیجا اور فرمایا:

أَرْجُوْا أَنْ يُّغْنِمَكَ اللّٰهُ مَهْرَ زَوْجَتِكَ (1)	میں اُمید کرتا ہوں کہ اللہ عزوجل تمہیں اتنی غنیمت لادے گا کہ اپنی بی بی کا مہر ادا کردو۔

ایسا ہی ہوا ۔

وللّٰه الحمد!! لإمام الثقة محمد بن عمر بن واقد عن ابن أبي حدرد وهو ابن سلامة المذكور رضي اللّٰه تعالى عنهما بسنده إليه وقد على توثقيه الإمام المحقق على الطلاق في "الفتح[۱/۸۵]" وذكرناه في" منير العين ".

یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے گناہ بخش دیجئے

حدیث (92.93=32.33):

غزوۂ خیبر شریف میں خیبر کو جاتے ہوئے حضرت عامر بن اکوع رضی اللہ عنہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں رجز پڑھتے چلے:

أَللّٰهُمَّ لَوْلَا أَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا
وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا

---

(1)(أخرجه الواقدي في المغازي ۷۷۷،۷۷۸،وذكره الصالحي في سبل الهدى والرشاد۶/۱۸۵)

فاغفر فداءً لك ما ابقينا

وألقين سكينة علينا

وثبت الأقدام إن لاقينا

ونحن عن فضلك ما استغنينا

خدا گواہ ہے یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر حضور نہ ہوتے تو ہم ہدایت نہ پاتے نہ زکوٰۃ دیتے نہ نماز پڑھتے تو بخش دیجئے ہم حضور پر قربان جو گناہ ہمارے رہ گئے ہیں اور ہم پر حضور سکینہ اتاریں اور جب ہم دشمنوں سے مقابل ہوں تو حضور ہمیں ثابت قدم رکھیں ہم حضور کے فضل سے بے نیاز نہیں، صلی اللہ علیہ وسلم۔

یہ حدیث صحیح مسلم وسنن ابی داؤد وسنن نسائی ومسند امام احمد وغیرہا میں سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے بطریق عدیدہ ہے اور پچھلا مصرع زیادات صحیح مسلم وامام احمد سے ہے۔ (1)

---

(1) (اخرجه البخاري في الصحيح(۳۹۶۰)، باب غزوة خيبر، والبخاري (۵۷۹۱)، باب ما يجوز من الشعر والرجز...، ومسلم في الصحيح(۱۸۰۲) باب غزوة خيبر، وابو عوانة في مسنده ۴/ ۳۱۳ (۶۸۳۰. ۶۸۳۱)، و۴/ ۳۵۵(۶۹۵۳)، والبيهقي في السنن الكبرى ۱۰/ ۲۲۷(۲۰۸۲۳)، والطبراني في الكبير ۷/ ۳۳(۶۲۹۴. ۶۲۹۵)، وابن أبي الدنيا في الأشراف في منازل الأشراف ۲۵۸. ۲۵۹(۳۳۰)، وابن سعد في الطبقات ۴/ ۳۰۴.

من طريق، يزيد بن أبي عبيد عن سلمة بن الأكوع.

واخرجه مسلم في الصحيح (۱۸۰۲)، والنسائي في السنن المجتبى ۲/ ۶۰ (۳۱۵۰)، وفي السنن الكبرى ۳/ ۲۱(۳۳۵۸)، و۶/ ۲۳۶(۱۰۳۶۸)، وأحمد في مسنده ۴/ ۴۶ (۱۶۵۵۳)، وابو عوانة في مسنده ۴/ ۳۱۳. ۳۱۵. ۳۱۶(۶۸۳۲. ۶۸۳۳. ۶۸۳۴)، وابن حبان في الصحيح ۷/ ۴۶۹(۳۱۹۶)، والطبراني في الكبير ۷/ ۷(۶۲۲۵)، و۷/ ۸ (۶۲۲۶. ۶۲۲۷)، و۷/ ۹(۶۲۲۸)، و۷/ ۱۰(۶۲۲۹)، و۷/ ۱۱ (۶۲۳۰).

= =

ہم حدیث صحیح بخاری مع شرح امام احمد قسطلانی مسمّٰی بہ ارشاد السّاری کے الفاظ کو مختصراً ذکر کرتے ہیں:

عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ عُبَيْدٍ عَنْ سَلْمَةَ ابْنِ الْأَكْوَعِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ	یعنی یزید بن عبید اپنے مولٰی سیدنا سلمہ اکوع رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں ہم حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ

= = من طريق عبد الرحمن وعبد اللّٰه ابناء كعب بن مالك، عن سلمة بن الأكوع. وفي بعض الإسناد عبد الرحمن بن عبد الله بن كعب بن مالك.

واخرجه مسلم في الصحيح (۱۸۰۷)، باب غزوة ذي قرد وغيرها، وأحمد في مسنده ۴/۵۱ (۱۶۵۸۶)، وفي فضائل الصحابة ۲/۶۰۵.۶۰۶ (۱۰۳۶)، و ۲/۶۲۳ (۱۰۹۴)

وابن أبي شيبة في المصنف ۷/۳۹۴ (۳۶۸۷۴)، وابن حبان في الصحيح ۱۵/۳۸۰ (۶۹۳۵)، وابو عوانة في مسنده ۴/۳۱۲ (۶۸۴۹)، والبغوي في تفسيره التوبة ۲۰، وابن عبد البر في الإستيعاب ۱/۲۳۷، في ترجمة عامر بن الأكوع، وفي التمهيد ۳/۲۵۵.۲۵۶، والبيهقي في السنن الكبرى ۹/۱۵۴ (۱۸۴۵۴)، والطبراني في الكبير ۷/۱۷ (۶۲۴۲)، و ۷/۲۵ (۶۲۶۹)، وابن سعد في طبقاته ۲/۱۱۰.۱۱۱، من طريق، إياس بن سلمة عن سلمة بن الأكوع.

واخرجه أحمد في مسنده ۳/۴۳۱ (۱۵۵۹۴)، والبخاري في التاريخ ۸/۱۰۰، في ترجمة: نصر بن دهر، وابن هشام في سيرته ۴/۲۹۷.۲۹۸.

من طريق نصر بن دهر الأسلمي أن أباه حدثه أنه سمع رسول الله ﷺ يقول: .... الخ

وقال الهيثمي في المجمع ۶/۲۴۶.۲۴۷ (۱۰۴۹۳): رواه أحمد والطبراني ... ورجالهما ثقات. وقال في موضع الآخر ۸/۲۳۷ (۱۳۳۵۴) رواه البزار وفيه ابن إسحاق وهو مدلس.

إِلَى خَيْبَرَ فَسِرْنَا لَيْلًا فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ
الْقَوْمِ هُوَ أُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ
عَنْهُ لِعَامِرٍ يَا عَامِرُ أَلَا تُسْمِعُنَا مِنْ
هُنَيْهَاتِكَ وَعِنْدَ ابْنِ إِسْحٰقَ مِنْ
حَدِيْثِ نَصْرِ بْنِ دَهْرٍ الْأَسْلَمِيِّ رَضِيَ
اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِي مَسِيْرِهِ إِلَى خَيْبَرَ
لِعَامِرِ بْنِ الْأَكْوَعِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ إِنْزِلْ
يَا ابْنَ الْأَكْوَعِ فَاحْدُ لَنَا مِنْ هَنَاتِكَ
فَفِيْهِ أَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ
الَّذِيْ أَمَرَهُ بِذٰلِكَ وَكَانَ عَامِرٌ رَضِيَ
اللّٰهُ عَنْهُ رَجُلًا شَاعِرًا فَنَزَلَ يَحْدُوْا

رکاب اقدس خیبر کو چلے رات کا سفر تھا
حاضرین سے ایک صاحب حضرت اسید بن
حضیر رضی اللہ عنہ نے سلمہ بن اکوع رضی اللہ
عنہ کے چچا حضرت عامر بن اکوع رضی اللہ
عنہ سے کہا اے عامر ہمیں کچھ اشعار اپنے
نہیں سناتے اور ابن اسحٰق نے نصر بن دہر
اسلمی رضی اللہ عنہ سے یوں روایت کی کہ میں
نے سفر خیبر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو
عامر بن اکوع رضی اللہ عنہ سے فرماتے سنا
اے ابن اکوع اُتر کر کچھ اپنے اشعار ہمارے
لئے شروع کرو اس روایت سے معلوم ہوا کہ
خود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اس

قلت: وقد ورد هذا الأشعار في رواية عمر رضي الله تعالى عنه.
أخرجه الضياء في الأحاديث المختارة ١/٣٨١(٢٦٣)، بلفظ: قال رسول الله ﷺ لعبد الله بن رواحة لو حركت بنا الركاب فقال قد تركت قولي فقال له عمر اسمع و أطع
فقال اللهم لو لا أنت ما اهتدينا ولا تصدقنا و لا صلينا
فأنزلن سكينة علينا و ثبت الأقدام ان لاقينا.
فقال رسول الله ﷺ اللهم ارحمه فقال عمر وجبت. رواه النسائي عن محمد بن يحيى بن كثير الحراني. إسناده صحيح. وأخرجه النسائي في السنن الكبرى ٥/٦٩(٨٢٥٠).
وأيضا في حديث عبد الله بن رواحة رضي الله تعالى عنه.
==

بِـالقَوْمِ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ لَوْلَا أَنْتَ مَاهْتَدَيْنَا
وَلَا تَـصَـدَّقْـنَـا وَلَا صَـلَّيْنَا فَاغْفِرْ فِدَاءً
لَكَ اَلْـمُـخَاطَبُ بِذَالِكَ النَّبِيُّ صَلَّى
اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيْ اِغْفِرْلَنَا تَقْصِيْرَنَا
فِيْ حَقِّكَ وَنَصْرِكَ اِذْ لَا يَتَصَوَّرُ أَنْ
يُقَالَ مِثْلُ هٰذَا الْكَلَامِ لِلْبَارِيْ تَعَالٰى وَ
قَوْلُهُ اَللّٰهُمَّ لَمْ يَقْصُدْ بِهَا الدُّعَاءَ وَاِنَّمَا
افْتَتَحَ بِهَا الْكَلَامَ (مَا أَبْقَيْنَا) أَيْ مَا
خَلَّفْنَا وَرَاءَ نَا مِمَّا اكْتَسَبْنَاهُ مِنَ الْآثَامِ
وَأَلْقِيَنْ أَيْ وَسَلْ رَبَّكَ أَنْ يُلْقِيَنْ
(سَكِيْنَةً عَلَيْنَا وَثَبِّتِ الْأَقْدَامَ) أَيْ وَأَنْ
يُثَبِّتَ الْأَقْدَامَ (أَنْ لَّا قَيْنَاهُ) الْعَدُوَّ
(فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ هٰذَا السَّائِقُ قَالُوْا عَامِرُ
بْنُ الْأَكْوَعِ قَالَ يَرْحَمُهُ اللّٰهُ) وَعِنْدَ

امر کا امر فرمایا عامر رضی اللہ عنہ شاعر تھے
اُترے اور قوم کے سامنے یوں حدی خوانی
کرتے چلے کہ یارب اگر حضور نہ ہوتے تو ہم
راہ نہ پاتے نہ زکوٰۃ و نماز بجالاتے ہم حضور پر
بلا گرداں ہوں ہمارے جو گناہ باقی رہے ہیں
بخش دیجئے۔ ان اشعار میں مخاطب حضور سید
عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں یعنی حضور کے حقوق
حضور کی مدد میں جو قصور ہم سے ہوئے حضور
معاف فرمادیں حضور کیلئے خطاب ہونے کی
دلیل یہ ہے کہ اللہ عزوجل سے ایسا خطاب
کرنا معقول نہیں (ائمہ فرماتے ہیں کہ کسی پر
فدا ہونے کے معنی یہ ہیں کہ اُس پر اگر کوئی بلا یا
تکلیف آئی ہو تو وہ اپنے اوپر لی جائے اُس کی
محافظت میں اپنی جان دے دی جائے تو اللہ
کو اس کلام کا مخاطب کیونکر بنا سکتے ہیں)۔

= = أخرجه النسائي في السنن الكبرى ٥/٧٠(٨٢٥١)، بلفظ: أنه كان مع رسول الله ﷺ في مسير له فقال له يا بن رواحة انزل فحرك الركاب فقال يارسول الله ﷺ قد تركت ذاك فقال له عمر اسمع وأطع قال فرمى بنفسه وقال .... إلخ. وابن أبي شيبة في المصنف ٦/٣٩٥(٣٢٣٢٧) عن قيس قال قال رسول الله ﷺ لعبد الله بن رواحة ...إلخ. ويذكر فيه دعاء النبي ﷺ وقول عمر رضي الله تعالى عنه.

أَحْمَدَ مِنْ رِوَايَةِ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ فَقَالَ غَفَرَ لَكَ قَالَ وَمَا اسْتَغْفَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِإِنْسَانٍ يَخُصُّهُ إِلَّا اسْتُشْهِدَ قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ هُوَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ كَمَا فِيْ مُسْلِمٍ (وَجَبَتْ لَهُ الشَّهَادَةُ بِدُعَائِكَ لَهُ (يَا نَبِيَّ اللّٰهِ لَوْلَا أَمْتَعْتَنَا بِهٖ) أَيْ هَلَّا أَبْقَيْتَهُ لَنَا لِنَتَمَتَّعَ بِهٖ.(1)

رہا یہ کہ ابتدا میں اللھم ہے اس سے مقصود حضرت عزت جل جلالہ کو پکارنا نہیں (کہ یہ اللہ عزوجل سے عرض قرار پائے) بلکہ اُس کے نام سے ابتدائے کلام ہے اور حضور ہم پر سکینہ اُتاریں مقابلہ دشمن کے وقت اور ہمیں ثابت قدم رکھیں یعنی اپنے رب جل وعلا سے ان مرادات کی دعا فرمائیں یہ اشعار سن کر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا یہ کون اونٹوں کو رواں کرتا ہے۔ صحابہ نے عرض کی عامر بن اکوع۔ حضور نے فرمایا اللہ اُس پر رحمت کرے اور مسند احمد (وصحیح مسلم) میں بروایت ایاس بن سلمہ (اپنے والد ماجد سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے) فرمایا تیرا رب تیری مغفرت فرمائے۔ اور حضور (ایسی جگہ) جب کسی خاص شخص کا نام لے کر دعائے مغفرت فرماتے تھے وہ شہید ہو جاتا تھا (لہذا) حاضرین میں سے ایک صاحب یعنی امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ نے

---

(1) (ارشاد الساري جلد ۹ صفحه ۲۵۱ دار الفكر بيروت)

جیسا کہ صحیح مسلم شریف میں تصریح ہے، عرض کی، یارسول اللہ ﷺ حضور کی دعا سے عامر کے لئے شہادت واجب ہوگئی۔ حضور ﷺ نے ہمیں ان سے نفع کیوں نہ لینے دیا یعنی حضور ابھی انہیں زندہ رکھتے کہ ہم ان سے بہرہ مند ہوتے۔ انتہی

یہ پچھلے لفظ بھی یاد رکھنے کے ہیں۔ کہ حضور ﷺ انہیں زندہ رکھتے۔

یہ حدیث ابن اسحاق نے اس سند کے ساتھ روایت کی:

حدثني محمد بن إبراهيم بن الحارث عن أبي الهيثم بن نصر بن دهر الأسلمي أن أباه حدثه أنه سمع رسول الله ﷺ يقول في مسيره إلى خيبر لعامر بن الأكوع فذكره .(1)

اسی میں ہے:

فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: وَجَبَتْ وَاللّٰهِ يَارَسُوْلَ اللهِ، لَوْ أَمْتَعْتَنَا بِهٖ فَقُتِلَ يَوْمَ خَيْبَرَ شَهِيْدًا.(2)

امیر المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی، خدا کی قسم شہادت واجب ہوگئی یارسول اللہ! کاش حضور ہمیں ان کی زندگی سے بہرہ یاب رکھتے وہ روز خیبر شہید ہوئے رضی اللہ عنہ۔

نیز امام احمد نے مسند میں طریق ابن اسحاق روایت فرمائی:

حدثنا يعقوب ثنا أبي عن ابن إسحق قال ثنا محمد بن إبراهيم بن الحارث

---

(1) (كما في السيرة لابن هشام ٣/٢٩٧.٢٩٨)

(2) (اخرجه ابو نعيم في معرفة الصحابة ٣/٣٣١(٥١٨٥)   ٤/٣٢٥(٣٣٨٣)

التيمي ... الحديث. سندًا ومتنًا. (1) بيدَ أنَّهُ اقْتَصَرَ عَلَى الْأَشْعَارِ وَلَمْ يَذْكُرْ دُعَاءَ النَّبِيِّ ﷺ وَلَا قَوْلَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ، وَفِيْهِ: "فَأَخَذُ لَنَا" مَكَانَ قَوْلِهِ "لَغُدْلَنَا" وَلَعَلَّ هٰذَا هُوَ الْأَصْوَبُ وَاللّٰهُ تَعَالَى أَعْلَمُ.

دو حدیثیں اللہ اور رسول [جل جلالہ و ﷺ] کی طرف توبہ کرنا

حدیث (34=94):

صحیحین میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے انہوں نے ایک تصویر دار قالین خریدا حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم باہر سے تشریف لائے دروازے پر رونق افروز رہے۔ اندر قدم کرم نہ رکھا۔ اُم المومنین رضی اللہ عنہا نے چہرہ انور میں اثر ناراضگی پایا (اللہ انہیں ناراض نہ کرے دونوں جہان میں) عرض کرنے لگیں:

يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اَتُوْبُ إِلَى اللّٰهِ وَ إِلَى رَسُوْلِهٖ مَاذَا أَذْنَبْتُ (2)

یارسول اللہ ﷺ میں اللہ عزوجل اور اس کے رسول ﷺ کی طرف توبہ کرتی ہوں مجھ سے کیا خطا ہوئی۔

---

(1) اخرجه احمد في مسنده ٣/٤٣١(١٥٥٩٣)

(2) اخرجه البخاري في الصحيح (١٩٩٩) في باب التجارة فيما يكره لبسه للرجال والنساء، و(٣٨٨٦) في باب هل يرجع إذا منكرا في الدعوة، و(٥٦٣) باب: من كره القعود على الصور، و(٥٦٤) في باب من لم يدخل بيتا فيه صورة، ومسلم في الصحيح ٢/٢٠١(٢١٠٧) في باب تحريم تصوير صورة الحيوان ... إلخ، واحمد في مسنده ٦/ ٢٤٦، ومالك في الموطأ (١٧٣٦)، وابن حبان في الصحيح ١٣/١٥٥ (٥٨٤٥)، وابو عوانة في مسنده ٢/٧٤٩(١١٧٦)، والطحاوي في شرح معاني الآثار ٤/٢٨٣(٦٣٢٩)، والبيهقي في السنن الكبرى ٧/٢٦٩(١٤٤٤١)، وابن عبد البر ==

= = في الإستذكار ٨/٣٨٥(١٨٠٥) ، وأبي بكر الشافعي في الفوائد الشهير بالغيلانيات ١/٢٨٣ (٣٣٠) ، و١/٢٨٥(٣٣٣) ، والجوهري في مسند الموطأ ٣٣٩(٥٤٣) ، وابو بكر بن الخلاد في فوائده ١٣(١٨) ، والبغوي في شرح السنة٩/١٣٦،١٣٧(٢٣٣١) ، وأبي طاهر السلفي في مشيخة البغدادية١/٣٠(٣١)

قلت :وفي الباب عن وائل بن حجر رضي الله تعالى عنه أن النبي ﷺ بعث ساعيا فأتى رجلا فآتاه فصيلا مخلولا فقال النبي ﷺ بعثنا مصدق الله ورسوله و ان فلانا أعطاه فصيلا مخلولا ، اللهم لا تبارك فيه ولا في ابله ، فبلغ ذلك الرجل فجاء بناقة حسناء فقال :أتوب الى الله عزوجل و الى نبيه ﷺ فقال النبي :اللهم بارك فيه و في ابله .

(اخرجه النسائي في السنن ،الزكاة ،ص٣٧٣(٢٤٦٠) وفي السنن الكبرى ١/٣٢٦ (٢٢٥٠)، وابن خزيمة في الصحيح (٢٢٧٤) .قلت :رجاله كلهم ثقات .

عن عروة قال :وأقبل عيينة بن بدر حتى جاء الى رسول الله ﷺ فقال ائذن لي أن أكلمهم لعل الله أن يهديهم ، فأذن له فانطلق حتى دخل عليهم الحصن فقال بأبي انتم تمسكوا بمكانكم والله لنحن أذل من العبيد وأقسم بالله لئن حدث به حدث لتمكن العرب عزا ومنعة ، فتمسكوا بحصنكم و اياكم ان تعطوا بأيديكم ولا يتكاثرن عليكم قطع هذا الشجر ، ثم رجع عيينة الى رسول الله ﷺ ، فقال له رسول الله ﷺ :ماذا قلت لهم يا عيينة ؟ قال : قلت لهم و أمرتهم بالاسلام ، ودعوتهم اليه ، وحذرتهم النار ، ودللتهم على الجنة ، فقال له رسول الله ﷺ :كذبت ابل قلت لهم :كذا كذا ، فقص عليه رسول الله ﷺ حديثه ، فقال :صدقت يا رسول الله ﷺ اتوب الى الله عزوجل و اليك من ذلك ، فلما أخذ الناس في القطع ، قال عيينة بن بدر ليعلى بن مرة :علي حرام أن قطع حظي من الكرم ، فقال يعلى بن مرة : ان شئت قطعت نصيبك ، فماذا ترى ؟قال :عيينة أرى ان تدخل جهنم فكانت هذه ريبة من عيينة في دينته ، وسمع بذلك رسول الله ﷺ فغضب منه ، و أوعد عيينة ، وقال :انت صاحب العمل أولى لك فاولى .(دلائل النبوة للبيهقي ٥/١٣،١٤٣)

حدیث ‹35=95›:

چالیس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم باہر بیٹھے مسئلہ قدر و جبر میں بحث کرنے لگے اُن میں صدیق و فاروق رضی اللہ عنہما بھی تھے روح امین جبریل علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے خدمت اقدس حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض کی یا رسول اللہ حضور اپنی امت کے پاس تشریف لے جائیں کہ انہوں نے نئی راہ نکالی حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم ایسے وقت باہر تشریف لائے کہ وہ وقت حضور کی تشریف آوری کا نہ تھا صحابہ سمجھے کہ کوئی نئی بات ہے۔ آگے حدیث کے پیارے پیارے الفاظ دلکش و دلنواز یوں ہیں:

وَخَرَجَ عَلَيْهِمْ مُلْتَمِعًا لَوْنُهُ مُتَوَرِّدَةً وَجْنَتَاهُ كَأَنَّمَا تَفَقَّأَ بِحَبِّ الرُّمَّانِ الْحَامِضِ فَنَهَضُوْا إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاسِرِيْنَ أَذْرُعَهُمْ تَرْعُدُ أَكُفُّهُمْ وَأَذْرُعُهُمْ فَقَالُوْا تُبْنَا إِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ... الحديث. (1)

(الطبراني في الكبير عن ثوبان رضي الله عنه مولى رسول الله ﷺ)

یعنی حضور پرنور صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ اُن پر اس حالت میں برآمد ہوئے کہ رنگ چہرہ اقدس کا (شدت جلال سے) دہک رہا ہے۔ دونوں رخسارۂ مبارک گلاب کی طرح سرخ ہیں گویا انار ترش کے دانے پھوٹ نکلے ہیں۔ صحابہ کرام یہ دیکھتے ہی حضور کی طرف (عاجزی کے ساتھ) کلائیاں کھولے ہاتھ تھرتھراتے کانپتے کھڑے ہوئے اور عرض کی کہ ہم اللہ و رسول کی طرف توبہ کرتے ہیں۔

---

(1) أخرجه الطبراني في الكبير ٢/٩٥.٩٦(١٤٢٣). وذكره المتقي الهندي في كنز العمال ١/٣٥٢ (١٥٧٢)، لفظ له.

وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ٧/٢٠١: رواه الطبراني و فيه يزيد بن ربيعة الرجي و هو متروك وقال ابن عدي: ارجو انه لا باس به.

☆ان احادیث سے ثابت کہ صدیقہ وصدیق وفاروق وغیرہم اکتالیس صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہم نے توبہ کرنے میں اللہ قابل التواب جل جلالہ کے نام پاک کے ساتھ اُس کے نائب اکبر نبی التوبہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام پاک بھی ملایا اور حضور پُر نور خلیفۃ اللہ الاعظم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبول فرمایا حالانکہ توبہ بھی اصل حق حضرت عزت عز جلالہ کا ہے۔

ولہذا: حدیث میں ہے ایک قیدی گرفتار کر کے خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم میں لایا گیا وہ بولا:

اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَتُوْبُ اِلَيْكَ وَلَا اَتُوْبُ اِلٰى مُحَمَّدٍ.	الٰہی میری توبہ تیری طرف ہے نہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

عَرَفَ الْحَقَّ لِأَهْلِهِ .(1)	حق کو حق والے کیلئے پہچان لیا۔

أحمد والحاكم وصححه عن الأسود بن سريع رضي الله عنه .

---

(1) أخرجه أحمد في مسنده ۳/ ۴۳۵ (۱۵۶۷۲)، والحاكم في المستدرك ۴/ ۲۸۳. ۲۸۴(۷۶۵۴)، والضياء في المختارة ۴/ ۲۵۸ (۱۳۵۹. ۱۳۶۰)، والطبراني في الكبير ۱/ ۲۸۶(۸۳۹. ۸۴۰)، وابو عبيد في الأموال ۱۸۰ (۳۶۲)، والقطيعي في جزء الألف دينار ۳۷۴(۲۳۷)، والمقدسي في أطراف الغرائب والأفراد ۳۹۸(۶۱۸)، والدينوري في المجالسة (۵۶۴) وذكره أبو طالب في قوت القلوب ۲/ ۳۱.

وقال الحاكم هذا حديث صحيح ا لإسناد و لم يخرجاه .وتعقبه الذهبي في التلخيص وقال ابن مصعب ضعيف .

وقال الهيثمي في المجمع ۱۰/ ۱۹۹:رواه أحمد والطبراني وفيه محمد بن مصعب وثقه أحمد وضعفه غيره ، وبقية رجاله رجال الصحيح .

اللہ ورسول [جل جلالہ وصلی اللہ علیہ وسلم] کے لئے صدقہ کرنا

حدیث (96=36):

صحیح بخاری وصحیح مسلم میں حضرت کعب بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ سے ہے جب ان کی توبہ قبول ہوئی انہوں نے مولائے دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی:

يَا رَسُوْلَ اللهِ إِنَّ مِنْ تَوْبَتِيْ أَنْ أَنْخَلِعَ مِنْ مَالِيْ صَدَقَةً إِلَى اللهِ وَ إِلَى رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔(1)

یارسول اللہ میری توبہ کی تمامی یہ ہے کہ میں اپنے سارے مال سے نکل جاؤں اللہ اور اللہ کے رسول کیلئے صدقہ کر کے جل جلالہ وصلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم۔

---

(1) أخرجه البخاري في الصحيح (٢٦٠٦) في باب: إذا تصدق أو أوقف بعض ماله ..إلخ، و(٣١٥٦) في باب: حديث كعب بن مالك، و(٤٣٩٩) في باب ﴿لقد تاب الله على النبي... إلخ﴾ و(٦٣٣٢) في باب: إذا أهدى ماله على وجه النذر والتوبة، ومسلم في الصحيح ٢/٣٦٣(٢٧٦٩)، في باب حديث توبة كعب بن مالك وصاحبيه، وابن خزيمة في الصحيح ٤/٩٨(٢٤٤٢)، وأبو داود في السنن ٢/١١٣(٣٣١٧)، والنسائي في السنن المجتبى ٢/ ١٣٧(٣٨٢٣. ٣٨٢٤. ٣٨٢٥. ٣٨٢٦)، وفي السنن الكبرى ٣/١٣٨(٤٧٦٥)، و ١٣٩(٤٧٦٦)، و٦/٣٥٩. ٣٦٠. ٣٦١ (١١٢٣٢)، وأحمد في مسنده ٣/٤٥٤ (١٥٨٠٨)، و٤٥٦(١٥٨٢٦)، و٤٥٧. ٤٥٨(١٥٨٢٧)، وأبو عوانة في مسنده ٤/٢١. ٢٢(٥٨٨٤. ٥٨٨٥. ٥٨٨٦)، وأبو على الصواف في جزئه ٢١ (٣٨)، والبغوي في شرح السنة ٦/١٨١، ١٨٢(١٦٧٦)، والطبراني في الكبير ١٩/ ٤٦ إلى ٥٨ (٩١ إلى ١٠٢)، والبيهقي في السنن الكبرىٰ ٩/ ٣٤ . ٣٥. ٣٦ (١٧٦٣٩) و١٠/٦٨(١٩٨٣٠)، وفي دلائل النبوة ٥/ ٢٧٣. ٢٧٩، والطبري في تفسيره ===

= = ٢/٥٠٣، وابن عبد البر في التمهيد ٢٠/٨٣، والبخاري في التاريخ الكبير ٥/٣٠٣ في ترجمة عبد الرحمن بن عبد الله بن كعب ،وأبو زرعة المقدسي في صفوة التصوف ٣٣٢ (٣٦١) ، وابن عساكر في تاريخه ٥٠/٢٠٠، وابن أبي حاتم في تفسيره (١٠٩١٣) ، وابن هشام في سيرته ٥/٢١٨. ٢١٩. وله طرق كثيرة ، بعضهم مختصرا وبعضهم مطولا.

أقول ,وفي الباب عن أبي لبابة بلفظ :لما تاب الله عليه قال يا رسول الله ﷺ ان من توبتي أن أهجر دار قومي و أساكنك ، واني أنخلع من مالي صدقة لله ولرسوله ، فقال : رسول الله ﷺ يجزئ عنك الثلث .

أخرجه أحمد في مسنده٣/٤٥٢، ٤٥٣(١٥٨٣٢)،لفظ له ، و٣/٥٠٢(١٦١٢٣)، وأبو عوانة في مسنده ٣/٢٢. ٢٣(٥٨٨٦) ،والدارمي في السنن ١/٤٧٩ (١٦٥٨) ،والبيهقي في السنن الكبرى ١٠/٦٧(١٩٨٣٧)، والطبراني في مسند الشاميين ٣/٧٠(١٨٢١)، في الكبير ٥/٣٢. ٣٣(٤٥٠٩. ٤٥١٠) وابن ابي عاصم في الآحاد والمثاني ٣/٤٣٨ (١٨٩٦. ١٨٩٧. ١٨٩٨) ،وابو زرعة المقدسي في صفوة التصوف ٣٣١، (٣٦٠) والفسوي في المعرفة والتاريخ ١/٩٥،وابن عبد البر في ا لإستذكار ٥/٢٠٦(٩٩٢).

من طريق ابن شهاب الزهري عن الحسين بن السائب بن أبي لبابة ، وعبد الرحمن بن أبي لبابة بن عبد المنذر ....الخ .

و البيهقي في الدلائل ٥/٢٧٠،٢٧١عن الزهري قال :أخبرني سعيد بن المسيب أن بني قريظة كانوا حلفاء لأبي لبابة ......ثم غزا رسول الله ﷺ تبوكا وهي غزوة العسرة فتخلف عنه أبو لبابة فيمن تخلف ، فلما قفل رسول الله ﷺ منها ، جاءه أبو لبابة يسلم عليه ، فأعرض عنه رسول الله ﷺ ، ففزع أبو لبابة ، فارتبط بسارية التوبة التي عند باب أم سلمة زوج النبي ﷺ سبعا بين يوم و ليلة في حر شديد ، لا يأكل فيهن و لا يشرب قطرة، وقال لا يزال هذا مكاني حتى افارق الدنيا أو يتوب الله تعالى علي ، فلم يزل كذلك حتى ما يسمع الصوت من الجهد ، ورسول الله ﷺ ينظر اليه بكرة و عشية ، = = =

ارشادالساری شرح صحیح بخاری میں ہے:

"أي: صَدَقَةً خَالِصَةً لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِلَى بِمَعْنَى اللَّامِ".(1)

یعنی اس حدیث میں اللہ و رسول کی طرف صدقہ کرنے کے معنی اللہ ورسول کیلئے تصدق ہیں تو حاصل یہ کہ اپنا سارا مال خاص خداو تبارک وتعالی وصلی اللہ علیہ وسلم۔ رسول کے نام پر تصدق کردوں۔

حدیث(97=37):

یمن کی ایک بی بی اوران کی بیٹی بارگاہ بیکس پناہ محبوب الٰہ صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوئیں دختر کے ہاتھ میں بھاری بھاری کنگن سونے کے تھے۔ مولیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

أَتُعْطِيْنَ زَكٰوةَ هٰذَا کیا اس کی زکوۃ دے گی۔

عرض کی نہ، فرمایا:

أَيَسُرُّكِ أَنْ يُسَوِّرَكِ اللّٰهُ بِهِمَا يَوْمَ کیا تجھے یہ بھاتا ہے کہ اللہ تعالی قیامت کے

= ثم تاب الله تعالى عليه :فنودي ان الله تعالى قد تاب عليك ، فأرسل اليه رسول الله ﷺ ليطلق عنه رباطه ، فابى ان يطلقه عنه أحد الا رسول الله ﷺ ، فجاءه رسول الله ﷺ فاطلق عنه بيده ، فقال أبو لبابة حين افاق :يا رسول الله ﷺ اني اهجر دار قومي التي اصبت فيها الذنب وأنتقل اليك فاساكنك ، واني اختلع من مالي صدقة الى الله و رسوله ﷺ فقال :يجزئ عنك الثلث ، فهجر أبو لبابة دار قومه ، وساكن رسول الله ﷺ وتصدق بثلث ماله ثم تاب فلم ير منه بعد ذلك في الاسلام الا خير حتى فارق الدنيا .

من طريق ابن شهاب الزهري مرسلا .

اخرجه عبد الرزاق في المصنف ٩/٧٤ (١٦٣٩٧) و في تفسيره (١٠٩٤) ، و مالك في الموطا، كتاب النذور والأيمان ٤٢١.

(1) إرشاد الساري بشرح صحيح البخاري كتاب المغازي، ٩/٣٧٧) .

الْقِيٰمَةِ سِوَارَيْنِ مِنْ نَارٍ. — دن ان کے بدلے تجھے آگ کے دو کنگن پہنائے۔

اُس بی بی نے فوراً کنگن اتار کر ڈال دیئے اور عرض کی:

هُمَا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ .(1) — یا رسول اللہ یہ دونوں اللہ اور اللہ کے رسول

جل جلاله وصلى الله عليه وسلم. — کیلئے ہیں۔

أحمد وأبو داود والنسائي عن عبدالله بن عمرو رضي الله تعالى عنه، بسند لا مقال فيه.

حديث (38=98):

کہ جب حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ کی توبہ قبول ہوئی انہوں نے خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض کی:

يَارَسُوْلَ اللّٰهِ إِنِّي أَهْجُرُ دَارَ قَوْمِي الَّتِيْ أَصَبْتُ بِهَا الذَّنْبَ وَأَنْخَلِعُ مِنْ مَالِيْ صَدَقَةً لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ . جل جلاله وصلى الله عليه وسلم — یا رسول اللہ میں اپنی قوم کا محلہ جس میں مجھ سے خطا سرزد ہوئی چھوڑتا ہوں اور اپنے مال سے اللہ ورسول کے نام پر تصدق کر کے باہر آتا ہوں۔

---

(1) اخرجه أحمد في مسنده ٢/ ٢٠٣(٦٩٠١) وأبو داود في السنن ١/ ٢١٨ (١٥٦٣)، في الزكاة، والنسائي في السنن على الزكاة ٣٦٤، ٣٦٥ (٢٢٢٨)، في السنن الكبرى ٢/ ٢٠ (٢٢٥٨) والدارقطني في السنن ٢/ ١١٢ والبيهقي في السنن ٤/ ١٣٠، وفي معرفة السنن الآثار ٣/ ٢٩٦، وابن عبد البر في الاستذكار ٣/ ١٥٣.

قال الحافظ في الدراية/ ٢٥٨ صححه ابن القطان وقال المنذري لا علة له...

وقال الإمام الزيلعي في نصب الراية ٢/ ٣٦٩ قال ابن القطان في كتابه إسناده صحيح =

حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابولبابہ! تہائی مال کافی ہے انہوں نے ثلث
یا اللہ و رسول کیلئے صدقہ کر دیا۔ جلالہٗ و صلی اللہ علیہ وسلم۔
الطبرانی فی الکبیر وابو نعیم عن ابن شہاب الزہری عن الحسین بن السائب
بن ابی لبابۃ عن ابیہ رضی اللہ عنہ قَالَ لَمَّا تَابَ اللّٰہُ عَلَيَّ جِئْتُ رَسُولَ اللّٰہِ
صلی اللہ علیہ وسلم فَقُلْتُ لَهٗ فَذَكَرَهٗ .(1)
یہ حدیثیں جانِ وہابیت پر صریح آفت ہیں کہ تصدق کرنے میں اللہ عزوجل کے ساتھ اللہ کے
حبیب اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نام پاک ملایا جاتا ہے اور حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم مقبول رکھتے
ہیں" وللّٰہ الحجۃ البالغۃ "۔ اُسی قبیل سے ہے افضل الأولیاء المحمد یین سیدنا
صدیق اکبر امام المشاہدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عرض کی کہ حضور مولانا العارف باللہ
معنوی مولوی قدس سرہٗ والمعنوی نے مثنوی شریف میں نقل کی کہ جب حضور صدیق عتیق سیدنا
بلال رضی اللہ عنہ کو آزاد کر کے حاضر بارگاہ عالم پناہ ہوئے۔

صدیق اکبر کا قول کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا بندہ ہوں (2)

گفت ما دو بندگانِ کوئے تو ٭ کر دم آزادش ہم بر روئے تو

= وقال المنذري في مختصره (لعله اي السنن أبو داود) إسناده لا مقال فيه .ونقل
عنه المباركفوري في تحفة الأحوذي ٣/٢٣٠. وقال الملي القاري في مرقاة المفاتيح
٢/٤٧ قال ابو الحسن القطان، في كتابه إسناده صحيح، وقال المنذري في مختصره
إسناده لا يقال فيه . فتح الملهم ۲/۹۹

(1) أخرجه الطبراني في الكبير ٥/٣٢، وابو نعيم في معرفة الصحابة ٢/٤٩٦، والحاكم
في المستدرك ٣/٦٣٣، والبغوي في شرح السنة ١٠/٣٧، وقد مر تخريجه مزيدا.
(2) المثنوی

اور پہلے مصرع میں جو کچھ حضور صدیق اکبر اپنے مالک و مولیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کر رہے ہیں اُس پر تو دیکھنا چاہیئے وہابیت کا جن کتنا مچلے نجدیت کی آگ کہاں تک اچھلے مگر ہاں امیر المومنین غیظ المنافقین عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا درۂ سیاست دکھایا چاہیئے کہ بھوت بھاگے اور شاہ ولی اللہ صاحب کے پانی کا چھینٹا دیجئے کہ آگ دبے وہ کہاں وہ اس حدیث آئندہ میں وباللہ التوفیق۔

فاروق اعظم حضور ﷺ کے بندے اور خادم

حدیث (39=99):

شاہ صاحب "ازالۃ الخفاء" میں بحوالہ روایت ابوحذیفہ اسحٰق بن بشر و کتاب مستطاب "الریاض النضرہ فی مناقب العشرہ [الفصل التاسع]" ناقل کہ امیر المومنین فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنے خطبے میں برسر منبر فرمایا:

قَدْ كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیہ وسلم فَكُنْتُ عَبْدَهٗ وَخَادِمَهٗ. (1)

میں حضور پُر نور آقا و مولائے عالم ﷺ کی بارگاہ میں تھا پس میں حضور کا بندہ اور حضور کا خدمتی تھا۔

اقول: یہ حدیث ابوحذیفہ مذکور نے "فتوح الشام" اور حسن بن بشران نے اپنے "فوائد" میں ابن شہاب زہری وغیرہ ائمہ تابعین سے نیز ابن بشران نے "امالی" ابو احمد دہقان نے "جزء حدیثی" ابن عساکر نے "تاریخ" لالکائی نے "کتاب السنہ" میں افضل التابعین سیدنا سعید بن المسیب بن حزن رضی اللہ عنہم سے روایت کی۔

---

(1) (اخرجه الحاكم في المستدرك ۳/۱۵(۴۳۳۴)، والبيهقي في الاعتقاد ۳۶۰، وابن عساكر في تاريخه ۴۴/۲۶۴ بسندين و ۴۴/۲۶۱، والالكائي في السنة ۲۳۵۷

جب امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ خلیفہ ہوئے لوگوں پر اُن کی شدت وجلال سے عجب ہیبت چھائی یہاں تک کہ لوگوں نے باہر بیٹھنا چھوڑ دیا کہ جب تک امیر المومنین کا برتاؤ نہ معلوم ہو منتظر رہو لوگ بولے کہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی نرمی اس درجہ تھی کہ مسلمانوں کے بچے جب انہیں دیکھتے دوڑتے ہوئے باپ باپ کہتے ان کے پاس جاتے وہ ان کے سروں پر ہاتھ پھیرتے اوران کی ہیبت کی یہ حالت ہے کہ مردوں نے اپنی مجالس چھوڑ دیں جب امیر المومنین کو یہ خبر پہنچی حکم دیا کہ جماعت نماز کیلئے پکار دیں لوگ حاضر ہوئے امیر المومنین منبر پر وہاں بیٹھے جہاں صدیق اکبر اپنے قدم مبارک رکھتے تھے اور فرمایا مجھے کافی ہے کہ صدیق کے قدموں کی جگہ بیٹھوں جب سب جمع ہو لئے امیر المومنین نے منبر اطہر سید ازہر صلی اللہ علیہ وسلم پر کھڑے ہو کر خطبہ فرمایا حمد وثنائے الٰہی و درود و رسالت پناہی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کہا:

أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّيْ قَدْ عَلِمْتُ أَنَّكُمْ كُنْتُمْ تُؤْنِسُوْنَ مِنِّيْ شِدَّةً وَغِلْظَةً وَذَالِكَ أَنِّيْ كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَكُنْتُ عَبْدَهٗ وَخَادِمَهٗ.(1)	لوگو میں جانتا ہوں کہ تم مجھ میں سختی و درشتی پاتے تھے اور اس کا سبب یہ ہے کہ میں حضور اقدس ﷺ کے ساتھ تھا اور میں حضور کا بندہ اور حضور کا خدمت گار تھا۔

=۴۴۲۱(۲۵۴۲) وابو الحسين علي بن محمد بن عبدالله بن بشران في فوائده
(۸۷). وذكره المتقي في كنز العمال جلد ۵ /۶۸۲(۱۴۱۸۴)،وعزاه إلى أبي حسين بشران في فوائده وأبي أحمد الدهقان في الثاني من حديثه والحاكم واللالكائي.
قال الحاكم هذا حديث صحيح الإسناد، وأبو صالح فقد احتج به البخاري فأما سماع عبد عن عمر فمختلف فيه، وأكثر أئمتنا على أنه قد سمع منه وهذه ترجمة معروفة في مسانيد.
(۱) (كما مر تخريجه)

حضور کی نرمی و رحمت وہ ہے جس کی نظیر نہیں اللہ عزوجل نے خود اپنے اسمائے کریمہ سے دو نام حضور کو عطا فرمائے:

"رؤف" "رحیم" صلی اللہ علیہ وسلم

تو میں حضور کے سامنے شمشیر برہنہ تھا وہ چاہتے مجھے نیام فرماتے چاہتے چلنے دیتے میں اسی حال پر رہا یہاں تک کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے راضی تشریف لے گئے اور خدا کا شکر ہے اور میری سعادت پھر صدیق رضی اللہ عنہ مسلمانوں کے کام کے والی ہوئے ان کی نرمی و رحمت و کرم کی حالت تم سب پر روشن ہے:

فَكُنْتُ خَادِمَهٗ وَعَوْنَهٗ (1) — میں اُن کا خادم اور اُن کا سپاہی تھا۔

اپنی شدت اُن کی نرمی کے ساتھ لاتا اُن کے سامنے تیغ عریاں تھا چاہتے نیام کرتے خواہ رواں فرماتے میں اسی حال پر رہا یہاں تک کہ وہ مجھ سے راضی ہو گئے اور خدا کا شکر ہے اور میری سعادت اب کہ میں تمہارا والی ہوا جان لو کہ وہ شدت دونی ہو گئی درجوں بڑھ گئی مگر کس پر ہو گی ان پر جو مسلمانوں پر ظلم و تعدی کریں اور دینداروں کے لئے تو میں اُن کے آپس سے بھی زیادہ نرم مہربان ہوں ہاں جسے ظلم زیادتی کرتے پاؤں گا اُسے نہ چھوڑوں گا اُس کا ایک گال زمین پر رکھ کر دوسرے گال پر اپنا پاؤں رکھوں گا۔

یہاں تک کہ حق کو قبول کرلے سعید بن مسیب وابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے فرمایا:

فَوَفّٰى عُمَرُ وَاللّٰهِ بِمَا قَالَ وَكَانَ اَبَا الْعِيَالِ. (2) رضی اللہ تعالیٰ عنہ — خدا کی قسم! عمر نے جو فرمایا تھا پورا کر دکھایا وہ رعیت کیلئے مہربان باپ تھے۔

هذا مختصر وقد دخل حديث بعضهم في بعض۔

(1.2)(ذكره المحب الطبري في الرياض النضرة ، الفصل التاسع و العصامي في سمط النجوم العوالي في علالة أمير المؤمنين عمر فاروق،أولا عن الحسن .

دیکھو امیر المومنین فاروق اعظم سا اشد الناس فی امر اللہ برملا بر سر منبر اپنے آپ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بندہ بتا رہا ہے اور مجمع عام صحابہ کرام سنتا اور برقرار رکھتا ہے۔

"ولـلّٰـه الـحـمـد ولـه الـحـجة الـسـامية".

بدعت حسنہ کے ماننے پر وہابیہ نے امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ کو صاف گمراہ لکھا

امیر المومنین رضی اللہ عنہ کو بجرم ترویج تراویح جسے اُسے جناب فاروقیت مآب نے بدعت [حسنہ] مان کر اچھا بتایا اور فرمایا:

نِعْمَةُ [نعم] الْبِدْعَةُ هٰذِهٖ .(1) یہ بدعت بہت خوب وحسن ہے۔

وہابی بیڑے کے بعض اجیوٹ بہادر مثل نواب بھوپالی قنوجی وغیرہ صراحۃً معاذ اللہ گمراہ بدعتی لکھ ہی چکے، اب اپنے آپ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا بندہ ماننے پر شرک کا اطلاق کرتے انہیں کیا لگتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

"إِذَا لَمْ تَسْتَحِيْ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ"(2)

---

(1) (أخرجه مالك في الموطأ ٣/١١٤(٢٥٠) باب ما جاء في قيام رمضان ،وفي المدونة الكبرى ٢٢٢ ،والبخاري في الصحيح (١٩٠١) كتاب صلاة التراويح ،وعبد الرزاق في المصنف ٤/٢٥٩(٧٧٢٣) ،والبيهقي في السنن الكبرى ٢/٤٩٣ (٤٣٧٨ . ٤٣٧٩)، وفي الصغرى ١/٢٧٥(٨٢٦) ،وفي الشعب ٣/١٧٧(٣٢٦٩) ،وفي فضائل الأوقات ٢٦٦(٦١) ،وفي المدخل الى السنن ٢٠٦(٢٥٣) ،والفريابي في الصيام ٤٣ (١٤٣.١٤٥) و٣٥(٤٢) ،و٢٨(١٧١) ،وعمر بن شبة في أخبار المدينة ٣٧٨ (١١٨٣) و٣٧٩(١١٨٦) ،والجزري في النهاية ١/١٠٦ ،وابن قتيبة في غريب الحديث ١/٢٠٥، وابن عبد البر في ا لإستذكار ٢/٦٥ ،وابن حزم في الأحكام ٤٧، وغيرهم .

(2)(أخرجه البخاري في الصحيح (٣٢٩٦) باب في حديث الغار، وفي أدب المفرد = =

حضور کی نرمی و رحمت وہ ہے جس کی نظیر نہیں اللہ عزوجل نے خود اپنے اسمائے کریمہ سے دو نام حضور کو عطا فرمائے:

"رؤف" "رحیم" صلی اللہ علیہ وسلم

تو میں حضور کے سامنے شمشیر برہنہ تھا وہ چاہتے مجھے نیام فرماتے چاہتے چلنے دیتے میں اسی حال پر رہا یہاں تک کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے راضی تشریف لے گئے اور خدا کا شکر ہے اور میری سعادت پھر صدیق رضی اللہ عنہ مسلمانوں کے کام کے والی ہوئے ان کی نرمی و رحمت کرم کی حالت تم سب پر روشن ہے:

فَكُنْتُ خَادِمَهُ وَعَوْنَهُ (1) میں اُن کا خادم اور اُن کا سپاہی تھا۔

اپنی شدت اُن کی نرمی کے ساتھ لاتا اُن کے سامنے تیغ عریاں تھا چاہتے نیام کرتے خواہ رواں فرماتے میں اسی حال پر رہا یہاں تک کہ وہ مجھ سے راضی ہو گئے اور خدا کا شکر ہے اور میری سعادت اب کہ میں تمہارا والی ہوا جان لو کہ وہ شدت دونی ہو گئی درجوں بڑھ گئی مگر کس پر ہو گی ان پر جو مسلمانوں پر ظلم و تعدی کریں اور دینداروں کے لئے تو میں اُن کے آپس سے بھی زیادہ نرم مہربان ہوں ہاں جسے ظلم زیادتی کرتے پاؤں گا اُسے نہ چھوڑوں گا اُس کا ایک گال زمین پر رکھ کر دوسرے گال پر اپنا پاؤں رکھوں گا۔

یہاں تک کہ حق کو قبول کرلے سعید بن مسیب و ابو سلمہ بن عبدالرحمن نے فرمایا:

فَوَفّٰى عُمَرُ وَاللّٰهِ بِمَا قَالَ وَكَانَ اَبَا الْعِيَالِ. (2) رضی اللہ تعالیٰ عنہ — خدا کی قسم! عمر نے جو فرمایا تھا پورا کر دکھایا اور رعیت کیلئے مہربان باپ تھے۔

هذا مختصر وقد دخل حديث بعضهم في بعض ۔

(1.2)(ذكره المحب الطبري في الرياض النضرة ، الفصل التاسع و العصامي في سمط النجوم العوالي في خلافة امير المؤمنين عمر فاروق،اولا عن الحسن .

دیکھو امیر المومنین فاروق اعظم سا اشد الناس فی امر اللہ برملا بر سر منبر اپنے آپ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بندہ بتا رہا ہے اور مجمع عام صحابہ کرام سنتا اور برقرار رکھتا ہے۔
"ولــلّٰــه الــحــمــد ولــه الــحــجة الــسامية".

بدعت حسنہ کے ماننے پر وہابیہ نے امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ کو صاف گمراہ لکھا
امیر المومنین رضی اللہ عنہ کو بجرم ترویج تراویح جسے اُسے جناب فاروقیت مآب نے بدعت [حسنہ]
ان کر اچھا بتایا اور فرمایا:
نِعْمَةُ [نعم] الْبِدْعَةُ هٰذِهٖ .(1)   یہ بدعت بہت خوب وحسن ہے۔
وہابی بیڑے کے بعض اجہوٹ بہادر مثل نواب بھوپالی قنوجی وغیرہ صراحۃً معاذ اللہ گمراہ بدعتی لکھ ہی چکے، اب اپنے آپ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا بندہ ماننے پر شرک کا اطلاق کرتے انہیں کیا لگتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:
"إِذَا لَمْ تَسْتَحِيْ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ"(2)

---

(1) (اخرجه مالك في الموطأ ١١٤/٣(٢٥٠) باب ما جاء في قيام رمضان ،وفي المدونة الكبرى ٢٢٢،والبخاري في الصحيح (١٩٠٦) كتاب صلاة التراويح ،وعبد الرزاق في المصنف ٢٥٩/٤(٧٧٢٣)،والبيهقي في السنن الكبرى ٤٩٣/٢ (٤٣٧٨ . ٤٣٧٩)، وفي الصغرى ٢٧٥/١(٨٢٦)،وفي الشعب ١٧٧/٣(٣٢٦٩)،وفي فضائل الأوقات ٢٤١(١١١)،وفي المدخل الى السنن ٢٠٦(٢٥٣)،والفريابي في الصيام ٤٣ (١٢٤.١٢٥)،و٤٥(١٣١)،و٤٨(١٤١)،وعمر بن شبة في أخبار المدينة ٣٧٨ (١١٨٢)،و٣٧٩(١١٨٦)،والجزري في النهاية ١٠٦/١،وابن قتيبة في غريب الحديث ٦٠٥/١، وابن عبد البر في ا لإستذكار ٦٥/٢،وابن حزم في الأحكام ٤٧، وغيرهم.

(2)(اخرجه البخاري في الصحيح (٣٢٩٤) باب في حديث الغار، وفي أدب المفرد = =

ع۔ بیحیا باش هر چه خواهی کن۔

مگر صاحبو ذرا سوچ سمجھ کر کہ شاہ ولی اللہ صاحب کا بھی دامن زیر سنگ خدا راد با ہے۔

یوں نظر دوڑے نہ برچھی تان کر

اپنا بیگانہ ذرا پہچان کر

اے عبید الہوا! اے عبید الدرہم و عبید الدنیا اب بھی عبد النبی عبد الرسول عبد المصطفیٰ کو شرک کہنا۔

"وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْم" .

حدیث(40=100):

بحمد للہ تعالیٰ ایک سے ایک زائد سنتے جایئے۔

ایک دن امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت شہزادہ گلگوں قبا امام حسین شہید کربلا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بر سر منبر گود میں لے کر فرمایا:

هَلْ اَنْبَتَ الشَّعْرَ عَلٰى رُؤُسِنَا اِلَّا ہمارے سروں پر بال کس نے اُگائے ہیں

= = ۳۴۵(۲۶۲۱)،وابن ماجه في السنن (۴۱۸۳)، باب الحياء ،وعبد الرزاق في المصنف ۱۱/۱۴۳،وأحمد في مسنده ۴/۱۲۱(۱۷۱۳۱)، و۵/۲۷۳ (۲۲۳۰۴)، والطيالسي في مسنده (۶۲۱)،وابن حبان في الصحيح ۲/۳۷۱ (۶۰۷) ، والمحاملي في أماليه ۳۰۹(۳۳۶)،وابو بكر القرشي في مكارم الأخلاق ۳۷(۸۳)،وابن قتيبة الدينوري في تأويل مختلف الحديث ۲۳۸،والطبراني في الأوسط ۳/۱۲ (۲۳۶۱)، و۳/۲۲۳(۲۹۸۶)،و۵/۱۰۳(۴۸۰۴)،و۷/۲۶۱(۷۴۴۹)،وتمام في فوائده ۱/۳۱۸ (۸۰۳)،والبيهقي في السنن الكبرى ۱۰/۱۹۲(۲۰۵۷۶)،وفي الشعب ۶/۱۴۳ (۷۷۳۳، ۷۷۳۴)،و۱۴۴(۷۷۳۵، ۷۷۳۶)،وغيرهم .

من حديث ابي مسعود الأنصاري وابن مسعود وحذيفة رضي الله تعالى عنهم .

ابوك. (1) تمہارے ہی باپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اُگائے ہوئے ہیں۔

یعنی جو کچھ عزت نعمت ودولت ہے سب حضور ہی کی عطا ہے۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔

ابن سعد فی الطبقات عن السیدالحسین صلی اللہ علیہ وسلم جدہ وابیہ وامہ واخیہ وعلیہ بنیہ وبارك وسلم .

حدیث ﴿101=41﴾:

کہ ایک بار امیر المومنین حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ نے کاشانہ خلافت فاروقی پر اذن طلب کیا ابھی اجازت نہ آئی تھی کہ امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے دروازے پر حاضر ہوکر اذن مانگا۔

امیر المومنین نے انہیں اجازت نہ دی یہ حال دیکھ کر سیدنا امام مجتبیٰ رضی اللہ عنہ بھی واپس گئے۔

امیر المومنین رضی اللہ عنہ نے انہیں بلا بھیجا انہوں نے آکر کہا یا امیر المومنین میں نے خیال کیا کہ اپنے صاحبزادے کو تو اذن دیا نہیں مجھے کیوں دیں گے۔

اَنْتَ اَحَقُّ بِـالْاِذْنِ مِنْـهُ وَهَلْ اَنْبَـتَ الشَّـعْـرَ فِی الرَّأْسِ بَـعْـدَ اللّٰـهِ اِلَّا اَنْتُم. (2) رواه الدار قطنی .

آپ اس سے زیادہ مستحق اذن ہیں اور یہ بال سر پر اللہ عزوجل کے بعد کس نے اُگائے ہیں سوا تمہارے۔

---

(1) ما وجدت في المطبوع .لكن ذكره ابن حجر الهيتمي في صواعق المحرقة .
۵۱۵/۲، وعزاه إلى ابن سعد .

(2) (لم اجده) ○لكن في العلل للدارقطني ۲۵/۲ س (۱۵۱) سئل عن حديث الحسين بن علي عن عمر حين قال:.... انما أنت أحق من عبد الله بن عمر وهل انبت ما في رؤسنا إلا الله تعالى وانتم.

حدیث (42=102):

سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھ سے کہا:

أَيْ بُنَيَّ الَوْ جَعَلْتَ تَأْتِيْنَا وَتَغْشَانَا — اے میرے بیٹے! میری تمنا ہے کہ آپ ہمارے پاس آیا کریں۔

ایک دن میں گیا تو معلوم ہوا کہ تنہائی میں معاویہ رضی اللہ عنہ سے کچھ باتیں کر رہے ہیں اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما دروازے پر رُکے ہیں عبداللہ رضی اللہ عنہ پلٹے اُن کے ساتھ میں بھی واپس آیا اس کے بعد امیر المومنین مجھے ملے فرمایا: —

"لم أرك أتيتنا؟" جب سے پھر میں نے آپ کو نہ دیکھا یعنی تشریف نہ لائے۔

میں نے کہا امیر المومنین میں آیا تھا آپ معاویہ کے ساتھ خلوت میں تھے۔ آپ کے صاحبزادے کے ساتھ واپس گیا امیر المومنین نے فرمایا:

فَقَالَ أَنْتَ أَحَقُّ بِالْإِذْنِ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ إِنَّمَا أَنْبَتَ فِيْ مَا تَرٰى رُؤُوْسَنَا اللّٰهُ ثُمَّ أَنْتُمْ(1) — آپ ابن عمر سے مستحق تر ہیں یہ جو آپ ہمارے سروں پر دیکھتے ہیں یہ اللہ ہی نے تو اُگائے ہیں۔

---

(1) أخرجه الخطيب في تاريخه ١/١٤١، وابن عساكر في تاريخه ١٤/١٧٥، ١٧٦، والرزاز في تاريخ واسط ٣٠٣ في ترجمة: أبو الحسين سعد بن وهب بن سنان، وعمر بن شبة في أخبار مدينة ٢/٥(٣٠٥٩).

وذكره المتقي في كنز العمال ١٣/٦٥٥(٣٧٦٦٥): بلفظ: ..أنت أحق با ° لإذن من عبد الله بن عمر انما انبت في رؤوسنا ما ترى الله ثم أنتم. وعزاه إلى ابن سعد وابن راهويه.

وخرج العجلي في الثقات ٣٠٩ في ترجمة الحسين: وابن عساكر في تاريخه ==

اورایک روایت میں ہے:

هَلْ أَنْبَتَ الشَّعْرَ عَلَى الرَّأْسِ غَيْرُكُمْ. کیا سر پر بال کسی اور نے اُگائے ہیں سوا تمہارے۔ (1)

الخطيب من طريق يحيٰى بن سعيد الأنصاري عن عبيد بن حنين قال لني الحسين بن علي رضي الله تعالى عنهما، وكذا ابن سعد وراهويه الأخرى رواها الحافظ محب الدين الطبرى في الرياض النضرة من طريق عبيد بن حنين لأحد الريحانتين رضي الله تعالى عنهما.

حافظ الشان امام عسقلانی "الإصابه في تمييز الصحابه" میں اُسے بروایت خطیب ذکر کر کے فرماتے ہیں" سنده صحيح"اس حدیث کی سند صحیح ہے۔(2)

میں ڈرتا ہوں کہ امیر المومنین رضی اللہ عنہ کی ان حدیثوں کا سنانا کہیں وہابی صاحبوں کو رافضی بھی نہ کر دے۔﴿قُلْ مُوْتُوْا بِغَيْظِكُمْ إِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ﴾(3)

شہزادوں سے امیر المومنین کے اس فرمانے کا مطلب بھی وہی ہے جو لفظ اول میں تھا کہ یہ بال

= ۱۴/۱۷۵:عن حسين بن علي قال صعدت إلى عمر ....وهل أنبت الشعر على رؤوسنا إلا أنتم ، لفظ العجلي .

(1)أخرجه ابن عساكر في تاريخه ۱۴/۱۷۵،والدارقطني في العلل ۲/۱۲۵ ، والمحب الطبري في "الرياض النضرة ،الفصل التاسع .

(2)وذكره الحافظ في الإصابة ۲/۷۸ ، باب الحاء بعدها السين ، وقال :سنده صحيح ، وفي تهذيب التهذيب ۲/۳۰۰ في ترجمة الحسين ، وقال رواه الخطيب بسند صحيح. وقال الذهبي في سير الاعلام النبلاء ۳/۲۸۵،وفي نسخة ۴/۳۷۷، في ترجمة الحسين إسناد صحيح.

(3)[آل عمران ۱۱۹]

تمہارے مہربان باپ ہی نے اُگائے ہیں ﷺ جس طرح اراکین سلطنت اپنے آقازادوں سے کہتے ہیں کہ جو نعمت ہے تمہاری ہی دی ہوئی ہے یعنی تمہارے ہی گھر سے ملی ہے۔

نبی [مکرم] صلی اللہ علیہ وسلم دو جہان کی دولت ایک جملہ فرما کر بخش دیتے ہیں

حدیث﴿43=103﴾:

کہ حضرت بتول زہرا صلى الله عليه وسلم على ابيها وعليها وعلى بعلها وابنها وبارك وسلم اپنے دونوں شاہزادوں کو لے کر خدمت انور سید اطہر صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوئیں اور عرض کی:

يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! اِنْحَلْهُمَا، قَالَ: نَعَمْ، أَمَّا الْحَسَنُ فَقَدْ نَحَلْتُهُ حِلْمِيْ وَهَيْبَتِيْ وَأَمَّا الْحُسَيْنُ فَقَدْ نَحَلْتُهُ نَجْدَتِيْ وَجُوْدِيْ. (1)

یا رسول اللہ ان دونوں کو کچھ عطا فرمایئے۔ قاسم خزائن الٰہی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں منظور، حسن کو تو میں نے اپنا حلم اور ہیبت عطا کی اور حسین کو اپنی شجاعت اور اپنا کرم بخشا۔

ابن عساكر عن محمد بن عبيد الله ابن ابي رافع عن أبيه عن جده رضي الله عنه.

حدیث﴿44=104﴾:

کہ جب حضرت خاتون فردوس رضی اللہ تعالٰی عنہما نے عرض کی:

يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! اِنْحَلْهُمَا.

یا نبی اللہ! ان کو کچھ عطا ہو۔

تو فرمایا:

نَحَلْتُ هٰذَا الْكَبِيْرَ الْمَهَابَةَ وَالْحِلْمَ، وَنَحَلْتُ هٰذَا الصَّغِيْرَ الْمَحَبَّةَ وَالرِّضٰى.

میں نے اس بڑے کو ہیبت و بردباری عطا کی اور اس چھوٹے کو محبت و رضا کی نعمت دی۔

---

(1) اخرجه ابن عساكر في تاريخه ۱۳/ ۲۸، ۲۹. وذكره المتقي الهندي في كنز = =

العسكري في الأمثال عن جابربن سمرة عن أم أيمن بركة رضي الله عنهم.(1)

حدیث(45=105):

کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا جس مرض میں وصال مبارک ہوا ہے اُس میں دو جہان کی شاہزادی اپنے دونوں شہزادوں کو لئے اپنے پدر کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے پاس حاضر ہوئیں اور عرض کی:

يَارَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَانِ ابْنَاكَ فَوَرِّثْهُمَا شَيْئًا. یارسول اللہ! آپ کے دونوں بیٹے ہیں انہیں اپنی میراث کریم سے کچھ عطا فرمایئے۔

ارشاد ہوا :

أَمَّا الْحَسَنُ فَلَهُ هَيْبَتِيْ وَسُؤْدَدِيْ وَأَمَّا حُسَيْنٌ فَلَهُ جُرْأَتِيْ وَجُوْدِيْ .(2) حسن کیلئے تو میری ہیبت اور میری سرداری ہے اور حسین کیلئے میری جرأت اور میرا کرم۔

الطبراني في الكبير ابن مندة ابن عساكر عن البتول الزهراء رضي الله عنها.

= = العمال ۳/۱۱۷(۳۳۲۷۳) .وقال الهيثمي في المجمع ۹/۱۸۵عن أبي رافع قال جاءت فاطمة بنت رسول الله ﷺ بحسن وحسين إلى رسول الله ﷺ في مرضه الذي قبض فيه فقالت هذان ابناك فورثهما شيئا فقال لها اما حسن فله ثباتي وسؤددي واما حسين فان له حزامتي و جودي.رواه الطبراني في الأوسط و فيه من لم اعرفهم .

(1)أخرجه الديلمي في الفردوس ۳/۲۸۰(٦٨٢٩)، وذكره المتقي في كنز العمال ۳/٦٧٠(۳٧٧١٠) لفظ له ،وعزاه إلى العسكري في الأمثال .وقال :وفيه :ناصح المحلمي ،قال ابن معين وغيره ليس بثقة .

(2)أخرجه الطبراني في الكبير ۲۲/۴۲۳(۱۰۴۱)،وفي الأوسط ٦/۲۲۱.۲۲۲(٦۲۴۵)،وأبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني ١/۲۹۹(۴۰۸) ،و۵/۳۷۰ = = =

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مختار خزائن الٰہی ہونے کا نفیس ثبوت

أَقُوْلُ وَبِاللّٰهِ التَّوْفِيْق:

حلم ومحبت وجود وشجاعت ورضا ومحبت کچھ اشیائے محسوسہ واجسام ظاہرہ تو نہیں کہ ہاتھ میں اُٹھا کر دے دیئے جائیں اور حضرت بتول زہرا کا سوال بصیغۂ عرض و درخواست تھا کہ حضور انہیں کچھ عطا فرمائیں جسے عرف نحاۃ میں صیغہ امر کہتے ہیں اور وہ زمان استقبال کیلئے خاص کہ جب تک یہ صیغہ زبان سے ادا ہوگا زمانہ حال منقضی ہو جائے گا اس کے بعد قبول ووقوع جو کچھ ہو گا زمانہ تکلم سے زمانہ مستقبل میں آئے گا اگرچہ بحالت فور واتصال اُسے عرفاً زمانہ حال کہیں بہر حال درخواست وقبول کو زمانہ ماضی سے اصلاً تعلق نہیں اب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فرمایا نعم ہاں دوں گا لاجرم یہ قبول زمانہ استقبال کا وعدہ ہوا۔

"فَإِنَّ السُّؤَالَ مُعَادٌ فِي الْجَوَابِ أَيْ نَعَمْ اِنْحَلْهُمَا".

اس کے متصل ہی حضور فرماتے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم کہ میں نے اپنے شہزادے کو یہ نعمتیں دیں اور اس شہزادے کو یہ دولتیں بخشیں یہ صیغے بظاہر ماضی کے ہیں اور اس سے زمان وعدہ تھا اور زمان وعدہ عطا نہیں کہ وعدہ عطا پر مقدم ہوتا ہے لاجرم یہ صیغے اخبار کے نہیں بلکہ انشا ہیں جس طرح بائع

= = = (۲۹۷۱)،وابن عساكر في تاريخه ۱۳/۲۳۰،وأبو نعيم في معرفة الصحابة ،في ترجمته ،وذكره الحافظ في الاصابة ۷/۶۷۴،في ترجمة زينب بنت أبي رافع، وعزاه إلى ابن منده ، وفي تهذيب التهذيب ۲/۲۹۹، والمزي في تهذيب الكمال ۶/۴۰۰ كلاهما في ترجمة حسين بن علي رضي الله عنهما ، والمتقي الهندي في كنز العمال ۱۲/۱۱۷(۳۴۲۷۲) وعزاه إلى الطبراني وابن منده و ابن عساكر. وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ۹/۱۸۴،۱۸۵: رواه الطبراني وفيه من لم أعرفهم .)

شتری کہتے ہیں "بِعْتُ اِشْتَرَیْتُ"۔ میں نے بیچی میں نے خریدی یہ صیغے کسی گذشتہ خرید و فروخت کی خبر دینے کو نہیں ہوتے بلکہ انہیں سے بیع و شرا پیدا ہوتی ہے۔ انشا کی جاتی ہے یعنی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اِس فرمانے ہی میں کہ میں نے اُسے یہ دیا اُسے یہ دیا علم و نبوت و جود و شجاعت و رضا و محبت کی دولتیں شہزادوں کو بخش دیں یہ نعمتیں خاص خزائن ملک السموت والارض جلالہ کی ہیں۔

این سعادت بزورِ بازو نیست

تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

تو وہ جو زبان سے فرما دے کہ میں نے دیں اور اس فرمانے ہی سے وہ نعمتیں حاصل ہو جائیں قطعاً یقیناً وہی کرسکتا ہے جس کا ہاتھ اللہ وہاب رب الارباب جل جلالہ کے خزانوں پر پہنچتا ہے جسے اُس کے رب جل وعلا نے عطا و منع کا اختیار دیا ہے۔

ہاں وہ کون ہاں واللہ وہ محمد رسول اللہ ماذون و مختار حضرۃ اللہ قاسم و متصرف خزائن اللہ، جل جلالہٗ و صلی اللہ علیہ وسلم ، والحمد رب العالمین ۔

لاجرم امام اجل احمد بن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ کتاب مستطاب "جوھر المنظم" میں فرماتے ہیں:

ہُوَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَلِیْفَۃُ اللّٰہِ [الْاَعْظَمُ] الَّذِیْ جَعَلَ خَزَائِنَ کَرَمِہٖ وَ مَوَائِدَ نِعَمِہٖ طَوْعَ یَدَیْہِ وَ[تحت] اِرَادَتِہٖ یُعْطِیْ [منھما] مَنْ یَّشَآءُ (1)

اللہ عزوجل کے وہ خلیفہ اعظم ہیں کہ حق جل وعلا نے اپنے کرم کے خزانے اپنی نعمتوں کے خوان سب اُن کے ہاتھوں کے مطیع اُن کے ارادے کے زیر فرمان کر دیئے۔ جسے چاہتے ہیں عطا فرماتے ہیں۔ صلی اللہ علیہ وسلم

---

(1) الجوھر المنظم فی زیارۃ القبر الشریف النبوی المکرم المعظم ۴۲، لاہور)

ان مباحث قدسیہ کے جانفزا بیان فقیر کے رسالہ "سلطنت المصطفیٰ في ملكوت كل الورى" میں بکثرت ہیں، وللہ الحمد۔

حدیث(46=106):

صحیحین میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

إِنَّ لِيْ أَسْمَاءً أَنَا مُحَمَّدٌ وَأَنَا أَحْمَدُ وَأَنَا الْمَاحِيْ الَّذِيْ يَمْحُو اللّٰهُ بِيَ الْكُفْرَ وَأَنَا الْحَاشِرُ الَّذِيْ يُحْشَرُ عَلٰى قَدَمَيَّ۔ [صلى الله عليه وسلم](1)

بے شک میرے متعدد نام ہیں میں محمد ہوں میں احمد ہوں ماحی یعنی کفر و شرک کا مٹانے والا ہوں کہ اللہ تعالیٰ میرے ذریعے سے کفر مٹاتا ہے میں حاشر یعنی مخلوق کو حشر دینے والا ہوں کہ میرے قدموں پر تمام لوگوں کا حشر ہوگا۔

مالك وأحمد وأبوداود الطيالسي وابن سعد والبخاري ومسلم والترمذي والنسائي والطبراني والحاكم والبيهقي وأبو نعيم وآخرون عن جبير بن مطعم .

---

(1) أخرجه مالك في الموطا ٧٣٦، وأحمد في مسنده ٨٠/٤، ٨٤، ٨٥، وأبو داود الطيالسي في مسنده ١٢٧، وعبد الرزاق في المصنف ٤٤٦/١٠ (١٩٦٥٧)، وابن أبي شيبة في مصنفه ٣١١/١١ (٣١٦٩١)، والدارمي في السنن ٤٠٩/٢ (٢٧٧٥)، والحميدي في مسنده ٢٥٣/١ (٥٥٥) والبخاري في الصحيح ٧٣٧/٢ (٣٦١٣) ومسلم في الصحيح ٢٦١/٢ (١٢٩١) و(٢٣٥٤)، والترمذي في الجامع ١١١/٢ (٢٨٤٠)، وفي الشمائل (٣٦٥)، والطبراني في الكبير ١٢٠/٢ و١٢١ و١٢٢، في مسند الشاميين ٢٢٨/٤ (٣١١١)، والحاكم في المستدرك ٦٠٤/٢، والبيهقي في الدلائل ١٥٥/١، ١٥٦، وأبو نعيم في الدلائل ٦/١، وابن سعد في طبقات الكبرى ١٠٤/١، و٥٠١، وابن وهب في جامعه ٨٨ (٢٥٤)، والبلاذري في أنساب الأشراف (٢٨٤)، والبزار في ==

حدیث (47 تا 51 = 107 تا 111):

صحیح مسلم شریف میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

أنا مُحَمَّدٌ وَأَحْمَدُ وَالْمُقَفِّي وَالْحَاشِرُ وَنَبِيُّ التَّوْبَةِ وَنَبِيُّ الرَّحْمَةِ.

میں محمد ہوں اور احمد اور سب انبیا کے بعد آنے والا اور خلائق کو حشر دینے والا اور توبہ کا نبی اور رحمت کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم

احمد ومسلم والطبراني في الأوسط عن أبي موسى الأشعري .(1)

= = في غرائب مالك (٥٠) ، وابن حبان في الصحيح ٣/٢٩(٦٣٣)، والبزار في مسنده ٨/٣٣٩ ، وابن أبي حاتم في تفسيره (١٠٩٨٢)، والبغوي في شرح السنة ٢١/٢٢،٢٢، والروياني في مسنده ١/٣٨١، وابن أبي عاصم في الآحاد والمثاني ٣٥١/١، والخطابي في غريب الحديث ١/٣٨٠ ، وأبو الشيخ في طبقات المحدثين بأصبهان ٣/٢٠٣ ، والبخاري في تاريخ الصغير ١/(٢٢) ، والطحاوي في شرح مشكل الآثار(٩٧٠) ، والرافعي في التدوين ١/٣٢، والدولابي في الأسماء والكنى (١) ، وابن عبد البر في الإستذكار(١٨٩٣) ، والطبري في تاريخه ٢/٢٢١، والجوهري في مسند الموطأ (٣٦) ، وابن أبي شريح في أحاديث المائة (٣٦) ، ومحمد بن الفضل في حديث أبي الفوارس ٨٠ (٢٩)، وابن السمعاني في المنتخب من معجم شيوخ ابن السمعاني ٧(٣) ، ابن المديني في ذكر الامام أبي عبد الله بن مندة ٢١(٣) ، والآجري في الشريعة ٣٠٦، ابن عساكر في تاريخه ٣/١٨ إلى ٢١، وغيرهم . وزاد بعضهم :"وأنا العاقب الذي ليس بعده نبي ". كلهم من طريق الزهري عن محمد بن جبير بن مطعم عن أبيه ... إلخ .

أخرجه البزار في مسنده ٨/٣٣٩،٣٤٠ (٣٤٤٣) من طريق جعفر بن أبي وحشية وهو أبو بشر عن نافع بن جبير بن مطعم عن أبيه .... إلخ .

(1) أخرجه أحمد في مسنده ٤/٣٩٥ (١٩٥٢٣) ، و٤/٤٠٤(١٩٦٣٧)، و٤٠٧ = = =

ونحوه أحمد وابنا سعد وأبي شيبة والبخاري في التاريخ والترمذي في الشمائل عن حذيفة.(1)

= = (١٩٦٦٨)،وابن أبي شيبة في المصنف٥/٣١٦ (٣١٦٩٣) ، وأبو داود الطيالسي في مسنده ٦٧(٤٩٢) ،ومسلم في الصحيح ٢/٢٦١ (٢٣٥٥)، وابن حبان في الصحيح ١٤/٢٢٠(٦٣١٤) ، والبزار في مسنده ٨/٣٠، ٣١(٣٠٢٢، ٣٠٢٣)، وأبو يعلى في مسنده ١٣/٢١٨(٧٢٤٤)،والروياني في مسنده (٥٨٣) ،والطحاوي في شرح مشكل الآثار٢/٥١، والحاكم في المستدرك ٢/٦٥٩(٤١٨٥) والطبراني في الأوسط٢/٣٥(١١٧٤)،٤/٣٧٤ (٤٣٣٨)،٤/٣٥٥،وفي الصغير (٤١٧)،والبيهقي في الدلائل ١/١٥٦،١٥٧،وفي الشعب ٢/ ١٤٢(١٤٠٠)، وأبو نعيم في الحلية ٥/١٠٠، وأبي عبد الله الدقاق في مجلس في رؤية الله ٣٤٢ (٤٣٧) ،والقزويني في التدوين ٣/١٣٩، وابن شبة النميري في تاريخ المدينة (٩٥٤)وابن بشران في أماليه ٣٤٢ (٤٣٧) ، والمحاملي في أماليه ٣٠٤ (٣٤٢)، ومحمد بن ابراهيم الجرجاني في أماليه ١٣٧(٢٥٧) ، ومحمد بن عبد الله البغدادي في فوائد ابن أخي ميمي الدقاق ٢١٣(٤٦٩)،ومحمد بن الفضل في حديث أبي الفوارس٨٠ (٢١٨)،والدولابي في الكنى والأسماء (٢)،واسماعيل بن أحمد النيسابوري في اربعون حديثا من الصحاح العوالي ٢٩(٣٣)،وابن سعد في طبقاته ١/١٠٥، وابن إسحاق في سيرته ٤٣، والطبري في تاريخه ٢/٢٢١،وابن عساكر في تاريخه ٣/٢،وغيرهم .

وفي رواية :نبي الرحمة و نبي الملحمة ،وفي رواية :ونبي التوبة والملحمة . كلهم من طريق عمرو بن مرة عن ابي عبيدة عن ابي موسى الأشعري رضي الله تعالى عنه.

(1) (أخرجه أحمد في مسنده ٥/ ٤٠٥(٢٣٤٩٢) ، وابن أبي شيبة في المصنف ٦/٣١١(٣١٦٩٢)، والبخاري في تاريخ الصغير ١٠(٢١)، والترمذي في = = =

وابن مردوية في التفسير وأبو نعيم في الدلائل وابن عدي في الكامل وابن عساكر في تاريخ دمشق والديلمي في مسند الفردوس عن أبي الطفيل .(1)

= الشمائل (٣٦٨)، وابن حبان في الصحيح ٢٢١/١٣، ٢٢٢(٦٣١٥)، والبزار في مسنده ٢٩٣/٧(٢٨٨٧)، والبغوي في شرح السنة ٢٢/١٣، ٢٣(٣٦٣١) ، و في الأنوار في شمائل النبي المختار ٣٣/١(٥٧) ،والدولابي في الكنى والأسماء (٣)، وابن الأعرابي في معجمه ١١٣/١(٣٠٠٦)، وابن السماك في الثاني من الفوائد المنتقاة ٢٥(٢٨) ،والآجري في الشريعة ٣٠٦، والقزويني في التدوين في أخبار قزوين ٤٣/١،وابن سعد في الطبقات ١٠٤/١. عن حذيفة رضي الله عنه .

قال الهيثمي في مجمع الزوائد ٥٠٥/٨(١٣٠٦٠) :رواه أحمد والبزار ورجال أحمد رجال الصحيح غير عاصم بن بهدلة وهو ثقة وفيه سوء حفظ .

(1)(أخرجه ابن عدي في كامله ٢٣٦/٣،وفي نسخة ٤٧٣،و أبو نعيم في الدلائل ١٢/١، وفي أخبار أصبهان (٣١٢) ،و محمد بن عمرو البختري في التاسع من فوائد البختري ٤٣ (٣٨) ، والآجري في الشريعة ٣٠٤٦، وابن عساكر في تاريخه ٢٨/٣، ٢٩، والذهبي في سير أعلام النبلاء ٩١/١١ في ترجمة أحمد بن عمرو البزار ، والديلمي في فردوس الأخبار ٨٣/١(٩٧) .

وذكره السيوطي في الدر المنثور ٥٥١/٥ وعزاه إلى ابن مردويه.

قلت :و في الباب :عن ابن عباس رضي الله تعالى عنهما عن النبي ﷺ قال :أنا احمد و محمد والحاشر والمقفي والخاتم . أخرجه الطبراني في الأوسط ١٤٧/٣(٢٣٠١) ، وفي الصغير (١٥٦)، والخطيب في تاريخه ٢٧٩/٦، وأبو نعيم في تسمية ما روى عن الفضل بن دكين ١٧(٥٠) ، وابن عساكر في تاريخه ٢/٣ .

وعن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله ﷺ :لي أسماء :أنا أحمد و انا محمد و أنا الحاشر ،وأنا المقفي ، وأنا نبي التوبة . (أخرجه تمام الرازي في فوائده كما = = =

وابن عدي عن أبي هريرة رضي الله عنهم.(1)وابن سعد عن مجاهد مرسلا (2)يزيدون وينقصون وكلهم على الحاشر متفقون .

حديث (52=112):

حضوراقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کنیسۂ یہود میں تشریف لے جا کر دعوت اسلام فرمائی کسی نے جواب نہ دیا دوبارہ فرمائی کوئی نہ بولا۔ حضور نے فرمایا:

أبَيْتُمْ فَوَاللّٰهِ لَأنَا الْحَاشِرُ وَأنَا الْعَاقِبُ	تم نے نہ مانا تو سن لو خدا کی قسم بیشک میں ہی
وَأنَا النَّبِيُّ الْمُصْطَفٰى آمَنْتُمْ أوْكَذَّبْتُمْ	حشر دینے والا ہوں میں ہی خاتم الانبیاء ہوں
...	میں ہی نبی مصطفےٰ ہوں چاہے تم مانو یا نہ مانو۔

الحاكم صححة عن عوف بن مالك رضي الله عنه ـ(3)

= = في الروض البسام بترتيب و تخريج فوائد تمام ٣/٢٣(١٣٠٢) .

وعن أنس بن مالك قال قال رسول الله ﷺ انا أحمد و أنا محمد وأنا الحاشر وأنا العاقب .(أخرجه السهمي في تاريخ جرجان (٢٦٣) .

(1) (ما وجدت في المطبوع عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه .لكن أخرجه الدارقطني في العلل ١١/ ٩٤(٢٢١٨) عنه .

(2) (أخرجه ابن سعد في طبقات الكبرى ١/١٠٥.بلفظ { أنا محمد واحمد وأنا رسول الرحمة أنا رسول الملحمة أنا المقفي والحاشر ....الحديث ،وابن شبة في تاريخ مدينة ٢/٦٠٦ (٩٥٦) [اسناده حسن] .

(3) (أخرجه الحاكم في المستدرك ٣/٤١٥،٤١٦.وقال:صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه .من طريق أبي المغيرة عبد القدوس بن الحجاج ثنا صفوان بن عمرو حدثني عبد الرحمن بن جبير بن نفير عن أبيه عن عوف بن مالك الأشجعي .....

خدا کی شان میں ملا دینے کا رد

حدیث (113=53):

کہ فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم:

أنا مُحَمَّدٌ وَأنا أَحْمَدُ وَأنا الحَاشِرُ الَّذِي يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى قَدَمَيَّ وَأنَا الْمَاحِي الَّذِي يَمْحُو اللّٰهُ بِيَ الكُفْرَ.(1)

میں احمد ہوں' میں محمد ہوں کہ لوگوں کو اپنے قدموں پر حشر دوں گا، میں ماحی ہوں کہ اللہ تعالیٰ میرے ذریعے سے کفر کی بلا محو فرماتا ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

= = وأحمد في مسنده ٦/٢٥(٢٣٣٨٤)، وابن عساكر في تاريخه ٣٩/١٣. وفيه :

أيتهم فوالله إني لأنا الحاشر .... الحديث .

وفي رواية :أبيتم فوالله إني لأنا الحاشر، وأنا العاقب، وأنا المقفي، آمنتم أو كذبتم .....

الحديث . أخرجه ابن حبان في الصحيح ١٦/١٢٠، ١٢٠ (٧١٦٢)، والطبراني في

الكبير ١٨/٤٦ (٨٣)، وفي مسند الشاميين ٢/٧٧ (٩٣٨) .

وقال الهيثمي في المجمع ٧/٢٣٣ (١٣٣٤٧) :رواه الطبراني ورجاله رجال الصحيح .

وذكره الشوكاني في فتح القدير ٥/٢٧، وفي نسخة ٢/٢٤٣، وعزاه إلى أبي يعلى وابن

جرير والطبراني والحاكم .

قلت :ما وجدت في المطبوع لأبي يعلى ، لكن رواه ابن جرير في تفسيره ١١/٢٨٠،

بدون اللفظ :أبيتم فوالله ..... إلخ .

(1) أخرجه الطبراني في الكبير ٢ / ١٨٤(١٧٥٠) باللفظ له، وفي الأوسط ٢/٤٣

(٣٥٧٠)، وابن عدي في الكامل ٧ / ٢٥٢٧ ، وفي نسخة ٧/٩٣، عن جابر بن عبد الله

رضي الله تعالى عنه .

قلت :ونحوه في حديث جبير بن مطعم كما تقدم آنفا.

یہ اسم ماحی بھی ہمارے مقصود رسالہ سے ہے۔ نیز بجہت اسناد اور نیز یوں کہ معاذ اللہ کفر سے بدتر اور کیا بلا ہے تو جو پیارا ماحی کفر ہے اس سے بڑھ کر کون دافع البلا ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

مگر اس نام پاک حاشر کی اسناد کو وہابی صاحب بتائیں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ کیا فرما رہے ہیں کہ میں حشر دینے والا ہوں میں قدموں پر خلائق کو حشر دوں گا تم نے تو قرآن مجید سے یہ سنا ہوگا کہ نشر کرنا حشر دینا خدا کی شان ہے۔

یہاں بھی تمہارا امام الطائفہ یہی کہے گا کہ نبی نے اپنے آپ کو خدا کی شان میں ملا دیا خدا کی شان تم مدعیان علم و ایمان ابھی خدا کی شان ہی کے معنی نہ سمجھے نبی کی سب شانیں خدا کی شان ہیں تو خدا کی بعض شانیں ضرور نبی کی شان ہیں کہ موجبہ کلیہ کو اُس کا عکس موجبہ جزئیہ لازم ہے ہاں وہ شان جس سے خدائی لازم آئے نبی کیلئے نہیں ہو سکتی۔ دفع بلا یا سماع ندا یا فریاد کو پہنچنا یا مراد کا دینا وغیرہ وغیرہ امور نزاعیہ کو عطائے رحمانی و وساطت فیض ربانی سے مانے جاتے ہیں لزوم الوہیت سے کیا تعلق رکھتے ہیں "وَلٰكِنْ مَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا".

نبی ﷺ کا اپنی اُمت سے نارِ جہنم کو دفع فرمانا اور وہابیہ کا اس نعمت سے محروم رہ جانا

حدیث ﴿114=54﴾:

کہ فرماتے ہیں ﷺ میرا نام قرآن میں محمد اور انجیل میں احمد اور توریت میں احید ہے:

وَاِنَّمَا سُمِّيْتُ اُحِيْدَ لِاَنِّيْ اُحِيْدُ عَنْ اُمَّتِيْ نَارَ جَهَنَّمَ . اور میرا نام احید اس لئے ہوا کہ میں اپنی امت سے آتش دوزخ کو دفع فرماتا ہوں۔

فلوجه ربك الحمد وعليك الصلوة والسلام يا أحيد يا نبي الحمد.

ابنا عدي وعساكر عن ابن عباس رضي الله عنهما. (1)

---

(1) أخرجه ابن عساكر في تاريخ مدينة دمشق الكبير ٣/٣٢ وذكره المتقي الهندي

وہابی صاحبو! تمہارے نزدیک احید پیارا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دافع البلا تو ہے ہی نہیں کہہ دو کہ وہ تم سے نار جہنم بھی دفع نہ فرمائیں اور بظاہر اُمید تو ایسی ہی ہے کہ جو جس نعمت الٰہی کا منکر ہوتا ہے اس نعمت سے محروم رہتا ہے، اللہ عزوجل فرماتا ہے:

أَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِيْ بِيْ .(1) — میں اپنے بندے سے اُس کے گمان کے موافق معاملہ فرماتا ہوں۔

= في كنز العمال ١/٣٥٦(١٠٢١) وعزاه إلى ابن عدي وابن عساكر .وفيه: إسحاق بن بشر ، أبو حذيفة البخاري وهو متروك وكذاب .

قلت :نفس الأمر ثابت، لأنه يقول ﷺ وأنا اخذ بحجزكم عن النار .أخرجه مسلم في صحيحه وأحمد في مسنده من حديث جابر بن عبد الله رضي الله تعالى عنه ، وغيرهما، وأحمد وغيره عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه ،كما تقدم تخريجهما في تحت الحديث (٣٢،٣٣) وأيضا، كما قال النبي ﷺ: ليس منكم رجل إلا أنا ممسك بحجزته أن يقع في النار " أخرجه الطبراني في الكبير عن سمرة بن جندب رضي الله تعالى عنه كما تقدم تخريجه تحت الرقم (٣٤) وأيضا قال ﷺ: ألا و إني ممسك بحجزكم أن تهافتوا في النار كتهافت الفراش والذباب "أخرجه أحمد والطبراني وأبو يعلى والقضاعي وغيرهم كما تقدم تخريجه تحت الرقم (٣٥) .

(1)أخرجه البخاري في الصحيح (٧٤٠٥) ،وفي الأدب المفرد (٦١٢)، ومسلم في الصحيح (٢٦٧٥) والترمذي في الجامع (٢٣٨٨) ،و(٣٦٠٣)، وابن ماجه في السنن (٣٨٢٢) ،وأحمد في مسنده ٢/٢٥١ (٧٤٢٢)، و٢/٣١٥(٨١٤٣)، و٢/٣٩١ (٩٠٦٥)،و٢/٤١٣(٩٣٤٠)،و٤٤٥(٩٧٤٨)،و٤٨٢(١٠٢٥٨)،و٥١٢(١٠٦٩٥)، و٥١٦(١٠٧١٥)، و٥٢٤ (١٠٧٩٤)، و٥٣٤ (١٠٩٢٢)، وابن منده في الرد على الجهمية ٥٠(٨٠)،وفي كتاب التوحيد (٣٩٣)، و(٥٠٧)،و(٦٣٤)، ===

= = وأبو إسماعيل الهروي في الأربعين في دلائل التوحيد ٤٩ (٣٠) والنسائي في السنن الكبرى ٤/ ٤١٢ (٧٧٣٠)، وفي النعوت الأسماء والصفات ٣٣٧ (٤٢)، والدارمي في نقض على المريسي الجهمي ٢/ ٨٤٦، وابن حبان في الصحيح ٢/ ٤٠٥ (٦٣٩)، و٣/ ٩٣ (٨١)، والبغوي في شرح السنة ٥/ ٢٢، ٢٥ (١٢٥١، ١٢٥٢)، والقضاعي في مسند الشهاب (١٣٣٨)، والبيهقي في الشعب ٢/ ٧ (١٠١٣)، وفي الدعوات الكبير ٣ (١٧)، وفي الأسماء والصفات (٣٥١، ٣٥٥، ٣٥٦، ٩٣٢)، وفي الأربعون الصغرى (٣٠)، وابن أبي الدنيا في حسن الظن بالله ٣، و٣٣، وابن همام في صحيفته (٢٢)، وابن بطة في الابانة (١٣٠٣)، والخطيب في الزهد (١)، والسهمي في تاريخ جرجان (٧٧٠)، وأبو يعلى الفراء في ابطال التاويلات لأخبار الصفات (٣٣)، والطبراني في مسند الشاميين (٣٢٨٣)، وفي الدعاء (١٥)، و (١٧٥٥، ١٧٥٦، ١٧٥٨)، و أبو طاهر السلفي في كتاب الدعاء (٣٣، ٣٤)، وخليفة بن خياط في مسنده (٨٣)، وأبو جعفر البختري في جزء الرابع من حديثه (٢٥)، محمد بن الفضيل في الدعاء (٣٣)، وغيرهم.

وبلفظ: قال الله تعالى: عبدي عند ظنه بي ....الخ.

عند ابن خزيمة في التوحيد ١/ ٩(٣)، وابن حبان في الصحيح ٣/ ٩٥(٨٢)، وأحمد في مسنده ٢/ ٣٨٠، وابراهيم بن طهمان في مشيخته (١٢٩) وغيرهم.

كلهم عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه، بطرق كثيرة.

وفي الباب عن أنس بن مالك رضي الله تعالى عنه.

أخرجه أحمد في مسنده ٣/ ٢١٠(١٣٢١٥)، و٢٧٧(١٣٩٩٩)، وابو يعلى في مسنده ٦/ ٣ (٣٢٣٣)، والطبراني في الدعاء ١/ ٢٧ (١٧) وغيرهم.

وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ١٠/ ١٣٣ (١٧٢٠٣): رواه أبو يعلى و رجاله = = =

= = رجال الصحيح .
وعن واثلة بن الأسقع رضي الله تعالى عنه .
أخرجه أحمد في مسنده ٣/٤٩١(١٦٠٥٩)، والدارمي في السنن ٢/٣٩٥(٢٧٣١)،
وابن المبارك في الزهد والرقائق (٨٩٣)، وابن حبان في الصحيح ٢/٤٠١، ٤٠٢
(٦٣٣و٦٣٤و٦٣٥)، و٢/٤٠٧(٦٤١)، والحاكم في المستدرك ٤/٢٦٨
(٧٦٠٣)، والطبراني في الكبير ٢٢/٨٧، ٨٨، ٨٩، وفي الأوسط ١/٢٦٤ (٤٠١)،
و٨/٥٦(٧٩٥١) ،والبلاذري في أنساب الأشراف (٢٩٢٩)، وابن أبي الدنيا في
المحتضرين (١٥)، وفي حسن الظن بالله (٢) ،و محمد بن عبد الله البغدادي في في
فوائد ابن أخي ميمي الدقاق (٢٩٧) ،وغيرهم.
وقال الهيثمي في المجمع ٣/٥٧ (٣٨٨٧) :رواه أحمد والطبراني في الأوسط و رجال
أحمد ثقات.

وعن بهز بن حكيم عن ابيه عن جده .
أخرجه الطبراني في الكبير ١٩/٤٢٦(١٠٠٥)
وعن أبي ذر الغفاري رضي الله تعالى عنه .
أخرجه الطبراني في الدعاء ١/٥٢٣(١٨٧٠)
وعن معاوية بن حيدة رضي الله تعالى عنه
أخرجه الطبراني كما في مجمع الزوائد للهيثمي ١٠/٢٢٣(١٧٢٠٧) ،وقال رواه
الطبراني و فيه يحنس بن إبراهيم ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات .
وعبد الله بن مسعود رضي الله تعالى عنه .
أخرجه تمام في فوائده (٣٨٨)
وعن الحسن مرسلا . أخرجه ابن فضيل الضبي في الدعاء (٣٩) .

جب تمہارا گمان یہ ہے کہ مصطفےٰ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم دافع البلا نہیں تو تم اُسی کے مستحق ہو کہ وہ تمہارے لئے دافع البلا نہ ہوں ایک بار فقیر کے یہاں اس مسئلہ کا ذکر تھا کہ رافضی دیدارِ الٰہی کے منکر ہیں اور وہابی شفاعت نبوی کے فقیر نے کہا ایک یہی مسئلہ نزاعیہ ہے جس میں ہم اور وہ دونوں راست گو ہیں ہم کہتے ہیں دیدارِ الٰہی ہوگا اور ہم حق کہتے ہیں۔ انشاء اللہ الغفار ہمیں ہوگا رافضی کہتے ہیں نہ ہوگا وہ سچ کہتے ہیں انشاء اللہ القہار اُنہیں نہ ہوگا ہم کہتے ہیں شفاعت مصطفےٰ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم حق ہے اور ہم قطعاً حق پر ہیں اُن کے کرم سے ہمارے لئے ہوگی وہابی کہتے ہیں شفاعت محال مطلق ہے اور وہ ٹھیک کہتے ہیں اُمید ہے کہ اُن کیلئے نہ ہوگی۔

ع۔ گز تو حرام ست حرامت بادا۔

حاضراں گفتند کائے صدر الوریٰ

راست گو گفتی دو ضد گورا چرا

گفت من آنینہ ام مصقول دوست

تُرک د ھند و درمن آں میند کہ اوست

خود حضورِ پُرنور شافع یوم النشور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

شَفَاعَتِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حَقٌّ فَمَنْ لَّمْ يُؤْمِنْ بِهَا لَمْ يَكُنْ مِنْ اَهْلِهَا. (1)

روزِ قیامت میری شفاعت حق ہے تو جو اُس پر یقین نہ لائے وہ شفاعت کے لائق نہیں۔

ابن منیع في معجمه عن زيد بن أرقم وبضعة عشر من الصحابة رضي الله تعالى عنهم.

---

(1) (أخرجه الديلمي في الفردوس ۳/۵۷(۴۱۵۴)

وذكره السيوطي في جامع الصغير ۳/۱۰۰۹(۴۸۹۹)، والمتقي الهندي في كنز العمال ۱۴/۳۹۹ (۳۹۰۵۹) وكلاهما عزاه إلى ابن منيع لفظ له. وقالا عن زيد بن أرقم ==

علامہ مناوی 'تیسیر' میں لکھتے ہیں: " أطلق عليه التواتر "(1)

اس حدیث کو متواتر کہا گیا۔

بالجملہ وہ تمہارے لئے دافع البلا نہ سہی مگر لا واللہ ہمارا ٹھکانا توان کی بارگاہ بیکس پناہ کے سوا نہیں۔

منکر اپنا اور حامی ڈھونڈھ لیں

آپ ہی ہم پر رحمت کیجئے

بلکہ لا واللہ! اگر بفرض غلط بفرض باطل عالم میں اُن سے جدا کوئی دوسرا حامی بن کر آئے بھی تو ہمیں اُس کا احسان لینا منظور نہیں وہ اپنی حمایت اٹھا رکھے ہمیں ہمارے مولائے کریم جل جلالہٗ نے بے ہمارے استحقاق بے ہماری لیاقت کے اپنے محبوب ﷺ کا کرلیا اور اُسی کی وجہ کریم کو حمد قدیم ہے اب ہم دوسرے کا بننا نہیں چاہتے جس کا کھایئے اُسی کا گایئے:

= وبضعة عشر من الصحابة رضي الله عنهم .

قلت :وفي الباب عن أنس بن مالك رضي الله تعالى عنه .رواه القضاعي في مسنده ۳۳۸/۱(۳۹۹) بلفظ من كذب بالشفاعة لم ينلها يوم القيمة .وذكره الذهبي في الميزان ۳/۳۰۷، والحافظ في اللسان ۹۸/۳.

وموقوفا:قال :من كذب بالشفاعة ، فليس له فيها نصيب .

أخرجه الهناد في الزهد ۱۳۳(۱۸۹)، واللالكائي في السنة (۲۰۹۳)، والآجري في الشريعة ۳۰۰.وقال الحافظ في الفتح ۴۲۶/۱۱، وفي نسخة ۲۸۹/۳وأخرج سعيد بن منصور بسند صحيح عن أنس قال:من كذب بالشفاعة فلا نصيب له فيها.

وعن أيوب السختياني [وهو تابعي]قال من كذب الشفاعة فلا ينالها .

أخرجه اللالكائي في السنة (۲۰۹۳).

(1) التيسير بشرح الجامع الصغير ۷۸/۲)

جو دل با دلبرے آرام گیرد
زوصل دیگرے کے کام گیرد

....

یا تو یوں ہی تڑپ کے جائیں یا وہی دام سے چھڑائیں
منت غیر کیوں اٹھائیں کوئی ترس جتائے کیوں

....

اے واہ وہ حبیب را کلید همه کار
باران درد دا بر رخ پاکش بار

....

دستے که بدامانِ کریمش زده ایم
زنہار بدست دیگر انش مسپار

....

تیرے ٹکڑوں سے پلے غیر کی ٹھوکر پہ نہ ڈال
جھڑکیاں کھائیں کہاں چھوڑ کے صدقہ تیرا

صلی اللہ علیک وسلم وعلی الک و بارک وکرم ، والحمد للہ رب العلمین .

خیر ان اہل شر کے منہ کیا لگیے مسلمان نظر فرمالیں کہ عیاذاً باللہ نار جہنم سے سخت تر کونسی بلا ہوگی مگر اُس کا دافع دافع البلا نہیں ہے یہ کہ وہابیہ کے پاس نہ عقل ہے نہ دین.

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم .

حضور ﷺ نے خدا کے قادر کیے سے اللہ عزوجل کے قیدی کی سزا بدل دی

حدیث (115=55):

صحیح بخاری وصحیح مسلم ومسند امام احمد میں سیدنا عباس رضی اللہ عنہ سے ہے انہوں نے حضور اقدس رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی کہ حضور نے اپنے چچا ابوطالب کو کیا نفع دیا خدا کی قسم وہ حضور کی حمایت کرتا حضور کیلئے لوگوں سے لڑتا جھگڑتا تھا فرمایا:

وَجَدْتُهُ فِي غَمَرَاتٍ مِّنَ النَّارِ فَأَخْرَجْتُهُ إِلَى ضَحْضَاحٍ ۔(1)

میں نے اُسے سراپا آگ میں ڈوبا پایا تو اُسے میں نے کھینچ کر پاؤں تک کی آگ میں کردیا

حدیث (116=56):

کہ حضور رحمۃ اللعالمین ﷺ سے عرض کی گئی "هَلْ نَفَعْتَ أَبَا طَالِب" ؟ [البزار] حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ابوطالب کو کچھ نفع دیا فرمایا:

أَخْرَجْتُهُ مِنْ غَمْرَةِ جَهَنَّمَ إِلَى ضَحْضَاحٍ مِنْهَا. [أبو يعلى].

میں اُسے دوزخ کے غرق سے پاؤں تک کی آگ میں نکال لایا۔

---

(1) أخرجه البخاري في الصحيح ١/٥٤٨،و٢/٩١٧ ومسلم في الصحيح ١/١١٥ (٢٠٩)، وأحمد في مسنده١/٢٠٦،و٢١٠، وابن منده في الإيمان ٢/٨٨٨ (٩٦٠)، والحميدي في مسنده ١/٢١٩ (٤٦٠)،وأبو عوانة في مسنده ١/٩١(٢٧٨)، والحاكم في المستدرك ٤/٦٢٥(٨٧٣٥) ، والبيهقي في الشعب ١/٢٥٩،وفي البعث والنشور (٢) ،وأبو نعيم في المسند المستخرج ١/٢٧٩،وابن عساكر في تاريخه ٢٦/٢٧٤ ٦٧/٣١٥ ، و٦٦/٣٤١، والزمخشري في الفائق ٢/٣٣٢، والخطابي في غريب الحديث ٤٩،وابن سيد الناس في عيون الأثر ٢٣٦(٣٥)، وأبو بكر الشافعي في فوائد الشهير بالغيلانيات (٢٧٠) ،وغيرهم .كلهم من حديث العباس بن عبد المطلب .

البزار وأبو يعلى وابن عدي وتمام عن جابر بن عبداللہ رضي اللہ عنه . (1)

وہابی صاحبو! مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تو ایک کافر کے باب میں فرمارہے ہیں کہ اُسے میں نے غرقِ آتش سے کھینچ لیا اُسے میں نکال لایا اور تم حضور کو مسلمانوں کیلئے بھی دافع البلا نہیں مانتے یہ تمہارا ایمان ہے۔

---

(1) أخرجه البزار في مسنده ٤/٣٧ (٣٦١)، وأبو يعلى ٤/٣١ (٢٠٤٧)، وابن عدي في الكامل ٣/٣٣، وفي نسخة ١/٣٦٩، وتمام الرازي في الفوائد ٢/١٥٣ (١٣٠٤)، وفي الروض ٣/٣٤، وابن منده في كتاب الإيمان ٢/٨٨٧، والطبراني في الأوسط ٨/٣٠ (٨١٥٢)، وابن عساكر في تاريخه ٤٣/٢٢، ٢٣، و ٦١/٣٢٣، وغيرهم .

من حديث جابر رضي اللہ تعالى عنه .

وقال الهيثمي في المجمع ٣/٣٩٥ وفي نسخه ١٠/٦٧٥ رواه البزار وفيه من لم أعرفه . وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ٩/٣٢٦، في نسخة ٩/٢٩٣ (١٦١٧٧) : رواه أبو يعلى وفيه مجالد وهذا مما مدح من حديث مجالد وبقية رجاله رجال الصحيح .

وقال في المجمع ٩/٤٢٣، وفي نسخة ٩/٣٥٩ (١٥٢٧٤) : رواه الطبراني في الأوسط والكبير باختصار ورجالهما رجال الصحيح غير مجالد بن سعيد وقد وثق وخاصة في أحاديث جابر .

وفي الباب عن ابي سعيد الخدري رضي اللہ تعالى عنه . أخرجه مسلم في الصحيح (٣٦٠) وفيه لعله تنفعه شفاعتي يوم القيامة فيجعل في ضحضاح من نار يبلغ كعبيه يغلي منه دماغه . والبخاري في الصحيح (٣٦٧٢) باب حديث الاسراء ، و(٦١٩٦)، وأحمد في مسنده ٣/٨، و٥٠، ٥٥، وابن منده في الايمان ٢/٨٩١، وابن حبان في الصحيح ٣/١١٨ (٢٧٤١)، وأبو عوانة في مسنده ١/٩٨ وغيرهم .

وفي الباب : عن أم سلمة رضي اللہ عنها عند الطبراني في الكبير (١٩٣٢٨) ، وغيره .

مسلمان اپنے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تصرف قدرتیں اختیار دیکھیں دنیا کیا بلا ہے۔ آخرت کے کارخانوں کی باگیں اُن کے ہاتھ میں سپرد ہوئی ہیں ورنہ بغیر اللہ عزوجل کے ماذون و مختار کیے کس کی مجال ہے کہ اللہ کے قیدی کی سزا بدل دے جس عذاب میں اُسے رکھا ہو وہاں سے اسے نکال لے ہاں یہ وہی پیارا ہے جس کی عزت وجاہت جس کی محبوبیت نے دو جہاں کے اختیارات اُسے دلا دیئے آخر حدیث سن چکے۔

"اَلْکَرَامَةُ وَالْمَفَاتِیْحُ یَوْمَئِذٍ بِیَدِیْ" (1)
عزت دنیا اور تمام کاروبار کی کنجیاں اُس دن میرے ہاتھ ہوں گی۔

توراتِ شریف کا ارشاد سن چکے

"یَدُہٗ فَوْقَ الْجَمِیْعِ وَیَدُ الْجَمِیْعِ مَبْسُوْطَةٌ اِلَیْهِ بِالْخُشُوْعِ" (2).
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔
اُس کا ہاتھ سب ہاتھوں پر بلند ہے سب کے ہاتھ اس کی طرف پھیلے ہیں عاجزی اور گڑ گڑانے میں۔

اندھیری قبریں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے روشن فرما دیں

حدیث ﴿117=57﴾:

صحیح مسلم شریف میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

---

(1) اخرجه الدارمي في السنن (٤٨)، والخلال في السنة (٢٣٦)، والبيهقي في الدلائل ٥/٤٨٤، والبغوي في شرح السنة ٣/٢٠٣(٣٦٢٤)، و في الأنوار في شمائل النبي المختار (٢٦)، وابن عبد البر في الاستذكار (٣٠٢) .

قلت فيه :ليث بن ابي سليم ،قال الذهبي في الكاشف٥١٩ :فيه ضعف يسير من سوء حفظه ،كان ذا صلاة وصيام وعلم كثير ، وبعضهم احتج به .

(2) تقدم تخريجه تحت الآية (٤٢)

إِنَّ هٰذِهِ الْقُبُوْرَ مَمْلُوْءَةٌ ظُلْمَةً عَلٰى أَهْلِهَا وَإِنَّ اللّٰهَ يُنَوِّرُهَا لَهُمْ بِصَلَاتِيْ عَلَيْهِمْ.

بے شک یہ قبریں اپنے ساکنوں پر اندھیرے سے بھری ہیں اور بے شک میری نماز کی وجہ سے اللہ تعالیٰ ان قبروں کو روشن کر دیتا ہوں۔

وابن حبان عن ابي هريرة رضي الله عنه . (1)

صـلـى الـلّٰـه تعالى وبارك وسلم قدر نوره وجماله وجوده ونواله عليه وعلى اله

آمين .

بچے اللہ ورسول [جل جلالہ ﷺ] کے سپرد ہیں

حديث (118=58):

ام المومنین سلمہ رضی اللہ عنہا کہ پہلے حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہا کے نکاح میں تھیں ۔ جب ان کی وفات ہوئی اور اُن کی عدت گزری سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں پیام نکاح دیا انہوں نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ مجھ میں تین باتیں ہیں

أَنَا اِمْرَأَةٌ كَبِيْرَةٌ میری عمر زائد ہے۔

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

أَنَا أَكْبَرُ مِنْكِ میں تم سے بڑا ہوں۔

---

(1) اخـرجـه مسـلـم فـي الـصـحيح ١/ ٣١٠ (٢٢٢) ، وأحـمـد في مسنده ٢/ ٣٨٨ (٩٠٢٥)، وابـو يعلى في مسنده ١١/ ٣١٣ (٦٤٢٩)، وابن حبان في الصحيح ٧/ ٣٥٥ (٣٠٨٢)، والـمقدسي في المختارة ٨/ ١٩٣،١٩٢ (٢٣٠)، والبيهقي في السنن الكبرى ٤/ ٤٧، فـي اثـبـات عـذاب القبر ١٠٦ (٢٤)،والخطيب في الفصل للوصل المدرج في النقل ٢/ ٦٣٥، إلى ٦٣٩،وابن عبد البر في التمهيد ٦/ ٢٦٦.

عرض کی

وَأَنَا امْرَأَةٌ غَيُورٌ — میں رشک ناک عورت ہوں۔

(یعنی ازواج مطہرات کے ساتھ شکر رنجی کا اندیشہ ہے)

آپ ﷺ نے فرمایا:

أَدْعُو اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ فَيُذْهِبُ عَنْكِ غَيْرَتَكِ. — میں اللہ عزوجل سے دعا کروں گا وہ تمہارا رشک دور فرمائے گا۔

عرض کی یارسول اللہ ﷺ!

وَأَنَا امْرَأَةٌ مُصْبِيَةٌ — یارسول اللہ اور میرے بچے ہیں۔

(یعنی ان کی پرورش کا خیال ہے) فرمایا!

هُمْ إِلَى اللّٰهِ وَإِلَى رَسُولِهِ. — بچے اللہ اور رسول کے سپرد ہیں۔

احمد في المسند بحدثنا وكيع ثنا إسماعيل بن عبدالملك بن أبي الصغيراء قال حدثني عبد العزيز بن بنت أم سلمة عن أم سلمة رضي الله تعالى عنها. والحديث في السنن النسائي وغيره (1).

---

(1) احمد في مسنده ٦/٣٢٠ (٢٦٢٥٧)، و٣٢١ (٢٦٢٥٨). لفظ له.

من طريق ابو بكر بن عبد الرحمن بن الحارث يخبر ان أم سلمة اخبرته.... وفيه بجاء ني النبي ﷺ يخطبني فقلت ما مثلي تنكح، اما انا فلا ولد لي، وانا غيور ذات عيال، قال: انا اكبر منك، وأما الغيرة فيذهبها الله، وأما العيال فالى الله ورسوله .... إلخ.

أخرجه عبد الرزاق في مصنفه ٦/٢٣٥ (١٠٦٣٤)، وأحمد في مسنده ٦/٣٠٧ (٢٦٦٦٩)، والشافعي في مسنده ٢٦٠، وفي الأم ٥/١٤٢، وخيثمة في حديثه ١٨٨ = =

....

= = ٨٩،وأبو عوانة في مسنده ٣/٨٨(٣٣٠٣)، والحارث في مسنده كما في بغية الباحث عن زوائد مسند الحارث [للهيثمي]٢/٩١٥، ٩١٦ (١٠٠٣)،والنسائي في السنن الكبرى ٣/٢٨٦ (٥٣٩٢)،وابن حبان في الصحيح ٩/٣٧٢ (٣٠٦٥)،وأبو يعلى في مسنده ١٢/ ٣٣٨ (٧٠٠٦)، والطبراني في الكبير ٢٣ / ٢٠٥ و٢٢٥،والبيهقي في السنن الكبرى ٧/٣٠١ (١٣٥٣٧)،وفي دلائل النبوة ٣/٢٤٣،٢٤٤، وفي معرفة السنن والآثار (٣٨٥٠)،وأبو نعيم في معرفة الصحابة ٥/١٥٨،وابن سعد في الطبقات ٨/٩٣، وابن عساكر في تاريخه ٣٣/٢٤٩،والمزي في تهذيب الكمال في ترجمة عبد الحميد بن عبدالله .

وقال الحافظ في الإصابة ٨/٢٢٣وأخرج النسائي بسند صحيح .

ورواه الطبراني في الكبير ٢٣/٢٤٧(٤٩٩)،و٢٣/٣٠٦(٩٧٤) بلفظ :

قالت أم سلمة لما خطبني النبي ﷺ قلت له في خلال ثلاث أنا كبير السن وأنا امرأة مطفل وأنا امرأة شديد الغيرة فقال النبي ﷺ أما الأطفال فهم إلى الله وإلى رسوله ... الحديث .

وأبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني ٥/٣٢٤،وأبو نعيم في معرفة الصحابة ٥/١٥٩، (٧٣٥٨) ،وابن سعد في الطبقات ٨/٩١.وعنده مرسل من أبي بكر بن عبد الرحمن بن الحارث ، اسناده حسن .

وفي الباب عن أنس بن مالك رضي الله تعالى عنه .

أخرجه المقدسي في المختارة ٧/٢٠٨،٢٠٩(٢٦٣٨)،وأبو يعلى في مسنده ٩/٧ (٣٢١٩) ، والبخاري في تاريخ الكبير ٧/٦٢،في ترجمة عجلان بن عبد الله .

سخت تر دشمن کے مقابلے میں اللہ ورسول [جل جلالہ ﷺ] تمہیں کفایت کریں گے

حدیث ﴿119=59﴾:

کہ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ذکر مسیح کذاب میں فرمایا:

أَبْشِرُوْا فَإِنْ يَخْرُجْ وَأَنَا بَيْنَ أَظْهُرِكُمْ فَاللّٰهُ كَافِيْكُمْ وَرَسُوْلُهُ. (1)

خوش ہو اگر وہ نکلا اور میں تم میں تشریف فرما ہوا تو اللہ تمہیں کافی ہے اور اللہ کے رسول جل جلالہ، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

الطبراني في الكبير عن أسماء بنت يزيد رضي الله تعالى عنها .

یہاں سخت ترین اعدا کے مقابلے میں اللہ ورسول ﷺ کو کفایت فرمانے والا بتایا کہ خوش ہو، بے خوف رہو اللہ ورسول جل وعلا وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہوتے تمہیں کچھ اندیشہ نہیں اللہ اللہ ایسی جلیل حاجت روائیوں عظیم مشکل کشائیوں میں اللہ عزوجل کے نام اقدس کے ساتھ حبیب ﷺ کا نام پاک ملنا وہابیہ کے زخمی کلیجوں پر خدا جانے کہاں تک نمک چھڑکے گا۔ واللہ الحمد۔

گھر والوں کیلئے اللہ ورسول کو باقی رکھنا

حدیث ﴿120=60﴾:

امیر المؤمنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ایک دن حضور صلی علیہ وسلم نے ہمیں صدقہ دینے کا حکم فرمایا اتفاق سے ان دنوں میں خوب مال دار تھا میں نے اپنے جی میں کہا اگر

(1) أخرجه الطبراني في الكبير ۲۴/۱۹۹(۴۳۰)و إسحاق بن راهويه في مسنده ۱۹۹/۵ (۳۲۹)، وحنبل بن اسحاق في الفتن ۴۵(۳۰) .

وقال الهيثمي في المجمع ۷/۲۶۵(۴۵۳۵) رواه الطبراني وفيه:شهر بن حوشب ....و بقية رجاله ثقات .

میں کبھی ابوبکر صدیق سے سبقت لے جاؤں گا تو وہ دن آج ہے میں اپنا آدھا مال حاضر لایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

مَا اَبْقَیْتَ لِاَھْلِكَ ؟ تم نے اپنے گھر والوں کیلئے کیا باقی رکھا۔

میں نے عرض کی:

اَبْقَیْتُ لَھُمْ اُن کیلئے بھی باقی چھوڑ آیا ہوں۔

[آپ ﷺ نے] فرمایا:

مَا اَبْقَیْتَ لَھُمْ ؟ آخر کتنا چھوڑ آئے ہو۔

میں نے عرض کی: "مِثْلَهٗ" اتنا ہی۔

اور صدیق اکبر اپنا سارا مال تمام وکمال لے کر حاضر ہوئے سید عالم ﷺ نے فرمایا:

یَا اَبَا بَکْرٍ مَا اَبْقَیْتَ [لِاَھْلِكَ]؟ اے ابوبکر گھر والوں کیلئے کیا باقی رکھا۔

عرض کی:

اَبْقَیْتُ لَھُمُ اللہَ وَرَسُوْلَهٗ میں نے گھر والوں کے لئے اللہ ورسول کو باقی رکھا ہے۔ جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

میں نے کہا میں ابوبکر سے کبھی سبقت نہ لے جاؤں گا۔

الدارمي، وأبو داؤد، والترمذي، وقال: حسن صحيح. والشاشي، وابن أبي عاصم، وابن شاهين في السنة، والحاكم في المستدرك، وأبو نعيم في الحلية والبيهقي في السنن، والضياء في المختارة ، كلهم عن أمير المؤمنين رضي الله تعالى عنه (1).

---

(1) (أخرجه الدارمي في السنن ۱/۳۸۰ (۱۶۶۰)، وعبد بن حميد في مسنده ۳۳۵ = = =

= = (١٣)، وأبو داود في السنن ، في كتاب الزكاة،(١٦٧٨) ، والترمذي في الجامع في المناقب ، ٢/٢٠٨(٣٦٧٥)، وابن أبي عاصم في السنة ٢/٥٧٩ (١٢٤٠)، وابن شاهين في السنة ١٥٧، ١٥٨(١١٢)، والدارمي في السنن ١/٣٨٠ (١٦٦٠)، والحاكم في المستدرك١/٥٧٤ (١٥١٠)، وأبو نعيم في الحلية١/٣٢، ٣٣، وفي الأربعون على مذهب المحققين من الصوفية (٣) وفي فضائل الخلفاء الراشدين ٣٢(٢٧) ، والبيهقي في السنن الكبرى ٤/١٨٠ (٧٥١٣)، والضياء في المختارة١/١٧٣(٧٩) ، و١٧٤(٨١) ، والبزار في مسنده ١/٢٦٣(١٥٩)، و١/٣٩٤ (٢٧٠)، واللالكائي في السنة٧/١٢٨٠ (٢٤٢٩) ، والطوسي في مختصر الأحكام مستخرج الطوسي ١٥٧ (١١٢)، وابن عساكر في تاريخه ٣٠/٧٣، وأبو زرعة طاهر بن محمد المقدسي في صفوة التصوف ٣٦٠ ،مخطوط ، وابن بلبان في تحفة الصديق (٤٢) .

كلهم من طريق هشام بن سعد عن زيد بن أسلم عن أبيه قال سمعت عمر بن الخطاب رضي الله تعالى عنه.

وقال الترمذي هذا حديث حسن صحيح .

وقال الحاكم في المستدرك هذا حديث صحيح على شرط مسلم و لم يخرجاه .

وذكره المتقي في كنز العمال ١٢/٣٩١(٣٥٦١١)، لفظ له، وعزاه إلى الدارمي ،وأبي داود والترمذي والشاشي وابن شاهين في السنة والحاكم وأبي نعيم والبيهقي والضياء.

وروي من طريق نافع عن ابن عمر عن عمر رضي الله تعالى عنهما.

أخرجه البزار في مسنده ١/٢٦٣(١٥٩) ،والدينوري في المجالسة و جواهر العلم (٢٣٣٦)، وأحمد بن حنبل في فضائل الصحابة (٣٢٩).

وعن ابن عباس رضي الله تعالى عنهما ..

ذكره الذهبي في تاريخ الاسلام ، في غزوة تبوك .

اللہ ورسول جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نعمت دی

حدیث (121=61):

کہ حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سیدنا وابن سیدنا اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کے حق میں فرمایا:

أَحَبُّ أَهْلِيْ إِلَيَّ مَنْ قَدْ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَأَنْعَمْتُ عَلَيْهِ .(1)

الترمذي عنه رضي الله عنه.

مجھے اپنے گھر والوں میں سب سے پیارا وہ ہے جسے اللہ عزوجل نے نعمت دی اور میں نے نعمت دی۔

ملا علی قاری علیہ الرحمۃ الباری "مرقاۃ" میں فرماتے ہیں:

لَمْ يَكُنْ أَحَدٌ مِّنَ الصَّحَابَةِ إِلَّا وَقَدْ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَأَنْعَمَ عَلَيْهِ رَسُوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا أَنَّ الْمُرَادَ الْمَنْصُوْصُ عَلَيْهِ فِي الْكِتٰبِ وَهُوَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى: ﴿وَإِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْ أَنْعَمَ اللّٰهُ

یعنی صحابہ سب ایسے ہی تھے جنہیں اللہ نے نعمت بخشی اور اللہ کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نعمت بخشی مگر یہاں مراد وہ ہے جس کی تصریح قرآن عظیم میں ارشاد ہوئی ہے کہ جب فرماتا تھا تو اُس سے جسے اللہ تعالیٰ نے

---

(1) أخرجه الترمذي في الجامع ۲/۲۴۴(۳۸۱۹)، وابن عساكر في تاريخه ۸/۵۲، ۵۳. و الحاكم في المستدرك ۲/۴۵۲ (۳۵۶۳)، والبزار في مسنده/۷/ (۲۶۳۰)، وأبو القاسم البغوي في مسند أسامة ۶۰(۱۰) وابن أبي عاصم في الاحاد والمثاني/۳۶۵ (۴۴۵) والمقدسي في المختارة (۱۳۸۰)، وابن أبي خيثمة في تاريخ (۴۲۳)، وغيرهم. وفي رواية :قال :فاسامة بن زيد الذي انعم الله وانعمت عليه. وقال الترمذي :هذا حديث حسن . وقال الحاكم :هذا حديث صحيح الاسناد ولم يخرجاه .

كلهم من طريق عمر بن أبي سلمة عن ابيه قال حدثني أسامة بن زيد ......الخ.

عَلَیْہِ وَاَنْعَمْتَ عَلَیْہِ﴾ وَھُوَ زَیْدٌ لَا بِلَافِیْ ذٰلِکَ وَلَا شَکَّ. الخ(1)	نعمت دی اور اے نبی ﷺ تو نے اُسے نعمت دی اور وہ زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ ہیں۔

اس میں کسی کا خلاف نہ اصلا شک اور آیت اگرچہ زید رضی اللہ عنہ کے حق میں اُتری مگر سید عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے اُس کا مصداق اُسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کو ٹھہرایا کہ پسر تابع پدر ہے۔ افادہ فی المرقاۃ.

اقول: نہ صرف صحابہ بلکہ تمام اہل اسلام اولین وآخرین سب ایسے ہی ہیں جنہیں اللہ عزوجل نے نعمت دی اور رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے نعمت دی پاک کردینے سے بڑھ کر اور کیا نعمت ہوگی۔ جس کا ذکر آیات کریمہ میں سن چکے کہ ﴿یُزَکِّیْہِمْ﴾ یہ نبی انہیں پاک اور ستھرا کر دیتا ہے بلکہ واللہ تمام جہان میں کوئی شے ایسی نہیں جس پر اللہ کا احسان نہ ہو اللہ کے رسول کا احسان نہ ہو فرماتا ہے:

﴿وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ﴾ (2)	ہم نے بھیجا تمہیں مگر رحمت سارے جہان کیلئے۔

جب وہ تمام عالم کیلئے رحمت ہیں تو قطعاً سارے جہاں پر اُن کی نعمت ہے۔ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم اہل کفر واہل کفران اگر نہ مانیں تو کیا نقصان۔

راست خواہی ہزار چشم چناں   کور بہتر کہ آفتاب سیاہ

رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے رزق دیا

حدیث(62=122):

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالی علیہ وسلم:

---

(1)(مرقاۃ المفاتیح ۱۱/۳۱۳)   (2)[الأنبیاء:۱۰۷]

مَنِ اسْتَعْمَلْنَاهُ عَلٰى عَمَلٍ فَرَزَقْنَاهُ رِزْقًا (الحديث)(1)

جسے ہم نے کسی کام پر مقرر کیا پس ہم نے اسے رزق دیا۔

أبو داود والحاكم بسند صحيح عن بريدة رضي الله تعالى عنه.

پہلی حدیث میں حضور نے فرمایا تھا ہم نے غنی کر دیا، احادیث عطیہ حسنین رضی اللہ عنہما میں تھا کہ فرمایا حسن کو مہابت ہم نے، دی حلم ہم نے دیا۔

حسین کو شجاعت ہم نے دی، کرم ہم نے دیا، محبت کا مرتبہ، رضا کا مقام ہم نے عطا کیا۔

حدیث اُسامہ رضی اللہ عنہ میں تھا اسے نعمت ہم نے بخشی۔

یہاں ارشاد ہوتا ہے رزق ہم نے دیا۔

صلى الله تعالى عليك وعلى آلك قدر جودك ونوالك وبارك وسلم

حضور ﷺ نے غافل دل زندہ، اندھی آنکھیں روشن، بہرے کان شنوا، ٹیڑھی زبانیں سیدھی کردیں

حدیث (123=63):

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم:

لَقَدْ جَآءَ كُمْ رَسُوْلٌ اِلَيْكُمْ لَيْسَ بِوَهِنٍ وَلَا كَسِلٍ لِيَنْخِنَ قُلُوْبًا غُلْفًا وَيَفْتَحَ

بے شک تشریف لایا تمہارے پاس وہ رسول ﷺ تمہاری طرف بھیجا ہوا جو ضعف و کاہلی

---

(1) أخرجه أبو داؤد في السنن ٢/٥٢(٢٩٤٣)، والحاكم في المستدرك ١/٤٠٦، وفي نسخة ١/٥٦٣، وابن خزيمة في الصحيح ٤/٧٠(٢٣٦٩)، والبيهقي في السنن ٦/٣٥٥(١٢٧٩٩) والطبري في تهذيب الآثار (١٥٢٢٠) والبزار في مسنده ١٠/٢٢٣

وقال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه.

أَعْيُنًا عُمْيًا وَيُسْمِعَ آذَانًا صُمًّا وَيُقِيمَ أَلْسِنَةً عِوَجًا حَتَّى يَقُولَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ.(1)

سے پاک ہے تا کہ وہ رسول ﷺ زندہ فرما دے غلاف چڑھے دل اور وہ رسول کھول دے اندھی آنکھیں اور وہ رسول ﷺ شنوا کر دے بہرے کانوں کو اور وہ رسول ﷺ سیدھی کر دے ٹیڑھی زبانوں کو یہاں تک کہ لوگ کہہ دیں کہ ایک اللہ کے سوا کسی کی پرستش نہیں

الدارمي في سننه عن جبير بن نفير .

أقول:

بسند صحيح إذ قال أخبرنا حيوة بن شريح ثقة شيخ البخاري في صحيحه(2)

---

(1) أخرجه الدارمي في السنن ١/١٨(٩)، وابن أبي حاتم في تفسيره ١٠٩٧٤).

وقال الحافظ ابن حجر في فتح الباري ٨/٥٨٦، باب ﴿ إِنَّا أَرْسَلْنَكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا﴾ مرسل جبير بن نفير بإسناد صحيح عند الدارمي ...الحديث .

أقول وفي الباب عن كثير بن مرة ، عند ابن سعد في طبقاته ١/٣٦٢، وذكره السيوطي في تفسيره " الدر المنثور" ٣/٥٧٨.

(2) أخرج البخاري في صحيحه عنه (٩٠٢) ، باب يحرس بعضهم بعضا في صلاة الخوف . و(٥١٧٠) باب:ما جاء في الصيد، و(٥١٧٧) باب آنية المجوس والميتة وغير مواضع .

وأخرج أبوداود في السنن عنه (٣٦) باب ما ينهى عنه أن يستنجى به، وغير مواضع ، والترمذي في الجامع عنه(١٥٦٠)باب ما جاء في الانتفاع بآنية المشركين، وغير مواضع .

وأبـو داود والترمذي، بل وأحمد وابن معين وهما من اقرانه. ثنا بقية بن الوليد ثقة من الاعلام من رجال مسلم (1)، [illegible] يخشى من تدليسه بقوله:ثنا بحير بن سعد(2) ثقة ثبت، عن خالد بن معدان ثقة عابد من رجال السعة عن جبيربن نفير الحضرمى رضى اللّٰہ تعالىٰ عنهما ثقة جليل محضرم من الثانية (3)ولقد روى البـاوردي وابـن السكـن وابـن شـاهـين مطـولا مـن طـريـق عبدالرحمـن بـن جبيربن نفيرعن ابيه قال أدركت الجاهلية وأ تانا رسول رسول اللّٰہ صلى اللّٰہ تعالى عليه وسلم باليمن فأسلمنا.(4) فمرسله كمراسيل سعيد بن المسيب أو فوق علا ، ان المرسل حجة عندنا وعندالجمهور(5). والحديث مسلسل بالحمصيين حيوة الى جبير كلهم أهل حمص .

---

(1)(أخرج مسلم في صحيحه عنه (١٤٢٩) باب الأمر باجابة الداعي إلى دعوة .

(2)(أخرج أبوداود في السنن عنه، عن خالد بن معدان (١٣٣٣) باب:رفع الصوت بالقراءة في صلاة الليل وغير مواضع ، والترمذي في الجامع (٤٧٥) باب:ما جاء في صلاة الضحى،وغير مواضع ،عنه ،عن خالد بن معدان . والنسائي في السنن (٨١٧)باب: فضل الصف الأول على الثاني ، وغير مواضع ،عنه ، عن خالد بن معدان.وابن ماجه في السنن (٢٠١٤) باب في المرأة تؤذي زوجها ، وغير مواضع ،عنه ، عن خالد بن معدان . أخرج البخاري في الصحيح (١٩٢٦) باب :كسب الرجل و عمله بيده ، عن خالد بن معدان وغير مواضع .ومسلم في الصحيح (٢٠٧٧).

(3) كما قاله الحافظ في التقريب ١٣٨.

(4) كما قاله الحافظ ابن حجر في الاصابة ١/٥٣٦(٧٧٤) في ترجمته .

(5) انظر في الكتب مصطلح الحديث كارشاد الفحول وتدريب الراوي وتوجيه النظر و توضيح الأفكار وغيرهم .

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گمراہی سے پناہ دی ہلاکت سے نجات بخشی

حدیث(124=64):

کہ دو اونٹ مست ہو کر بگڑ گئے تھے کسی کو پاس نہ آنے دیتے مالکوں نے ایک باغ میں بند کر دیئے تھے، باغ اجاڑتے تھے، سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور شکایت آئی، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف فرما ہوئے، دروازہ کھولنے کا حکم دیا۔

مامور نے اندیشہ کیا مبادا حضور کو ایذا دیں فرمایا خوف نہ کر کھول دے کھول دیا، ایک دروازے ہی کے پاس کھڑا تھا، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھتے ہی سجدے میں گر پڑا۔ حضور نے مہار ڈال کر حوالہ کیا دوسرا انتہائے باغ پر تھا، جب وہاں تشریف لے گئے اس نے بھی حضور کو دیکھتے ہی سجدہ کیا حضور نے اُسے بھی باندھ کر سپرد فرمایا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے یہ حال دیکھ کر عرض کی:

يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اَتَسْجُدُ لَكَ الْبَهَائِمُ فَمَا لِلّٰهِ عِنْدَنَا بِكَ اَحْسَنُ مِنْ هٰذَا، اَجَرْتَنَا مِنَ الضَّلَالَةِ وَاسْتَنْقَذْتَنَا مِنَ الْهَلَكَةِ، اَفَلَا تَأْذَنُ لَنَا بِالسُّجُوْدِ لَكَ. (1)

یارسول اللہ چوپائے تک حضور کو سجدہ کرتے ہیں تو اللہ کیلئے حضور کے ذریعے سے ہمارے پاس جو کچھ ہے وہ تو اس سے بہت بہتر ہے۔ حضور نے ہمیں گمراہی سے پناہ دی حضور نے

ابن قانع وأبو نعيم عن غيلان بن سلمة الثقفي رضي الله تعالى عنه وله طريق، و قد دخل بعضها في بعض.

---

(1) أخرجه أبو نعيم في الدلائل ۳۸۳ (۲۸۵)، وابن عساكر في تاريخه ۲۸/ ۳۳، ۳۴ و ذكره المتقي الهندي في كنز العمال ۱۲/ ۳۷۳ (۳۵۳۹۰)، وعزاه إلى ابن عساكر.

لكن فيه فلما حرك الباب بالمفتاح أقبلا لهما جلبة كخفيف الريح فلما انفرج ===

ہمیں ہلاکت سے نجات بخشی تو کیا حضور ہمیں
اجازت نہیں دیتے کہ ہم حضور کو سجدہ کریں.

وہابیہ کہ گمراہی پسند وہلاکت دوست ہیں۔ان سخت ترین بلیات کو بلا کیوں سمجھیں گے کہ ان سے پناہ دیے نجات بخشنے والے نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو دافع البلا جانیں۔

حضور نے بنفس نفیس تعلیم فرمائی کہ ہم سے مدد چاہنا

حدیث (125=65):

جب وفد ہوازن خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم میں حاضر ہوئے اور اپنے اموال واہل وعیال کہ مسلمان غنیمت میں لائے تھے،حضور سے مانگے اور طالب احسان والا ہوئے۔حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا:

= = الباب ونظرا إلى النبي ﷺ بركا ثم سجدا فأخذ النبي ﷺ رؤسهما ثم دفعهما إلى صاحبهما فقال :استعملهما وأحسن علفهما فقال القوم يا نبي اللّٰه اتسجد لك البهائم فما لله عندنا بك أحسن من هذا أجرتنا من الضلالة واستنقذتنا من الهلكة افلا تأذن لنا بالسجود لك؟.....الحديث.حسن في المتابعات .وله شواهد
منهم :عن انس بن مالك رضي اللّٰه عنه،اخرجه احمد في مسنده ٣/١٥٨،١٥٩ (١٢٦٣) والبزار في مسنده (١٩٨٧) ،والمقدسي في المختارة ٥/٢٦٥.٢٦٦، وأبو نعيم في الدلائل و٣٧٩ (٢٧٦) كلهم من طريق خلف بن خليفة عن حفص عن عمه أنس بن مالك ، رجال أحمد ثقات واسناده حسن ،واخرجه المقدسي في المختارة ٦/١٣٠. ١٣١(١٢٩.١٣٠) وابو نعيم في الدلائل ٣٨٥(٢٨٧). كلاهما من طريق عباد بن يوسف ثنا ابو جعفر الرازي عن الربيع بن انس عن أنس بن مالك .رجال ابي نعيم ثقات غير عباد بن يوسف ،وهو مقبول وأبو جعفر الرازي وهو عيسى بن ماهان بصدوق . = =

وعن ابي هريرة رضي الله تعالى عنه ، أن رسول الله ﷺ دخل حائطا من حوائط الأنصار فإذا فيه جملان يضربان و يرعدان فاقترب رسول الله ﷺ منهما ، فوضعا جرانهما بالأرض ، فقال من معه :سجد له ، فقال رسول الله ﷺ :ما ينبغي لأحد أن يسجد لأحد ولو كان أحد ينبغي أن يسجد لأحد لأمرت المرأة أن تسجد لزوجها لما عظم الله عليها من حقه . أخرجه ابن حبان في الصحيح ٩/٤٧٠(٤١٦٢)،وابن أبي الدنيا في العيال (٥٢٧)، والبزار في مسند كما في كشف الاستار٣/١٥٠ (٢٤٥٤) .

قال الأرنؤوط :حديث صحيح ، اسناده حسن رجاله ثقات رجال الصحيح غير محمد بن عمرو ،وهو ابن علقمة بن وقاص الليثي ، فقد روى له أصحاب السنن ، و روى له البخاري مقرونا ، ومسلم متابعة ، وهو حسن الحديث .

وعن ابن عباس رضي الله تعالى عنهما أخرجه ابن بشران في أماليه ٢/١(١٥٥) بلفظ :
أن رسول الله ﷺ دخل حائطا فاذا فحلان ، فلما رأى أحدهما النبي ﷺ وهو عند الباب سجد فقال رسول الله ﷺ ابغني شيئا أشد به رأسه قال :فأتاه بشيء فخطمه فدفعه اليه ، ثم ذهب الى أقصى الحائط ، فلما رآه الفحل الآخر سجد له فقال :ائتني بشيء أشد به رأسه ، فأتاه بشيء فشد به رأسه و دفعه اليه ، قال :اذهب بهما لا يعصيانك . فقال له أصحابه :هذان فحلان لا يعقلان سجدا لك ، أفلا نسجد لك؟ فقال :لا لا آمر أحدا أن يسجد لأحد . والطبراني في الكبير ١١/٣٥٦ ، رجاله ثقات و موثقين عدا أبو يزيد المدني وهو مقبول ، فالاسناد حسن .

وعن ام المؤمنين عائشة رضي الله عنها .أخرجه أحمد في مسنده٦/٧٦ (٢٤٩٧٥)، بلفظ :أن رسول الله ﷺ كان في نفر من المهاجرين والأنصار ، فجاء بعير فسجد له ، فقال أصحابه :يا رسول الله ﷺ تسجد لك البهائم والشجر ، فنحن أحق أن نسجد لك فقال اعبدوا ربكم و أكرموا أخاكم ولو كنت آمرا أحد أن يسجد لأحد = = =

= = لأمرت المرأة أن تسجد لزوجها ولو أمرها أن تنقل من جبل أصفر إلى جبل أسود، ومن جبل أسود إلى جبل أبيض كان ينبغي لها أن تفعله .

وأخرجه الطوسي في مختصر الأحكام المستخرج على جامع الترمذي (٩٤٣) .

وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ٣١٠/٤ رواه أحمد ،وفيه:علي بن زيد وحديثه حسن وقد ضعف . وفي علامات النبوة غير حديث من هذا النحو.

وقال البوصيري في اتحاف الخيرة المهرة بزوائد المسانيد العشرة ٥٣٣/٤: هذا اسناد رجاله صحيح بهم في الصحيح الا علي بن زيد بن جدعان وهو مختلف فيه، روي ابن ماجه في سننه منه ...الخ .

وعن جابر بن عبد الله رضي الله عنه ، أخرجه البزار [كمافي كشف الاستار] ١/١٥٠. ١٥١ (٢٣٥٣.٢٣٥٤)وأبو نعيم في الدلائل ٣٨١.٣٨٠ (٢٨١.٢٨٠.٢٧٩)،و ابن عدي في الكامل ٥/٥٦ .

وعن عبد الله بن أبي أوفى رضي الله تعالى عنه ، أخرجه البيهقي في الدلائل ٢٩/٦،وأبو نعيم في الدلائل ٣٨٥.٣٨٤ (٢٨٢).فيه :فائد بن عبد الرحمن وهو متروك الحديث .

و عن عصمة بن مالك الأنصاري رضي الله عنه ،أخرجه الطبراني في الكبير ١٨٣/١٣، وفيه :الفضل بن المختار و هو متروك .

وعن يعلى بن مرة رضي الله تعالى عنه ، أخرجه أبو نعيم في الدلائل ٣٨٣ (٢٨٣).و فيه : عمرو بن عبد الله بن يعلى بن مرة ،و هو متروك .

وعن عبد الله بن بريدة رضي الله تعالى عنه ،أخرجه السمر قندي في تنبيه الغافلين ٢٩٣. ضعيف .

وعن ثعلبة بن أبي مالك مرسلا ، أخرجه أبو نعيم في الدلائل ٣٨٢(٢٨٤).رجاله ثقات غير ابو بكر بن خلاد ، وهو صدوق ، اسناده حسن .

إِذَا صَلَّيْتُمُ الظُّهْرَ فَقُومُوا فَقُولُوا إِنَّا نَسْتَعِينُ بِرَسُولِ اللّٰهِ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُسْلِمِينَ فِي نِسَائِنَا وَأَبْنَائِنَا. (1)	جب ظہر کی نماز پڑھ چکو تو کھڑے ہونا اور یوں کہنا ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے استعانت کرتے ہیں۔ مومنین پر اپنی عورتوں اور بچوں کے باب میں

النسائي عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده، عبداللّٰه بن عمرو رضي اللّٰه تعالى عنهما.

حدیث فرماتی ہے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بنفس نفیس تعلیم فرمائی کہ ہم سے مدد چاہنا نماز کے بعد یوں کہنا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے استعانت کرتے ہیں

وهابیه پر نفیس پکڑ: وہابی صاحبو! ﴿إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ﴾ کے معنی کہیے استعانت تو خدا ہی کے ساتھ خاص تھی یہ ارشاد کیسا ہے کہ ہم سے استعانت کرنا اور زمان حیات و دنیاوی اور اُس کے بعد کا تفرقہ وہابیہ کی جہالت ہی نہیں بلکہ سراسر ضلالت ہے۔ قطع نظر اس بات سے کہ انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام سب بحیات حقیقی دنیاوی جسمانی زندہ ہیں۔

شرک: جو بات خدا کیلئے خاص ہو چکی غیر خدا کے ساتھ شرک ٹھہر چلی اُس میں حیات و موت قرب و بعد ملکیت و بشریت خواہ کسی وجہ کا تفرقہ کیسا کیا بعد موت ہی شرکت خدا کی صلاحیت نہیں رہتی۔ بحال حیات شریک ہو سکتے ہیں؟ یہ جنون وہابیہ کو ہر جگہ جاگتا ہے جس نے انہیں حمایت توحید کے زعم میں الٹا مشرک بنا دیا ہے۔

وهابیه کے مکر: ایک بات کو کہیں گے شرک ہے پھر کبھی موت و حیات کا فرق کریں گے

---

(1) اخرجه النسائي في السنن، في الهبة، ۲/۱۳۶(۳۶۸۸) وفي السنن الكبرى ۴/۱۲۰ (۶۵۱۵).

کبھی قرب و بعد کا کبھی کسی اور وجہ کا جس کا صاف حاصل یہ نکلے گا کہ یہ انو کھے موحد بعض قسم مخلوق خدا کا شریک جانتے ہیں جب تو وہ بات کہ غیر کیلئے اُس کا اثبات شرک تھا ان کیلئے ثابت مانتے ہیں اب کھلا کہ ان کے امام نے "تقویۃ الایمان" میں ان وہابی ہی صاحبوں کی نسبت کہا تھا کہ: "اکثر لوگ شرک میں گرفتار ہیں اور دعویٰ مسلمانی کا کئے جاتے ہیں، سبحان اللہ! یہ منہ اور یہ دعویٰ سچ فرمایا اللہ صاحب نے کہ نہیں مسلمان ہیں اکثر لوگ مگر شرک کرتے ہیں"۔(1)

یہ نکتہ یاد رکھنے کا ہے کہ ان کی بہت فاحشہ جہالتوں کی پردہ دری کرتا ہے۔ وباللہ التوفیق۔

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حکم شمس وقمر تمام ملکوت السموت والارض پر جاری ہے آفتاب کو حکم دیا کہ ٹھہر جا فوراً ٹھہر گیا اسی طرح چاند

حدیث ‹126=66›:

طبرانی معجم اوسط میں بسند حسن سیدنا جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہما سے راوی:

إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ أَمَرَ الشَّمْسَ فَتَأَخَّرَتْ سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ.(۲)

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آفتاب کو حکم دیا کہ کچھ دیر چلنے سے باز رہ فوراً ٹھہر گیا

اقول: اس حدیث حسن کا واقعہ اس صحیح کے واقعہ عظیمہ سے جدا ہے جس میں ڈوبا ہوا سورج حضور کے لئے پلٹا ہے یہاں تک کہ مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہ الکریم نے نماز عصر کہ خدمت گزاری

---

(1) تقوية الإيمان ۴۲.

(2) أخرجه الطبراني في الأوسط ۴/۲۰۲ وفي نسخة ۴/۲۲۴(۴۰۳۹) من علي بن سعيد . وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ۸/۲۹۷، وفي نسخة ۸/۵۲۴ (۱۴۰۹۵) : رواه الطبراني في الأوسط وإسناده حسن .

وقال الحافظ في الفتح ۶/۲۲۱ باب قول النبي ﷺ احلت لكم الغنائم ،وفي = = =

محبوب باری صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں قضا ہوئی تھی ادا فرمائی امام اجل طحاوی وغیرہ اکابر (1) نے اس حدیث کی تصحیح کی، الحمد للہ۔

= فیض القدیر للمناوي ٥/٤٤٠ عن الحافظ:...وقع في الأوسط للطبراني من حديث جابر .....وإسناده حسن .

(1) أخرجه الطبراني في الكبير ٢٤/١٤٤(٣٨٢) عن أسماء بنت عميس أن رسول الله ﷺ صلى الظهر بالصهباء ثم أرسل عليا في حاجة فرجع وقد صلى النبي ﷺ العصر فوضع النبي ﷺ رأسه في حجر علي فنام فلم يحركه حتى غابت الشمس فقال النبي ﷺ اللهم إن عبدك عليا احتبس بنفسه على نبيه فرد عليه الشمس قالت فطلعت عليه الشمس حتى رفعت على الجبال وعلى الأرض وقام علي فتوضأ وصلى العصر ثم غابت وذلك بالصهباء . وأيضا ٢٤/١٥٢(٣٩١) بسند ولفظ سواء .

وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ٨/٢٩٧، باب حبس الشمس له ﷺ :رواه كله الطبراني بأسانيد، ورجال أحدها رجال الصحيح عن إبراهيم بن حسن، وهو ثقة، وثقه ابن حبان، وفاطمة بنت علي بن أبي طالب لم أعرفها .

قلت :فاطمة بنت علي بن أبي طالب القرشية الهاشمية وهي فاطمة الصغرى، ذكر المزي ترجمتها في تهذيب الكمال ٣٥/٢٦١ وقال :وذكرها ابن حبان في كتاب الثقات . وقال الحافظ ابن حجر في تقريب التهذيب ٧٥١(٨٦٥٤) ثقة من الرابعة .وذكره العجلي في الثقات ٢/٤٥٧(٢٣٣٦)، ولها ترجمة في تاريخ مدينة دمشق الكبير ٧٠/٣٥ .

وأيضا أم جعفر بنت محمد بن جعفر بن أبي طالب الهاشمية ويقال أم عون ، وقال الحافظ في تقريب التهذيب ٧٥٧:مقبولة من الثالثة . وقال العراقي في طرح التثريب (٣٩٩) رواه الطبراني في معجمه الكبير بإسناد حسن . وقال السيوطي في اللآلي المصنوعة = =

اسے خلافت رب العزۃ کہتے ہیں کہ "ملکوت السموت والارض" میں اُن کا حکم جاری ہے تمام مخلوق الٰہی کو ان کیلئے حکم اطاعت و فرمانبرداری ہے وہ خدا کے ہیں اور جو کچھ خدا کا ہے سب ان کا ہے وہ محبوب اجل و اکرم و خلیفۃ اللہ الاعظم ﷺ جب دودھ پیتے تھے گہوارہ میں چاند ان کی غلامی بجالاتا جدھر اشارہ فرماتے اُسی طرف جھک جاتا حدیث میں ہے۔

سیدنا عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہما عم مکرم سید اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضور سے عرض کی مجھے اسلام پر باعث حضور کے ایک معجزے کا دیکھنا ہوا :

رَأَيْتُكَ فِي الْمَهْدِ تُنَاغِي الْقَمَرَ وَتُشِيْرُ إِلَيْهِ بِإِصْبَعِكَ فَحَيْثُ أَشَرْتَ إِلَيْهِ مَالَ .

میں نے حضور کو دیکھا کہ حضور گہوارے میں چاند سے باتیں فرماتے جس طرف انگشت مبارک سے اشارہ کرتے چاند اُسی طرف جھک جاتا۔

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

إِنِّي كُنْتُ أُحَدِّثُهُ وَيُحَدِّثُنِي وَيُلْهِيْنِي عَنِ الْبُكَاءِ وَأَسْمَعُ وَجْبَتَهُ حِيْنَ يَسْجُدُ تَحْتَ الْعَرْشِ .[وفي رواية :تحت الكرسي] .

ہاں میں اُس سے باتیں کرتا تھا وہ مجھ سے باتیں کرتا اور مجھے رونے سے بہلاتا میں اُس کے گرنے کا دھما کہ سنتا تھا جب وہ زیر عرش سجدے میں گرتا۔

= = ۳۰۸/۱، ۳۰۹:قلت :.....الحديث صرح جماعة من الائمة و الحفاظ بأنه صحيح قال القاضي عياض في الشفاء أخرج الطحاوي في مشكل الحديث عن أسماء بنت عميس من طريقين :أن النبي ﷺ كان يوحي اليه و رأسه في حجر علي فلذكر هذا الحديث . قال الطحاوي و هذان ثابتان ورواتهما ثقات و حكى الطحاوي ان أحمد بن صالح كان يقول لا ينبغي لمن سبيله العلم التخلف عن حفظ حديث أسماء لأنه من علامات النبوة ....

البيهقي في الدلائل والإمام شيخ الإسلام أبو عثمان إسماعيل بن عبدالرحمن الصابوني في المائتين والخطيب وابن عساكر رضي الله تعالى عنه .(1)

امام شیخ الاسلام صابونی فرماتے ہیں:

"في المعجزات حسن"(2) یہ حدیث معجزات میں حسن ہے۔

جب دودھ پیتوں کی یہ حکومت قاہرہ ہے تو اب کہ خلافۃ اللہ الکبریٰ کا ظہور عین شباب پر ہے آفتاب کی کیا جان کہ ان کے حکم سے سرتابی کرے آفتاب و ماہتاب درکنار واللہ العظیم مدبرات الامر کہ تمام نظم ونسق عالم جن کے ہاتھوں پر ہے محمد رسول اللہ خلیفۃ اللہ الاعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دائرہ حکم سے باہر نہیں نکل سکتے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

أُرْسِلْتُ إِلَى الْخَلْقِ كَافَّةً (3) میں تمام مخلوق الٰہی کی طرف رسول بھیجا گیا۔

رواہ مسلم عن أبي هريرة رضي الله عنه.

---

(1)(أخرجه البيهقي في الدلائل ٢/٤١ ،وأبو نعيم في الدلائل ٢٢٩(٣٣٨)،وابن عساكر في تاريخه ٤/٣٥٨،٣٥٩، وذكره السيوطي في الخصائص الكبرى ١/٥٣، والمتقي في كنز العمال (٣١٨٢٨) وعزاه إلى البيهقي في الدلائل والصابوني في المائتين والخطيب ،وابن عساكر .

وقال البيهقي تفرد به [أحمد بن إبراهيم الحلبي]هذا الحلبي بإسناده ، وهو مجهول .

قال الحافظ في الإصابة٤/٢٩٧ أورده الخطيب في المؤتلف...وسند هذا الحديث واه.

(2)(قاله الصالحي الشامي في سبل الهدى والرشاد١/٣٣٨:بلفظ :قال الإمام أبو عثمان الصابوني رحمه الله تعالى في المائتين هذا حديث غريب الإسناد والمتن في المعجزات حسن.

(3) أخرجه مسلم في الصحيح ١/١٩٩(٥٢٣)، والترمذي في الجامع (١٥٥٣)، و أحمد في مسنده ٢/٤١١،وأبو عوانة في مسنده ١/٣٩٥،وابن حبان في ===

= = الصحيح ٦/٨٦(٣٣٣٣)،و ٣/٣١(٣٠١)،و ٣٣،وأبو يعلى في مسنده ١/٢٧٧ (٦٣٩١)،واسماعيل بن جعفر في حديثه ٨٢ (٣٣٩) ،والسراج في مسنده ١٧٥ (٣٩٢)،والطحاوي في مشكل الآثار ٣/٥٥ (١٠٢٥) ،والأجري في الشريعة ٣٠٠.٣٠١ واللالكائي في السنة (١٣٣٠.١٣٣١)،والبغوي في شرح السنة ٣/١٩٧ .١٩٨ ، والبيهقي في السنن الكبرى ٢/٣٣٣(٣٠٦٣) ، و٩/٥ (١٧٣٩٩) ،و في معرفة السنن والآثار (٣٣٣)، و في الدلائل ٥/٤٧٥، وأبو نعيم في الدلائل ١/٦٨ وغيرهم .
كلهم من طريق العلاء بن عبد الرحمن عن أبيه عن ابي هريرة رضي الله تعالى عنه .
وابن سعد في طبقات الكبرى ١/٩٢ ،
و في الباب :عن جابر بن عبد الله رضي الله عنه بلفظ :أعطيت خمسا لم يعطهن أحد قبلي :بعثت الى الأحمر والأسود ،وكان النبي ﷺ انما يبعث الى قومه خاصة ، و بعثت الى الناس عامة،وفي رواية الى الناس كافة ....الحديث .
أخرجه أحمد في مسنده ٣/٣٠٤(١٣٣٣) بلفظ له ، والبخاري في الصحيح ١/٣٨،و ٩٢، وابن أبي شيبة في المصنف (٣٠٩١٠) ،وأبو عوانة في مسنده١/٣٩٦ ، والبغوي في شرح السنة ٣/١٩١(٣٩١١)،والنسائي في السنن ٤٠ (٣٣٣)، والسراج في مسنده ١٧٨ (٥٠٣) ،وعبد بن حميد في مسنده (١١٥٣)، والدارمي في السنن١/٣٢٢، ٣٢٣، وابن حبان في الصحيح ٣/٣٠٨(٢٣٩٨)، واللالكائي في السنة (١٣٣٨.١٣٣٩)،والطبراني في الأوسط ٥/٣٩١(٣٥٨٣) ،والبيهقي في السنن الكبرى ١/٢١٣،و ٢/٣٢٩، و ٣٣٣،وفي الدلائل ٥/٤٧٢.٤٧٣، و أبو نعيم في حديثه عن أبي علي الصواف (١٠)،وغيرهم .
وعبد الله بن عمرو بن العاص رضي الله تعالى عنه ، اخرجه احمد في مسنده ٢/٢٢٢ (٧٠٦٨)،واللكالي في السنة (١٣٥١)،والشجري في أمالي الخميسية (٧٠٢) = =

قرآن [میں اللہ تعالیٰ] فرماتا ہے:

﴿تَبَارَكَ الَّذِي نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلَىٰ عَبْدِهِ لِيَكُونَ لِلْعَالَمِينَ نَذِيرًا﴾ (1)	برکت والا ہے وہ جس نے اتارا قرآن اپنے بندے پر کہ تمام اہل عالم کو ڈر سنانے والا ہو

اہل عالم میں جمیع ملائکہ بھی داخل ہیں۔ علیہم الصلوٰۃ والسلام۔

سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ملائکہ موکلین شمس کو حکم دیا کہ ڈوبا ہوا آفتاب واپس لاؤ واپس لے آئے۔ سیدنا سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نماز عصر گھوڑوں کے ملاحظہ میں قضا ہوئی ﴿حَتَّىٰ تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ﴾ (2) یہاں تک کہ سورج پردے میں جا چھپا۔

ارشاد فرمایا ﴿رُدُّوهَا عَلَيَّ﴾ پلٹا لاؤ، میری طرف۔

امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے اس آیت کریمہ کی تفسیر میں مروی کہ سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اس قول میں ضمیر آفتاب کی طرف ہے اور خطاب اُن ملائکہ سے جو آفتاب پر متعین ہیں یعنی نبی اللہ سلیمان نے اُن فرشتوں کو حکم دیا کہ ڈوبے ہوئے آفتاب کو واپس لے آؤ۔ وہ حسب الحکم واپس لائے یہاں تک کہ مغرب ہو کر پھر عصر کا وقت ہو گیا اور سیدنا سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام نے نماز ادا فرمائی۔

معالم التنزیل شریف میں ہے:

حُكِيَ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ	حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے

= ، وغيرهم. حديث صحيح.

وعن أبي ذر الغفاري، وأبو موسى الأشعري، وعبد الله بن العباس، وأنس بن مالك، وأبو سعيد الخدري، وأبو أمامة الباهلي، وعوف بن مالك الأشجعي، وعلي بن أبي طالب، وغيرهم من الصحابة رضي الله تعالى عنهم.

(1) [الفرقان ١] (2) [ص ٣٢]

انہ قال: معنی قولہ ردوھا علی یقول سلیمان علیہ الصلوۃ والسلام بامر اللہ عزوجل للملئکۃ المؤکلین بالشمس ردوھا علی یعنی الشمس فردوھا علیہ حتی صلی العصر فی وقتھا. (1)

مروی ہے کہ انہوں نے اللہ تعالی کے قول ﴿رُدُّوْهَا عَلَیَّ﴾ کا معنی بیان کیا کہ سلیمان علیہ السلام نے اللہ تعالی کے حکم سے سورج پر مامور فرشتوں کو کہا کہ مجھ پر سورج کو لوٹا دو تو انہوں نے سورج لوٹا دیا یہاں تک کہ انہوں نے نماز عصر اس کے وقت میں پڑھی۔

سیدنا سلیمان علیہ الصلوۃ والسلام نائبان بارگاہ رسالت علیہ افضل الصلوۃ والتحیہ سے ایک جمیل القدر نائب ہیں پھر حضور کا حکم تو حضور کا حکم ہے۔ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم۔

اللہ سبحانہ وتعالی کی بے شمار رحمتیں امام ربانی احمد بن محمد خطیب قسطلانی پر کہ "مواھب اللدنیۃ بالمنح المحمدیۃ"(2) میں فرماتے ہیں:

"فَهُوَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خِزَانَةُ السِّرِّ، وَمَوْضِعُ نُفُوْذِ الْاَمْرِ، فَلَا یَنْفُذُ اَمْرٌ اِلَّا مِنْهُ، وَلَا یُنْقَلُ خَیْرٌ اِلَّا عَنْهُ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ.

یعنی نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم خزانہ راز الہی و جائے نفاذ امر ہیں کوئی حکم نافذ نہیں ہوتا مگر حضور کے دربار سے اور کوئی نعمت کسی کو نہیں ملتی مگر حضور کی سرکار سے ﷺ۔

اَلَا بِاَبِیْ مَنْ کَانَ مَلِکًا وَسَیِّدًا

وَآدَمُ بَیْنَ الْمَاءِ وَالطِّیْنِ وَاقِفٌ

اِذَا رَامَ اَمْرًا لَا یَکُوْنُ خِلَافُهٗ

---

(1) (معالم التنزیل للبغوی ۴/۶۱)

(2) (المواھب اللدنیۃ ۱/۵۶)

وَلَيْسَ لِذٰلِكَ الْاَمْرِ فِي الْكَوْنِ صَارِف

ہزار ہزار میرے باپ قربان اُن پر جو بادشاہ وسردار ہیں۔ اُس وقت سے کہ آدم علیہ الصلوۃ والسلام ابھی آب و گل کے اندر ٹھہرے ہوئے تھے، وہ جس بات کا ارادہ فرمائیں اُس کا خلاف نہیں ہوتا۔ تمام جہان میں کوئی اُن کا حکم پھیرنے والا نہیں، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

قول: اور ہاں کیونکر کوئی اُن کا حکم پھیر سکے کہ حکم الٰہی کسی کے پھیرے نہیں پھرتا "لَا رَادَّ لِقَضَائِهٖ وَلَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ"۔ یہ جو کچھ چاہتے ہیں خدا وہی چاہتا ہے۔

صحیحین بخاری ومسلم وسنن نسائی وغیرہا میں حدیث صحیح جلیل ہے۔

ام المومنین صدیقہ اپنے پیارے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کرتی ہیں:

مَا اَرٰى رَبَّكَ اِلَّا يُسَارِعُ فِي هَوَاكَ — یارسول اللہ! میں حضور کے رب کو نہیں دیکھتی مگر حضور کی خواہش میں جلدی وشتابی کرتا ہوا۔ (1)

حضور ﷺ کا رب حضور کی اطاعت کرتا ہے

مسلمانو! ذرا دیکھنا کوئی وہابی ناپاک اِدھر اُدھر ہو تو اُسے باہر کردو اور کوئی جھوٹا متصوف نصاریٰ کی طرح غلو وافراط والا دبا چھپا ہو تو اُسے بھی دور کرو اور تم "عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ" کی سچی معیار پر کانٹے

---

(1) أخرجه البخاري في الصحيح ٢/٣١(٤٥١٠) ومسلم في الصحيح ١/٤٧٣ (١٤٦٤)، وابن ماجه في السنن ٥/٣ (٢٠٠٠)، والنسائي في السنن (٣١٩٩)، وفي السنن الكبرى ٥/٢٩٣، وأحمد في مسنده ٦/٣٢ (٢٥٥٤٠)، ١٥٨ (٢٥٧٦٥)، و(٢٦٨٨١)، وأبو عوانة في مسنده ٣/٤٧-٤٨، وابن حبان في الصحيح ٩/٩ (٤٢١١)، وفي نسخة: ١٠/٢٨٤ (٤٢٦٧)، وأبو نعيم في المسند المستخرج ٢/٣١٦ (٣٤٤٠)، والبيهقي في السنن الكبرى ٧/٥٥ (١٣٢٢٣)، وابن بشكوال في غوامض الأسماء المبهمة ٢/٣٦٩.

کی قول مستقیم ہو کر یہ حدیث سنو کہ انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

مَرِضَ اَنَّ اَبَا طَالِبٍ فَعَادَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَابْنَ اَخِيْ اُدْعُ رَبَّكَ الَّذِيْ تَعْبُدُ (في رواية الحاكم: يَبْعَثُكَ) اَنْ يُعَافِيَنِيْ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اشْفِ عَمِّيْ فَقَامَ اَبُوْ طَالِبٍ كَاَنَّمَا نَشِطَ مِنْ عِقَالٍ فَقَالَ: يَابْنَ اَخِيْ اِنَّ رَبَّكَ الَّذِيْ تَعْبُدُهُ لَيُطِيْعُكَ قَالَ: وَ اَنْتَ يَا عَمَّاهُ لَئِنْ اَطَعْتَ اللّٰهَ لَيُطِيْعُكَ.(1)

ابن عدي من طريق الهيثم البكاء عن ثابت عن أنس بن مالك رضي الله عنه.

یعنی ابو طالب بیمار پڑے سید عالم ﷺ عیادت کو تشریف لے گئے ابو طالب نے عرض کی اے بھتیجے میرے اپنے رب سے جس کی تم عبادت کرتے ہو میری تندرستی کی دعا کیجئے۔ سید عالم ﷺ نے دعا کی الٰہی میرے چچا کو شفا دے یہ دعا فرماتے ہی ابو طالب اُٹھ کھڑے ہوئے جیسے کسی نے بندش کھول دی۔ حضور سے عرض کی اے میرے بھتیجے، بے شک حضور کا رب جس کی تم عبادت کرتے ہو حضور کی اطاعت کرتا ہے۔ سید عالم ﷺ نے (اس کلمہ پر انکار نہ فرمایا بلکہ تاکید و تائید) ارشاد کیا کہ اے چچا اگر تو اس کی اطاعت کرے تو وہ تیرے ساتھ بھی یونہی معاملہ فرمائے گا۔

---

(1) (أخرجه ابن عدي في الكامل ٧/٢٥٦، وفي نسخة: ٧/٢٠٢ و الحاكم في المستدرك ١/٥٤٢، وفي نسخة ١/٧٢٧(١٣١٩) و البيهقي في دلائل النبوة ٦/١٨٣، وأحمد في فضائل الصحابة (١٠٠٧)، والطبراني في الأوسط ٣٠٠/٢ (٣٩٧٣)، والخطيب في تاريخ بغداد ٨/٣٧٧، وابن عساكر في تاريخه ٦٦/٣٣٤، ٣٣٥). وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ٢/٣٠٠ رواه الطبراني في الأوسط وفيه الهيثم بن جماز البكاء وهو ضعيف.

اور حدیث سنیے! کہ سید عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہیں بے شک بالیقین میں روز قیامت تمام جہان کا سید ہوں میرے ہاتھ میں لواء الحمد ہوگا کوئی شخص ایسا نہ ہوگا جو میرے نشان کے نیچے نہ ہو کشائش کا انتظار کرتا ہوا میں چلوں گا اور لوگ میرے ساتھ ہوں گے یہاں تک کہ دروازہ جنت پر تشریف فرما کر دروازہ کھلواؤں گا۔

سوال ہوگا، کون ہیں؟ میں فرماؤں گا محمد (صلی اللہ تعالی علیہ وسلم) کہا جائے گا۔

مرحبا محمد صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو پھر جب میں اپنے رب عزوجل کو دیکھوں گا اس کے لیے سجدہ شکر میں گروں گا اس پر کہا جائے گا:

اِرْفَعْ رَأْسَكَ وَقُلْ تُطَاعُ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ .(۱)	اپنا سر اُٹھاؤ اور جو کہنا ہو کہو کہ تمہاری اطاعت کی جائے گی اور شفاعت کرو کہ تمہاری شفاعت قبول ہوگی۔

پس جو لوگ جل چکے تھے وہ اللہ کی رحمت اور میری شفاعت سے دوزخ سے نکال لیے جائیں گے

الحاكم في المستدرك وابن عساكر عن عبادة بن الصامت رضي الله عنه .

---

(1)(أخرجه الشاشي في مسنده ٣/٣٣(٩٩). وذكره المتقي الهندي في كنز العمال/١/٣٣٣(٣٢٠٣٨)،بلفظ له ، وعزاه إلى الحاكم/١/٨٣(٨٢) وابن عساكر .

وقال الحاكم :صحيح على شرط الشيخين .

وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ١٠/ ٦٨٣ (١٨٥٢٤):رواه الطبراني و إسحاق بن يحيى لم يدرك عبادة وبقية رجاله ثقات .

قلت:عند الشاشي، اسحاق بن يحيى بن الوليد بن عبادة عن أبيه عن عبادة بن الصامت قال :قال رسول الله ﷺ .....الحديث .

اسی باب سے ہے حدیث کہ فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم:

إِنَّ رَبِّيْ اِسْتَشَارَنِيْ فِيْ أُمَّتِيْ مَاذَا أَفْعَلُ بِهِمْ؟ فَقُلْتُ مَا شِئْتَ يَا رَبِّ هُمْ خَلْقُكَ وَعِبَادُكَ فَاسْتَشَارَنِي الثَّانِيَةَ فَقُلْتُ لَهُ كَذٰلِكَ فَاسْتَشَارَنِي الثَّالِثَةَ فَقُلْتُ لَهُ كَذٰلِكَ. فَقَالَ تَعَالٰى: إِنِّيْ لَنْ أُخْزِيَكَ فِيْ أُمَّتِكَ يَا أَحْمَدُ وَبَشَّرَنِيْ أَنَّ أَوَّلَ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَعِيَ مِنْ أُمَّتِيْ سَبْعُوْنَ أَلْفًا مَعَ كُلِّ أَلْفٍ سَبْعُوْنَ أَلْفًا لَيْسَ عَلَيْهِمْ حِسَابٌ.(1)

بے شک میرے رب نے میری امت کے باب میں مجھ سے مشورہ طلب فرمایا کہ میں ان کے ساتھ کیا کروں۔ میں نے عرض کی کہ اے رب میرے! جو چاہے کہ وہ تیری مخلوق اور تیرے بندے ہیں اس نے دوبارہ مجھ سے مشورہ پوچھا میں نے اب بھی وہی عرض کی۔ تو رب عزوجل نے فرمایا اے احمد! بے شک میں ہرگز تجھے تیری امت کے معاملہ میں رسوا نہ کروں گا۔ اور مجھے بشارت دی کہ میرے ستر ہزار اُمتی سب سے پہلے میرے ساتھ داخل بہشت ہوں گے ان میں ہر ہزار کے ساتھ ستر ہزار ہوں گے جن سے حساب تک نہ لیا جائے گا۔

الإمام أحمد وابن عساكر عن حذيفة رضي الله عنه.

---

(1) أخرجه أحمد في مسنده ٥/٣٩٣ (٢٣٤٦٥) وأبي بكر الشافعي في فوائد الشهير بالغيلانيات ٣٠٨ (٣٨٠)، وذكره عبد الحق في العالية ٣٣٢٥ وعزاه إلى ابي بكر الشافعي، والسيوطي في الخصائص ٢/٢١٠ والمتقي في كنز العمال ١١/٤٢٨ (٣٢١٠٩) بلفظه وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ١٠/٥٧ رواه أحمد و إسناده حسن.

وفي الباب عن عوف بن مالك وفيه أنه قال ان ربي استشارني في أمتي فقال: = = =

رب نے مشورہ طلب فرمایا

دیوبندیوں کے ایک اعتراض کا تسلی بخش جواب

از قلم: حضرت غزالی دوراں علامہ سید احمد سعید کاظمی رحمۃ اللہ علیہ

اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی علیہ الرحمۃ نے اپنی ایک کتاب **الامن والعلی** (اسی کتاب) میں ایک حدیث تحریر فرمائی جس کا خلاصہ یہ ہے کہ "اللہ عزوجل نے اپنے محبوب رسول حضور سید عالم ﷺ سے مشورہ طلب فرمایا"۔

مسلک دیوبند کے ترجمان رسالہ "**الصدیق**" نے اس طویل حدیث کے ایک جملہ کا ترجمہ نقل کر کے لکھا کہ "اس حدیث کی تخریج کو امام احمد اور امام ابن عساکر کی طرف منسوب کیا۔

اہل عقل خوب جانتے ہیں کہ کسی دوسرے سے مشورہ لینا احتیاج و عاجزی پر دلالت کرتا ہے یا کم از کم مشورہ اس واسطے ہوتا ہے کہ غلطی کا احتمال نہ رہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف نہ احتیاج و عاجزی کی نسبت درست ہے اور نہ وہاں غلطی کی احتمال کا امکان ہی ہوسکتا ہے کہ اس کی تاویل یوں کر لی جائے کہ یہ مشورہ عزت افزائی کی خاطر ہے۔ مگر دوسری طرح اس میں کچھ گفتگو ہوسکتی ہے مثلاً ابن حذیفہ نام کا صحابی بھی نہیں ہوا۔

نیز اس بات کو بھی کتابت کی غلطی کہہ کر کاتب کے سر منڈھ دیا جائے گا اور کہا جا سکتا ہے کہ ابن حذیفہ نہیں عن حذیفہ (درحقیقت) تھا مگر اس کا کیا کیجئے کہ مسند احمد ص ۳۸۶ تا ۴۸۵ میں اس صحابی کی بہت سی روایات ہیں مگر ان کی جھوٹی روایت کا نام و نشان بھی نہیں ہے۔

ضعیف اور وضعی احادیث بیان کرنا بھی اگرچہ جرم ہے مگر یہ تو نہ حدیث وضعی ہے نہ ضعیف بلکہ سرے سے اس کا

* = **اتحب ان اعطیک مسالتک الیوم ام اشفعک فی امتک قال فقلت بل اجعلها شفاعة لامتی قال عوف: فقلنا یا رسول اللہ ﷺ اجعلنا فی اول من تشفع له الشفاعة قال بل اجعلها لکل مسلم .... الحدیث .**

اخرجه ابن خزیمة فی التوحید ۲/۶۳۰، باب ذکر ما کان من تخییر اللہ عزوجل نبیه محمدا بین ادخال نصف امته و بین الشفاعة ...

کہیں ذکر ہی نہیں۔ پھر سب سے بڑی بات یہ کہ اس جھوٹی حدیث کو مسند احمد میں بتلانے والا ہمارے دوستوں کے نزدیک مجدد مائۂ حاضرہ بھی ہے اگر مجدد ایسے ہی ہوتے ہیں تو ہمارا مجددوں کو دور ہی سے سلام ہے"۔
(الصدیق ملتان بابت ماہ ذی الحجہ ۱۳۷۸ھ)

جواب:
بدعقیدگی اور گمراہی کی اصل بنیاد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جل مجدہ اور اس کے رسول ﷺ کے افعال مقدسہ کا قیاس اپنے افعال پر کرلیا جائے۔ معاذ اللہ ثم معاذ اللہ.
یاد رکھیے! اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کے علاوہ ہم اپنے مشورہ کے متعلق اگر یہ کلیہ تسلیم کرلیں کہ ہمارا مشورہ طلب کرنا غلطی کے احتمال دور کرنے کے لئے یا احتیاج و عاجزی کی بنا پر ہوتا ہے تو ممکن ہے کہ کسی حد تک اسے صحیح کہا جاسکتا ہے لیکن اللہ اور رسول کے مشورہ کو بھی اس کلیہ میں شامل کرنا باطل محض ہے بلکہ اس کا مطلب یہ ہوگا کہ معاذ اللہ، اللہ و رسول کے لئے ہماری مانند غلطی کا احتمال دور کرنا بھی حاجت ہے اور عاجزی بھی احتیاج کو مستلزم ہے اللہ تعالیٰ کسی کا محتاج نہیں اور حضور نبی اکرم ﷺ اللہ کے سوا کسی کے محتاج نہیں۔ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ دونوں (لوگوں سے مشورہ لینے میں) غنی، بے پرواہ اور احتیاج سے پاک ہیں جیسا کہ عنقریب دلائل کی روشنی میں واضح کیا جائے گا۔
ایک صحیح اور واقعی حدیث جو کہ کتب احادیث میں موجود ہے اور معترض علم حدیث سے ناواقف ہونے کی وجہ سے اسے معلوم کرنے سے قاصر رہا محض اپنی رائے ناقص پر اعتماد کر کے کہتا ہے کہ جھوٹی حدیث کا کہیں ذکر ہی نہیں۔ بدترین جہالت و ضلالت کا مظاہرہ ہے۔
دیکھئے! یہ حدیث مبارک مسند امام احمد جلد پنجم و کنز العمال جلد ششم اور خصائص کبری جلد دوم تینوں کتابوں میں موجود ہے۔ إن ربي استشارني في أمتي ماذا أفعل بهم؟ فقلت: ما شئت يا رب هم خلقك وعبادك فاستشارني الثانية فقلت له كذلك فاستشارني الثالثة فقلت له كذلك، فقال تعالى: إني لن أخزيك في أمتك يا أحمد وبشرني أن أول من يدخل الجنة معي من أمتي سبعون ألفا مع كل ألف سبعون ألفا ليس عليهم حساب..... الحديث.

احمد، ابن عساکر عن حذیفة، کنز العمال جلد ٦ ص ۱۲ حدیث نمبر ۱۷۲۵
وخصائص کبری جلد دوم ص ۲۱۰، اخرج احمد، ابو بکر الشافعي في الغیلانیات وأبو نعیم وابن عساکر عن حذیفة بن
الیمان ومسند امام احمد جلد پنجم ص ۲۹۲ مطبوعہ مصر۔
[آگے ترجمہ لکھا گیا ہے جس کی یہاں خاص ضرورت نہیں۔ ارشد مسعود عفی عنہ]
معترض کا قول تو یہ تھا کہ اس جھوٹی حدیث کا کہیں ذکر نہیں لیکن بحمدہ تعالی ہم نے ثابت کر دیا کہ مسند امام احمد و
کنز العمال اور خصائص کبری میں یہ حدیث موجود ہے۔ کنز العمال میں تو اس کی تخریج صرف امام احمد اور امام
ابن عساکر کی طرف منسوب ہے واللہ الحجۃ انشاء اللہ.
اعلی حضرت مجدد ملت رحمۃ اللہ علیہ نے " الامن والعلی " میں مسند امام احمد کا نام نہیں لکھا، صرف اتنا تحریر
فرمایا "الامام احمد وابن عساکر عن حذیفۃ" (الامن والعلی ص ۱٦۳ مطبوعہ اہل سنت وجماعت بریلی) اور الفاظ
حدیث کنز العمال جلد ششم سے نقل فرمائے اور کتاب کا حوالہ نہیں دیا تا کہ ان منکرین ومخالفین کے ادعاءِ علم و
نقل کی حقیقت آشکار ہو۔
الحمد للہ! کنز العمال، خصائص کبری اور مسند امام احمد تینوں میں عن حذیفۃ موجود ہے۔
نیز **" الامن والعلی "** مطبوعہ اہل سنت وجماعت بریلی شریف ص ۱٦۳ پر اسی طرح **"الامن"** شائع
کردہ نوری کتب خانہ لاہور کے ص ۱۲۳ پر عن حذیفہ موجود ہے۔ البتہ صابر الیکٹرک پریس کی مطبوعہ کے ص ۸۵
پر کاتب کی غلطی سے عن کی بجائے "ابن" لکھا گیا ہے جسے کوئی سمجھنے والا انسان بھی مصنف کی طرف منسوب
نہیں کر سکتا۔
مگر جو شخص تعصب وعناد کے جوش میں ایک ایسی عظیم وجلیل حدیث کو نہیں مانتا جو کتب احادیث میں موجود ہے تو
وہ اس حقیقت ثانیہ کو کیونکر تسلیم کرنے لگا ہے۔
معترض کے سوال کا جواب یہ ہے کہ ہمارا آپس میں مشورہ طلب کرنا تو احتیاج وعاجزی کی بنا پر اور غلطی کے احتمال کو
دور کرنے کے لئے ہو سکتا ہے لیکن اللہ تعالی اور اس کے رسول ﷺ کا مشورہ طلب کرنا احتیاج وعاجزی اور
ازالہ احتمال غلطی کے لئے قطعاً نہیں ہو سکتا، کیونکہ اللہ تعالی اور رسول کریم ﷺ دونوں [اس سے] غنی ہیں، اللہ

تعالی کا بندوں کے مشورہ سے غنی ہونا تو ظاہر ہے اور حضور نبی کریم ﷺ امت کے ساتھ مشورہ فرمانے سے اس لئے غنی ہیں کہ حضورﷺ کو ﴿وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ﴾ فرما کر مشورہ کرنے کا حکم فرمایا اور حضورﷺ نے اپنے رب کریم کے ارشاد کی تعمیل میں اپنے غلاموں سے مشورہ فرمایا صرف اس لئے کہ انہیں مشورہ کی تعلیم دیں اور مشورہ کو ان کے لئے رحمت بنائیں اور انہیں استخراج رائے صحیح میں اجتہاد کی رغبت دلائیں اور ان سے مشورہ لے کر ان کی شان بڑھائیں اور ان کے دلوں کو خوش کریں۔

دیکھئے! صاحب روح المعانی آیت کریمہ ﴿وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ﴾ کے تحت اسی مضمون کی تائید کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

ما أخرجه ابن عدي والبيهقي في الشعب بسند حسن عن ابن عباس رضي الله تعالى عنهما قال: "لما نزلت ﴿وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ﴾ قال رسول الله ﷺ أما إن الله ورسوله لغنيان عنها ولكن جعلها الله تعالى رحمة لأمتي ... (روح المعاني پ۴ ص ۹۴)

اور مضمون کی تائید اس حدیث سے ہوتی ہے جسے ابن عدی نے کامل میں اور شعب الایمان میں بیہقی نے سند حسن کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ جب آیہ کریمہ ﴿وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ﴾ نازل ہوئی تو حضورﷺ نے ارشاد فرمایا لوگو! خبردار ہو جاؤ بے شک اللہ تعالی اور اس کا رسول ﷺ دونوں مشورہ سے غنی ہیں لیکن اللہ تعالی نے اسے میری امت کے لئے رحمت بنایا ہے۔

[قلت] أخرجه ابن عدي في الكامل ۴/۳۳۷ في ترجمة عباد بن كثير بن قيس الرملي، والبيهقي في الشعب ۶/۷۶ (۷۵۴۲) فصل في فضل الجماعة والألفة ... وأبو عبد الرحمن السلمي في آداب الصحبة ۱/(۷۷)، ذكره السيوطي في الدر المنثور ۲/۵۹ وعزاه كلاهما وقال بسند حسن.

وفي الباب عن الحسن قال: إن كان النبي ﷺ عن مشاورتهم لغنيا ولكنه أراد أن يستن بذلك الحكام بعده.

==

أحكام القرآن للشافعي ۲/۱۱۹، والأم ۷/۹۵، والسنن الكبرى للبيهقي ۱۰/۱۰۹

عن الربيع ﴿وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ﴾ قال أمر الله نبيه ﷺ ان يشاور أصحابه في الأمور وهو يأتيه الوحي من السماء لأنه أطيب لأنفسهم.(1)

یعنی صحابہ سے مشورہ کرنے کا حکم دیا حالانکہ حضور ﷺ پر وحی آسمانی آتی ہے صرف ان کے دلوں کو خوش کرنے کی خاطر۔تفسیر طبری

اسی مقام پر ابن جریر میں ایک اور حدیث [وهو قول ابن اسحاق] جس کے الفاظ ہیں "وان كنت عنهم غنيا" اے حبیب ﷺ! آپ اپنے صحابہ کی تالیف کے لئے ان سے مشورہ کرلیا کریں اگرچہ آپ ان سے غنی ہیں۔(تفسیر ابن جریر:پ۴ال عمران:۱۵۹،ص۹۴)

تفسیر کبیر میں ہے:

(الخامس) ﴿وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ﴾ لا لتستفيد منهم رأيا وعلما لكن لكي تعلم مقادير عقولهم وافهامهم ومقادير حبهم لك.

آپ ﷺ کو مشورہ کرنے کا حکم اس وجہ سے نہیں دیا گیا کہ آپ کو ان سے کسی قسم کی رائے یا علم کا استفادہ کریں بلکہ اس لئے یہ حکم دیا گیا کہ ان کی عقول وافہام آپ کے سامنے ظاہر ہوجائیں اور ان کی محبت کے اندازے سامنے آجائیں اس کے چند سطر بعد امام رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

(السادس) ﴿وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ﴾ لا لانك محتاج اليهم ولكن لانك اذا شاورتهم في الأمر اجتهد كل واحد منهم في استخراج الوجه لا اصلح. إلخ.

= = (٢٠٠٩)،وفي السنن الصغرى ٢/١١(٣٥٠١)،وفي معرفة السنن والآثار(١٠٣٨)، وتهذيب الأسماء للنووي ١/٣٩، ابن ملقن في البدر المنير كما في خلاصته ٢/٣٣٢(٢٨٨٨٠) وابن قدامة في المغني ١٠/٩١.ارشدمسعود عفي عنه].

(1)(تفسير ابن جرير ٤/١٥٢)

[قلت وفي الباب :عن قتادة أخرجه ابن جرير في تفسيره ٤/١٥٣،وذكره السيوطي في الدر المنثور ٢/٣٥٨ وعزاه إلى ابن جرير وابن المنذر وابن أبي حاتم.]

اے حبیب ﷺ! آپ ان سے مشورہ فرمائیں اس لئے نہیں کہ آپ ان کے محتاج ہیں لیکن جب آپ ان سے مشورہ فرمائیں گے تو آپ کے تلاموں سے ہر شخص وجہ اصلح کے استخراج میں کوشش کرے گا۔
(تفسیر کبیر ج ۳ ص ۱۲۸)
تفسیر نیشاپوری میں اس آیت کریمہ ﴿وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ﴾ کے تحت مرقوم ہے۔
وقد ذكر العلماء لأمر الرسول بالمشاورة مع انه اعلم الناس واعقلهم فوائد منها انها وجب علو شانهم و رفعت قدرهم.
باوجود اس بات کے کہ رسول اللہ ﷺ سب لوگوں سے زیادہ علم اور عقل والے ہیں اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کو مشورہ کا امر فرمایا علماء نے اس کے کئی فائدے ذکر کئے ہیں۔
الحمد للہ! ان روایات وعبارات وروایات علماء مفسرین سے یہ امر آفتاب سے زیادہ روشن ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کا مشورہ طلب فرمانا احتیاج و عاجزی کی وجہ سے ہرگز نہیں نہ کسی غلطی کے احتمال کو دور کرنے کے لئے ہے بلکہ ایسی حکمتوں اور فائدوں کی بناء پر ہے جن کا تصور بھی ذہن میں نہیں اور ہم نے انہیں بالتفصیل بیان کر دیا۔
پانچویں سوال کا جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں سے مشورہ طلب فرمایا ہے دیکھئے تفسیر ابن جریر میں آیہ کریمہ ﴿وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ إِنِّي جَاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَلِيفَةً﴾ کے تحت ایک حدیث نقل فرمائی جو حسب ذیل ہے۔
عن سعيد عن قتادة ﴿وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ إِنِّي جَاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَلِيفَةً﴾ فاستشار الملائكة في خلق ادم فقالوا ﴿أَتَجْعَلُ فِيهَا مَنْ يُفْسِدُ فِيهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَاءَ﴾...الخ.
تفسیر ابن جریر پ ۱ ص ۱۵۸ آیت کریمہ ﴿انی جاعل فی الارض خلیفة﴾ کی تفسیر میں سعید حضرت قتادہ سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش کے بارے میں فرشتوں سے مشورہ طلب فرمایا تو فرشتوں نے عرض کی ﴿أَتَجْعَلُ فِيهَا مَنْ يُفْسِدُ فِيهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَاءَ﴾...الخ.
تفسیر عرائس البیان میں اسی آیت کے تحت ہے " **ليعرفهم عند المشورة مع الملائكة خلوهم من**

المحبة،، (تفسیر عرائس البیان جلد اول ص ۱۹)
فرشتوں سے مشورہ کرتے وقت اللہ تعالی نے فرشتوں کے جذبہ محبت سے خالی ہونے کی بات انہیں بتادی۔
تفسیر مدارک میں اسی آیت کے تحت مرقوم ہے:
"او لیعلم عبادہ المشاورۃ فی امورھم قبل ان یقدموا علیھا وان کان ھو بعلمه وحکمته البالغة غنیا عن المشاورۃ. (تفسیر مدارک جلد اول ص ۳۲)
اس لئے فرشتوں سے ﴿اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً﴾ فرمایا کہ اللہ تعالی اپنے بندوں کو اس بات کی تعلیم دے کہ وہ اپنے کام کرنے سے پہلے مشورہ کرلیا کریں اگرچہ اللہ تعالی سب کچھ جانتا ہے، اور اس کی حکمت بالغہ مشورہ سے غنی ہے۔
تفسیر نیشاپوری میں ہے
"والفائدۃ فی اخبار الملائکة بذلك اما تعلیم العباد المشاورۃ فی امورھم وان کان ھو بحکمة البالغة غنیا عن ذلك واما ان یسئلوا ذلك السوال ویجابوا بما اجیب.
(تفسیر نیشاپوری پ۱ص۲۰۱)
ترجمہ: فرشتوں کو یہ خبر دینے میں یہ فائدہ ہے کہ اللہ تعالی اپنے بندوں کو ان کاموں میں مشورہ کرنے کی تعلیم دے اگرچہ اللہ تعالی اپنی حکمت بالغہ کی وجہ سے مشورہ کرنے سے غنی ہے اور یا یہ فائدہ ہے کہ فرشتے یہ خبر سن کر ﴿اَتَجْعَلُ فِیْهَا﴾ کے ساتھ سوال کریں اور انہیں ﴿اِنِّیْ اَعْلَمُ مَالَا تَعْلَمُوْنَ﴾ کے ساتھ جواب دیا جائے
تفسیر سراج المنیر میں ہے:
"والفائدۃ قوله ھذا الملائکة تعلیم المشاورۃ او تعلیم شان المجعول.
(تفسیر سراج المنیر جلد اول ص ۴۲)
یعنی فرشتوں سے ﴿اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً﴾ فرمانے کا فائدہ تعلیم مشاورت یا تعظیم شان مجعول ہے۔ اسی طرح تفسیر جمل جلد اول ص ۴۸ پر ہے تفسیر بیضاوی جلد ا، تفسیر کشاف جلد ا ص ۲۰۹، روح المعانی پ ا ص ۲۰۲، روح البیان جلد اول ص ۹۴ پر ہے۔

ان تمام عبارات سے واضح ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بندوں کو مشورہ کی تعلیم دینے اور آدم علیہ السلام کی تعظیم و دیگر حکمتوں کی بناپر آدم علیہ السلام کے پیدا کرنے سے پہلے فرشتوں سے مشورہ لیا۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ غنی ہے ثابت ہوا کہ مشورہ لینا ہمیشہ احتیاج و عاجزی کی وجہ سے ہی نہیں ہوتا بلکہ حکمتوں پرمبنی ہوتا ہے مگر یہ بات بھی واضح ہو گئی کہ فرشتوں سے مشورہ فرمانا اللہ تعالیٰ کی شان کے خلاف نہیں تو حضور نبی کریم ﷺ سے مشورہ کرنا کیونکر عظمت خداوندی کے منافی ہو سکتا ہے؟

مشورہ کے معنی اور معترض کی غلط فہمی کا ازالہ:

لفظ مشورہ عرب کے قول شرت العسل سے ماخوذ ہے یعنی میں نے شہد کو اس جگہ سے نکال لیا۔ مشورہ کے معنی ہیں "استخراج الرائی"۔

بیضاوی میں ہے "المشورة استخراج الرای بمراجعة البعض" مفردات راغب ص ۲۷۔

خلاصہ یہ ہے کہ کسی کی طرف رجوع کر کے اس کی رائے کا استخراج ہو بلکہ صرف مخاطب کی رائے لینا بھی کافی ہے اللہ تعالیٰ متکلم ہے اور فرشتے مخاطب۔ اللہ تعالیٰ نے ﴿إِنِّي جَاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَلِيفَةً﴾ کہہ کر فرشتوں کی رائے لی اور فرشتوں نے ﴿أَتَجْعَلُ فِيهَا﴾ کہہ کر اپنی رائے ظاہر کر دی اسی طرح اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کی امت کے بارے میں حضور ﷺ سے "ماذا افعل بهم" فرما کر حضور ﷺ کی رائے لی۔

حضور ﷺ نے "ما شئت یا رب هم خلقك و عبادك" کہہ کر اپنی رائے ظاہر کی، اور اللہ تعالیٰ کا مشورہ لینا اور رائے طلب فرمانا بالکل ایسا ہے جیسے اپنے نبیوں یا فرشتوں یا کسی فرد مخلوق سے کسی بات کا پوچھنا اور سوال فرمانا قرآن حکیم میں بے شمار آیات ہیں جن میں اللہ تعالیٰ کے استفسارات وسوالات مذکور ہیں۔

مثلاً اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے پوچھا ﴿أَوَلَمْ تُؤْمِنْ﴾ اے ابراہیم! کیا تو ایمان نہیں لایا۔ ابراہیم علیہ السلام نے عرض کی ﴿بَلَىٰ﴾ کیوں نہیں میں ضرور ایمان لایا۔ اسی طرح قیامت کے دن نبیوں سے سوال فرمائے گا ﴿مَاذَا أُجِبْتُمْ﴾ اے انبیاء! بتاؤ تم کیا جواب دیے گئے؟

نیز عیسیٰ علیہ السلام سے دریافت فرمائے گا ﴿أَأَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُونِي وَأُمِّيَ إِلَٰهَيْنِ مِنْ دُونِ اللَّهِ﴾ اے عیسیٰ علیہ السلام! کیا تم نے لوگوں سے کہا تھا کہ مجھے اور میری ماں کو اللہ کے سوا معبود بنالو۔

آگے حدیث اور طویل وجلیل ہے جس میں اپنے اور اپنی امت مرحومہ کے فضائل جلیلہ ارشاد ہوئے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وبارک وسلم۔ آمین۔

بحمداللہ! یہی معنی ہیں اس حدیث کے کہ رب العزۃ روز قیامت حضرت رسالت علیہ افضل الصلوٰۃ والتحیۃ سے مجمع اولین وآخرین میں فرمائے گا:

"کُلُّهُمْ یَطْلُبُوْنَ رِضَائِیْ وَاَنَا اَطْلُبُ رِضَاكَ یَا مُحَمَّدُ ﷺ" (1) یہ سب میری رضا چاہتے ہیں اور میں تیری رضا چاہتا ہوں اے محمد ﷺ۔

میں نے اپنا ملک عرش سے فرش تک سب تجھ پر قربان کر دیا۔

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ الك وبارك وسلم۔

اے مسلمان! اے سنی بھائی! اے مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان ارفع کے فدائی! آفتاب وماہتاب پر ان کا حکم جاری ہونا، کیا بات ہے۔

آفتاب طلوع نہیں کرتا جب تک ان کے نائب ان کے وارث ان کے فرزندان کے دلبند غوث الثقلین غیث الکونین حضور پُر نور سیدنا ومولانا امام ابو محمد شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر سلام عرض نہ کر لے۔

نیز موسیٰ علیہ السلام سے دریافت فرمایا ﴿مَا تِلْكَ بِیَمِیْنِكَ یٰمُوْسٰی﴾ اے موسیٰ تمہارے داہنے ہاتھ میں کیا ہے۔

اگر مشورہ کرنا یعنی کسی کی رائے دریافت کرنا احتیاج وعاجزی پر منحصر ہو تو کسی بات کا پوچھنا بھی معاذ اللہ لاعلمی پر مبنی ہوگا۔ لہٰذا معترض نے جہاں حدیث استشارہ کا انکار کیا ہے وہاں اللہ تعالیٰ کے سوالات کی تمام آیات کا بھی انکار کر دے اور اگر سوالات میں حکمت کا قائل ہے تو استشارہ کی حکمت کا کیوں انکار کرتا ہے۔

سید احمد سعید کاظمی (رسالہ "رضوان" فروری ۱۹۷۳ء)

---

(1) (لم أجده)

﴿﴾ امام اجل سیدی نور الدین ابو الحسن علی شطنوفی قدس سرہ الربانی (جنہیں امام عارف باللہ سیدی عبداللہ بن اسعد مکی یافعی شافعی رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ مرآۃ الجنان میں الشیخ الامام الفقیہ المقری الاوحدی سے وصف کیا) کتاب مستطاب بہجۃ الاسرار شریف میں بسند خود روایت فرماتے ہیں:

أخبرنا أبو محمد عبدالسلام بن أبی عبدالله محمد بن عبدالسلام بن ابراهيم بن عبدالسلام البصری الأصل البغدادی المولد و الدار بالقاهرة سنة احدى وسبعين و ستمائة قال أخبرنا الشيخ أبو الحسن علی بن سليمان البغدادی الخباز ببغداد سنة ثلث وثلثين وستمائة قال أخبرنا الشيخان الشيخ أبو القاسم عمر بن مسعود البزار والشيخ أبو حفص عمر الكيماتی ببغداد سنة أحدى وتسعين وخمسمائة قالا كان شيخنا الشيخ عبدالقادر رضي الله عنه يمشي فی الهواء على رؤس الاشهاد فی مجلسه ويقول ما تطلع الشمس حتى تسلم علي و تجئ السنة الي وتسلم علي وتخبرني بما يجري فيها ويجئ الشهر ويسلم علي ويخبرني بما يجري فيه و يجئ الأسبوع ويسلم علي ويخبرني بما يجري فيه ويجئ اليوم ويسلم علي

بسند مذکور، امام اجل حضرت ابو القاسم عمر بن مسعود بزار و حضرت ابو حفص عمر کیماتی رحمہما اللہ تعالٰی فرماتے ہیں ہمارے شیخ حضور سیدنا عبدالقادر رضی اللہ عنہ اپنی مجلس میں برملا زمین سے بلند کرۂ ہوا پر مشی فرماتے اور ارشاد کرتے آفتاب طلوع نہیں کرتا یہاں تک کہ مجھ پر سلام کرے لیے نیا سال جب آتا ہے مجھ پر سلام کرتا اور مجھے خبر دیتا ہے جو کچھ اس میں ہونے والا ہے نیا ہفتہ جب آتا ہے۔ مجھ پر سلام کرتا اور مجھے خبر دیتا ہے جو کچھ اس میں ہونے والا ہے نیا دن جو آتا ہے مجھ پر سلام کرتا اور مجھے خبر دیتا ہے جو کچھ اس میں

يخبرني بما يجرى فيه وعزة ربي ان السعداء والأشقياء ليعرضون علي عيني في اللوح المحفوظ أنا غائص في بحار علم الله ومشاهدته أنا حجة الله عليهم جميعكم أنا نائب رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم ووارثه في الأرض.(1)

ہونے والا ہے مجھے اپنے رب کی عزت کی قسم کہ تمام سعید وشقی مجھ پر پیش کیے جاتے ہیں میری آنکھ لوح محفوظ پر لگی ہے یعنی لوح محفوظ میرے پیش نظر ہے میں اللہ عزوجل کے علم و مشاہدہ کے دریاؤں میں غوطہ زن ہوں میں تم سب پر حجت الٰہی میں ہوں میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نائب اور زمین میں حضور کا وارث ہوں۔

اس حدیث کے متعلق کلام نے قدرے طول پایا مگر الحمدللہ کہ مقصود رسالہ سے باہر نہ آیا۔

(1) (بهجة الأسرار ومعدن الأنوار،۲۱،۲۲ لعلي بن يوسف بن جرير اللخمي الشطنوفي، أبو الحسن.

دنیاوآخرت کی تمام نعمتیں حضورﷺ کے اختیار میں جسے جو چاہیں عطا کریں

حدیث (127=67):

صحیح مسلم شریف وسنن ابی داؤد ومعجم کبیر طبرانی میں سیدنا ربیعہ بن کعب اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے:

قَالَ: كُنْتُ أَبِيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَيْتُهُ بِوَضُوْئِهٖ وَحَاجَتِهٖ فَقَالَ لِيْ سَلْ (ولفظ الطبراني: فَقَالَ: يَوْمًا يَارَبِيْعَةُ سَلْنِيْ فَأُعْطِيْكَ) رجعنا إلى لفظ مسلم: فَقُلْتُ أَسْئَلُكَ مُرَافَقَتَكَ فِي الْجَنَّةِ قَالَ أَوَ غَيْرَ ذَالِكَ. قُلْتُ: هُوَ ذَاكَ، قَالَ: فَأَعِنِّيْ عَلٰى نَفْسِكَ بِكَثْرَةِ السُّجُوْدِ.(1)

میں حضور پرنور سید المرسلین ﷺ کے پاس رات کو حاضر رہتا ایک شب حضور کے لئے آب وضو وغیرہ ضروریات حاضر لایا (رحمت عالم ﷺ کا بحر رحمت جوش میں آیا) ارشاد فرمایا مانگ کیا مانگتا ہے۔ کہ ہم تجھے عطا فرمائیں۔ میں نے عرض کی میں حضور سے سوال کرتا ہوں کہ جنت میں اپنی رفاقت عطا فرمائیں فرمایا کچھ اور میں نے عرض کی میری مراد تو صرف یہی ہے۔ سید عالم ﷺ نے فرمایا تو میری اعانت کر اپنے نفس پر کثرت سجود سے۔

---

(1) اخرجه مسلم في الصحيح ۱/۱۹۳(۴۸۹)، وابو داؤد في السنن ۱/۳۲۸ (۱۳۲۰)، والنسائي في السنن ۱/۳۲۳(۱۱۳۸)، وفي الكبرى ۱/۲۴۲(۷۲۴)، وأحمد في مسنده ۴/۵۹ (۱۶۹۹۳و۱۶۹۹۹)، وابو عوانة في مسنده ۲/۱۸۱، والطبراني في الكبير ۵/۵۷، ۵۸(۴۵۷٦)، و۵/۵۹ (۴۵۷۰)، والبيهقي في السنن ۲/۴۸٦ ===

ع که حیف باشد از وغیر او تمنائے

سائل ہوں ترا مانگتا ہوں تجھ سے تجھی کو

معلوم ہے اقرار کی عادت تری مجھ کو

سید عالم ﷺ نے فرمایا تو میری اعانت کر اپنے نفس پر کثرت سجود سے۔

الحمد للہ! یہ جلیل ونفیس حدیث صحیح اپنے ہر ہر جملے سے وہابیت کش ہے۔

حضور اقدس خلیفۃ اللہ الاعظم ﷺ کا مطلقاً بلا قید و بلا تخصیص ارشاد فرمانا "سَلْ" مانگ کیا مانگتا ہے۔ جان وہابیت پر کیسا پہاڑ ہے۔

جس سے صاف ظاہر کہ حضور ہر قسم کی حاجت روا فرما سکتے ہیں۔ دنیا اور آخرت کی سب مرادیں حضور کے اختیار میں ہیں۔ جب تو بلا تقیید ارشاد ہوا مانگ کیا مانگتا ہے۔ یعنی جو جی میں آئے مانگو کہ ہماری سرکار میں سب کچھ ہے۔

اگر خیریت دنیا وعقبیٰ آرزو داری

بدرگاهش بیا وهر چه میخواهی تمنا کن

شیخ شیوخ علماء الہند عارف باللہ عاشق رسول اللہ برکۃ المصطفیٰ فی ہذا الدیار سیدی شیخ محقق

= = (۳۳۴۴)، وفي الدعوات الكبير (۳۵۰)، والبغوي في شرح السنة ۱۳۹/۲ (۶۵۵)، وأبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني ۳۵۲/۴ (۲۳۸۷) والضياء في فضائل الأعمال ۲۰ (۲۲)، وأبو نعيم في الحلية ۳۲/۲، وفي المسند المستخرج ۱۰۲/۲ (۱۰۸۲)، وفي معرفة الصحابة ۲۹۰/۲، وابن عساكر في تاريخه ۳۳۹/۳، و۱۳۹/۳۵، و۱۹/۵۲، و۳۸۸/۵۹، وابن طولون في أحاديث المائة المشتملة على مائة نسبة إلى الصنائع ۳۳ (۱۵)، والذهبي في تذكرة الحفاظ ۲۸۵/۱، والمزي في تهذيب الكمال ۱۳۱/۹. = = =

كلهم من طريق الأوزاعي عن يحيى بن أبي كثير عن أبي سلمة عن ربيعة ....

وفي الباب :عن مصعب الأسلمي رضي الله تعالى عنه ، قال :انطلق غلام منا فأتى النبي ﷺ فقال :أسألك أن تجعلني ممن تشفع له يوم القيامة قال :من أمرك أو علمك أو دلك ، قال :ما أمرني بها الا نفسي ، قال :اني أشفع لك ، ثم رده فقال :أعني على نفسك بكثرة السجود .

(أخرجه أبو نعيم في معرفة الصحابة ٣/٢٥٧(٢٦٢١) والطبراني في الكبير (١٤٢٧) والبزار في مسنده كما في كشف الاستار على مناقب أبي مصعب الأسلمي (٢٥٨٠). قال الهيثمي في مجمع الزوائد ١٠/٣٦٩:رجاله رجال الصحيح .

قلت :رجاله ثقات غير عبد الملك بن عمير و شيبان بن فروخ وهما صدوق.فالاسناد حسن .

و عن خادم للنبي ﷺ قال :كان النبي ﷺ مما يقول للخادم :ألك حاجة ؟ قال :حتى كان ذات يوم ، فقال :يا رسول الله ﷺ حاجتي قال :وما حاجتك ؟ قال حاجتي أن تشفع لي يوم القيامة .قال :قال :و من دلك على هذا ؟ قال :ربي .قال :اما لا فأعني بكثرت السجود . أخرجه أحمد في مسنده ٣/٥٠٠ (١٦٤٣).

رجاله كلهم ثقات وجهالة الصحابي لا تضر .

و عن جابر بن سمرة رضي الله تعالى عنه قال :كان شاب يخدم النبي ﷺ و يخف في حوائجه ، فقال سلني حاجة ، فقال :أدع لي بالجنة ، قال :فرفع رأسه فتنفس وقال :نعم ، ولكن أعني بكثرة السجود .

أخرجه الطبراني في الأوسط ٣/٢٣٨(٢٥٠٩) و في الكبير (١٩٤٧) و ابن عدي في الكامل في ترجمة :ناصح بن عبد الله الملحمي .

قلت:ناصح منكر الحديث ، وروى عن سماك بن حرب أحاديث منكرة .

مولانا عبدالحق محدث دہلوی قدس سرۃ القوی "شرح مشکوۃ شریف" میں اس حدیث کے نیچے فرماتے ہیں:

از اطلاق سوال که فرمود سل بخواه وتخصیص نکرد بمطلوبے خاص معلوم میشود که کار همه بدست همت وکرامت اوست ﷺ هر چه خواهد ــــ باذن پروردگار خود بدهد۔(1)

مطلقا سوال بلاتخصیص فرمانا کہ جو چاہو سوال کرو۔اس سے خاص بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ تمام کام حضور کے دستِ کرامت میں ہیں جو چاہیں اور جس کو چاہیں خداوند قدوس کے حکم سے دیں۔

ما کان وما یکون کا علم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے علوم سے ایک ٹکڑا ہے

فَاِنَّ مِنْ جُوْدِكَ الدُّنْيَا وَضَرَّتَهَا

وَمِنْ عُلُوْمِكَ عِلْمَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ (2)

یہ شعر بردہ شریف کا ہے۔جس میں سیدی امام اجل محمد بوصیری قدس سرہ حضور سید عالم ﷺ سے عرض کرتے ہیں:

یارسول اللہ ﷺ! دنیا وآخرت دونوں حضور کے خوانِ جود وکرم سے ایک حصہ ہیں اور لوح وقلم کے تمام علوم جن میں ما کان وما یکون جو کچھ ہوا اور جو کچھ قیام قیامت تک ہونے والا ہے ذرہ ذرہ بالتفصیل مندرج ہے۔حضور کے علوم سے ایک پارہ ہیں۔

اور پہلا شعر کہ: "اگر خیریت دنیا وعقبیٰ۔(الخ)(3)۔

---

(1)(اشعة اللمعات ، كتاب الصلوة باب السجود وفضله ۱/۳۹۶ مكتبه نوريه سكهر)

(2)(القصيدة البردة ۲۱ عبدالرحمن نعمانيه هند لاهور)

(3)(اشعة اللمعات ۱/۳۹۶)

حضرت شیخ محقق رحمۃ اللہ علیہ کا ہے کہ قصیدۂ نعتیہ حضور پر نور سید عالم ﷺ میں عرض کی ہے۔
الحمد للہ! یہ عقیدے ہیں ائمہ دین کے محمد رسول اللہ ﷺ کی جناب عالم تاب میں،
برخلاف اس سرکش طاغی شیطان لعین کے بندۂ داغی کے جو ایمان کی آنکھ پر کفران کی ٹھیکری رکھ
کر کہتا ہے۔ "جس کا نام محمد [یا علی] ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں"۔(1)

الا صلی رب محمد علی محمد واله وسلم واخری منتقضیه واعاذنا من
حالهم وشرهم وسلم. آمین.

علامہ علی قاری علیہ رحمۃ الباری "مرقاۃ شرح مشکوٰۃ" میں فرماتے ہیں:

يُؤْخَذُ مِنْ إِطْلَاقِهِ عليه السّلام الْأَمْرَ بِالسُّؤَالِ أَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى مَكَّنَهُ مِنْ إِعْطَاءِ كُلِّ مَا أَرَادَ مِنْ خَزَائِنِ الْحَقِّ .(2) وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ .

یعنی حضور اقدس ﷺ نے مانگنے کا حکم مطلق دیا اس سے مستفاد ہوتا ہے کہ اللہ عزوجل نے حضور کو عام قدرت بخشی ہے کہ خدا کے خزانوں سے جو کچھ چاہیں عطا فرمادیں۔

مالک کونین ہیں گو پاس کچھ رکھتے نہیں
دو جہان کی نعمتیں ہیں ان کے خالی ہاتھ میں

پھر اس حدیث جلیل میں سب سے بڑھ کر جان وہابیت پر یہ کیسی آفت کہ حضور اقدس ﷺ کے
اس ارشاد پر حضرت ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ خود حضور سے جنت مانگتے ہیں کہ:

أَسْئَلُكَ مُرَافَقَتَكَ فِي الْجَنَّةِ.(3)

یا رسول اللہ ﷺ! میں حضور سے سوال کرتا ہوں کہ جنت میں رفاقت والا عطا ہو۔

---

(1)(تقوية الإيمان ص ۲۷).

(2)(مرقاة المفاتيح ۲/ ۳۲۳، وفي نسخة ۲/ ۵۶۷، كتاب الصلوة ،باب السجود وفضله)

(3)(تقدم تخريجه قبل قليل.

وہابی صاحبو! یہ کیسا کھلا شرک وہابیت ہے جسے حضور مالک جنت علیہ افضل الصلاۃ والتحیہ قبول فرمارہے ہیں۔ وللّٰہ الحجۃ الساطعہ.

حضور کا تعلیم فرمانا کہ حاجت کے وقت ہمیں ندا کرو ہم سے استعانت والتجا کرو

حدیث ﴿128=68﴾:

حدیث صحیح وجلیل وعظیم سخت وہابیت کش جسے نسائی وترمذی وابن ماجہ وابن خزیمہ وطبرانی وحاکم بیہقی نے سیدنا عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

اورامام ترمذی نے حسن غریب صحیح اور طبرانی وبیہقی نے صحیح اور حاکم نے برشرط بخاری ومسلم صحیح کہا اورامام حافظ الحدیث زکی الدین عبدالعظیم منذری وغیرہ ائمہ نقد وتنقیح نے اس کی تصحیح کو مسلم وبرقرار رکھا۔

جس میں حضور اقدس ﷺ نے نابینا کو دعا تعلیم فرمائی کہ بعد نماز کہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ وَاَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ یَامُحَمَّدُ اِنِّیْ اَتَوَجَّہُ بِکَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ ھٰذِہٖ لِیُقْضٰی لِیْ اَللّٰھُمَّ فَشَفِّعْہُ فِیَّ.(1)

الٰہی! میں تجھ سے مانگتا اور تیری طرف توجہ کرتا ہوں تیرے نبی محمد ﷺ کے وسیلے سے جو مہربانی کے نبی ہیں یارسول اللہ میں حضور کے وسیلے سے اپنے رب کی طرف اپنی اس حاجت میں توجہ کرتا ہوں تاکہ میری حاجت روائی ہو الٰہی انہیں میرا شفیع کر ان کی شفاعت میرے حق میں قبول فرما۔

---

(1) اخرجہ الترمذي في الجامع ۲/۱۹۸(۳۵۷۸)، وابن ماجہ في السنن ۹۹،۱۰۰، والنسائي في السنن الکبریٰ ۶/۱۶۹(۱۰۴۹۵،۱۰۴۹۶) وفي عمل الیوم ===

= = والليلة ٤١٧، ٤١٨، وأحمد في مسنده ٤/١٣٨ (١٧٢٧٩) و (١٧٢٨٠)، وعبد بن حميد في مسنده ١٤٧ (٣٧٩)، وابن قانع في معجم الصحابة ٢/٢٥٧ (٧٧٣)، وابن خزيمة في الصحيح ٢/٢٢٥، ٢٢٦ ،والحاكم في المستدرك ١/٣١٣، وفي نسخة ١/٤٥٨ (١١٨٠) و١/٧٠٠ (١٩٠٩) ، و١/٧٠٧ (١٩٢٩ و١٩٣٠)، والبيهقي في السنن الكبرى ٦/١٦٦، ١٦٧، وفي الدعوات الكبير ١/١٥١ ،وفي الدلائل ٦/١٦٦، ١٦٧ ،والبخاري في تاريخ الكبير ٦/٢٠٩، وابن حبان في المجروحين ٢/١٩٧، وابن السني في عمل اليوم والليلة ٢٠٩ ،وأبو نعيم في معرفة الصحابة ٤/٣٦٧ ،وابن عساكر في تاريخه ٦٣/٩٣، وفي الأربعون حديثا ٥٣ ،و ٥٥).

قلت :ففي رواية الترمذي :..محمد نبي الرحمة إني توجهت بك... إلخ .

لكن في رواية ابن ماجه، والإمام أحمد ،وابن خزيمة ،والحاكم ،والنسائي ،وعبد بن حميد ، وابن عساكروغيرهم "... نبي الرحمة يا محمد ... إلخ .

وذكره السيوطي في الجامع الصغير ١/٢٢٦ (٢١٥٩)، والمنذري في الترغيب ١/٢٧٣، وابن الأثير في أسد الغابة ١/٧٣٦، والمتقي الهندي في كنز العمال ١/٩٣ (٣٦٣٠) و(٢٦٨٢)وغيرهم وعزاه إلى الترمذي وذكر فيه :. نبي الرحمة يا محمد ... إلخ.

وقال الترمذي في الجامع هذا حديث حسن صحيح غريب .

وقال ابن ماجه قال أبو إسحاق هذا حديث صحيح .

وقال البيهقي ورويناه في كتاب الدعوات بإسناد صحيح .[في الدلائل ٦/١٦٧].

وقال الحاكم في المستدرك هذا حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه .

وصححه أبو زرعة (علل لابن أبي حاتم ٢/١٩٠).

وقال الأرنؤوط في ذيل مسند الإمام أحمد :إسناده صحيح رجاله ثقات .

وقال الأعظمي في ذيل الصحيح لابن خزيمة : إسناده صحيح ، وغيرهم .

یہ حدیث خود ہی بیمار دلوں پر زخم کاری تھی جس میں رسول اللہ ﷺ کو حجت کے وقت ندا بھی ہے اور حضور اقدس ﷺ سے استعانت والتجا بھی مگر "حصن حصین شریف" کی بعض روایات نے سر سے پانی تیر کر دیا۔ اس میں "لِتَقْضِيَ لِيْ" بصیغہ معروف ہے۔

یعنی یارسول اللہ حضور ﷺ میری حاجت روا فرمادیں۔

مولانا فاضل علی قاری علیہ رحمۃ الباری "حرز ثمین شرح حصن حصین" میں فرماتے ہیں:

وَفِيْ نُسْخَةٍ : بِصِيْغَةِ الْفَاعِلِ أَيْ: لِتَقْضِيَ الْحَاجَةَ لِيْ وَالْمَعْنٰى تَكُوْنُ سَبَبًا لِحُصُوْلِ حَاجَتِيْ وَوُصُوْلِ مُرَادِيْ فَالْإِسْنَادُ مَجَازِيٌّ. (1)	ایک نسخہ میں بصیغہ فاعل ہے جس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ آپ میری حصول حاجت اور حصول مراد کے سبب ہیں یہ اسناد مجازی ہے۔

اب دافع بلا کو شرک ماننے کا مول تول کہئے۔

ثم أقول: سید عالم ﷺ نے اپنے زمانہ اقدس میں نابینا کو تعلیم فرمائی کہ بعد نماز یوں عرض کرو ہمارا نام پاک لیکر ندا کرو ہم سے استمداد والتجا کرو، شرک وہابیت کو قعر جہنم میں پہنچانے کو یہی بس تھا کہ:

اولاً: جو شرک ہے اس میں تفرقہ زمانہ حیات و بعد وفات یا تفرقہ قرب و بعد یا غیبت و حضور سب مردود و مقہور جس کا بیان اوپر مذکور۔

ثانیاً: حاصل تعلیم یہ نہ تھا کہ دو رکعت نماز پڑھ کر دعا کا بالائی ٹکڑا تو اللہ عزوجل سے عرض کرنا پھر ہمارے پاس حاضر ہو کر یا محمد سے اخیر تک عرض کرنا اور دعا میں سنت اخفا ہے، اور آہستہ کہنے میں وہابیت کی عقل ناقص پر غیبت و حضور یکساں ہے، عادی طور پر دونوں ندا بالغیب ہوں گی۔

---

(1) (حرز ثمین شرح حصن حصین .....

وہابیہ کے نزدیک نداواستعانت میں صحابہ کرام پر صریح شرک کا الزام

مگر قیامت تو سیدنا عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ نے پوری کردی کہ زمانہ خلافت امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں یہی دعا ایک صاحب حاجت مند کو تعلیم فرمائی اور ندا بعد الوصال سے جان وہابیت پر آفت عظمیٰ ڈھائی معجم کبیر امام طبرانی میں یہ حدیث یوں ہے کہ ایک شخص امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بارگاہ میں اپنی کسی حاجت کے لئے حاضر ہوا کرتے امیر لمومنین ان کی طرف التفات نہ فرماتے نہ ان کی حاجت پر غور کرتے ایک دن عثمان بن حنیف ضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملے ان سے شکایت کی کہ عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

اِئْتِ الْمِيْضَاْةَ فَتَوَضَّأْ ثُمَّ اِئْتِ الْمَسْجِدَ فَصَلِّ فِيْهِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ قُلْ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ وَأَتَوَجَّهُ إِلَيْكَ بِنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ ﷺ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ يَامُحَمَّدُ إِنِّيْ أَتَوَجَّهُ بِكَ إِلٰى رَبِّيْ فَتَقْضِيَ لِيْ حَاجَتِيْ وَتَذْكُرُ حَاجَتَكَ ثُمَّ رُحْ [إِلَى] حَتّٰى أَرُوْحَ مَعَكَ ۔

وضو کی جگہ جا کر وضو کرو پھر مسجد میں جا کر دو رکعت نماز پڑھو پھر یوں دعا کرو، الٰہی میں تجھ سے سوال کرتا اور تیری طرف ہمارے نبی محمد ﷺ نبی رحمت کے ذریعے سے متوجہ ہوتا ہوں یا رسول اللہ میں حضور کے وسیلے سے اپنے رب کی طرف توجہ کرتا ہوں۔ کہ میری حاجت روا فرمایئے اور اپنی حاجت کا ذکر کرو شام کو پھر میرے پاس آنا کہ میں بھی تمہارے ساتھ چلوں ۔

صاحب حاجت نے جا کر ایسا ہی کیا۔ پھر امیر المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دروازے پر حاضر ہوئے دربان آیا ہاتھ پکڑ کر امیر المومنین کے حضور لے گیا امیر المومنین نے اپنے ساتھ مسند پر بٹھا لیا اور فرمایا کیسے آئے ہو انہوں نے اپنی حاجت عرض کی امیر المومنین نے فوراً روا فرمائی پھر ارشاد کیا

اتنے دنوں میں تم نے اس وقت ہم سے اپنی حاجت کہی اور فرمایا جب کبھی تمہیں کوئی حاجت پیش آئے ہمارے پاس آنا۔

اب یہ صاحب امیر المومنین کے پاس سے نکل کر حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملے۔ ان سے کہا اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے۔ امیر المومنین نہ میری حاجت میں غور فرماتے تھے، نہ میری طرف التفات لاتے، یہاں تک کہ آپ نے میری سفارش ان سے کی، عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

وَاللّٰهِ مَا كَلَّمْتُهُ وَلٰكِنْ شَهِدْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَتَاهُ رَجُلٌ ضَرِيْرٌ فَشَكٰى اِلَيْهِ ذِهَابَ بَصَرِهٖ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ ﷺ اِئْتِ الْمِيْضَاَةَ فَتَوَضَّأْ ثُمَّ صَلِّ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ ادْعُ بِهٰذِهِ الدَّعَوَاتِ، فَقَالَ عُثْمَانُ بْنُ حُنَيْفٍ: فَوَاللّٰهِ مَا تَفَرَّقْنَا وَطَالَ بِنَا الْحَدِيْثُ حَتّٰى دَخَلَ عَلَيْنَا الرَّجُلُ كَاَنَّهٗ لَمْ يَكُنْ بِهٖ ضُرٌّ قَطُّ.(1)

خدا کی قسم! میں نے تو تمہارے بارے میں امیر المومنین سے کچھ بھی نہ کہا مگر ہے یہ کہ میں نے سید عالم ﷺ کو دیکھا حضور کی خدمت اقدس میں ایک نابینا حاضر ہوا اور اپنی نابینائی کی شکایت حضور سے عرض کی حضور اقدس ﷺ نے فرمایا موضع وضو پر جا کر وضو کر کے دو رکعت نماز پھر یہ دعائیں پڑھ عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں خدا کی قسم ہم اٹھنے بھی نہ پائے تھے۔ باتیں ہی کر رہے تھے کہ وہ نابینا ہمارے پاس انکھیارے ہو کر آئے گویا کبھی ان کی آنکھوں میں کچھ نقصان نہ تھا۔

---

(1) اخرجه الطبراني في الكبير ۹ /۳۱ (۸۳۱۱) وفي الصغير ۱/۳۰٦ (۵۰۸) ===

◈ امام طبرانی اس حدیث کی متعدد اسنادیں ذکر کر کے فرماتے ہیں:

"والحديث صحيح "(1)۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

" وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ".

حضور نے رزق کے پیمانے پر برکت رکھ دی

حديث (69=129):

کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اہل مدینہ طیبہ سے ارشاد فرمایا:

اِصْبِرُوْا وَابْشِرُوْا فَاِنِّيْ قَدْ بَارَكْتُ عَلٰى صَاعِكُمْ وَمُدِّكُمْ.(2)	صبر کرو اور شاد ہو کہ بے شک میں نے تمہارے رزق کے پیمانوں پر برکت کر دی ہے۔

البزار في مسنده عن امير المؤمنين عمر رضي الله تعالى عنه .

اس حدیث نے بتایا کہ اہل مدینہ کے رزق میں برکت رکھنے کو حضور نے اپنی طرف نسبت فرمایا۔

= = وفي نسخة ۳۰۴/۱(۳۹۹) ، وفي الدعاء ۲/۳۸،۴ والبيهقي في الدلائل ۶/۱۷،۴ وابن حبان في المجروحين ۲/۱۹۷ (۸۳۴) ، وأبو نعيم في معرفة الصحابة ۳۰۹/۳ ،وابن عساكر في تاريخه ۵۸/۳۷۵.

(1) (المعجم الصغير ۱/۳۰۶،۴ وفي نسخة ۲۹۰).

(2) (اخرجه البزار في مسنده ۱/۲۳۰(۱۲۷) ، وابن الجوزي في مثير الغرام(۲۵۱) .

وقال المنذري في الترغيب ۲/۱۳۵(۱۸۵۷) رواه البزار بإسناد جيد .

وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ۳/۳۰۶ قلت :روى ابن ماجه طرفا منه ، رواه البزار ورجاله رجال الصحيح .

مدینہ طیبہ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حرم کردیا

احادیث تحریم حرم مدینہ طیبہ، بحکم احکم حضور سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم۔

حدیث نمبر (70=130):

{1} صحیحین میں ہے رسول اللہ ﷺ سے عرض کی:

اَللّٰهُمَّ اِنَّ اِبْرَاهِیْمَ حَرَّمَ مَکَّةَ وَاِنِّیْ اُحَرِّمُ مَابَیْنَ لَابَتَیْهَا.(1)

الٰہی بے شک ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مکہ معظمہ کو حرم کردیا اور میں دونوں سنگستان مدینہ طیبہ کے درمیان جو کچھ ہے اسے حرم بناتا ہوں۔

هما وأحمد والطحاوي في شرح معاني الاثار عن أنس رضي الله تعالى عنه ۔

حدیث (71=131) :

{2} نیز صحیحین میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

---

(1) اخرجه البخاري في الصحيح (۳۱۸۷) كتاب الأنبياء، باب: يزفون النسلان في المشي، لفظ له، وقال ورواه عبد الله بن زيد عن النبي ﷺ، و(۲۷۳۶) في باب: من غزا بصبي للخدمة، و(۳۸۵۶)، و(۲۹۰۲)، ومسلم في الصحيح ۱/۴۴۱(۳۶۴، ۳۶۵) وأحمد في مسنده ۳/۱۳۹، و۳/۲۴۰، و۳/۲۴۳، والطحاوي في شرح معاني الآثار ۲/۳۴۲، وفي نسخة: ۴/۱۹۳(۵۸۳۲)، والربيع في مسنده ۱/۲۱ (۳۹۷)، ومالك في الموطأ ۲/۸۸۹ (۱۵۷۶)، وسعيد بن منصور في السنن ۲/۲۹۷(۲۶۷۶)، وأبو يعلى في مسنده ۶/۳۶۹(۳۷۰۲)، والبيهقي في السنن الكبرى ۵/۱۹۷، وابن عبد البر في الاستذكار ۸/۲۳۰(۱۹۳۰) وفي التمهيد ۶/۳۱۳، و۲۰/۱۷۶، وغيرهم .

إِنَّ إِبْرَاهِيمَ حَرَّمَ مَكَّةَ وَدَعَا لِأَهْلِهَا وَإِنِّي حَرَّمْتُ الْمَدِينَةَ كَمَا حَرَّمَ إِبْرَاهِيمُ مَكَّةَ وَإِنِّي دَعَوْتُ فِي صَاعِهَا وَمُدِّهَا بِمِثْلَيْ مَا دَعَا إِبْرَاهِيمُ لِأَهْلِ مَكَّةَ .(1)

بے شک ابراہیم علیہ الصلوۃ والتسلیم نے مکہ معظمہ کو حرم بنادیا۔ اور اس کے ساکنوں کے لئے دعا فرمائی اور بے شک میں نے مدینہ طیبہ کو حرم کردیا جس طرح انہوں نے اہل مکہ کو حرم کیا اور میں نے اس کے پیمانوں میں اس سے دونی برکت کی دعا جو انہوں نے اہل مکہ کے لئے کی تھی۔

هم جميعا عن عبد الله بن زيد بن عاصم رضي الله تعالى عنه .

حديث (132=72):

{3} نیز صحیحین میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عرض کی، الٰہی بے شک ابراہیم تیرے خلیل اور تیرے نبی ہیں اور تو نے ان کی زبان پر مکہ معظمہ کو حرم کیا:

اَللّٰهُمَّ وَأَنَا عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ وَإِنِّي أُحَرِّمُ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا۔(2)

الٰہی اور میں تیرا بندہ اور تیرا نبی ہوں میں مدینہ طیبہ کی دونوں حدوں کے اندر ساری زمین کو حرم بناتا ہوں۔

---

(1) أخرجه البخاري في الصحيح ١/٢٨٦(٢٠٢٢)،باب: بركة صاع النبي ﷺ و مدهم، ومسلم في الصحيح ١/٤٤٠(١٣٦٠)، لفظ له، وأحمد في مسنده ٤/٣٩ (١٤٤٩٣)،وعبد بن حميد في مسنده ١٨٤(٥١٨)، والبيهقي في السنن ٥/١٩٧ (٩٧٣٥) وغيرهم .

(2)أخرجه ابن ماجه في السنن ٢٣٢(٣١١٣)،وابن عبد البر في الإستذكار ٨/٢٣٣ ==

امام طحاوی نے اس کے قریب روایت کی اور یہ زائد کیا:

نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالَى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُعْضَدَ شَجَرُهَا أَوْ يُخْبَطَ أَوْ يُؤْخَذَ طَيْرُهَا.(1)

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ اس کا پیڑ کاٹیں یا پتے جھاڑیں یا اس کے پرندوں کو پکڑیں۔

حدیث ﴿133=73﴾:

{4} صحیح مسلم میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

إِنِّي أُحَرِّمُ مَا بَيْنَ لَابَتَيِ الْمَدِينَةِ أَنْ يُقْطَعَ عِضَاهُهَا أَوْ يُقْتَلَ صَيْدُهَا .(2)

بے شک میں حرم بناتا ہوں دو سنگلاخ مدینہ کے درمیان کو کہ اس کی ببولیں نہ کاٹی جائیں اور اس کا شکار نہ مارا جائے۔

هو وأحمد والطحاوي عن سعد بن أبي وقاص رضي الله تعالى عنه .

حدیث﴿134=74﴾:

{5} نیز صحیح مسلم میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

= (۴۴۳)، وقال الكناني في مصباح الزجاجة ۳/۲۱۸(۱۰۸۴) هذا إسناد حسن .

(1) أخرجه الطحاوي في شرح معاني الآثار ۴/۱۹۳(۵۸۵۰) ، باب صيد المدينة .

(2) أخرجه مسلم في الصحيح ۱/۴۴۰(۳۳۱۳)، وأحمد في مسنده ۱/۱۸۱(۱۵۷۳) و۱۸۳(۱۶۰۲)، وابن أبي شيبة في المصنف ۷/۲۹۵(۳۶۱۳۰)، وعبد بن حميد في مسنده ۸۱ (۱۵۳)، والطحاوي في شرح معاني الآثار ۴/۱۹۱، وأبو نعيم في المسند المستخرج ۴/۳۷، ۳۸، والنسائي في السنن الكبرى ۲/۴۸۶(۴۲۷۹)، وأبو سعيد الجندي في فضائل المدينة ۴۷،۴۸ (۴۹)، وأبو يعلى في مسنده ۲/۵۸(۶۹۹)، والبيهقي في السنن الكبرى ۵/۱۹۷.

إِنَّ إِبْرَاهِيمَ حَرَّمَ مَكَّةَ وَإِنِّي أُحَرِّمُ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا .(1)

بے شک ابراہیم نے مکہ معظمہ کو حرم کردیا اور میں مدینہ کے سنگلاخ کے درمیان کو حرم کرتا ہوں۔

هو والطحاوي عن رافع بن خديج رضي الله تعالى عنه.

حديث‹135=75›:

{6} نیز صحیح مسلم میں ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عرض کرتے ہیں:

أَللّٰهُمَّ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ حَرَّمَ مَكَّةَ فَجَعَلَهَا حَرَمًا وَإِنِّي حَرَّمْتُ الْمَدِينَةَ حَرَامًا مَا بَيْنَ مَأْزِمَيْهَا أَنْ لَا يُهْرَاقَ فِيهَا دَمٌ وَلَا يُحْمَلَ فِيهَا سِلَاحٌ لِقِتَالٍ وَلَا يُخْبَطُ فِيهَا شَجَرَةٌ إِلَّا لِعَلْفٍ .(2)

الٰہی! بے شک ابراہیم نے مکہ معظمہ کو حرام کر کے حرم بنادیا اور بے شک میں نے مدینہ کے دونوں کناروں میں جو کچھ ہے اسے حرم بنا کر حرام کردیا کہ اس میں کوئی خون نہ گرایا جائے نہ لڑائی کے لئے ہتھیار باندھیں نہ کسی پیڑ کے پتے جھاڑیں۔ مگر جانور کو چارہ دینے کے لئے۔

---

(1) أخرجه مسلم في الصحيح ١/ ٤٤٠(١٣٦١)، وأحمد في مسنده ٤/ ١٤١ (١٧٣١٠)، و(١٧٣٣٢)، والطحاوي في شرح معاني الآثار ٤/ ١٩٢(٥٨٤١)، وابن جرير في تفسيره ١/ ٥٩٠، والطبراني في الكبير ٤/ ٢٥٧، ٢٥٨(٤٣٢٥، ٤٣٢٦، ٤٣٢٧)، والبيهقي في السنن الكبرى ٥/ ١٩٧(٩٧٤٢) .

(2) أخرجه مسلم في الصحيح ١/ ٤٤٣ (١٣٧٤)، والنسائي في السنن الكبرى ٢/ ٤٨٥ (٤٢٧٦)، والبيهقي في السنن ٥/ ٢٠١(٩٧٦٤).

حدیث (136=76):

{7} نیز صحیح مسلم میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عرض کرتے ہیں:

اَللّٰهُمَّ إِنِّي قَدْ حَرَّمْتُ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا كَمَا حَرَّمْتَ عَلٰى لِسَانِ إِبْرَاهِيْمَ الْحَرَمَ. (1)

الٰہی! بے شک میں نے تمام مدینہ کو حرم کر دیا جس طرح تو نے زبان ابراہیم پر حرم بنایا۔

احمد والروياني عن أبي قتادة رضي الله تعالى عنه.

حدیث (137=77):

{8} نیز صحیح مسلم میں ہے، رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں:

إِنَّ إِبْرَاهِيْمَ حَرَّمَ بَيْتَ اللّٰهِ وَآمَنَهُ وَإِنِّي حَرَّمْتُ الْمَدِيْنَةَ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا لَا يُقْطَعُ عِضَاهُهَا وَلَا يُصَادُ صَيْدُهَا.(2)

بے شک ابراہیم نے بیت اللہ کو حرم بنایا اور امن والا کر دیا اور میں نے مدینہ طیبہ کو حرم کیا کہ اس کے خاردار درخت بھی نہ کاٹے جائیں اور اس کے وحشی جانور شکار نہ کیے جائیں۔

هو والطحاوي عن جابر بن عبد الله رضي الله تعالى عنه.

---

(1) اخرجه احمد في مسنده ٥ /٣٠٩ (٢٢٦٨٣) وابو سعيد الجندي في فضائل المدينة ٣٥ (٦٥) وذكره المتقي الهندي في كنز العمال ١٢/ ٢٣٢ (٣٤٨٧٥) وعزاه إلى الإمام احمد والروياني. [وقال الإمام: في صحيح مسلم كذا في منتخب كنز العمال منه] وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ٣/ ٦٥٣ (٥٨٤٣) رواه احمد و رجاله رجال الصحيح.

(2) اخرجه مسلم في الصحيح ١/ ٤٤٠ (٣٦٤) ولفظه سواء.

لكن ذكره المتقي الهندي في كنز العمال ١٢/ ٢٣٢ (٣٤٨٨٠) بلفظه، وعزاه = = =

حدیث ﴿138=78﴾

{9} صحیحین میں ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ مَا بَیْنَ لَابَتَیِ الْمَدِیْنَۃِ...وَجَعَلَ اِثْنَیْ عَشَرَ مِیْلًا حَوْلَ الْمَدِیْنَۃِ حِمًی. (1)	تمام مدینہ طیبہ کو رسول اللہ ﷺ نے حرم کردیا اور اسکے آس پاس بارہ میل تک سبزہ و درخت کو لوگوں کے تصرف سے اپنی حمایت میں لے لیا۔

هما واحمد وعبد الرزاق في مصنفه ۔اورابن جریر کی روایت یوں ہے،فرمایا:

= = إلى مسلم ،والطحاوي في شرح معاني الآثار٢/ ٣٤٢ ، وفي نسخة ٤/ ٩٢ (٥٨٣٨) لفظ له ، وعبد بن حميد في مسنده ٣٢٥ (١٠٤٢)، وأبو يعلى في مسنده ٤/٣٣(٢١٥١)،والنسائي في السنن الكبرى ٢/ ٤٨٧ (٤٢٨٣)، والبيهقي في السنن الكبرى ٥/ ١٩٨(٩٧٤٧).

(1) أخرجه مسلم في الصحيح١/ ٤٤٢ (١٣٧٢)،ولفظ له ، وابن أبي شيبة في المصنف ٧/ ١٩٥(٣٦٢٣٣)، وعبدالرزاق في المصنف٩ /٢٦٠(١٧١٣٥)، وأحمد في مسنده ٢/ ٤٨٧ (١٠٣٢٢)،والبيهقي في السنن الكبرى٥/ ١٩٦ (٩٧٤٢).

ولفظ البخاري في الصحيح (١٧٧٤) باب:لابتي المدينة ؟ عن أبي هريرة رضي الله عنه انه كان يقول لو رأيت الظباء بالمدينة ترتع ما ذعرتها قال رسول الله ﷺ ما بين لابتيها حرام .ونحوه في الصحيح للمسلم (١٣٧٢) ،والترمذي في الجامع (٣٩٢١)،و مالك في الموطأ٢/ ٨٨٩(١٥٧٧)،وأحمد في مسنده٢/ ٢٣٦،وابن الجارود في المنتقى٥ ١٣٥،وابن حبان في الصحيح٩/ ٤٧،والنسائي في السنن الكبرى٢/ ٤٨٨، و البيهقي في السنن الكبرى٥/ ١٩٦،والطحاوي في شرح معاني الآثار٤/ ١٩٣،وابن عبد البر في الإستذكار٨/ ٢٢٣،و في التمهيد٦/ ٣٠٩، والجندي في فضائل المدينة ٢٧(٧).

حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ شَجَرَهَا أَنْ يُعْضَدَ أَوْ يُخْبَطَ.(1) | رسول اللہ ﷺ نے مدینہ کے پیڑ کاٹنا یا ان کے پتے جھاڑنا حرام فرمایا۔

رواه عن حبيب الهذلي عنه رضي الله تعالى عنه .

حدیث ‹139=79›:

{10} صحیح مسلم میں ہے، رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ مَا بَيْنَ لَابَتَيِ الْمَدِيْنَةِ۔(2) | بے شک رسول اللہ ﷺ نے تمام مدینہ کو حرم بنایا۔

هو والطحاوي في معاني الآثار .

حدیث ‹140=80›:

{11} نیز صحیح مسلم وشرح معانی الآثار میں عاصم احول سے ہے:

قُلْتُ لِأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَحَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ؟ قَالَ نَعَمْ،...اَلْحَدِيْثَ. زَادَ أَبُوْ جَعْفَرٍ فِيْ رِوَايَةٍ: لَا يُعْضَدُ شَجَرُهَا وَلِلْمُسْلِمِ فِيْ أُخْرٰى نَعَمْ، هِيَ حَرَامٌ لَا | یعنی میں نے انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا کیا مدینہ کو رسول اللہ ﷺ نے حرم بنا دیا؟ فرمایا ہاں، اس کا پیڑ نہ کاٹا جائے اس کی گھاس نہ چھیلی جائے جو ایسا کرے اس پر لعنت ہے اللہ اور فرشتوں اور سب آدمیوں کی

(1)(ذكره المتقي في كنز العمال ۱۴/۱۳۲ (۳۸۱۵۳) وعزاه إلى ابن جرير).

(2)(أخرجه مسلم في الصحيح ۱/۴۴۰ (۱۳۶۱) ، والطحاوي في شرح معاني الآثار ۲/ ۳۴۴ وفي نسخة ۴/۱۹۲ (۵۸۳۰) بلفظ له ، وعبد الرزاق في المصنف ۹/۲۶۱ (۱۷۱۴۹)، والطبراني في الكبير ۴/۲۵۷ (۴۳۳۳ ، ۴۳۳۴) ، وأبو سعيد الجندي في فضائل المدينة ۴۴ .

يُخْتَلٰى خَلَاهَا فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ، فَعَلَيْهِ لَعنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ.

[والعیاذ باللہ تعالٰی](1)

حدیث(141=81):

{12} سنن ابی داؤد میں ہے، سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ هٰذَا الْحَرَمَ. (2)

بے شک رسول ﷺ نے اس حرم محترم کو حرم بنادیا۔

حدیث(142=82):

{13} شرحبیل کہتے ہیں ہم مدینہ طیبہ میں کچھ جال لگا رہے تھے زید بن ثابت انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لائے جال پھینک دیئے اور فرمایا:

أَلَمْ تَعْلَمُوْا أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ صَيْدَهَا. (3)

تمھیں خبر نہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مدینہ طیبہ کا شکار حرام کردیا ہے۔

---

(1)(اخرجه مسلم في الصحيح١/ ٣٣١(١٣٦٦)،والبخاري في الصحيح في الاعتصام، (٦٨٧٦)والطحاوي في شرح معاني الآثار٢/ ٣٣٣،وفي نسخة ٢/ ٩٣، وأحمد في مسنده ٣/ ٩٩(١٣٠٨٥)، وأبو يعلى في مسنده ٧/ ٩(٣٠٢٧)،وابن أبي شيبة في المصنف ٧/ ٣٩(٣٦٢٢٧) وابن عساكر في حديث البُرُوجِردي (١).وغيرهم.

(2)(اخرجه أبو داود في السنن٢/ ٢٧٨(٢٠٣٧)،وأحمد في مسنده١/ ١٧٠(١٤٦٠)، والبيهقي في السنن٥/ ١٩٩(٩٧٥٦)،والمزي في تهذيب الكمال ٢/ ٩١) .

(3)(اخرجه أحمد في مسنده ٥/ ١٩٠(٢١٧٠٧) لفظ له ، والطبراني في الكبير٥/ ١٥١ (٤٩٤٣) والطحاوي في شرح معاني الآثار٢/ ٣٣٢ ،وفي نسخة ٣/ ٩٢،وأبو سعيد الجندي في فضائل المدينة ٣٥(٢٦) وابن عبد البر في الإستذكار٨/ ٢٣٥،وغيرهم.

الامام ابوجعفر الطحاوي اور ابوبکر بن ابی شیبہ نے زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یوں روایت کی:

إِنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ مَا بَیْنَ لَابَتَیْھَا. (1)

بیشک نبی ﷺ نے مدینہ کے دونوں سنگلاخ کے مابین کو حرام کردیا۔

حدیث (143=83):

{14} ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ مَا بَیْنَ لَابَتَیِ الْمَدِیْنَۃِ أَنْ یُّعْضَدَ شَجَرُھَا أَوْ یُخْبَطَ .(2)

بے شک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تمام مدینہ کو حرم بنادیا ہے کہ اس کے پیڑ نہ کاٹے جائیں نہ پتے جھاڑیں۔

حدیث (144=84):

{15} ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف فرماتے ہیں۔ میں نے ایک چڑیا پکڑی تھی اسے لئے ہوئے باہر گیا میرے والد ماجد حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ ملے شدت سے میرے کان مل کر چڑیا کو چھوڑ دیا اور فرمایا:

حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینے کا شکار

---

(1) أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف ۷/۲۹۱ (۳۶۳۲۵) وابن الجعد في مسنده ۴۳۳(۲۸۴۳) والطحاوي في شرح معاني الآثار ۲/ ۳۴۲ والطبراني في الكبير ۵/۱۵۰(۴۹۱۰).

(2) أخرجه الطحاوي في معاني الآثار ۲/۳۴۲ وفي نسخة ۴/۴۳(۵۸۳۹)، وأبو يعلى في مسنده ۲/۲۸۴(۹۹۸)، والنسائي في السنن الكبرى ۲/۴۸۷ (۴۲۸۳) وأحمد في مسنده ۳/۲۳(۱۱۴۳) بلفظ: "حرم رسول الله ﷺ ما بين لابتي المدينة أن يعضد شجرها أو يخبط".

وَسَلَّمَ صَيْدَ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا.(1) حرام فرمادیا ہے۔

حدیث(145=85):

{16} صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ حَرَّمَ النَّقِيْعَ وَقَالَ: لَا حِمٰى إِلَّا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ.(2)

بے شک رسول اللہ ﷺ نے نقیع کو حرم بنا دیا اور فرمایا چراگاہ کو کوئی اپنی حمایت میں نہیں لے سکتا سوئے اللہ ورسول کے۔ (جل جلالہ وصلی اللہ علیہ وسلم)

روى الكلّه الإمام الطحاوي.

یہ سولہ(16) حدیثیں ہیں، پہلی آٹھ(8) میں خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہم نے مدینہ طیبہ کو حرم کردیا۔ اور پچھلی آٹھ(8) میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حرم کردینے سے مدینہ طیبہ حرم ہوگیا۔ حالانکہ یہ صفت خاص اللہ عزوجل کی ہے۔

پہلی آٹھ(8) سے سات(7) میں اپنے پدر کریم سیدنا ابراہیم علیہ الصلاۃ والتسلیم کی طرف بھی نسبت ارشاد ہوئی کہ مکہ معظمہ کی حرم محترم انہوں نے حرم کردی۔ انہوں نے امن والی بنادی حالانکہ خود ارشاد فرماتے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم:

إِنَّ مَكَّةَ حَرَّمَهَا اللّٰهُ تَعَالٰى وَلَمْ يُحَرِّمْهَا النَّاسُ.(3)

بے شک مکہ معظمہ کو اللہ تعالیٰ نے حرم کیا ہے۔ کسی آدمی نے نہیں کیا۔

---

(1)(أخرجه الطحاوي في معاني الآثار ۲/ ۳۳۲، وفي نسخة ۴/ ۱۹۱(۵۸۳۳)، والبزار في مسنده ۳/ ۲۲۱(۱۰۰۸)، والبيهقي في السنن الكبرى ۵/ ۱۹۸(۹۷۴۹).

(2)(أخرجه الطحاوي في شرح معاني الآثار ۳/ ۲۶۹(۴۹۱۳).

(3)(أخرجه البخاري في الصحيح(۱۰۴)، باب ليبلغ العلم الشاهد الغائب، ۱/ ۲۴۷ =

البخاري والترمذي عن أبي شريح العدوي رضي الله تعالى عنه .

یہ اسنادیں خاص ہمارے رسالے کی مقصود ہیں مگر یہاں جان وہابیت پر آفت اور سخت شدید تر ہے، مدینہ طیبہ کے جنگل کا حرم ہونا فقط انہیں سولہ بلکہ ان کے سوا اور بہت احادیث کثیرہ میں وارد ہے۔

مثلاً حدیث(86=146) :

{17} صحیحین میں حضرت انس رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں

اَلْمَدِيْنَةُ حَرَمٌ مِنْ كَذَا إِلى كَذَا لَا يُقْطَعُ شَجَرُهَا .(1) مدینہ یہاں سے یہاں تک حرم ہے اس کا پیڑ نہ کاٹا جائے۔

هما وأحمد والطحاوي، واللفظ للجامع الصحيح .

= = (١٨٣٥)و(٢٠٢٢) و مسلم في الصحيح (١٣٥٤)، باب :تحريم مكة و صيدها و خلاها و شجرها ... والترمذي في الجامع ١/ ١٠٠(٨٠٩)، والنسائي في السنن (٢٨٧٦)وفي السنن الكبرى ٢/٣٨٣(٣٨٥٩)و٣/٣٣٠(٥٨٣٦)، واحمد في مسنده ٣١/٤ (١٦٣٢٠)، و ٦/ ٣٨٣(٢٧٢٠٣)، و ٣٨٥ (٢٧٢٠٨) والشافعي في مسنده ٢٠٠(٩٦٦)والطحاوي في شرح معاني الآثار ٣/٣٢٧(٥٠٥٠)، والطبراني في الكبير ٢٢/١٨٥ (٤٨٣)، و١٨٦ (٤٨٦)،والبيهقي في السنن الكبرى ٧/٥٩(١٣١٥٢)، و٨/٥٢(١٥٨٢٦)، و٩/ ٢٢ (١٨٥٤٣) وابن عساكر في تاريخه ٣٦/٣٧٧، وابن عبد البر في التمهيد ٢٠/١٧٩ وغيرهم .

(1) أخرجه البخاري في الصحيح ١/٢٥١(١٧٦٨)،أبواب فضائل المدينة ، والبيهقي في السنن الكبرى ٥/١٩٧(٩٧٣٩)

ولمسلم من طريق عاصم الأحول قال سألت أنسا أحرم رسول الله صلى الله عليه وسلم المدينة ؟ قال نعم هي حرام ...الحديث ،كما مر تخريجه آنفاً .

حدیث ﴿147=87﴾:

{18} صحیحین ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اَلْمَدِيْنَةُ حَرَمٌ ...الحديث .(1) مدینہ حرم ہے۔

هما والطحاوي وابن جرير، واللفظ لمسلم.

حدیث﴿148=88﴾:

{19} صحیحین مولٰی علی کرم اللہ وجہہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اَلْمَدِيْنَةُ حَرَمٌ مَا بَيْنَ عَائِرٍ اِلٰى كَذَا وَلِمُسْلِمٍ وَالطَّحَاوِيِّ: مَا بَيْنَ عَيْرٍ اِلٰى ثَوْرٍ، اَلْحَدِيْثَ زَادَ أَحْمَدُ وَأَبُوْدَاوٗدَ فِيْ رِوَايَةٍ: لَا يُخْتَلٰى خَلَاهَا وَلَا يُنَفَّرُ صَيْدُهَا .(2)

مدینہ کوعیر سے جبل ثور تک حرم ہے۔ اس کی گھاس نہ کاٹی جائے اور اس کا شکار نہ بھڑکایا جائے۔

---

(1)(أخرجه مسلم في الصحيح ١/٤٤٢ (١٣٧٤)، وأحمد في مسنده ٢/٥٢٦ (١٠٨٢٧)، والبيهقي في السنن الكبرى ٥/١٩٦(٩٧٤٣)، والذهبي في معجم المحدثين ١٩١في ترجمة عيسى بن يحيى السبتي الأنصاري.

ولفظ البخاري في الصحيح (١٧٧٤) باب: لابتي المدينة:" عن أبي هريرة رضي الله عنه أنه كان يقول لو رأيت الظباء بالمدينة ترتع ما ذعرتها قال رسول الله ﷺ ما بين لابتيها حرام. تقدم تخرجه آنفا.

(2)(أخرجه البخاري في الصحيح١/٢٥١ (٣٧٤٣) باب اثم من تبرأ من مواليه، و (٦٨٧٠) باب ما يكره من التعمق والتنازع في العلم والغلو في الدين والبدع...لفظ له، ومسلم في الصحيح١/٤٤٢(١٣٧٠)و(١٥٠٨)باب تحريم تولي العتيق غير مواليه

حدیث(149=89):

{20} صحیح مسلم، سہل بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دست مبارک سے بے مدینہ کی طرف اشارہ کرکے فرمایا:

إِنَّهَا حَرَمٌ اٰمِنٌ .(۱) بے شک یہ امن والی حرم ہے۔

هو وأحمد والطحاوي وابو عوانة .

حدیث(150=90):

{21} امام احمد حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

= والطحاوي في شرح معاني الآثار ۳۱۸/۴ (٦٣١٥)، وأبو داود في السنن ۲۷۸/۱ (٢٠٣٥)، وأحمد في مسنده ۸۱/۱ (٦١٥) و۱۵۱ (١٢٩٧)، وفي فضائل الصحابة ۷۰۴/۲ (١٢٠٤)، والطيالسي في مسنده ٢٦ (١٨٤)، وأبو عوانة في مسنده ۲۲۹، ۲۲۰، والنسائي في السنن الكبرى ۴۸۶/۲ (٤٢٧٧)، و(٤٢٧٨)، وأبو يعلى في مسنده ۲۲۸/۱ (٢٦٣)، والبزار في مسنده ۳۳/۳ (٧٨٤)، والبيهقي في السنن الكبرى ۱۹۶/۵ (٩٧٣١)، وأبو نعيم في المسند المستخرج ۴۰/۴، ۴۱، وفي الحلية ۱۳۱/۴، وعبد الله بن أحمد في السنة ۵۴۲/۲، ۵۴۳، والخطيب في تقييد العلم ۸۸، وابن عساكر في تاريخه ۳۹۹/۴۲، والدارقطني في العلل ۱۵۳/۴، ۱۵۴ وغيرهم .

(1) أخرجه مسلم في الصحيح ۴۴۳/۱ (١٣٧٥)، وأحمد في مسنده ۴۸۶/۳ والطحاوي في شرح معاني الآثار ۳۴۲/۲ وفي نسخة ۱۹۴/۴، وابن أبي شيبة في المصنف ۳۰۶/۶، والطبراني في الكبير ۹۴/۶ (٥٦١١)، والمحاملي في أماليه ٢٥٦، وابن قانع في معجم الصحابة ۲۹۷/۱، والخطيب في موضع أوهام الجمع والتفريق ۴۸۰/۱، والبيهقي في السنن الكبرى ۱۹۸/۵، وأبو نعيم في المسند المستخرج ۴۴/۴ .

لِكُلِّ نَبِيٍّ حَرَمٌ وَحَرَمِي الْمَدِينَةُ.(1) ہر نبی کے لئے ایک حرم ہوتی ہے اور میری حرم مدینہ ہے۔

حدیث ﴿151=91﴾ :

{22} عبدالرزاق حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ:

إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ كُلَّ دَافَّةٍ أَقْبَلَتْ عَلَى الْمَدِينَةِ مِنَ الْعِضَةِ... الحديث .(2) بے شک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر گروہ مردم کو کہ حاضر مدینہ طیبہ ہو اس کے خاردار درختوں سے ممنوع فرمادیا۔

حدیث ﴿152=92﴾:

{23} امام طحاوی بطریق مالک عن یونس بن یوسف عن عطاء بن یسار۔ کہ لڑکوں نے ایک روباہ کو گھیر کر ایک گوشے میں کر دیا تھا ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لڑکوں کو دور کر دیا

---

(1)(أخرجه أحمد في مسنده١٥/٣١٨ (٢٩٢٣)، وعبد بن حميد في مسنده ٢٩٢ (٣٣٢٧)،وابن عدي في الكامل٤/٣٩ في ترجمة شهر بن حوشب ،و٥/٣٢٠ في ترجمة :عبد الحميد بن بهرام ، وأبو نعيم في تاريخ أصبهان ١/٢٠٣، وابن عساكر في تاريخه ٢٣/٢١٨.

وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ٣/٦٢٨(٥٧٩٢):رواه أحمد و إسناده حسن .

وفي الباب عن علي رضي الله تعالى عنه }أخرجه الطبراني في الأوسط٦/٣٥٦(٦٦٠٧).

وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ٣/٦٢٨(٥٧٩٣) :رواه الطبراني في الأوسط و رجاله موثقون وفي بعضهم كلام .

وعن أبي سعيد الخدري رضي الله عنه }أخرجه الديلمي في الفردوس ٣/٣٣٥.

(2)(أخرجه عبد الرزاق في المصنف ٩/١٣٩(١٧٣٦٠) .

امام مالک فرماتے ہیں۔اور مجھے اپنے یقین سے یہی یاد ہے کہ فرمایا:

أَفِيْ حَرَمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصْنَعُ هٰذَا.(1)	کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حرم میں ایسا کیا جاتا ہے؟۔

حدیث(153=93):

{24} مسند الفردوس میں عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

يَبْعَثُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ مِنْ هٰذِهِ الْبُقْعَةِ وَمِنْ هٰذَا الْحَرَمِ سَبْعِيْنَ أَلْفًا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ يَشْفَعُ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ سَبْعِيْنَ أَلْفًا وُجُوْهُهُمْ كَالْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ . (2)	اللہ تعالیٰ روز قیامت اس بقیع اور حرم سے ستر ہزار شخص ایسے اٹھائے گا کہ بے حساب جنت میں جائیں گے اور ان میں ہر ایک ستر ہزار کی شفاعت کرے گا ان کے چہرے چودھویں رات کے چاند کی طرح ہوں گے۔

اور اگر وہ حدیثیں گنی جائیں جن میں مکہ معظمہ و مدینہ طیبہ کو حرمین فرمایا تو عدد کثیر ہیں، بالجملہ حدیثیں اس باب میں حد تواتر پر ہیں۔

تو بالیقین ثابت کہ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ طیبہ کے جنگل کا بتاکید تام واہتمام

---

(1) أخرجه الطحاوي في شرح معاني الآثار ٢/ ٣٣٢، وفي نسخة ٣/ ١٩٢، ومالك في الموطأ ٢/ ٨٩٠(١٥٧٨)، والبيهقي في السنن الكبرى ٥/ ١٩٨(٩٧٥٠)، والخطيب في موضح أوهام الجمع والتفريق ١/ ٣٩٣، وابن عبد البر في التمهيد ٢٣/ ٢٢٥، وفي الإستذكار ٨/ ٢٣٣.

(2) أخرجه الديلمي في فردوس الأخبار ٥/ ٣٦٠(٨٤٢٣) والفاكهي في أخبار مكة ٣/ ٥١، وذكره الحافظ ابن حجر في الامتاع بالأربعين المتباينة السماع ١٠٢. وقال الإمام الزيلعي في تخريج الأحاديث والآثار ٢٠٠(٢١٠) : قلت :غريب .

تمام وہی ادب مقرر فرمادیا جو مکہ معظمہ کے جنگل کا ہے۔بایں ہمہ طائفہ تالفہ وہابیہ کا امام بدفرجام بہ کمال دریدہ دہنی صاف صاف لکھ گیا۔

"گردوپیش کے جنگل کا ادب کرنا یعنی وہاں شکار نہ کرنا درخت نہ کاٹنا یہ کام اللہ نے اپنی عبادت کیلئے بتائے ہیں پھر جو کوئی کسی پیر پیغمبر یا بھوت و پری کے مکانوں کے گردوپیش کے جنگل کا ادب کرے سو اس پر شرک ثابت ہے۔"(1)

کیوں ہم نہ کہتے تھے کہ یہ ناپاک مذہب ملعون مشرب اسی لئے نکلا ہے کہ اللہ و رسول تک شرک کا حکم پہنچائے پھر اور کسی کی کیا گنتی تف ہزار تف بروئے بددینی۔اب دیکھنا ہے کہ اس امام بے لگام کے مقلد کہ بڑے موحد بنے پھرتے ہیں اپنے امام کا ساتھ دیتے ہیں یا محمد رسول اللہ پڑھنے کی کچھ لاج کرتے ہیں۔اللہ کی بے شمار درودیں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے ادب داں غلاموں پر۔

ذرا ملاحظہ ہو مدینہ طیبہ کے راستے میں نامعقول باتیں کرنا وہابیہ کا جزو ایمان ہے جو نہ کرے ان کے نزدیک مشرک ہو جائے۔

تنبیہ نبیہ : مسلمانوں۔صرف یہی نہ سمجھنا کہ اس گمراہ امام الطائفہ کے نزدیک حرم محترم حضور پرنور مالک الامام صلی اللہ علیہ وسلم کا ادب ہی شرک ہے۔نہیں نہیں بلکہ اس کے مذہب میں جو شخص حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سراپا طہارت کے لئے مدینہ طیبہ کو چلے اگرچہ چار پانچ ہی کوس کے فاصلے سے (کہ کہیں وہابیت کے شرک شدالرحال کا ماتھا نہ ٹھنکے) اس پر راستے میں بے ادبیاں بیہودگیاں کرتے چلنا فرض عین و جزو ایمان ہے یہاں تک کہ اگر اپنے مالک و آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے عظمت و جلال کے خیال سے باادب مہذب بن کر چلے گا اس کے

---

(1)(تقویۃ الایمان ص ۱۱۳ ، ملتقطاً)

نزدیک مشرک ہو جائے گا۔ اسی کتاب ضلالت مآب کے اسی مقام میں: "راستے میں نامعقول باتیں کرنے سے"(1) بچنا بھی انہیں امور میں گنا دیا جنہیں خدا پر افترا کر کے کہتا ہے:

"یہ سب کام اللہ نے اپنی عبادت کیلئے اپنے بندوں کو بتائے ہیں۔۔۔ جو کوئی کسی پیر پیغمبر کے لئے کرے اس پر شرک ثابت ہے"۔(1)

سبحان اللہ! نامعقول باتیں کرنا بھی جزو ایمان نجدیہ ہے بلکہ سچ پوچھو تو ان کا تمام ایمان اسی قدر ہے وہ تو خیر یہ ہوگئی کہ مجتہد الطائفہ کو عبارت لکھتے وقت آیہ کریمہ:

﴿فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ﴾ (2)

پوری یاد نہ آئی ورنہ راہ مدینہ طیبہ میں فسق و فجور کرتے چلنا بھی فرض کہہ دیتا وہ بھی ایسا کہ جو وہاں فسق سے باز آئے، مشرک ہو جائے۔ "وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ".

لطیفہ حقہ : حضرات نجدیہ خدارا انصاف کیا افعال عبادت سے بچنا انبیاء و اولیاء ہی کے معاملے سے خاص ہے آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ شرک کے کام جائز۔

نہیں نہیں! جو شرک ہے ہر غیر خدا کے ساتھ شرک ہے تو آپ حضرات جب اپنے کسی نذیر بشیر یا پیر فقیر یا مرید رشید یا دوست عزیز کے یہاں جایا کیجئے تو راستہ میں لڑتے جھگڑتے ایک دوسرے کا سر پھوڑتے ماتھا رگڑتے چلا کیجئے ورنہ دیکھو کھلم کھلا مشرک ہو جاؤ گے۔

ہرگز مغفرت کی بو نہ پاؤ گے کہ تم نے غیر حج کی راہ میں ان باتوں سے بچ کر وہ کام کیا جو اللہ نے اپنی عبادت کیلئے اپنے بندوں کو بتایا تھا اور اس جوتی پیزار میں یہ نفع کیسا ہے کہ ایک کام میں تین مزے جدال ہونا تو خود ظاہر اور جب بلا وجہ ہے تو فسوق بھی ظاہر اور رفث کے معنے ہر نامعقول

---

(1) (ملاحظہ ہو تقویۃ الایمان ۵۱ و ۵۲ و ۵۳، ۵۴)

(2) [البقرۃ: ۱۹۷]

بات کے ٹھہرے تو وہ بھی حاصل ایک ہی بات میں ایمان نجدیت کے تینوں رکن کامل۔

"وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ".

الحمدللہ! خامہ برق باررضا خرمن سوزی نجدیت میں سب سے نرالا رنگ رکھتا ہے۔

والحمد للہ رب العالمین.

تذییل وتکمیل:

اقول وباللہ التوفیق: احکام الٰہیہ دو قسم ہیں۔ تکوینیہ مثل احیاوامات وقضائے حاجت ودفع مصیبت وعطائے دولت ورزق ونعمت وفتح وشکست وغیرہا عالم کے بندوبست دوسرے تشریعیہ کہ کسی فعل کو فرض یا حرام یا واجب یا مکروہ یا مستحب یا مباح کر دینا مسلمانوں کے سچے دین میں ان دونوں حکموں کی ایک ہی حالت ہے کہ غیر خدا کی طرف بروجہ ذاتی احکام تشریعی کی اسناد بھی شرک قال اللہ تعالیٰ:

﴿أَمْ لَهُمْ شُرَكَاءُ شَرَعُوا لَهُم مِّنَ الدِّيْنِ مَا لَمْ يَأْذَن بِهِ اللّٰهُ﴾ (1)

کیا ان کے لئے خدا کی الوہیت میں کچھ شریک ہیں، جنہوں نے ان کے واسطے دین میں وہ راہیں نکال دی ہیں جن کا خدا نے حکم نہ دیا۔

اور بروجہ عطائی امور تکوین کی اسناد بھی شرک نہیں۔ قال اللہ تعالیٰ:

﴿فَالْمُدَبِّرَاتِ أَمْرًا﴾ (2)

قسم ان مقبول بندوں کی جو کاروبار عالم کی تدبیر کرتے ہیں۔

---

(1)[الشوری ۲۱]

(2)[النازعات:۵]

مقدمہ رسالہ میں شاہ عبدالعزیز صاحب کی شہادت سن چکے کہ:

حضرت امیر وذریہ طاہرہ او را تمام امت برمثال پیران ومرشدان می پرستند وامور تکوینیہ را با یشاں وابستہ میدانند۔

مگر کچے وہابی ان دو قسموں میں فرق کرتے ہیں اگر کہئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات فرض کی یا فلاں کام حرام کردیا تو شرک کا سودا انہیں اچھلتا۔اور اگر کہئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نعمت دی یا غنی کردیا تو شرک سوجھتا ہے۔یہ ان کا نرا تحکم ہی نہیں خود اپنے مذہب نامہذب میں کچا پن ہے۔

جب ذاتی وعطائی کا تفرقہ اٹھادیا پھر احکام احکام میں فرق کیسا سب یکساں شرک ہونا لازم آخران کا امام مطلق وعام کہہ گیا۔کسی کام میں نہ بالفعل ان کا دخل ہے اور نہ اس کی طاقت رکھتے ہیں۔نیز کہا،کسی کام کو ناروا یا ناروا دینا اللہ ہی کی شان ہے۔صاف تر کہا کسی کی راہ رسم کو ماننا اور اسی کے حکم کو اپنی سند سمجھنا یہ بھی انہیں باتوں میں سے ہے۔کہ خاص اللہ نے اپنی تعظیم کے واسطے ٹھہرائی ہیں تو جو کوئی یہ معاملہ کسی مخلوق سے کرے تو اس پر بھی شرک ثابت ہوتا ہے۔

اور آگے اس کا قول سو اللہ کے حکم پہنچنے کی راہ بندوں تک رسول ہی کا خبر دینا ہے۔اس میں وہ رسول کو حاکم نہیں مانتا صرف مخبر و پیام رساں مانتا ہے اور اس سے پہلے حصر کے ساتھ تصریح کر چکا ہے۔کہ پیغمبر کا اتنا ہی کام ہے کہ برے کام پر ڈرا دیوے اور بھلے کام پر خوشخبری سنا دیوے۔

نیز کہا کہ انبیاء و اولیاء کو جو اللہ نے لوگوں سے بڑا بنایا سو ان میں بڑائی یہی ہوتی ہے کہ اللہ کی راہ بتاتے ہیں اور برے بھلے کاموں سے واقف ہیں۔سو لوگوں کو سکھلاتے ہیں۔صرف بتانے جاننے پہنچانے پہچاننے پر یہ نہیں کہہ سکتے کہ یہ حکم ان کے ہیں فرائض کو انہوں نے فرض کیا محرکات کو انہوں نے حرام کردیا۔

آخر ہمیں جو احکام معلوم ہوئے اپنے بزرگوں سے آئے انہیں ان کے اگلوں نے بتائے یوہیں طبقہ بطبقہ تبع کو تابعین تابعین کو صحابہ صحابہ کو سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے تو کیا کوئی یوں کہے گا کہ نماز میرے باپ نے فرض کی ہے یا زنا کو میرے استاد نے حرام کر دیا نبی کی نسبت اگر یوں کہے گا تو وہی ذاتی عطائی کا فرق مان کر اور وہ کسی کی راہ ماننے اور اس کا حکم سند جاننے کو افعال سے گن چکا جو اللہ تعالی نے اپنی تعظیم کیلئے خاص کئے ہیں، اور انہیں غیر کے لئے کرنے کا نام اشراک فی العبادۃ رکھا۔ اور اس قسم میں بھی مثل دیگر اقسام تصریح کی کہ پھر خواہ یوں سمجھے کہ یہ آپ ہی اس تعظیم کے لائق ہیں۔

یا یوں سمجھے کہ ان کی اسطرح کی تعظیم سے اللہ خوش ہوتا ہے۔ ہر طرح شرک ثابت ہوتا ہے۔ تو ذاتی وعطائی کا تفرقہ دین نجدیت میں قیامت کا تفرقہ ڈال دے گا وہ صاف کہہ چکا۔ نہیں حکم کسی کا سوائے اللہ کے اس نے تو یہی حکم کیا ہے کہ کسی کو اس کے سوائے مت مانو۔

جب رسول کو ماننے ہی کی نہ ٹھہری تو رسول کو حاکم ماننا اور فرائض ومحرمات کو رسول کیلئے فرض وحرام کر دینے سے جاننا کیوں کر شرک نہ ہوگا، غرض وہ اپنی دھن کا پکا ہے

ولھذا! محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کس قدر تاکید شدید سے مدینہ طیبہ کے گردو پیش کے جنگل کا ادب فرض کیا اور اس میں شکار وغیرہ منع فرمایا مگر یہ جو ارشاد ہوا کہ مدینے کو حرم میں کرتا ہوں۔ اس چوٹی کے موحد نے کہ جا بجا کہتا ہے خدا کے سوا کسی کو نہ مانو صاف صاف حکم شرک جڑ دیا اور اللہ واحد قہار کے غضب کا کچھ خیال نہ کیا۔

﴿وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ﴾(1)

تو مناسب ہوا کہ بعض احادیث وہ بھی ذکر کی جائیں جن میں احکام تشریعیہ کی اسناد صریح ہے۔

---

(1)[الشعراء :۲۲۷]

اوراب اس قسم کی خاص دوآیتوں کا ذکر بھی محمود اگرچہ آیات گذشتہ سے بھی دوآیتوں میں یہ مطلب موجود، اوران کے ذکر سے جب عدد آیات انصاف عقود سے متجاوز ہوگا تو تکمیل عقد کے لئے پانچ (5) آیتوں کا اور بھی اضافہ کہ پچاس کا عدد پورا ہو جس طرح احادیث میں بعونہ تعالیٰ پانچ خمسین یعنی ڈھائی سو کا عدد کامل ہوگا۔

ورنہ استیعاب آیات (1) میں منظور نہ احادیث میں مقدور، واللہ الھادی إلی منائر النور .

---

(1) مثلاً یہی احکام تشریعیہ کی آیات بکثرت ہیں جن سے دو ہی یہاں مذکور یونہی اس مضمون میں کہ خلائق کو موت فرشتے دیتے ہیں صرف دو آیتیں اوپر گزریں قرآن عظیم میں پانچ آیتیں اس مضمون کی اور ہیں ہم ان پانچوں کو یہاں ذکر کردیں۔ کہ اول پانچ آیتیں کتب سابقہ سے مذکور ہوئی ہیں۔ ان سب کے سبب پچاس پوری صرف قرآن عظیم سے ہوجائیں۔

آیت:۱ ﴿إِنَّ الَّذِينَ تَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ﴾[نساء:۹۷] بیشک وہ لوگ جنہیں موت دی فرشتوں نے

آیت:۲ ﴿جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ﴾[اعراف:۳۷] ہمارے رسول ان کے پاس آئے انہیں موت دینے کو۔

آیت:۳ ﴿وَلَوْ تَرٰٓى إِذْ يَتَوَفَّى الَّذِينَ كَفَرُوا الْمَلٰٓئِكَةُ﴾[انفال:۵۰] کاش تم دیکھو جب کافروں کو موت دیتے ہیں فرشتے۔

آیت:۴ ﴿إِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوٓءَ عَلَى الْكٰفِرِينَ الَّذِينَ تَتَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيٓ أَنْفُسِهِمْ﴾[نحل:۲۷] بیشک آج کے دن رسوائی اور مصیبت کافروں پر ہے جنہیں موت فرشتے دیتے ہیں اس حال میں کہ وہ اپنی جانوں پر ستم ڈھائے ہوئے ہیں۔

آیت:۵ ﴿كَذٰلِكَ يَجْزِي اللّٰهُ الْمُتَّقِينَ الَّذِينَ تَتَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِينَ﴾ [نحل:۳۱] ایسا ہی بدلہ دیتا ہے اللہ پرہیزگاروں کو جنہیں موت فرشتے دیتے ہیں پاکیزہ حالت میں۔

جَعَلَنَا اللّٰهُ مِنْهُمْ بِفَضْلِ رَحْمَتِهٖ آمین . [منہ]

ہم پہلے وہ پانچ (5) آیتیں تلاوت کریں کہ پھر احکام تشریعیہ کا بیان آیات واحادیث سے مسلسل رہے "وباللہ التوفیق"۔

آیت (46=40):

﴿اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ﴾ (1) کوئی جان نہیں جس پر ایک نگہبان متعین نہ ہو۔

یعنی ملائکہ ہر شخص کے حافظ ونگہبان رہتے ہیں۔

ایمان نبی صلی اللہ علیہ وسلم عطا کرتے ہیں

آیت (47=41):

﴿الۤرٰ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ﴾ (2)

یہ کتاب ہم نے تمہاری طرف اتاری تاکہ تم اے نبی لوگوں کو اندھیریوں سے نکال لو روشنی کی طرف ان کے رب کی پروانگی سے غالب سراہے گئے کی راہ کی طرف۔

آیت (48=42):

﴿وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ﴾ (3)

اور بے شک بالیقین ہم نے موسیٰ کو اپنی نشانیوں کے ساتھ بھیجا کہ اے موسیٰ تو نکال لے اپنی قوم کو اندھیریوں سے روشنی کی طرف

---

(1) [الطارق:۴]

(2) [ابراھیم:۱]

(3) [ابراھیم:۵]

اقول: اندھیریاں کفر وضلالت ہیں۔اور روشنی ایمان وہدایت جسے غالب سراہے گئے کی راہ فرمایا اور ایمان وکفر میں واسطہ نہیں ایک سے نکالنا قطعاً دوسرے میں داخل کرنا ہے تو آیات کریمہ صاف ارشاد فرمارہی ہیں کہ بنی اسرائیل کوموسٰی علیہ الصلوۃ والسلام نے کفر سے نکالا اور ایمان کی روشنی دے دی اس امت کو مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کفر سے چھڑاتے ایمان عطا فرماتے ہیں۔اگر انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کا یہ کام نہ ہوتا انہیں اس کی طاقت نہ ہوتی تو رب عزوجل کا انہیں یہ حکم فرمانا کہ کفر سے نکال لو،معاذ اللہ تکلیف مالا یطاق تھا۔

الحمد للہ! قرآن عظیم نے کیسی تکذیب فرمائی امام الوہابیہ کے اس حصر کی کہ

"پیغمبر خدا نے بیان کردیا کہ مجھ کو قدرت ہے نہ کچھ غیب دانی میری قدرت کا حال تو یہ ہے کہ اپنی جان تک کے نفع نقصان کا مالک نہیں تو دوسرے کو کیا کرسکوں غرض کہ کچھ قدرت مجھ میں نہیں فقط پیغمبری کا مجھ کو دعوٰی ہے اور پیغمبر کا اتنا ہی کام ہے کہ برے کام پر ڈرادیوے اور بھلے کام پر خوشخبری سنادیوے دل میں یقین ڈال دینا میرا کام نہیں۔انبیاء میں اس بات کی کچھ بڑائی نہیں کہ اللہ نے عالم میں تصرف کی کچھ قدرت دی ہو کہ مرادیں پوری کردیویں یا فتح شکست دے دیویں یا غنی کردیویں یا کسی کے دل میں ایمان ڈال دیویں ان باتوں میں سب بندے بڑے اور چھوٹے برابر ہیں عاجز اور بے اختیار" (ملخصا)

مسلمانو! اس گمراہ کے ان الفاظ کو دیکھو اور ان آیتوں اور حدیثوں سے کہ اب تک گزریں ملاؤ دیکھو۔یہ کس قدر شدت سے خدا اور رسول کو جھٹلا رہا ہے۔خیر اسے اسکی عاقبت کے حوالے کیجئے شکر اس اکرم الاکرمین کا بجالایئے۔جس نے ہمیں ایسے کریم اکرم دائم الکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ سے ایمان دلوایا۔ان کے کرم سے امید واثق ہے کہ بعونہ تعالٰی محفوظ بھی رہے۔

تو نے اسلام دیا تو نے جماعت میں لیا تو کریم اب کوئی پھرتا ہے عطیہ تیرا

ہاں یہ ضرور ہے کہ عطائے ذاتی خاصہ خدا ہے۔ ﴿اِنَّکَ لَا تَھْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ﴾(1) وغیرہا میں اسی کا تذکرہ ہے کچھ ایمان کے ساتھ خاص نہیں پیسا کوڑی بھی بے عطائے خدا کوئی بھی اپنی ذات سے نہیں دے سکتا۔

ع .... تا خداند ہد سلیمان کے دہد

یہی فرق ہے جسے گم کر کے تم ہر جگہ بہکے اور ﴿اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْکِتٰبِ وَتَکْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ﴾(2) میں داخل ہوئے۔

نَسْأَلُ اللّٰہَ الْعَافِیَۃَ وَتَمَامَ الْعَافِیَۃِ وَدَوَامَ الْعَافِیَۃِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ.

حرام کیا اللہ جل وعلا نے اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے

آیت(49=43):

﴿قَاتِلُوا الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ وَلَا بِالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا یُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ﴾(3)

لڑو ان سے جو ایمان نہیں لائے اللہ اور نہ پچھلے دن پر اور حرام نہیں مانتے اس چیز کو جسے حرام کر دیا اللہ اور اس کے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے۔

حضور کے حکم سے کام فرض ہو جاتا ہے اگرچہ فی نفسہ فرض نہ ہو

آیت(50=44):

﴿مَا کَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَۃٍ اِذَا قَضَی

نہیں پہنچتا کسی مسلمان مرد نہ مسلمان عورت

(1)[القصص ۵۶]

(2)[البقرۃ ۸۵]

(3)[التوبۃ ۲۹]

اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗۤ اَمْرًا اَنْ یَّکُوْنَ لَھُمُ الْخِیَرَۃُ مِنْ اَمْرِھِمْ وَمَنْ یَّعْصِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِیْنًا﴾(1)

کو کہ جب حکم کردیں اللہ ورسول کسی بات کا کہ انہیں کچھ اختیار رہے اپنے معاملہ کا اور جو حکم نہ مانے اللہ ورسول کا تو وہ صریح گمراہی میں بہکا۔

یہاں سے ائمہ مفسرین فرماتے ہیں۔ حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم نے قبل طلوع آفتاب اسلام زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مول لے کر آزاد فرمایا اور متبنیٰ بنایا تھا۔ حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی امیہ بنت عبد المطلب کی بیٹی تھیں۔ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں حضرت زید رضی اللہ عنہ سے نکاح کا پیام دیا اول تو راضی ہوئیں اس گمان سے کہ حضور اپنے لئے خواستگاری فرماتے ہیں۔

جب معلوم ہوا کہ زید رضی اللہ عنہ کے لئے طلب ہے انکار کیا اور عرض کر بھیجا کہ یا رسول اللہ میں حضور کی پھوپھی کی بیٹی ہوں ایسے شخص کے ساتھ اپنا نکاح پسند نہیں کرتی اور ان کے بھائی عبد اللہ بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی اسی بنا پر انکار کیا۔

اس پر آیہ کریمہ اتری اسے سن کر دونوں بہن بھائی رضی اللہ تعالیٰ عنہما تائب ہوئے اور نکاح ہوگیا، ظاہر ہے کہ کسی عورت پر اللہ عزوجل کی طرف سے فرض نہیں کہ فلاں سے نکاح پر خواہی نخواہی راضی ہو جائے خصوصا جب کہ وہ اس کا کفو نہ ہو خصوصا جبکہ عورت کی شرافت خاندان کواکب ثریا سے بھی بلند وبالاتر ہو باایں ہمہ اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کا دیا ہوا پیام نہ ماننے پر رب العزت جل وجلالہ نے بعینہ وہی الفاظ ارشاد فرمائے جو کسی فرض الہ کے ترک پر فرمائے جاتے اور رسول کے نام پاک کے ساتھ اپنا نام اقدس بھی شامل فرمایا۔

---

(1)[الأحزاب ۳۶]

یعنی رسول جو بات تمہیں فرمائیں وہ اگر ہمارا فرض نہ تھی تو اب ان کے فرمانے سے فرض قطعی ہو گئی مسلمانوں کو اس کے نہ ماننے کا اصلاً اختیار نہ رہا۔ جو نہ مانے گا صریح گمراہ ہو جائے گا۔ دیکھو رسول کے حکم دینے سے کام فرض ہو جاتا ہے۔ اگرچہ فی نفسہ خدا کا فرض نہ تھا ایک مباح وجائز امر تھا ولہذا ائمہ دین خدا اور رسول میں فرق فرماتے ہیں کہ خدا کا کیا ہوا فرض اس فرض سے اقویٰ ہے۔ جسے رسول نے فرض کیا ہے اور احکام شریعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سپرد ہیں جس بات میں جو چاہیں اپنی طرف سے حکم فرما دیں وہی شریعت ہے۔

ائمہ محققین تصریح فرماتے ہیں کہ احکام شریعت حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو سپرد ہیں جو بات چاہیں واجب کر دیں جو چاہیں ناجائز فرما دیں، جس چیز یا جس شخص کو جس حکم سے چاہیں مستثنیٰ کر دیں۔

امام عارف باللہ سید عبدالوہاب شعرانی قدس سرہ الربانی **"میزان الشریعہ الکبریٰ"** باب: الوضو میں حضرت سیدی علی خواص رضی اللہ عنہ سے نقل فرماتے ہیں:

كَانَ الْإِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ أَكْثَرِ الْأَئِمَّةِ أَدَبًا مَعَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَلِذٰلِكَ لَمْ يَجْعَلِ النِّيَّةَ فَرْضًا وَسَمَّى الْوِتْرَ وَاجِبًا لِكَوْنِهِمَا ثَبَتَا بِالسُّنَّةِ لَا بِالْكِتَابِ فَقَصَدَ بِذٰلِكَ تَمِيْزَ مَا فَرَضَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى وَتَمْيِيْزَ مَا أَوْجَبَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ...... فَإِنَّهُ مَا فَرَضَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى أَشَدُّ مِمَّا فَرَضَهُ

یعنی امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ ان اکابر ائمہ میں سے ہیں جن کا ادب اللہ عزوجل کے ساتھ بہ نسبت اور ائمہ کے زائد ہے اسی واسطے انہوں نے وضو میں نیت کو فرض نہ کیا اور وتر کا نام واجب رکھا۔ یہ دونوں سنت سے ثابت ہیں نہ قرآن عظیم سے تو امام نے ان احکام سے یہ ارادہ کیا کہ اللہ کے فرض اور رسول اللہ ﷺ کے فرض میں فرق وتمیز کر دیں اس لئے

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ ذَاتِ نَفْسِهٖ حِيْنَ خَيَّرَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى اَنْ يُّوْجِبَ مَا شَآءَ وَلَا يُوْجِبَ(1)	کہ خدا کا فرض کیا ہوا اُس سے زیادہ موکدہ ہے۔ جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود اپنی طرف سے فرض کر دیا۔ جبکہ اللہ عزوجل نے حضور کو اختیار دے دیا تھا کہ جس بات کو چاہیں واجب کر دیں۔ جسے نہ چاہیں نہ کریں

(1)(میزان الکبرٰی ۱/۸۳ وفی نسخۃ: ۱/۹۳ دار الکتب العلمیۃ بیروت)

اس میں بارگاہ وحی وتشریع احکام کی تصویر دکھا کر فرمایا:

كَانَ الْحَقُّ تَعَالٰى جَعَلَ لَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّشْرَعَ مِنْ قِبَلِ نَفْسِهٖ مَا شَآءَ كَمَا فِيْ حَدِيْثِ تَحْرِيْمِ شَجَرِ مَكَّةَ فَاِنَّ عَمَّهُ الْعَبَّاسَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَمَّا قَالَ لَهٗ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِلَّا الْاِذْخِرَ فَقَالَ لَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا الْاِذْخِرَ وَلَوْ اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَمْ يَجْعَلْ لَهٗ اَنْ يُّشْرِعَ مِنْ قِبَلِ نَفْسِهٖ لَمْ يَتَجَرَّأْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّسْتَثْنِيَ شَيْئًا مِمَّا حَرَّمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى.(2)	یعنی حضرت عزت جل جلالہ نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ منصب دیا کہ شریعت میں جو حکم چاہیں اپنی طرف سے مقرر فرمادیں۔ جس طرح حرم مکہ کے نباتات کو حرام فرمانے کی حدیث میں ہے کہ جب حضور نے وہاں کی گھاس وغیرہ کاٹنے سے ممانعت فرمائی حضور کے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! مگر اذخر کو اس حکم سے نکال دیجئے فرمایا اچھا نکال دی اس کا کاٹنا جائز کر دیا اگر اللہ سبحانہ نے حضور کو یہ منصب نہ دیا ہوتا کہ اپنی طرف سے جو شریعت چاہیں مقرر فرمائیں تو حضور ہرگز جرأت نہ فرماتے کہ جو چیز خدا نے حرام کی اس میں سے کچھ مستثنیٰ فرمادیں۔

(2)(میزان الکبرٰی ۱/۳۳ وفی نسخۃ: ۱/۴۰)

پینسٹھ (65) حدیثیں کہ احکام نبی ﷺ کے سپرد ہیں

أقول: یہ مضمون متعدد احادیث صحیحہ میں ہے۔

حدیث (154=94):

{1} ابن عباس رضی اللہ عنہما سے صحیحین میں ہے

فَقَالَ الْعَبَّاسُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ إِلَّا الْإِذْخِرَ لِصَاغَتِنَا وَقُبُوْرِنَا فَقَالَ : إِلَّا الْإِذْخِرَ . (1)

یعنی عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ مگر اذخر کہ وہ ہمارے سناروں اور قبروں کے کام آتی ہے، فرمایا مگر اذخر۔

---

(1)(أخرجه البخاري في الصحيح باب الأذخر والحشيش في القبر (١٣٤٩)، وباب لا ينفر صيد الحرم (١٨٣٣)، وباب ما قيل في الصواغ ،والنسائي في السنن ، باب النهي أن ينفر صيد الحرم (٢٨٩٢)،وأحمد في مسنده ٢/ ٢٣٨ (٧٢٢١)، والطبراني في الكبير ١١/ ٣٢٣ (١١٩٥٧)، وفي الأوسط ١/١٥٩(٥٩٩)، و٨/١٣٠(٨٢١١)، والبيهقي في السنن الكبرى ٥/١٩٥(٩٧٢٦)،وغيرهم .

من طريق عكرمة عن بن عباس رضي الله تعالى عنهما.

وأخرجه البخاري في الصحيح بباب إذا وجد تمرة في الطريق ،(٢٣٠١)، وباب اثم الغادر للبر والفاجر (٣٠١٧)،و مسلم في الصحيح ، باب تحريم مكة و صيدها و خلاها ..الخ (١٣٥٣)،وأحمد في مسنده ١/٢٥٩ (٢٣٥٣)، والنسائي في السنن . باب حرم مكة (٢٨٧٥)، وفي السنن الكبرى ٢/٣٨٣(٣٨٥٧)،والبيهقي في الشعب ٣/٣٢١، وابن عبد البر في الإستذكار ٨/٢٣٢، وغيرهم .

من طريق طاوس عن بن عباس رضي الله تعالى عنهما .

وأخرجه ابن أبي شيبة في المصنف ٣/٢٦٨(١٣٠٩١)، والدارقطني في السنن ===

حدیث (155=95):

(2) ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ إِلَّا الْإِذْخِرَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ فَإِنَّا نَجْعَلُهُ فِي بُيُوتِنَا وَقُبُورِنَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا الْإِذْخِرَ (1)

ایک مرد قریشی نے عرض کی مگر اذخر یا رسول اللہ کہ ہم اُسے اپنے گھروں اور قبروں میں صرف کرتے ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مگر اذخر۔

= باب في المرأة تقتل اذا ارتدت ٣/٢٣٥(١٠٩)، ومحمد بن الحسن الشيباني في الحجة باب: القوم المحرمين يصيبون الصيد ٢/٣١١، والطحاوي في شرح معاني الآثار ٢/٢٦٠، وغيرهم .

من طريق مجاهد عن بن عباس رضي الله تعالى عنهما .

وأخرجه أحمد في مسنده ١/٣٢٨(٢٢٧٩).

من طريق عمرو بن دينا عن بن عباس رضي الله عنهما .

(1) أخرجه البخاري في الصحيح في كتابة العلم ١/٢٢(١١٢)، ومسلم في الصحيح باب تحريم مكة وصيدها... ١/٤٣٩(١٣٥٥)، وابن حبان في الصحيح ٩/٢٨ (٣٧١٥) وأبو داود في السنن، باب: تحريم حرم مكة (٢٠١٧)، وابن الجارود في المنتقى ٣٢(٥٠٨)، والنسائي في السنن الكبرى ٣/٣٣٢(٥٨٥٥) ، والبيهقي في السنن الكبرى ٣/٢٠٩(١٥١٢)، و٨/٥٢(١٥٨١٨)، والدارقطني في السنن على الحدود والديات ٣/٩٦ (٥٨)، و٩٧(٥٩. ٦٠)، وأبو نعيم في المسند المستخرج ٤/٣٢(٣١٥٤)، والخطيب في تقييد العلم ٨٦.

من طرق كثير عنه . [رجل من قريش وهو العباس]

حدیث (156=96):

{3} صفیہ بنت شیبہ رضی اللہ عنہما سے سنن ابن ماجہ میں ہے:

فَقَالَ الْعَبَّاسُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ إِلَّا الْإِذْخِرَ فَإِنَّهُ لِلْبُيُوْتِ وَالْقُبُوْرِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا الْإِذْخِرَ.(1)

عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی مگر اذخر کہ وہ گھروں اور قبروں کیلئے ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مگر اذخر۔

نیز میزان مبارک میں شریعت کی کئی قسمیں کیں، ایک وہ جس پر وحی وارد ہوئی:

اَلثَّانِيْ مَا أَبَاحَ الْحَقُّ تَعَالٰى لِنَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَّسُنَّهٗ عَلٰى رَأْيِهٖ هُوَ عَلٰى وَجْهِ الْإِرْشَادِ لِأُمَّتِهٖ كَتَحْرِيْمِ لُبْسِ الْحَرِيْرِ عَلَى الرِّجَالِ وَكَقَوْلِهٖ فِيْ حَدِيْثِ تَحْرِيْمِ مَكَّةَ إِلَّا الْإِذْخِرَ ...وَلَوْلَا أَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى كَانَ يُحَرِّمُ جَمِيْعَ نَبَاتِ الْحَرَمِ لَمْ يَسْتَثْنِ عَلَيْهِ الْإِذْخِرَ لَمَّا سَأَلَهٗ عَمُّهُ الْعَبَّاسُ فِيْ ذٰلِكَ. وَنَحْوُ حَدِيْثِ: لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلٰى أُمَّتِيْ لَأَخَّرْتُ الْعِشَاءَ إِلٰى ثُلُثِ

یعنی شریعت کی دوسری قسم وہ ہے جو مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کے رب عزوجل نے ماذون فرما دیا کہ خود اپنی رائے سے جو راہ چاہیں قائم فرمائیں۔ مردوں پر ریشم پہننا حضور نے اسی طور پر حرام فرمایا اور اسی طرح حرمت مکہ سے گیاہ اذخر کو استثنا فرما دیا اگر اللہ عزوجل نے مکہ معظمہ کی ہر جڑی بوٹی کو حرام نہ کیا ہوتا تو حضور کو اذخر کے مستثنیٰ فرمانے کی کیا حاجت ہوتی اور اسی قبیل سے حضور کا ارشاد کہ امت پر مشقت کا اندیشہ نہ ہوتا

---

(1) أخرجه ابن ماجه في السنن ٣٣١/٢ (٣١٠٩) والحافظ في تغليق التعليق، باب: الإذخر والحشيش في القبر ٣٤٦/٢، وأشار إليه البخاري في التاريخ الكبير ٤٥١/١ في ترجمة أبان بن صالح.

اللَّيْلِ. وَنَحْوَ حَدِيْثِ وَلَوْ قُلْتُ نَعَمْ لَوَجَبَتْ وَلَمْ تَسْتَطِيْعُوْا، فِيْ جَوَابِ مَنْ قَالَ لَهُ فِيْ فَرِيْضَةِ الْحَجِّ: أَكُلَّ عَامٍ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ؟ قَالَ: لَا وَلَوْ قُلْتُ نَعَمْ لَوَجَبَتْ ، الحديث. وَقَدْ كَانَ ﷺ يُخَفِّفُ عَلٰى أُمَّتِهٖ حَسْبَ طَاقَتِهٖ وَيَنْهَاهُمْ عَنْ كَثْرَةِ السُّؤَالِ وَيَقُوْلُ: اُتْرُكُوْنِيْ مَا تَرَكْتُكُمْ... (1)

تو میں عشاء کو تہائی رات تک ہٹا دیتا اور اسی باب سے ہے کہ جب حضور نے فرض حج بیان فرمایا کسی نے عرض کی یا رسول اللہ کیا حج ہر سال فرض ہے فرمایا نہ اور اگر میں ہاں کہہ دوں تو ہر سال فرض ہو جائے اور پھر تم سے نہ ہو سکے اور یہی وجہ ہے کہ حضور اپنی امت پر تخفیف و آسانی فرماتے اور مسائل زیادہ پوچھنے سے منع کرتے اور فرماتے مجھے چھوڑے رہو جب تک میں تمہیں چھوڑوں۔

اقول: یہ مضمون بھی کہ میں نماز عشاء کو موخر فرما دیتا متعدد احادیث صحیحہ میں ہے۔

حدیث﴿157=97﴾:

{4} ابن عباس رضی اللہ عنہما معجم کبیر طبرانی میں کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

لَوْلَا ضُعْفُ الضَّعِيْفِ وَسُقْمُ السَّقِيْمِ لَأَخَّرْتُ صَلَاةَ الْعَتَمَةِ. (2)

اگر ضعیف کے ضعف مریض کے مرض کا پاس نہ ہوتا تو میں نماز عشاء کو پیچھے ہٹا دیتا۔

---

(1)(ميزان الكبرى١/٣٨،وفي نسخة١/٦٧،دار الكتب العلمية بيروت،ط١٤١٨ھ)

(2)(اخرجه الطبراني في الكبير١١/٣٠٩(١٢١١) ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد ١/٣١٣، والمتقي الهندي في كنز العمال٧/٣٩٣ (١٩٤٥٨) .

وقال الهيثمي :وفيه محمد بن كريب وهو ضعيف .

قلت :وله طرق اخرى عند الطبراني في الكبير١٢/١٥٨(١٢٧٥٢) قال :حدثنا عبد الله بن الحسين المصيصي وابو زرعة قالا :ثنا محمد بن بكار بن بلال ثنا سعيد = = =

حدیث(158=98):

{5} آئندہ ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ مسند احمد وسنن ابی داؤد وابن ماجہ وغیرہا میں یوں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

لَوْلَا ضُعْفُ الضَّعِيفِ وَسُقْمُ السَّقِيمِ وَ حَاجَةُ ذِى الْحَاجَةِ لَأَخَّرْتُ هٰذِهِ الصَّلٰوةَ إِلٰى شَطْرِ اللَّيْلِ .(1)

اگر کمزور کی ناتوانی بیمار کے مرض کامی کے کام کا خیال نہ ہوتا تو میں اس نماز کو آدھی رات تک موخر فرمادیتا۔

= = بن بشير عن قتادة عن أبي العالية عن بن عباس قال :قال رسول الله ﷺ :لولا ضعف الضعيف و سقم السقيم لأخرت صلاة العشاء الآخرة .وفي مسند الشاميين ٣/٤٧(٩٥٢٦).وابن عساكر في حديث المزاحمي (٣١) وفيه "وكبر الكبير" .

وله شواهد من حديث جابر رضي اللّه تعالى عنه. رواه عبد الرزاق في مصنفه ١/٣١٢(٣٣٩) وابو بكر الشافعي في الفوائد الشهير بالغيلانيات ١/٢٧٢ (٢٦٧) ، والخطيب في تاريخه ١١/٣٣٢ .

وأخرجه ابن حبان في الصحيح ٤/٣٩٦.٣٩٧(١٥٣٩) وابن أبي شيبة في مصنفه ١/٣٥٣ (٤٠٦٣) ،وعبد بن حميد في مسنده (١٠٢٨) ،وأبو يعلى في مسنده ٣/٣٣٢ (١٩٣٩) ، والبيهقي في السنن الكبرى ١/٣٧٥ .وفيه لولا ضعف الضعيف او كبر الكبير لأخرت هذه الصلاة إلى شطر الليل .

وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد ١/٣١٢،وقال :رواه أحمد ،وأبو يعلى ، ورجال أبي يعلى رجال الصحيح .

(1)(أخرجه أحمد في مسنده ٣/٥ (١١٠٢٨)،لفظ له، وأبو داود في السنن ، باب :في وقت العشاء الآخرة (٤٢٢)، والنسائي في السنن (٥٣٨)، باب :آخر وقت العشاء ، وابن خزيمة في صحيحه ١/١٧٧ (٣٤٥) ،والبيهقي في السنن الكبرى ١/٣٧٥ = = =

رواه ابن ابي حاتم بلفظ :" لو لا أن يثقل على أمتي لأخرت صلوة العشاء إلى ثلث الليل".(1)

حديث (159=99)

{6} آمنده ابي ہریره رضی اللہ عنہ احمد وابن ماجہ ومحمد بن نصر کی روایت میں یوں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى أُمَّتِي لَأَخَّرْتُ الْعِشَاءَ إِلَى ثُلُثِ اللَّيْلِ أَوْ نِصْفُ اللَّيْلِ (2).	اگر اپنی امت کو مشقت میں ڈالنے کا لحاظ نہ ہوتا تو میں عشاء کو تہائی یا آدھی رات تک ہٹا دیتا۔

= = (۱۳۳)،و۱/۳۵۱ (۱۱۵۸) ،و۳۷۵(۱۵۲۰)،وابن عساكر في تاريخ مدينة دمشق ۳/۳۴).

(1)(أخرجه ابن أبي حاتم في العلل۱/۹۵ (۲۳۵).

(2)(أخرجه احمد في مسنده ۲/۲۵۸(۷۵۰۴) بلفظ :لو لا ان أشق على أمتي ... و لأخرت عشاء الآخرة إلى ثلث الليل .

واخرجه احمد في مسنده ۲/ ۴۳۳ (۹۵۸۹) بلفظ :...ولأخرت العشاء إلى ثلث الليل أو نصف الليل و في رواية :أو شطر الليل .وابن ماجه في السنن صفحه (۶۹۱)، و ابن حبان في الصحيح ۳/۳۹۹، ۴۰۵و ۴۰۶ (۱۵۳۱) ،و (۱۵۳۸ و۱۵۳۹)، وعبد الرزاق في مصنفه ۱/۵۵۵(۲۱۰۶)،وابن أبي شيبة في مصنفه ۱/۳۹۱(۳۳۴۵) ، وابن المبارك في مسنده ۳۶ (۶۳) ، و في الزهد ۱/۳۷۴ (۱۲۳۱) ،والترمذي في الجامع (۱۶۷) بـاب :ما جاء في تأخير صلاة العشاء الآخر ، والبيهقي في السنن الكبرى ۱/۳۶ (۱۳۷).

كلهم من طريق سعيد بن أبي سعيد المقبري عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه .

وآخره ابن جرير فقال إلى نصف الليل .(1)

وأخرجه الترمذي في الجامع (١٦٧) بلفظ :لو لا ان اشق على امتي لأمرتهم أن يؤخروا العشاء إلى ثلث الليل أو نصفه .

من طريق سعيد المقبري عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه .

وأخرجه أحمد في مسنده ٢/٢٥٠(٧٤٠٢) بلفظ :لولا أن أشق على أمتي ...و لأخرت العشاء إلى ثلث الليل أو شطر الليل .وذكره المتقي الهندي في كنز العمال ٧/١٥٧(١٩٣٨٣) وعزاه إلى أحمد و محمد بن نصر.

وأخرجه أحمد في مسنده ٢/٢٥٨(٧٥٠٣) بلفظ :لو لا أن أشق على أمتي ....ولأخرت عشاء الآخرة إلى ثلث الليل .

من طريق أبي سلمة عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه .

وأخرجه الدارمي في الرد على الجهمية ٧٨(١٣١)،وفيه :لو لا أن أشق على أمتي ...و لأخرت العشاء الآخرة حتى يذهب ثلث الليل.. إلخ .وأحمد في مسنده١٠/١٣ (٩٦٧) و٢/٥٠٩ (١٠٦٢٦) ،والدارمي في السنن ١/٣٤٣(١٣٨٣) ،والبيهقي في السنن الكبرى ١/٣٦ (١٣٨). كلهم من طريق عطاء عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه .

وأخرجه النسائي في السنن(٥٣٣) بلفظ لو لا أن أشق على أمتي لأمرتهم بتأخير العشاء ...إلخ. وأحمد في مسنده ٢/٢٤٥(٧٣٣٥،و٧٣٣٨)، والشافعي في مسنده ١٣(٣٠) و أبو يعلى في مسنده ١١/١٥٠(٦٢٧٠)، والبيهقي في السنن الكبرى ١/٣٥(١٣٣) ، و٣٧(١٥٣).

كلهم من طريق الأعرج عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه .

(1) (لم أجده عند ابن جرير،لكن ذكره المتقي الهندي في كنز العمال ٨/٩٠ (٢١٨٥٩) و عزاه إلى ابن جرير .

ورواه الحاكم في المستدرك ١/٢٢٥(٥١٦) والبيهقي في السنن الكبرى ===

اوران کے سوا احادیث صحیحہ عنقریب اسی معنی میں آتی ہیں، إن شاء الله تعالی۔

نیز یہ مضمون کہ میں ہاں فرمادوں تو حج ہر سال فرض ہو جائے متعدد احادیث صحاح میں ہے۔

حدیث ﴿160=100﴾:

﴿7﴾ ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ عند احمد و مسلم والنسائی (1)۔

= ۱/۳۶(۱۳۶)، بلفظ: لو لا أن أشق على أمتي لفرضت عليهم السواك مع الوضوء ولأخرت [صلاة] العشاء إلى نصف الليل.

من طريق سعيد عن أبي هريرة رضي الله عنه.

وقال الحاكم: ولم يخرجاه لفظ الفرض فيه وهو صحيح على شرطهما جميعا وليس له علة وله شاهد بهذا اللفظ. ووافقه الذهبي في التلخيص.

وعند الطيالسي (۲۳۲۸) بلفظ: "لو لا أن أشق على أمتي لأمرتهم بالوضوء عند كل صلاة و مع كل وضوء سواك و لأخرت العشاء إلى نصف الليل".

والعقيلي في الضعفاء الكبير ۲/۲۳۶ بدون " بالوضوء عند كل صلاة ". والدارقطني في العلل ۱۰/۳۵۴ (س ۲۰۴۷).

وعند الطبراني في الأوسط ۳/۷(۲۱۶۷): بلفظ: "لو لا أن أشق على أمتي لجعلت وقت العشاء إلى نصف الليل".

من طريق حميد بن عبد الرحمن عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه.

(1) اخرجه مسلم في الصحيح ۱/۴۳۲(۱۳۳۷) بلفظ: قال: خطبنا رسول الله ﷺ فقال أيها الناس قد فرض عليكم الحج فحجوا فقال رجل أكل عام يا رسول الله ﷺ؟ فسكت حتى قالها ثلاثا، فقال رسول الله ﷺ: لو قلت: نعم، لوجبت و لما استطعتم ثم قال: ذروني ما تركتكم فإنما هلك من كان قبلكم بكثرة سؤالهم واختلافهم على أنبيائهم فإذا أمرتكم بشيء فأتوا منه ما استطعتم وإذا نهيتكم عن شيء فدعوه. = = =

حدیث ﴿161=101﴾:

{8} امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" لَا وَلَوْ قُلْتُ: نَعَمْ لَوَجَبَتْ" رواه أحمد (1)

ہر سال فرض نہیں اور میں ہاں کہہ دوں تو فرض ہو جائے۔

حدیث﴿162=102﴾:

{9} ابن عباس رضی اللہ عنہما کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:

لَوْ قُلْتُ نَعَمْ لَوَجَبَتْ ثُمَّ إِذًا لَا تَسْمَعُوْنَ وَلَا تُطِيْعُوْنَ. أحمد و الدارمی النسائی .(2)

میں ہاں فرما دوں تو فرض ہو جائے پھر تم نہ سنو نہ بجالاؤ،

= = وأحمد في مسنده ٢/٥٠٨(١٠٦٦٥) ،والنسائي في السنن ٢/١ (٢٦١٩)،وفي السنن الكبرى ٢/٣١٩ (٣٥٩٨)، و إسحاق بن راهويه في مسنده ١/٣٣٢(٦٠)، وابن خزيمة في الصحيح ٤/١٢٩(٢٥٠٨)، والدارقطني في السنن ٢/٢٨١ ، والبيهقي في السنن ٤/٣٢٥ (٨٣٩٨).

كلهم من طريق محمد بن زياد عن أبي هريرة رضى الله عنه .سيأتي تخريجه قريبا .

سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں یہ میں نے معاف فرمادی ہے۔ ہاں! کیوں نہ ہو کہ حکم ایک رؤف ورحیم کے ہاتھ میں ہے، بحکم رب العلمین جل جلاله و ﷺ.

حدیث ‹155=215›:

{62} حضور اقدس ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے فرمایا:

"مَا تَقُوْلُوْنَ فِي الزِّنَا" تم زنا کو کیا سمجھتے ہو؟

قَالُوْا [حَرَامٌ] حَرَّمَهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ فَهُوَ حَرَامٌ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔

عرض کی حرام ہے اُسے اللہ ورسول نے حرام کردیا تو وہ قیامت تک حرام ہے

احمد بسند صحیح، والطبراني في الأوسط والكبير عن المقدا د بن الأسود رضي الله عنه .(1)

حدیث ‹156=216›:

{63} فرماتے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم:

إِنِّيْ أُحَرِّمُ عَلَيْكُمْ حَقَّ الضَّعِيْفَيْنِ الْيَتِيْمِ وَالْمَرْأَةِ.

میں تم پر حرام کرتا ہوں دو کمزوروں کی حق تلفی یتیم اور عورت۔

الحاكم على شرط مسلم، والبيهقي في الشعب واللفظ له ،عن أبي هريرة رضي الله عنه .(2)

---

(1)(أخرجه أحمد في مسنده ٦/٨ (٢٣٩٠٥)،والبخاري في الأدب المفرد ٥٠ (١٠٣)، والبزار في مسنده ٦/٥٠ (٢١١٥)والطبراني في الكبير ٢٠/٢٥٦ .

وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ٨/٢٦٨:رواه أحمد والطبراني في الكبير والأوسط ورجاله ثقات .

(2)(أخرجه الحاكم في المستدرك١/١٣١(٢٢١)،وابن ماجه في السنن(٣٦٧٨)، =

حدیث (217=157):

{64} صحیحین میں جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے ہے انہوں نے سال فتح مکہ معظمہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا:

إِنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ حَرَّمَ بَيْعَ الْخَمْرِ وَالْمَيْتَةِ وَالْخِنْزِيْرِ وَالْأَصْنَامِ .(1)	بے شک اللہ اور اس کے رسول نے حرام کردیا ہے شراب اور مردار اور سوئر اور بتوں کا بیچنا۔

= = واحمد في مسنده ۲/۴۳۹(۹۶۶۴)، والنسائي في السنن الكبرى ۵/۳۶۳ (۹۱۴۹، ۹۱۵۰)، وابن ابي الدنيا في العيال ۲/۲۶۸(۳۸۱) ،والحربي في غريب الحديث، باب الحرج ۱/۲۳۹، والبيهقي في السنن الكبرى ۱۰/۱۳۴ (۲۰۲۳۹)، وفي الشعب ۶/۳۸(۷۴۶۱)،وفيه :"مال الضعيفين "بدل بحق الضعيفين".

قال المناوي في التيسير ۱/۷۴۸:"أي أحرج [لفظ رواية البيهقي" أحرم"] عليكم حق الضعيفين اليتيم و المرأة .

وقال الحاكم :هذا حديث صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه ، ووافقه الذهبي في التلخيص.

(1)(أخرجه البخاري في الصحيح ، في البيوع ۱/۲۹۸(۲۲۳۱)،وباب منزل النبي ﷺ يوم الفتح(۴۰۴۵)، ومسلم في الصحيح ، في كتاب المساقاة ۱۱/۲۳(۱۵۸۱) ، والترمذي في الجامع ، في البيوع (۱۲۹۷) ،والنسائي في السنن (۴۶۶۹)،وفي السنن الكبرى ۴/۵۴(۶۲۶۵) ،وابن ماجه في السنن (۲۱۶۷)،وابن أبي شيبة في مصنفه ۴/۳۰۱ (۲۰۳۸۶)، ۴/۷۴(۲۲۲۴۴)،و ۷/۴۰۹(۳۶۹۴۵)،واحمد في مسنده ۳/۳۲۴(۱۴۵۲۶)،و۳۲۶(۱۴۵۴۹)، وابو عوانة في مسنده ۳/۳۷۰ (۵۳۵۳)،وابن حبان في الصحيح ۱۱/۳۱۱ (۴۹۳۷)،وابو يعلى في مسنده ۳/۳۹۵ (۱۸۷۳)، والبغوي في شرح السنة ۸/۲۶،۲۷(۲۰۴۰)،وابن المنذر في الأوسط ۲/۲۷۹ = = =

حدیث ﴿158=218﴾:

{65} فرماتے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم:

لَا تَشْرَبْ مُسْكِرًا فَإِنِّي حَرَّمْتُ كُلَّ مُسْكِرٍ .(1)

نشہ کی کوئی چیز نہ پی کہ بے شک نشہ کی ہر شے میں نے حرام(2) کردی ہے۔

النسائي بسند حسن،عن أبي موسى الأشعري رضي الله عنه .

= = والطبراني في الأوسط ۹/۳۳(۹۰۵۳)،والبيهقي في السنن الكبرى ۶/۱۱ (۱۰۸۳۰)، و۹/۳۵۴(۱۹۳۱۴) بإسناد مختلفة .

وفي الباب:

عن عبد الله بن عمرو رضي الله تعالى عنه :

أخرجه أحمد في مسنده ۲/۱۴۳(۶۲۹۷)،والبيهقي في السنن الكبرى ۹/۳۵۵،وابن الجوزي في التحقيق ۲/۱۸۷(۱۳۶۹) . وقال الهيثمي في المجمع ۴/۹۰،۹۱ رواه أحمد والطبراني في الأوسط ... رجال أحمد ثقات، وإسناد الطبراني حسن .

وعن ابن عباس رضي الله تعالى عنهما :

أخرجه الطبراني في الأوسط ۹/۱۴۲(۹۳۲۶)، وفي الكبير ۱۱/۱۵۴(۱۱۳۳۵)

ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد ۴/۹۱ :

وقال رواه بطوله الطبراني في الأوسط والكبير باختصار ،وفيه يوسف بن ميمون وثقه ابن حبان وضعفه الأئمة أحمده وغيره .

(1)(أخرجه النسائي في السنن ۲/۳۲۳ (۵۶۰۳) ،وفي السنن الكبرى ۳/۲۱۵ (۵۱۱۳)، و۴/۱۸۵ (۶۸۱۲) ،والطحاوي في شرح مشكل الآثار (۴۳۵۴)، وأبو يعلى في مسنده ۱۳/۱۷۰ (۷۲۳۹) .

(2)[فائدہ، ابوالشیخ ابن حیان نے " کتاب الثواب " میں روایت کی:"حدثنا ابن أبي عاصم = =

= = ثنا عمر بن حفص الوصالي ثنا سعيد بن موسى ثنا رباح بن زيد عن معمر عن الزهري عن انس رضي الله تعالى عنه قال قال رسول الله ﷺ إني فرضت على أمتي قراءة يس كل ليلة فمن دوام على قرأتها كل ليلة ثم مات مات شهيدا .

[قلت والديلمي في الفردوس ۱/۳۳(۱۸۵)، بلا سند .ارشد مسعود عفی عنه]

یعنی اس سند سے آیا ہے کہ حضور سید عالم ﷺ نے فرمایا میں نے اپنی امت پر یٰس شریف کی ہر رات تلاوت فرض کی جو ہمیشہ ہر شب اسے پڑھے پھر مرے تو شہید مرے۔

أقول : وسعيد وان اتهم فالمحقق عند المحققين ان الوضع لا يثبت لمجرد ورد كذاب فضلا عن متهم ما لم ينضم اليه شيء من القرائن الحاكمة به كمخالفة نص أو اجماع قطعيين او الحس او اقرار الواضع بوضعه الى غير ذلك كما نص عليه السخاوي في فتح المغيث والبعنا عليه عرش التحقيق في منير العين في حكم تقبيل الابهامين واجمع العلماء ان ضعيف غير الموضوع يعمل به في الفضائل وقد بيناه في الهاد الكاف في حكم الضعاف .

اس حدیث اور اس فرضیت کے متعلق فقیر کے پاس سوال آیا تھا جس کا جواب فتاوی فقیر " العطايا النبوية في الفتاوى الرضوية " کے مجلد پنجم کتاب مسائل شتی میں مذکور، والله الهادي إلى معالي الأمور، ۱۲منه .

حرام دو قسم ہے، ایک وہ جسے خدا نے حرام کیا اور ایک وہ جسے رسول نے، اور دونوں یکساں ہیں

حدیث ﴿219=159﴾:

فرماتے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم سن لو مجھے قرآن کے ساتھ اُس کا مثل ملا یعنی حدیث دیکھو کوئی پیٹ بھرا اپنے تخت پر بیٹھا یہ نہ کہے کہ یہی قرآن لیے...... رہو جو اس میں حلال ہے اُسے حلال جانو جو اس میں حرام ہے اُسے حرام مانو:

وَإِنَّ مَا حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ مِثْلُ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ، جل جلاله وصلى الله عليه وسلم

جو کچھ اللہ کے رسول نے حرام کیا وہ بھی اُسی کی مثل ہے جسے اللہ عزوجل نے حرام کیا۔

أحمد والدارمي وأبو داود والترمذي وابن ماجة عن المقدام بن معد يكرب رضي الله عنه، بسند حسن .(1)

یہاں صراحۃً حرام کی دو قسمیں فرمائیں ایک وہ جسے اللہ عزوجل نے حرام فرمایا دوسرا وہ جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حرام کیا اور فرمادیا کہ وہ دونوں برابر و یکساں ہیں۔

---

(1)(اخرجه أحمد في مسنده ۴/ ۱۳۲(۱۷۲۳۳)، والدارمي في السنن ۱/ ۱۵۳ (۵۸۶) والترمذي في الجامع ۲/ ۹۵(۲۶۶۴)، وابن ماجه في السنن ۳ (۱۲)، والحاكم في المستدرك ۱/ ۱۹۱(۳۷۱)، والدارقطني في السنن ۴/ ۲۸۶، والبيهقي في السنن ۷/ ۷۶ (۱۳۲۲۰)، و۹/ ۳۳۱ (۱۹۲۵۲)، والمروزي في السنة ۷۱(۲۴۵)، وأبو الفضل المقريء في أحاديث ذم الكلام و أهله ۲/ ۳۹، والطبراني في الكبير ۲۰/ ۲۷۴ (۶۴۹)، وفي مسند الشاميين ۳/ ۳۶، ۳۷(۱۹۳۸)، والخطيب في الكفاية في علم الرواية ۸، ۹، والسمعاني في أدب الإملاء والاستملاء ۳، والمزي في تهذيب الكمال ۶/ ۷۴ .

وقال أبو عيسى الترمذي :هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه .

قول: مراد واللہ اعلم نفس حرمت میں برابری ہے تو اس ارشاد علماء کے منافی نہیں کہ خدا کا فرض رسول کے فرض سے اشد واقویٰ ہے۔

حدیث (220=160):

جہیش بن اویس نخعی رضی اللہ عنہ مع اپنے چند اہل قبیلہ کے باریاب خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہوئے قصیدہ عرض کیا ازاں جملہ یہ اشعار ہیں۔

أَلَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَنْتَ مُصَدَّقٌ ۞ فَبُوْرِكْتَ مَهْدِيًّا وَبُوْرِكْتَ هَادِيًا

شَرَعْتَ لَنَا دِيْنَ الْحَنِيْفَةِ بَعْدَ مَا ۞ عَبَدْنَا كَأَمْثَالِ الْحَمِيْرِ طَوَاغِيًا

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضور تصدیق کئے گئے ہیں۔ حضور اللہ عزوجل سے ہدایت پانے میں بھی مبارک اور خلق کو ہدایت عطا فرمانے میں بھی مبارک حضور ہمارے لئے دین اسلام کے شارع ہوئے بعد اس کے کہ ہم گدھوں کی طرح بتوں کو پوج رہے تھے۔

ابن منذة بن طريق عمار بن عبدالجبار عن بن المبارك عن الأوزاعي عن يحى بن أبي سلمة عن أبي هريرة رضي الله عنه في حديث طويل .(1)

یہاں صراحۃً تشریع کی نسبت حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہے کہ شریعت اسلامی حضور کا مقرر کی ہوئی ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دین کے شارع ہیں

لہٰذا قدیم سے عرف علمائے کرام میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو شارع کہتے ہیں۔

علامہ زرقانی شرح مواہب میں فرماتے ہیں۔

---

(1) ذكره الحافظ في الإصابة ۱/۵۲۳ في ترجمة جهيش ،وعزاه إلى ابن منذة ، المتقي في كنز العمال ۱۰/۸۲۲ (۳۰۳۲۲) .

قَدِ اشْتَهَرَ إِطْلَاقُهُ عَلَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَنَّهُ شَرَعَ الدِّيْنَ وَالْأَحْكَامَ. (1)

سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو شارع کہنا مشہور و معروف ہے۔ اس لئے کہ حضور نے دی

متین واحکام دین کی شریعت نکالی۔

اسی قدر پر بس کیجئے کہ اس میں سب کچھ آ گیا ایک لفظ شارع تمام احکام تشریعیہ کو جامع ہوا

نے یہاں وہ احادیث نقل نہ کیں جن میں حضور کی طرف امر و نہی وقضا و امثالہا کی اسناد ہے۔

کہ: "امر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (2)

نهی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (3)

قضی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (4).

اتنی حدیثوں میں وارد جن کے جمع کو ایک مجلد کبیر بھی کافی نہ ہو اور خود قرآن عظیم

نے جو ارشاد فرمایا:

﴿ وَمَا اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ﴾(5) جو کچھ رسول تمہیں دے وہ لو اور جس نے فرمائے باز رہو۔

کہ امر و نہی وقضا اوروں کی طرف بھی اسناد کرتے ہیں۔

---

(1) (شرح الزرقاني على المواهب ۴/۴۹۱)

(2)(امر رسول اللہ ﷺ" کے الفاظ صحیح بخاری میں تقریباً ۲۹ مرتبہ اور اسی طرح تقریباً ۲۹ مرتبہ صحیح مسلم میں موجود ہیں اور" امر النبي ﷺ " تقریبا ۳۵ بار) .

(4)(نهی رسول اللہ ﷺ کے الفاظ صحیح بخاری میں تقریباً ۳۳ مرتبہ اور صحیح مسلم میں تقریباً ۷۸ موجود ہیں)۔

(4)(قضی رسول اللہ ﷺ کے الفاظ صحیح بخاری و مسلم میں تقریباً دس دس بار موجود ہیں)۔

(5)[سورۃ الحشر ۷]

اللہ تعالیٰ: ﴿أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنكُمْ﴾(1)۔

امام الوہابیہ کے نزدیک حضور کو کسی نبی سے تو اصلا کچھ امتیاز نہیں اور امتیوں میں بھی فقط جاہلوں سے ممتاز ہیں نہ کہ عالموں سے

مجھے تو یہ ثابت کرنا تھا کہ حضور اقدس کو احکام شرعیہ سے فقط آگاہی و واقفیت کی نسبت جس طرح سرکش طاغی آخر تقویۃ الایمان میں سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم پر صریح افترا کرتا ہے انہوں نے فرمایا:

"کہ سب لوگوں سے امتیاز مجھ کو یہی ہے کہ اللہ کے احکام سے میں واقف ہوں اور تم غافل۔"(2)

مانو! اللہ انصاف یہ اس کس ناکس نے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل جلیلہ و خصائص و کمالات رفیعہ و درجات منیعہ جن میں زید و عمر کی کیا گنتی انبیاء و مرسلین و ملائکہ مقربین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کا بھی حصہ نہیں سب یک لخت اُڑا دیے۔

لوگوں سے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا امتیاز صرف دربارہ احکام رکھا اور وہ بھی اتنا کہ حضور واقف ہیں اور لوگ غافل بنتو انبیاء سے تو کچھ امتیاز رہا ہی نہیں کہ وہ بھی واقف ہیں غافل نہیں اور اُمتیوں سے بھی امتیاز اُتنے ہی دیر تک ہے کہ وہ غافل رہیں واقف ہو جائیں کہ کچھ فرق نہیں کہ اب وقوف وغفلت کا تفاوت نہ رہا اور امتیاز اس میں منحصر تھا۔ ﴿إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ﴾.

مسلمانو! دیکھا یہ حال ہے اس شخص کے دین کا پچھلا کلمہ ہے محمد رسول اللہ پر اُس کے

---

(1) سورة النساء ۵۹]

(2) تقوية الإيمان ۱۷۱)

ایمان کا جس پر اس نا خاتمہ کیا۔ حالانکہ واللہ درباره احکام بھی صرف اتنا ہی امتیاز نہیں بلکہ حضور حاکم ہیں صاحب فرمان ہیں مالک افتراض ہیں والی تحریم ہیں۔

سن او سرکش! احکام سے اپنے نزدیک واقف تو، تو بھی ہے تجھے کوئی مسلمان کہے گا کہ شریعت کے فرائض تیرے فرض کیے ہوئے ہیں۔ شرع کے محرمات تو نے حرام کر دیے ہیں جن پر زکوۃ نہیں انہیں تو نے معاف کر دیا ہے شریعت کا راستہ تیرا مقرر کیا ہے۔ شرائع میں تیرے احکام بھی ہے اور وہ احکام احکام خدا کے مثل مساوی ہیں۔

مگر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے یہ سب باتیں کہی جاتی ہیں، خود محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمائی ہیں لہذا فقیر نے صرف اسی قسم احادیث پر اقتصار کیا اور بفضلہ تعالی اپنا نیزۂ خارا گزار و آہن گزاران گستاخان چشم بند و دہن باز کے دل و جگر کے پار کر دیا۔ وللہ الحمد.

اللہ تعالی کی بے شمار رحمتیں علامہ شہاب خفاجی پر کہ نسیم الریاض شرح شفائے امام قاضی عیاض میں قصیدہ بردہ شریف کے اس شعر کی شرح میں:

نَبِیُّنَا الْآمِرُ النَّاهِیْ فَلَا أَحَدٌ ۞ أَبَرَّ فِیْ قَوْلِ لَا مِنْهُ وَلَا نَعَمِ

ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم صاحب امر و نہی تو ان سے زیادہ ہاں اور نہ کے فرمانے میں کوئی سچا نہیں۔

فرماتے ہیں:

مَعْنٰی نَبِیُّنَا الْآمِرُ الخ. أَنَّهٗ لَا حَاکِمَ سِوَاهُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَهُوَ حَاکِمٌ غَیْرُ مَحْکُوْمٍ... الخ	نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحب امر و نہی ہونے کے یہ معنی ہے کہ حضور حاکم ہیں حضور کے سوا عالم میں کوئی حاکم نہیں نہ وہ کسی کے محکوم۔

ذکره فی فصل جوده صلی الله علیه وسلم.

الحمد للہ! یہ تذئیل جلیل اپنے باب میں فرد کامل ہوئی احادیث تحریم مدینہ طیبہ بھی اسی باب سے تھیں کہ امام الوہابیہ کے اس خاص حکم شرک کے سبب جدا شمار میں رہیں اگر کوئی چاہے انھیں اس بیان تذلیل کو لاکر احکام تشریعیہ کے بارے میں سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اقتدار واختیار کا ظاہر کرنے والا ایک مستقل رسالہ بنائے اور بنام "منیة اللبیب أن التشریع بید الحبیب" (1) موسوم ٹھہرائے۔

واخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین والصلوة والسلام علی سید المرسلین محمد والہ صحبہ أجمعین. آمین.

مسک الختام: اب فقیر غفرلہ المولی القدیر سات حدیثیں اس وصل مبارک میں اور ذکر کرے جن سے امام الوہابیہ کا سخت کور بدنا [مغلوب ہونا۔ عاجز ہونا] شمس وامس کی طرح ظاہر ہو کہ جن احادیث سے جن باتوں کو شرک بتانا چاہا تھا خود وہی ان کے نظائر صاف گواہ ہیں کہ وہ ہرگز شرک نہیں مگر بیچارے معذور کی داد نہ فریاد ﴿وَمَنْ يُضْلِلِ اللّٰهُ فَمَالَهٗ مِنْ هَادٍ﴾. (2)

حدیث ﴿221=161﴾:

صحیح بخاری و مسند احمد، سنن ابی داود، ترمذی و ابن ماجہ میں ربیع بنت معوذ بن عفراء رضی اللہ عنہما سے ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری شادی میں تشریف لائے چھوکریاں دف بجا کر میرے باپ چچا جو بدر میں شہید ہوئے تھے ان کے اوصاف گاتی تھیں۔

---

(1) [الحمد للہ رب العالمین! فقیر نے اس موضوع پر اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے حکم کے مطابق کام شروع کیا ہوا ہے اللہ تعالی اس کی تکمیل میں آسانی وہمت عطا فرمائے، آمین بجاہ النبي الأمین الکریم. محمد ارشد مسعود عفی عنہ]

(2) [سورۃ الرعد: ۳۳]

اُن میں سے کوئی بولی:

ع.....وَفِينَا نَبِيٌّ يَعْلَمُ مَا فِي غَدٍ .

ہم میں وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جنہیں آئندہ کا حال معلوم ہے۔

اس پر سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

دَعِي هٰذَا وَقُولِي بِالَّذِي كُنْتِ تَقُولِينَ (1) اسے رہنے دے اور جو پہلے کہہ رہی تھی وہی کہے جا۔

---

(1)(اخرجه البخاري في الصحيح ، باب :شهود الملائكة بدرا (٣٧٧٩)، و ضرب الدف في النكاح والوليمة (٣٨٥٢)، والترمذي في الجامع ، باب :ما جاء في اعلان النكاح ١٠/١٣٩ (١٠٩٠)،وابو داود في السنن ، باب في النهي عن الغناء ، ٢/٦٧٣(٣٩٢٢) ، والنسائي في السنن الكبرى ٣/٣٣٢ (٥٥٦٣)،وابن حبان في الصحيح ٣/١٨٩ (٥٨٥٨)، والطبراني في الكبير ٢٣/٢٧٥ (٦٩٨)، والبيهقي في السنن الكبرى ٧/٢٨٨ (١٣٣٦٥) .

من طريق بشر بن المفضل عن خالد بن ذكوان عن الربيع بنت معوذ رضي الله عنهما .

واخرجه أحمد في مسنده ٦/٣٥٩ (٢٧٠٦٩)،و٣٦٠ (٢٧٠٧٢)، وابن ماجه في السنن ، باب :الغناء والدف ، ٣٨٠ (١٨٩٧)،و عبد بن حميد في مسنده ٣٤٠ (١٥٨٩)، وإسحاق بن راهويه في مسنده ٥/١٣٣ (٢٣٦٩)،وابن سعد في طبقاته ٨/٣٣٧.

من طريق حماد بن سلمة عن أبي حسين ،خالد بن ذكوان عن الربيع بنت معوذ رضي الله عنهما .

ورواه حماد بن سلمة عن أبي جعفر الخطمي عن الربيع بنت معوذ رضي الله عنهما .

عند الطبراني في الكبير ٢٣/٢٧٣ (٦٩٥) .

أقول و بالله التوفيق: امام الوہابیہ اس حدیث کو شرک فی العلم کی فصل میں لایا جسے کہا اس فصل میں اُن آٹھوں حدیثوں کا ذکر ہے جس سے اشراک فی العلم کی برائی ثابت ہوتی ہے تو وہ اس حدیث سے یہ بات ثابت کرنا چاہتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف آئندہ جاننے کی اسناد مطلقاً شرک ہے اگر بہ عطائے الٰہی جانے کہ

امام الوہابیہ صراحۃً قرآن مجید کے خلاف اور دعا کرتا ہے کہ انبیاء کی طرف خدا کے بتانے سے بھی اطلاع غیب کی نسبت شرک ہے

اس نے صاف کہہ دیا: '' پھر خواہ یوں سمجھے کہ یہ بات اُن کو اپنی ذات سے ہے، خواہ الہ کے دینے سے ہر طرح شرک ہے۔(1)

اور خود مصرع مذکور کا مطلب ہی یوں بتایا کہ:

''چھوکریاں کچھ گانے لگیں اس میں پیغمبر خدا ﷺ کی تعریف یہ کہی کہ ان کو اللہ نے ایسا مرتبہ دیا ہے کہ آئندہ کی باتیں جانتے ہیں۔(2)

بایں ہمہ حدیث کو شرک فی العلم کی فصل میں لایا مگر جب حدیث میں حکم شرک کی اصلا بو نہ پائی تو خود ہی اپنے دعوے سے تنزل پر آیا اور صرف اتنا لکھنے پر بس کی:

''اس حدیث سے معلوم ہوا کہ انبیاء اور اولیاء کی یا اماموں اور شہیدوں کی جناب میں یہ عقیدہ نہ رکھے کہ وہ غیب کی باتیں جانتے ہیں۔۔۔۔پیغمبر خدا نے اس قسم کا شعر اپنی تعریف کا انصار کی چھوکریوں کو گانے نہ دیا، چہ جائیکہ عاقل مرد اُس کو کہے یا سن کر پسند کرے''۔(3)

---

(1)(تقویۃ الایمان دوسرا باب، دوسری قسم تصرف میں شرک، ۵۱، بلفظ: ''پھر خواہ یوں سمجھے کہ ان کاموں کی طاقت ان کو خود بخود ہے خواہ یوں سمجھے کہ اللہ نے ان کو ایسی طاقت بخشی ہے ہر طرح شرک ثابت ہوتا ہے۔)

(2)(تقویۃ الإیمان، ۸۵) (3)(تقویۃ الإیمان، ۸۵،۸٦)

اللہ اللہ! اللہ کے دیئے سے بھی ایسا مرتبہ ماننا اس کے نزدیک شرک ہو تو شکایت نہیں کہ اُس کے دھرم میں اُس کا معبود خود ہی کسی کو آئندہ باتیں جاننے کا مرتبہ دینے پر قادر نہیں کیا اپنا شریک کسی کو بنا سکے گا۔

یونہی یہ امر بھی اسے مضر نہیں کہ انبیاء علیہم الصلوۃ والتسلیم کو عطائے الٰہی بھی اطلاع علی الغیب کا مرتبہ نہ ملنا صریح مخالفت قرآن عظیم ہے۔

امام الوہابیہ دعوے کے وقت آسمان سے بھی اونچا اڑتا ہے اور دلیل لاتے وقت تحت الثریٰ میں جا چھپے گا اور پیچھا کرو تو وہاں سے بھی فرار۔

قرآن سے ثبوت علم غیب:

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی :

﴿وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ﴾ (1)

اللہ اس لئے نہیں کہ تمہیں غیب پر اطلاع کا منصب دے ہاں اپنے رسولوں سے چن لیتا ہے جسے چاہے۔

وَقَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی :

﴿عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖۤ اَحَدًا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ﴾ (2)

غیب کا جاننے والا تو کسی کو اپنے غیب پر غالب و مسلط نہیں کرتا مگر اپنے پسندیدہ رسولوں کو

یہاں " لَا يُظْهِرُ غَيْبَهٗ عَلٰى أَحَدًا " نہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اپنا غیب کسی پر ظاہر نہیں فرماتا کہ

---

(1)[آل عمران ۱۷۹]

(2)[الجن ۲۶،۲۷]

اظہار غیب تو اولیائے کرام قدست اسرارہم پر بھی ہوتا ہے اور بذریعہ انبیاء وعلیہم الصلوٰۃ والسلام پر بھی بلکہ فرمایا: ﴿لَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖۤ اَحَدًا﴾ اپنے غیب خاص پر کسی کو ظاہر وغالب ومسلط نہیں فرماتا مگر رسولوں کو، ان دونوں مرتبوں میں کیسا فرق عظیم ہے اور یہ اعلیٰ مرتبہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والثنا کو عطا ہونا قرآن عظیم سے کیسا ظاہر ہے مگر اُسے کیا معتبر کہ جب اس کے نزدیک اللہ عزوجل کو کذب ممکن، جیسا کہ اس کے رسالہ یکروزی (1) سے ظاہر اور فقیر کے رسالہ "سبحان السبوح عن عیب کذب مقبوح" میں اس کا رد ظاہر وباہر قرآن کی مخالفت اس پر کیا مؤثر اللہ المستعان علی کل غوی فاجر اس سب سے گزر کر ہوشیار عیار سے اتنا پوچھیے کہ بالفرض اگر حدیث سے ثابت ہے بھی تو صرف ممانعت کہ انبیا کی جناب میں ایسا عقیدہ نہ رکھے وہ شرک کا جبروتی حکم جس کیلئے اس فصل اور ساری کتاب کی وضع ہے کہاں سے نکلا کیا اسی کو تمام تقریب کہتے ہیں اور یہ اس کا قدیم ڈھب ہے کہ دعویٰ کرتے وقت آسمان سے بھی اونچا اڑے گا اور دلیل لاتے وقت تحت الثریٰ میں جا چھپے گا اور پیچھا کیجئے تو وہاں سے بھی بھاگ جائے گا۔

جا بجا ایسے ہی ناتمام اٹکل بازیوں سے عوام کو چھلا اور کاغذ کا چہرہ اپنے دل کی طرح سیاہ کیا۔

ثم اقول: اور انصاف کی نگاہ سے دیکھئے تو بحمد اللہ تعالیٰ حدیث نے شرک کا تسمہ بھی لگا نہ رکھا اور شرک پسند اور شرک کی حقیقت وشناعت سے غافل کیا شرک کوئی ایسی ہلکی چیز ہے کہ اللہ کا رسول اور رسولوں کا سردار صلی اللہ علیہ وسلم اپنی مجلس میں اپنے حضور اپنی امت کو شرک بکتے کفر بولتے سنے اور یونہی سہل دو حرفوں میں گزار دے کہ اسے رہنے دو وہی پہلی بات کہے جاؤ۔

(1) (اس کی عبارت یہ ہے: "پس لا نسلم که کذب مذکور محال بمعنی مسطور باشد چه مقدمه قضیه غیر مطابقه مواقع والقائے آں بر ملائکة و انبیاء خارج از قدرت الهیه نیست والا لازم آید که قدرت انسانی از یداز قدرت ربانی باشد ...الخ (یکروزی فارسی ص۱۷، مطبوعہ ملتان)

ابیادکرحدیث علی داود: "وَيْحَكَ إِنَّهُ لَا يُسْتَشْفَعُ بِاللَّهِ عَلَى أَحَدٍ" ۔(1)

کے متعلق اپنی بدنگاہی کی تقریر کی:

عرب میں قحط پڑا تھا ایک گنوار نے آ کر پیغمبر کے روبرو اس کی سختی بیان کی اور دعا طلب کی اور کہا کہ تمہاری سفارش اللہ کے پاس ہم چاہتے ہیں اور اللہ کی تمہارے پاس، سو یہ بات سن کر پیغمبر خدا بہت خوف اور دہشت میں آ گئے۔ اللہ کی بڑائی ان کے منہ سے نکلنے لگی اور ساری مجلس کے لوگوں کے چہرے اللہ کی عظمت سے متغیر ہو گئے پھر اس شخص کو سمجھایا کہ۔۔۔۔اللہ کی شان بہت

---

(1) کتاب السنۃ باب :في الجهمية والمعتزلة،(۴۷۲۶) بلفظ :أتى رسول الله ﷺ اعرابي، فقال يا رسول الله ﷺ، جهدت الأنفس، وضاعت العيال، و نهكت الأموال، و هلكت الأنعام، فاستسق الله لنا، فانا نستشفع بك على الله ونستشفع بالله عليك، قال رسول الله ﷺ ويحك اتدري ما تقول ؟ وسبح رسول الله ﷺ، فما زال حتى عرف ذلك في وجوه اصحابه، ثم قال : ويحك انه لا يستشفع بالله على احد من خلقه، شأن الله اعظم من ذلك، ويحك اتدري ما الله، ان عرشه على سمواته لهكذا وقال باصبعه مثل القبة عليه، وانه ليئط به أطيط الرحل بالراكب .

یعنی ایک دیہاتی رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور عرض کی اے اللہ عزوجل کے رسول ﷺ جانیں مصیبت میں پڑ گئیں گھر برباد ہونے لگے، مال گھٹ گئے اور مویشی ہلاک ہو گئے لہذا اللہ عزوجل سے ہمارے لیے پانی مانگیے ہم اللہ تعالی کی بارگاہ میں آپ کی سفارش چاہتے ہیں اور آپ کی بارگاہ میں اللہ عزوجل کی سفارش کے طلبگار ہیں رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا تم پر افسوس! کیا جانتے ہو کہ تم کیا کہہ رہے ہو؟ آپ ﷺ اللہ کی تسبیح بیان کرتے رہے یہاں تک کہ اس کا اثر آپ ﷺ کے اصحاب کے چہروں پر نمایاں تھا پھر فرمایا تم پر افسوس! مخلوق میں سے کسی کے ہاں اللہ سے سفارش نہیں کروائی جاتی کیونکہ اللہ کی شان اس سے بہت بڑی ہے تم پر افسوس! کیا تم جانتے ہو کہ اللہ کیا ہے؟ اس کا عرش آسمانوں پر اس طرح ہے اور انگلیوں سے بتایا کہ قبہ کی طرح اور وہ اس طرح چرچراتا ہے جیسے سوار کے باعث پالان چرچراتا ہے۔

بڑی ہے کہ سب انبیاء اوراولیاء اس کے روبرو ذرۂ ناچیز سے بھی کم تر ہیں ــــــ وہ کس کے روبرو سفارش کرے۔(1)

سبحان اللہ! اشرف المخلوقات محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس کے دربار میں یہ حالت ہے کہ ایک گنوار کے منہ سے اتنی بات سنتے ہی مارے دہشت کے بے حواس ہوگئے اور عرش سے فرش تک جو اللہ کی عظمت بھری ہوئی ہے بیان کرنے لگے۔

اقول : انبیاء اولیاء کو ذرہ ناچیز سے کم تر کہنے کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف نسبت کرنا کہ حضور نے اُسے یوں سمجھایا یہ تیرا افترا ہے۔

حدیث میں اس کا وجود نہیں اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بے حواس کہنا یہ تیری بے دینی کا ادنیٰ کرشمہ اور افترا پر افترا ہے، حدیث میں اس کا بھی نشان نہیں اور اللہ عزوجل کی عظمت اُس کی صفت پاک اس کی ذات اقدس سے قائم ہے۔ مکان ومحل سے منزہ ہے۔

کیا جانیے! تو کس چیز کو خدا سمجھا ہے جس کی عظمت مکانوں میں بھری ہوئی ہے خیر یہ تو تیرے بائیں ہاتھ کے کھیل ہیں:

تیر برجاء انبیاء انداز　　طعن در حضرت الٰہی کن
بے ادب باش دانچہ دانی گو　　بیحیا باش وہرچہ خواہی کن

مگر آنکھوں کی پٹی اتروا کر ذرا یہ سوچ کہ جو بات عظمت شان الٰہی کے خلاف ہوئے سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ برتاؤ ہوتا ہے حالانکہ سفارشی ٹھہرانے کو یہ بات کہ اس کا مرتبہ اس سے کم ہے جس کے پاس اُس کی سفارش لائی گئی۔

ایسی صریح لازم نہیں جسے عام لوگ سمجھ لیں ولہذا وہ صحابی اعرابی رضی اللہ عنہ یا آنکہ اہل زبان

---

(1) (تقویۃ الإیمان، ساتواں باب: عادات میں شرک ۳۸، ۳۹، لاہور).

تھے اس نکتے سے غافل رہے تو کیا ممکن ہے کہ صریح شرک وکفر کے کلمے حضور سنیں اور اصلاً کوئی اثر غضب وجلال چہرۂ اقدس پر نمایاں نہ ہو نہ حضور دیر تک سبحان اللہ سبحان اللہ کہیں نہ اہل مجلس کی حالت بدلے نہ اُن کہنے والیوں پر کوئی مواخذہ ہو ایک آسان سی بات پر قناعت فرمائیں کہ اسے رہنے دو کیوں نہیں فرماتے کہ اری تم کفر بک رہی ہو، اری تقویۃ الایمان کے حکم سے تم مشرکہ ہو گئیں، تمہارا دین جاتا رہا تم مرتد ہوئیں، از سرِ نو ایمان لاؤ کلمہ پڑھو نکاح ہو گیا ہے۔ تو تجدید نکاح کرو غرض ایک حرف بھی ایسا نہ فرمایا جس سے شرک ہونا ثابت ہو کہنے والیوں کو اپنا حال اور اہل مجلس کو اس لفظ کا حکم معلوم ہو حالانکہ وقت حاجت بیان حکم فرض ہے۔ اور تاخیر اصلاء روا نہیں تو خود اس حدیث سے صاف ظاہر ہوا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اطلاع علی الغیب کی نسبت ہرگز شرک نہیں، رہا ممانعت فرمانا وہ بھی یہ بتائے کہ انبیاء کرام وخود سید الانام علیہ وعلیہم افضل الصلوٰۃ والسلام کی جناب میں اس کا اعتقاد فی نفسہ باطل ہے۔

یہ منہ دھو رکھے! منع لفظ بطلان معنی ہی میں منحصر نہیں بلکہ اس کیلئے وجوہ ہیں اور عقل و نقل کا قاعدہ مسلمہ ہے کہ" إِذَا جَاءَ الْإِحْتِمَالُ بَطَلَ الْإِسْتِدْلَالِ"

اولاً: ممکن کہ لہو ولعب کے وقت اپنی نعت اور وہ بھی زنانے گانے اور وہ بھی دف بجانے میں پسند نہ فرمائی ہو، لہذا ارشاد ہوا اسے رہنے دو، اور وہی پہلے گیت گاؤ، ارشاد الساری، لمعات ومرقاۃ وغیرہ (1) میں اس احتمال کی تصریح ہے۔

ثانیاً اقول: ممکن کہ مجلس عورتوں کنیزوں کی، کم فہم لوگوں کی تھی ان میں منع فرمایا کہ تم ذاتیت کا سد باب ہو شرع حکیم ہے اور امام الوہابیہ کی مت اوندھی جو محتمل ذو وجوہ بات جس میں بُرے

---

(1) (مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوۃ المصابیح علی کتاب النکاح، ۲۷۵/۶ بلفظ:

" او لكراهة أن يذكر في أثناء ضرب الدف و أثناء مرثية القتلى لعلو منصبه عن ذلك.

وذكره المباركفوري في تحفة الأحوذي ۱۸۰/۴ وقال: قال القاري في المرقاة... إلخ.

پہلو کی طرف لے جانے کا احتمال ہو چھوکریوں کو منع کی جائے دانشمند مردوں کیلئے اس کی ممانعت بدرجہ اولی جانتا ہے حالانکہ معاملہ صاف الٹا ہے ایسی بات سے کم علموں کم فہموں کی رد کتے ہیں۔ کہ غلط نہ سمجھ بیٹھیں عاقلوں اور دانشمندوں کو منع کیا ضرور کہ ان سے اندیشہ نہیں۔

صحیح مسلم و مسند احمد و سنن ابی داؤد و سنن نسائی میں عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ سے ہے۔

ایک شخص نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے خطبہ پڑھا اور اس میں یہ لفظ کہے:

مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ رَشَدَ، وَمَنْ يَّعْصِهِمَا فَقَدْ غَوٰى.

جس نے اللہ و رسول کی اطاعت کی اس نے راہ پائی اور جس نے ان دونوں کی نافرمانی کی وہ گمراہ ہوا۔

سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

بِئْسَ الْخَطِيْبُ اَنْتَ قُلْ: وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ .(1)

کیا بُرا خطیب ہے تو یوں کہہ کہ جس نے اللہ و رسول کی نافرمانی کی وہ گمراہ ہوا۔

---

(1)(اخرجه مسلم في الصحيح ١/٢٨٦(٨٧٠)، واحمد في مسنده ٤/٢٥٦، و ٣٧٩، وأبو داود في السنن ١/١٥٧(١٠٩٩)، والنسائي في السنن، باب ما يكره من الخطبة، (٣٢٧٩)، وفي السنن الكبرى ٣/٣٢٢ (٥٥٣٠)، وابن حبان في الصحيح ٧/٣٧ (٢٧٩٨)، والحاكم في المستدرك١/٤٢٦ (١٠٦٥)، والشافعي في مسنده ٦٧(٢٨٩)، وفي الأم١/٣٤٦ ، والطيالسي في مسنده ١٣٨(١٠٢٦)، والطبراني في الكبير١٧/٩٨(٢٣٤)، و(٢٣٥)، وابن أبي شيبة في مصنفه ٦/٧٤ (٢٩٥٧٤)، والبيهقي في السنن الكبرى١/٨٦ (٤٠٦)، و٣/٢١٦(٥٦٠٠)، وفي الشعب ٤/٣١٣ (٥٢٢٣) ، وأبو نعيم في الحلية ٨/٣١١، وفي المسند المستخرج ٢/٤٥٧(١٩٥٦) .

كلهم من طريق تميم بن طرفة عن عدي بن حاتم رضي الله عنه.

ابوداؤد کی روایت میں ہے:

قَالَ قُمْ أَوْ اِذْهَبْ ، بِئْسَ الْخَطِيْبُ أَنْتَ. (1)

سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اُٹھ یا فرمایا چلا جا کہ تو بُرا خطیب ہے۔

امام قاضی عیاض وغیرہ ایک جماعت علماء کا ارشاد ہے:

إِنَّمَا أَنْكَرَ عَلَيْهِ لِتَشْرِيكِهٖ فِي الضَّمِيْرِ الْمُقْتَضِي لِلتَّسْوِيَةِ وَأَمَرَهٗ بِالْعَطْفِ تَعْظِيْمًا لِلّٰهِ تَعَالٰی بِتَقْدِيْمِ إِسْمِهٖ. (2)

یعنی سید عالم ﷺ نے اُس خطیب کا اللہ و رسول کو ایک ضمیر تثنیہ (۳) میں جمع کرنا "جس نے ان دونوں کی نافرمانی کی" پسند نہ فرمایا کہ اس میں برابری کا وہم نہ ہو جائے اور حکم دیا کہ یوں کہے کہ جس نے اللہ و رسول کی نافرمانی کی جس میں اللہ عزوجل کا نام اقدس نام پاک رسول سے تعظیماً مقدم رہے۔

---

(1)(اخرجه أبو داود في السنن ، كتاب الصلاة ، باب :الرجل يخطب على قوس ، ۱۰۹۹)۲/۴ .

(2)(شرح النووي على مسلم ۱/۲۸۶،والديباج بشرح صحيح مسلم ۲/۴۴۹،وعون المعبود شرح سنن أبي داود ۳/۳۴۴، ونيل الأوطار ۳/۳۲۵)

(3)(أقول:هذا هو الصحيح في علة النهي ومنافاته لحديث ابي داود الآتي مندفعة بما ذكر العبد الضعيف غفر الله تعالى له اما ما استصوب الامام الأجل النووي رحمة الله عليه في المنهاج ان سبب النهي ان الخطب شانها البسط والايضاح واجتناب الاشارات والرموز و مثل هذا الضمير قد تكرر في الأحاديث الصحيحة من كلام رسول الله ﷺ كقوله صلى الله تعالى عليه وسلم ان يكون الله ورسوله احب اليه مما سواهما = = =

حالانکہ حدیث میں ہے، خود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم خطبے میں یوں فرمایا کرتے:

مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ رَشَدَ وَمَنْ يَّعْصِهِمَا فَاِنَّهٗ لَا يَضُرُّ اِلَّا نَفْسَهٗ.	جس نے اللہ و رسول کی اطاعت کی وہ راہ یاب ہوا اور جس نے ان دونوں کی نافرمانی کی وہ اپنا ہی نقصان کرے گا۔

ابو داود عن عبداللہ بن مسعود رضي اللہ عنہ، بسند صحیح .(1)

= وانما ثنى الضمير ههنا لانه ليس خطبة وعظ و انما هو تعليم حكم فكلما قل لفظه كان اقرب الى حفظه بخلاف خطبة الوعظ فانه ليس المراد حفظها وانما يراد الاتعاظ بها ا ھ.

فاقول: انما حمله رحمه الله تعالى على هذا التكلف البعيد ما راى من التنافي بين نهيه الخطيب و ثبوته عن نفسه ﷺ وقد علمت ان لا تنافي و ليس من واجبات الخطبة ترك الاضمار ولا من شريطة الايضاح وضع المظهر موضع المضمر و انما كان الاضمار يخل بالاظهار حيث يخشى الالتباس و ههنا لالبس فكيف يكون هذا مقتضيا لأن يواجهه النبي ﷺ باللم ويول له اذهب اوقم وقد كان ﷺ يحب الايجاز في الكلام بحيث لا يخل بالافهام و كان يقول ﷺ ان طول صلاة الرجل وقصر خطبته مئنة من فقهه فاطيلوا الصلوة واقصروا الخطبة وان من البيان سحرا .ثم ثبوت مثله عنه ﷺ في الخطبة كما ستسمع من حديثي ابي داود لا يذر لهذا الوجه وجه قبول اصلا فانما المحيص الى ما ذكره العبد الضعيف والحمد لله على التوفيق .١٢منه .

(1)(اخرجه ابو داود في السنن ، كتاب الصلاة ،باب الرجل يخطب على قوس ١/٤٢٣ (١٠٩٧)،وباب في خطبة النكاح (٢١١٩) ،والطبراني في الكبير ١٠/٢١١ (١٠٤٩٩)،وفي الأوسط ٣/٧٣ (٢٥٣٠) ،والبيهقي في السنن الكبرى ٧/١٤٦ (١٤٢٠٨)، والمزي في تهذيب الكمال ٢١/٣٨٩. وقال النووي في شرحه على مسلم ٢٨٧/١:ما ثبت في سنن ابي داود باسناد صحيح وعن بن مسعود رضي الله عنه .

نیز ابن شہاب زہری نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا خطبہ جمعہ روایت کیا اس میں بعینہ وہی الفاظ ہیں کہ:

"وَمَنْ يَّعْصِهِمَا فَقَدْ غَوٰى" جس نے ان دونوں کی نافرمانی کی گمراہ ہوا۔

رواه ایضا عنه مرسلا(1) .

حدیث آئندہ سے بتوفیق اللہ تعالیٰ اس فقیر کی عمدہ تائید وتقریر ہوتی ہے۔

ثالثا بوجہ ممانعت علم غیب کی اسناد مطلق بےذکر تعلیم الٰہی عزوجل ہے۔

شیخ محقق علیہ الرحمۃ نے لمعات میں اس طرف ایما فرمایا۔

اقول: اور وہ بے شک توجیہ ہے جس طرح بغیر اللہ عزوجل کی مشیت کو ملائے ہوئے یوں کہنا کہ میں تو کروں گا مکروہ ہے۔قال اللہ تعالیٰ :

﴿وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَیْءٍ اِنِّیْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا اِلَّا اَنْ یَّشَاءَ اللّٰهُ﴾(2) ہرگز تم نہ کہو کسی چیز کو کہ میں کل ایسا کرنے والا ہوں مگر یہ کہ خدا چاہے۔

علم غیب بالذات اللہ عزوجل کے لئے خاص ہے کفار اپنے معبودان باطل وغیرہم کیلئے مانتے تھے۔لہذا مخلوق کو عالم الغیب کہنا مکروہ اور یوں کوئی حرج نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے بتائے سے امور غیب پر انہیں اطلاع ہے۔

یہ دوسرا احتمال ہے کہ علماء نے اس حدیث میں ذکر فرمایا اس تقدیر پر بھی ممانعت ادب کلام کی طرف ناظر ہے نہ یہ کہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو بتعلیم الٰہی غیب پر اطلاع کا عقیدہ ممنوع ہی ہو شرک تو درکنار جو اُس طاغی کا مقصود ہے ھکذا ینبغی الحقیق واللہ تعالی ولي التوفیق ۔

---

(1)(اخرجه ابو داود في السنن ،كتاب الصلاة ، باب :الرجل يخطب على قوس ، ۱۴۴ (۱۰۹۸) ،والبيهقي في السنن الكبرى ۳/۲۱۵ (۵۵۹۵) .

(2)[الكهف:۲۳،۲۴]

حدیث (162=222):

محمد بن اسحاق تابعی ثقہ(1) امام السیر والمغازی نے ابو وجزہ یزید بن عبید سعدی سے روایت کی جب (غزوہ حنین میں) مشرکین بھاگ گئے مالک بن عوف (کہ اس لڑائی میں سردار کفار ہوازن تھے) بھاگ کر طائف میں پناہ گزیں ہوئے۔

رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر وہ ایمان لاکر حاضر ہوتو ہم اس کے اہل ومال اُسے واپس دیں یہ خبر مالک بن عوف کو پہنچی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے جبکہ حضور مقام جعرانہ سے نُہضت [رخصت ہو چکے تھے] فرما چکے تھے۔ سید اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے اہل و مال انہیں واپس دیئے اور سو اونٹ اپنے خزانہ کرم سے عطا کئے۔

فَقَالَ مَالِكُ بْنُ عَوْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُخَاطِبُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ مِنْ قَصِيْدَةٍ:

مَا إِنْ رَأَيْتُ وَلَا سَمِعْتُ بِوَاحِدٍ فِي النَّاسِ كُلِّهِمْ كَمِثْلِ مُحَمَّدٍ
أَوْفٰى وَأَعْطٰى لِلْجَزِيْلِ لِمُجْتَدِي وَمَتٰى تَشَاءُ يُخْبِرُكَ عَمَّا فِيْ غَدٍ (2)

میں نے تمام جہان کے لوگوں میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے مثل نہ کوئی دیکھا نہ سنا۔ سب سے زیادہ وفا فرمانے والے اور سب سے فزوں تر نفع کثیر عطا سائل کو بخشنے والے اور جب تو

---

(1)(قال الحافظ في مقدمة الفتح ٤٥٨، ومقدمة الفتح مع تقريب التهذيب ٥٤٣ في ترجمته: مختلف في الإحتجاج به والجمهور على قبوله في السير قد استفسر من أطلق عليه الجرح فبان أن سببه غير قادح. وأخرج له مسلم في المتابعات وله في البخاري مواضع عديدة معلقة عنه ....)

(2)(أخرجه ابن عبد البر في الإستيعاب ١/٤٢٢، أوله، وابن عساكر في تاريخه ٥٦/٤٨٨، والمرزباني في معجم الشعراء ٨١ باب ذكر من إسمه مالك، وذكره الحافظ في الإصابة ٥/٧٤٣.

چاہے تجھے آئندہ کل کی خبر بتادیں۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔
سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ان کی قوم ہوازن اور قبائل ثمالہ وسلمہ وفہم پر سردار فرمایا۔

مصطفےٰ ﷺ کو اطلاع غیب پر قدرت واختیار ہونے کا حدیثوں سے ثبوت

حدیث (223=163):۔

معانی نے کتاب " الجلیس والانیس " میں بطریق حرمازی عن ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی مالک بن عوف رضی اللہ عنہ رئیس ہوازن اسلام لاکر خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا وہ قصیدہ سنایا (جس میں اُسی مضمون کے شعر ذکر کیے):
" فَقَالَ لَهٗ خَیْرًا وَّ کَسَاهُ حُلَّةً " حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے حق میں کلمہ خیر فرمایا اور انہیں خلعت پہنایا۔

ذکرهما الحافظ في الإصابة (1)

اقول: رضوان الٰہی کے بے شمار باران، یاران مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر برسیں یوں نہ کہا کہ: " مَتٰی یَشَاءُ " جب وہ چاہیں تجھے غیب کی خبر دے دیں۔
اس میں اس صورت پر بھی صادق آسکنے کا احتمال رہتا جب بتانے والے کو کوئی اختیار نہ دیا جائے بلکہ سال دو سال میں ایک آدھ بات پر اطلاع عطا ہوا ایسا جاننے والا بھی توریہ وایہام کے طور پر کہہ سکتا ہے کہ میں جب چاہوں گا تمہیں غیب کی خبر دے دوں گا۔ کہ وہ اس وقت چاہے گا جب اُسے اتفاق سے کوئی خبر ملے گی تو شرطیہ سچا ہے۔ بلکہ یوں فرمایا کہ جب تو چاہے وہ تجھے غیب کی خبر دے دیں گے۔
یہاں سائل مطلق مخاطب ہے کے باشد نہ وہ معین نہ اُس کے پوچھنے کا وقت محدود نہ "غــد"

---

(1) (ذکره الحافظ في الإصابة ٥/٧٤٣).

معرفہ بلکہ نکرہ غیر مخصوص تو حاصل یہ ٹھہرے گا کہ جو شخص چاہے جس وقت چاہے جس آئندہ وقت کو چاہے حضور بتا دیں گے۔ یہ اُسی کی شان ہو سکتی ہے جو بالفعل تمام آئندہ باتوں کو جانتا ہو یا اطلاع غیب اُس کے ارادہ خواہش پر کر دی گئی ہو۔ کہ جب چاہے معلوم کر لے ورنہ یہ اطلاق ہر گز صادق نہیں آسکتا۔ اسے ایک نظیر محسوس میں دیکھئے۔

زید فقیر ہے نہ پاس کچھ رکھتا ہے نہ بادشاہی خزانوں پر اُس کا ہاتھ پہنچتا ہے مگر بادشاہ کبھی کبھی اُسے دو چار توڑے بخش دیتا ہے۔ وہ شخص پہلو رکھ کر یہ کہے تو کہہ لے کہ میں جب چاہوں ایک توڑا خیرات کر دوں کہ وہ آپ ہی اُسی وقت چاہے گا جب پائے گا مگر عام فقیروں کو اشتہار دے کہ تم جس وقت چاہو میں توڑا عطا کر دوں تو ضرور غلط کہا اور دم بھر میں اُس کا دروغ کھل سکتا ہے فقیر مانگیں اور نہ مال ہے نہ خزانے پر اختیار تو کہاں سے دے گا۔

ہاں اگر بادشاہ نے بالفعل ایسے خزانے دے دیئے کہ جب کوئی کچھ مانگے یہ دے اور کمی نہ ہو یا بالفعل نہ سہی تو خزانوں پر اختیار ہی دیا ہو کہ جس وقت چاہے لے لے تو وہ بے شک ایسی بات کہہ سکتا ہے۔

اب یہ حدیثیں فرما رہی ہیں کہ صحابی یہ صفت کریم حضور کی نعت اقدس پر عرض کرتے ہیں۔

اور حضور ﷺ انکار نہیں فرماتے بلکہ خلعت و انعام بخشتے ہیں۔

تو صراحۃً یہ ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اطلاع غیب حضور کے ارادہ اختیار پر رکھ دی ہے۔

انبیاء کا غیب پر مطلع ہونا ایسا نہیں کہ اتفاقاً کوئی بات بتادی گئی بلکہ اللہ تعالیٰ انہیں ایک وصف عطا فرماتا ہے جس کے ذریعہ وہ غیب کے ادراک فرمالیا کرتے ہیں

اور واقعی انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی شان ایسی ہی ہے۔

امام حجۃ الاسلام محمد بن محمد بن محمد غزالی قدس سرہ العالی فرماتے ہیں:

اَلنُّبُوَّۃُ عِبَارَۃٌ عَمَّا یَخْتَصُّ بِهِ النَّبِیُّ ﷺ وَیُفَارِقُ بِهٖ غَیْرَہٗ هُوَ یَخْتَصُّ بِاَنْوَاعٍ مِنَ الْخَوَاصِ: اَحَدُهَا اَنَّهٗ یَعْرِفُ حَقَائِقَ الْاُمُوْرِ الْمُتَعَلِّقَۃِ بِاللّٰهِ تَعَالٰی وَصِفَاتِهٖ وَمَلٰئِکَتِهٖ وَالدَّارِ الْاٰخِرَۃِ عِلْمًا مُخَالِفًا لِعِلْمِ غَیْرِهٖ بِکَثْرَۃِ الْمَعْلُوْمَاتِ وَزِیَادَۃِ الْکَشْفِ التَّحْقِیْقِ. وَالثَّانِیْ: اَنَّ لَهٗ فِیْ نَفْسِهٖ صِفَۃً بِهَا تَتِمُّ لَهُ الْاَفْعَالُ الْخَارِقَۃُ لِلْعَادَۃِ کَمَا اَنَّ لَنَا صِفَۃً تَتِمُّ بِهَا الْحَرَکَاتُ الْمَقْرُوْنَۃُ بِاِرَادَتِنَا وَهِیَ الْقُدْرَۃُ. اَلثَّالِثُ: اَنَّ لَهٗ صِفَۃً بِهَا یُبْصِرُ الْمَلٰئِکَۃَ وَیُشَاهِدُهُمْ کَمَا اَنَّ لِلْبَصِیْرِ صِفَۃً بِهَا یُفَارِقُ الْاَعْمٰی.

یعنی نبوت وہ چیز ہے جو نبی کے ساتھ خاص ہے اور نبی اس کے سبب اوروں سے ممتاز ہے اور وہ کئی قسم کے خاصے ہیں جن سے نبی مختص ہوتا ہے ایک یہ کہ جو امور اللہ عزوجل کی ذات وصفات اور ملائکہ وآخرت سے متعلق ہیں نبی ان کے حقائق کا ایسا علم رکھتا ہے کہ اوروں کے علم زیادتِ معلومات و فزونی تحقیق و انکشاف میں ان سے نسبت نہیں رکھتے، دوم یہ کہ نبی کیلئے اس کی ذات میں ایک وصف ہوتا ہے جس سے افعال خلاف عادت (جنہیں معجزہ کہتے ہیں) انصرام پاتے ہیں جس طرح ہمارے لئے ایک صفت ہے۔ کہ اس سے ہماری حرکات ارادیہ پوری ہوتی

اَلرَّابِعُ اَنَّ لَـهٗ صِفَةً بِهَا يُدْرِكُ مَا سَيَكُوْنُ فِي الْغَيْبِ.

ہیں، جسے قدرت کہتے ہیں۔ سوم یہ کہ نبی کیلئے ایک صفت ہوتی ہے جس سے وہ ملائکہ کو دیکھتا ہے جس طرح انکھیارے کے پاس ایک صفت ہے جس کے باعث وہ اندھے سے ممتاز ہے چہارم یہ کہ نبی کیلئے ایک صفت ہوتی ہے جس سے وہ آئندہ غیب کی باتیں جان لیتا ہے۔

نقله عنه العلامة الزرقاني في صدر شرح المواهب.(1)

اقــول : مسلمانو! اس حدیث شریف اوران امام باعظمت ان حکیم امت قدس سرہ المنیف کے اس ارشادِ لطیف کو امام الوہابیہ کے قول کثیف سے ملا کر دیکھو کہ حضرات انبیائے کرام علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بارے میں اہل حق واہل باطل کے عقائد کا فرق ظاہر ہو یہ فرماتے ہیں کہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی ذات میں رب عزوجل نے ایک صفت ایسی رکھی ہے جس سے وہ خرق عادت کرتے ہیں، جس طرح ہم اپنے ارادے سے چلتے پھرتے ہیں، حرکت کرتے ہیں۔ ایک صفت رکھی ہے جس سے وہ ملائکہ کو دیکھتے ہیں۔ ایک صفت دی ہے جس سے وہ غیب کی آئندہ باتیں جانتے ہیں۔

یہ کہتا ہے ان کو کسی نوع کی قدرت نہیں کسی کام میں نہ بالفعل ان کو دخل ہے نہ اس کی طاقت رکھتے ہیں۔ ایضاً کچھ اس بات میں بھی ان کو بڑائی نہیں اللہ صاحب نے غیب دانی ان کے اختیار میں دی ہو کہ جس آئندہ بات کو جب ارادہ کریں تو دریافت کرلیں کہ فلانے کی اولاد ہو

(1) (احياء علوم الدين، في الفقر بيان فضيلة الفقر مطلقا ۴/۹۳ و فتح الباري بشرح صحيح البخاري، كتاب التعبير، ۲/۳۶۷ و في نسخة ۳۰/۳۴۹ و شرح الزرقاني على المواهب ۱/۳۰، و فيض القدير شرح الجامع الصغير ۴/۲۸.

کی یا نہ ہوگی، یا اس سوداگری میں اس کو فائدہ ہوگا یا نہ ہوگا، یا اس لڑائی میں فتح پائے گا یا شکست کہ ان باتوں میں بھی سب بندے بڑے ہوں یا چھوٹے یکساں بے خبر ہیں اور نادان۔

ایضاً جو کچھ اللہ اپنے بندوں سے معاملہ کرے گا۔ دنیا خواہ قبر خواہ آخرت میں اس کی حقیقت کسی کو معلوم نہیں نہ نبی کو، ولی کو نہ اپنا حال نہ دوسرے کا، اور اگر کچھ بات اللہ نے کسی مقبول بندے کو وحی یا الہام سے بتائی کہ فلانے کام کا انجام بخیر ہے یا بُرا سو وہ مجمل ہے اور اس سے زیادہ معلوم کر لینا اور اس کی تفصیل دریافت کرنی ان کے اختیار سے باہر ہے۔

اقول: اتنا فقط سچ ہے کہ اللہ عزوجل کے بتانے سے زیادہ کوئی معلوم نہیں کر سکتا ہمارے اختیاری افعال کب عطائے الٰہی و ارادہ الٰہیہ سے بڑھ کر ہو سکتے ہیں، مگر "کَلِمَةُ حَقٍّ اُرِیْدَ بِهَا بَاطِلٌ" خوارج کی طرح یہ سچا فقرہ اس نے باطل ارادے سے کہا ہے اور اس سے ان کے اختیار عطائی کا بھی سلب چاہتا ہے یعنی انبیاء علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کو خدا کا دیا ہوا اختیار بھی نہیں بلکہ عاجز و مجبور محض ہیں۔

اس نے صاف تصریح کی ہے کہ: "ظاہر کی چیزوں کو دریافت کرنا لوگوں کے اختیار میں ہے۔ جب چاہیں کریں جب چاہیں نہ کریں۔

سو اسی طرح غیب کا دریافت کرنا اپنے اختیار میں ہو، کہ جب چاہے کر لیجئے، یہ اللہ صاحب ہی کی شان ہے، کسی ولی و نبی کو،۔۔۔۔ بھوت اور پری کو اللہ صاحب نے یہ طاقت نہیں بخشی۔۔۔۔ اللہ صاحب اپنے ارادہ سے کبھی کسی کو جتنی بات چاہتا ہے خبر دیتا ہے سو اپنے ارادے کے موافق نہ اُن کی خواہش پر۔(1)

اسی کے اس اعتقاد و باطل کا حدیث مذکور و قول مسطور امام مشہور میں رد صریح ہے۔

---

(1) (تقویۃ الایمان ص۲۷)

بالجملہ فرق یہ ہے کہ حدیث کے ارشاد اوران کے مطابق اہل حق کے اعتقاد میں انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اظہار خوارق وادراک غیب میں انسان مختار بعطائے قادر جلیل الاقتدار ہیں کہ جس طرح عام آدمیوں کو ظاہری حرکات وظاہری ادرکات کے اختیارات حضرت واہب العطیات نے بخشے ہیں کہ جب چاہیں دست وپا کو جنبش دیں چاہیں نہ دیں جب چاہیں آنکھ کھول کر کوئی چیز دیکھ لیں چاہیں نہ دیکھیں اگر چہ بے خدا کے چاہے وہ کچھ نہیں چاہ سکتے اور وہ چاہیں اور خدا نہ چاہے تو ان کا چاہا کچھ نہیں ہو سکتا اور وہ عطائی اختیارات اُس کے حقیقی ذاتی اختیار کے حضور کچھ نہیں چل سکتے۔

بعینہ یہی حالت حضرات انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی دربارہ معجزات وادراک مغیبات ہے کہ رب عزوجل نے انہیں ظاہری جوارح وسمع وبصر کی طرح باطنی صفات وہ عطا فرمائی ہیں کہ جب چاہیں خرق عادات فرمالیں، مغیبات کو معلوم فرمالیں چاہیں نہ فرمائیں۔ اگر چہ بے خدا کے چاہے نہ وہ چاہ سکتے ہیں نہ بے ارادۂ الٰہیہ ان کا ارادہ کام دے سکتا ہے اور امام الوہابیہ کے نزدیک ایسا نہیں بلکہ انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام پتھر کی طرح عاجز محض ومجبور مطلق ہیں کہ ہلانے والا محض اپنے قسری ارادے سے بے اُن کے توسط اختیار عطائی کے اپنے ارادے کے موافق نہ اُن کی خواہش پر، ہلا دے تو ہل جائیں ورنہ مجبور پڑے رہیں یہ کس ناکس اپنے اس خیال پر یہ دلیل لایا کہ:

''چنانچہ پیغمبر کو بارہا ایسا اتفاق ہوا کہ بعضی بات دریافت کرنے کی خواہش ہوئی اور وہ بات معلوم نہ ہوئی، پھر جب اللہ صاحب کا ارادہ ہوا تو ایک آن میں بتادی۔ چنانچہ حضرت ﷺ کے وقت میں منافقوں نے حضرت عائشہؓ پر تہمت کی۔ اور حضرت کو اس سے بڑا رنج ہوا کئی دن تک بہت تحقیق کیا پر کچھ حقیقت نہ معلوم ہوئی ملور بہت فکر وغم میں رہے۔ جب اللہ

صاحب کا ارادہ ہوا تو بتادیا کہ وہ منافق جھوٹے ہیں اور عائشہؓ پاک ہیں"۔(1)

اقول: اگر اختیار ذاتی وعطائی میں فرق کی تمیز ہوتی تو جان لیتا کہ ایسے اتفاقات اختیار عطائی کے اصلا منافی نہیں مراد کا اختیار سے متخلف نہ ہو سکنا قدرت ذاتیہ الٰہیہ کا خاصہ ہے قدرت عطائیہ انسانیہ میں لاکھ بار ایسا ہوتا ہے کہ آدمی ایک کام کیا چاہتا ہے اور اللہ نہیں چاہتا نہیں بن پڑتا۔اس سے نہ انسان پتھر ہو گیا نہ اس کا اختیار عطائی مسلوب عطائی کی شان ہی یہ ہے کہ جب تک ارادۂ ذاتیہ حقیقیہ الٰہیہ مساعدت نہ فرمائے کام نہیں دیتا۔

امام الوہابیہ اللہ عزوجل کو صریح گالیاں دیتا اور صاف جاہل مانتا ہے

طرفہ قہر بر قہر یہ ہے کہ ادھر تو تو نے انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو عیاذا باللہ پتھر بنایا تھا اُدھر اپنے معبود کو ایک آدمی کے برابر کر چھوڑا کہ:

"غیب کا دریافت کرنا اپنے اختیار میں ہو، کہ جب چاہے کر لیجئے ، یہ اللہ صاحب ہی کی شان ہے"۔(2)

او! اللہ عزوجل کو سخت عیب لگانے والے بے ادب گستاخ یہ ہرگز ہرگز اللہ تعالیٰ کی شان نہیں وہ اس بیہودہ مہمل شان سے پاک ومنزہ ہے۔اس کا علم اس کی صفت ذاتیہ ہے اُس کے اختیار سے نہیں اُس کا مخلوق نہیں ازلی ابدی ہے،حادث نہیں۔

او! بدعقل بدزبان غیب کا دریافت کرنا اختیار میں ہونے کے یہی معنی یا کچھ اور کہ بالفعل تو معلوم نہیں مگر چاہے تو معلوم کر سکتا ہے۔تف بر روئے بے دینی یہ تیرا موہوم خدا جاہل بالفعل محل حوادث ہوگا۔

---

(1)(تقویۃ الإیمان ۷۶،۷۷)

(2)(تقویۃ الإیمان ۷۶)

سچا خدا تیری اس پر صریح گالی سے بے نہایت متعالی ہے۔
"تَعَالَى اللّٰهُ عَمَّا يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا".
مسلمانو! دیکھا تم نے یہ ایمان ہے اس گمراہ کا انبیاء اور خود حضرت عزت کی جناب میں
"إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ٥ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ٥
اس کی ضلالتیں کہاں تک لکھئے۔ "مَا عَلٰى مِثْلِهٖ يُعَدُّ الْخَطَاءُ".

حدیث دکھا کر اتنا پوچھئے کہ کیوں صاحب وہاں تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے غضب فرمایا نہ حکم شرک لگایا مگر انصار کی چھوکریوں کو اتنا ارشاد ہوا کہ اسے رہنے دو یہاں جو یہ مرد غافل یہ صحابی فاضل نعت حضور میں اُس سے بھی زیادہ عظیم بات عرض کر رہے ہیں۔

اور حدیث فرماتی ہے کہ حضور منع نہیں کرتے بلکہ اور انعام واکرام بخشتے ہیں۔ یہ شرک وہابیت پر کیسی آفت ہے اب یاد کر وہ اپنی اوندگی مت الٹی کھوپڑی، چہ جائیکہ عاقل مرد کہے یا سن کر پسند کرے۔ کچھ یہ بھی سوجھا کہ کہنے والے کون تھے اور سن کر پسند کرنے والے کون؟۔

كَذٰلِكَ يَقْذِفُ اللّٰهُ ﴿بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَإِذَا هُوَ زَاهِقٌ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ﴾(1)

حدیث(224=164):

اور بڑھ کر سنیے!" شرك في العادة " کے بیان میں لکھا:

"اللہ صاحب نے اپنے بندوں کو سکھایا کہ دنیا کے کاموں میں اللہ کو یاد رکھیں اور اس کی کچھ تعظیم کرتے رہیں جیسے اولاد کا نام عبداللہ خدا بخش رکھنا جس چیز کو فرمایا اس کو برتنا جو منع کیا اس سے دور رہنا اور یوں کہنا کہ اللہ چاہے تو ہم فلانا کام کریں گے اور اس کے نام کی قسم کھائی اس قسم کی

---

(1)[الأنبياء ۱۸]

چیزیں اللہ نے اپنی تعظیم کے واسطے بتائی ہیں۔

پھر کوئی کسی انبیاء اولیاء بھوت پری کی اس قسم کی تعظیم کرے۔ جیسے اولاد کا نام عبدالنبی، امام بخش رکھے کھانے پینے پہننے میں رسموں کی سند پکڑے یا یوں کہے کہ اللہ و رسول چاہے گا تو میں آؤں گا یا پیغمبر کی قسم کھاوے سو ان سب باتوں سے شرک ثابت ہوتا ہے اس کو اشراک فی العادۃ کہتے ہیں۔

پھر اس شرک کی فصل میں اس مدعا کے ثبوت کو مشکوۃ کے باب الاسامی سے شرح السنہ کی حدیث بروایت حذیفہ رضی اللہ عنہ لایا کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

لَا تَقُوْلُوْا مَاشَاءَ اللّٰهُ وَشَاءَ مُحَمَّدٌ وَ قُوْلُوْا مَاشَاءَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ .(1)	یوں نہ بولا کرو جو شاہے اللہ اور محمد اور بولا کرو جو چاہے اللہ فقط۔

یعنی جو کہ اللہ کی شان ہے اور اس میں کسی مخلوق کو دخل نہیں، سو اس میں اللہ کے ساتھ کسی مخلوق کو نہ ملاوے، وہ کتنا ہی بڑا ہو اور کیسا ہی مقرب، مثلاً یوں نہ بولے کہ اللہ و رسول چاہے گا تو فلانا کام ہو جائے گا کہ سارا کاروبار جہان کا اللہ ہی کے چاہنے سے ہوتا ہے۔ رسول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا؟۔(2)

امام الوہابیہ کی صریح خیانت وعیاری

اقول وباللہ التوفیق :

اولاً : وہی قدیم لت وہی پرانی علت کہ دعوے کے وقت آسمان نشین اور دلیل لانے میں اَسْفَلَ السّٰافِلِیْنَ۔ حدیث میں ہے تو اتنا کہ "یوں نہ کہو" وہ شرک کا حکم کدھر یا،

---

(1) (قلت : ذکرہ البغوي في شرح السنة ۳۶۱/۲ ،وقال: وروی باسناد منقطع)

(2) (تقوية الإيمان ، ملخصا من باب شرك في العادة ۱۴۹ إلى ۱۵۳)

ثانیاً: سخت عیاری ومکاری کی چال چلا، مشکوۃ شریف کے باب مذکور میں حدیث حذیفہ رضی اللہ عنہ یوں مذکور تھی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

لَا تَقُوْلُوْا: مَا شَاءَ اللّٰهُ، وَشَاءَ فُلَانٌ! نہ کہو جو چاہے اللہ اور چاہے فلاں بلکہ یوں کہو
وَلٰكِنْ قُوْلُوْا مَا شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ شَاءَ فُلَانٌ. جو چاہے اللہ پھر چاہے فلاں۔(1)

مشکوۃ میں اسے مسند امام احمد وسنن ابی داؤد شریف کی طرف نسبت کر کے فرمایا: "**وفی روایۃ منقطعا**" اور ایک روایت منقطع یعنی جس کی سند نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک متصل نہیں یوں آئی ہے یہاں وہ روایت "شرح السنۃ" ذکر کی ہوشیار عیار نے دیکھا کہ اصل حدیث تو اسکے دعویٰ شرک کو داخل جہنم کئے دیتی ہے اُسے صاف الگ اُڑا گیا اور فقط یہ منقطع روایت نقل کر لایا، کیا سمجھتا تھا کہ مشکوۃ اہل علم کی نظر سے نہاں ہے نہیں نہیں خوب جانتا تھا کہ مبتدی طالب علم حدیث میں پہلے اسی کو پڑھتا ہے مگر اُسے تو بیچارے عوام کو چھلنا مقصود تھا، جنہیں علم کی ہوا نہ لگی سمجھ لیا کہ ان پر اندھیری ڈال ہی لوں گا اہل علم نے اور کون سی مانی ہے کہ اسی پر معترض ہوں گے "اُس آنکھ سے ڈریئے جو خدا سے نہ ڈرے آنکھ"۔

اللہ ورسول چاہیں تو یہ کام ہو جائے گا اس قول کے متعلق جلیل ونفیس بحث اور احادیث کا جمع

ثالثاً: امام الوہابیہ کا تو مبلغ علم یہی مشکوۃ ہے ہم اس مطلب کی احادیث اول ذکر کریں پھر بتوفیقہ تعالیٰ ثابت کر دکھائیں کہ یہی حدیثیں اُس کے شرک کا کیسا سر توڑتی ہیں۔

اوّل تو یہی حدیث حذیفہ رضی اللہ عنہ کی احمد وابی داؤد نے یوں مختصراً اور ابن ماجہ نے بسند حسن اس طرح مطولا روایت کی:

---

(1)(مشکوۃ المصابیح ۴۰۸)

" حدثنا هشام بن عمار قال :حدثنا سفيان بن عيينة، عن عبد الملك بن عمير، عن ربعي بن حراش، عن حذيفة بن اليمان رضي الله عنهما:

أَنَّ رَجُلًا مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ رَأَى فِي النَّوْمِ أَنَّهُ لَقِيَ رَجُلًا مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ فَقَالَ : نِعْمَ الْقَوْمُ أَنْتُمْ لَوْلَا أَنَّكُمْ تُشْرِكُوْنَ، تَقُوْلُوْنَ مَاشَاءَ اللّٰهُ وَشَاءَ مُحَمَّدٌ، وَ ذَكَرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ: أَمَا وَاللّٰهِ إِنْ كُنْتُ لَأَعْرِفُهَا لَكُمْ، قُوْلُوْا: مَا شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ مَا شَاءَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

یعنی اہل اسلام سے کسی صاحب کوخواب میں ایک کتابی ملا وہ بولا تم بہت خوب لوگ ہو اگر شرک نہ کرتے ۔تم کہتے ہو جو چاہے اللہ اور چاہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان مسلم نے یہ خواب حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی فرمایا سنتے ہو خدا کی قسم تمہاری اس بات پر مجھے بھی خیال گزرتا تھا۔ یوں کہا کرو جو چاہے اللہ پھر جو چاہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم

یہ حدیث ابن ابی شیبہ وطبرانی وبیہقی وغیرہم نے بھی روایت کی۔(1)

---

(1)(أخرجه ابن ماجه في السنن ،في الكفارات، ١٥٣(٢١١٨)، وأحمد في مسنده ٣٩٣/٥ (٢٣٣٨٧) والبيهقي في الأسماء والصفات ٣٥٧/١، ٣٥٨(٢٩١).

وذكره الحافظ في الفتح ،٥٣٠/١١ :وعزاه إلى أحمد والنسائي وابن ماجه .

والشوكاني في نيل الأوطار ٢٠/٧ :وقال :حديث حذيفة أخرجه أيضا النسائي وابن أبي شيبة والطبراني والبيهقي وقد ساقه الحازمي في الإعتبار بإسناده وذكر فيه قصة وهي ان رجلا من المسلمين ...إلخ .

وفي رواية :" ما شاء الله ثم شاء فلان .(رواه أحمد في مسنده ٣٨٤/٥، و٣٩٤، و٣٩٨، أبو داود في السنن ٣٢٣/٢ (٤٩٨٠)، وابن أبي شيبة في مصنفه ٣٤٠/٥ ،و٧٤/٦، وابن المبارك في مسنده ١٠٧، ١٠٨(١٨٠) والنسائي في السنن الكبرى ٢٤٥/٦ ==

حدیث ﴿165=225﴾:

ابن ماجہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

إِذَا حَلَفَ أَحَدُكُمْ فَلَا يَقُلْ مَاشَاءَ اللّٰهُ وَ شِئْتُ. وَلٰكِنْ لِيَقُلْ مَاشَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ شِئْتُ۔(1)	جب تم میں کوئی شخص قسم کھائے تو یوں نہ کہے کہ جو چاہے اللہ اور میں چاہوں ہاں یوں کہے کہ جو چاہے اللہ پھر میں چاہوں۔

حدیث ﴿166=226﴾:

نیز ابن ماجہ واحمد وبغوی وابن قانع وغیرہم نے یہی مضمون طفیل بن سخبرہ برادر مادری ام المومنین صدیقہ رضی اللہ عنہما سے روایت کیا۔

"بَيْدَ أَنَّهُ أَعْنِي ابْنَ مَاجَه أَحَالَهُ عَلَى حَدِيْثِ حُذَيْفَةَ فَقَالَ نَحْوَهُ وَلَمْ يَسُقْ لَفْظَهُ"۔

اور مسند امام احمد میں بسند حسن صحیح کہ:

"حدثنا بهز وعفان قالا :لناحماد بن سلمة عن عبد الملك بن عمير عن ربعي بن حراش عن طفيل بن سخبرة أخي عائشة لأمها رضي الله عنهما"

یوں ہے کہ انہیں خواب میں کچھ یہودی ملے۔انہوں نے ابنیت عزیر علیہ الصلوۃ والسلام ماننے کا اُن پر اعتراض کیا انہوں نے کہا تم خاص کامل لوگ ہو اگر یوں نہ کہو کہ جو چاہے اللہ اور چاہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم پھر کچھ نصاریٰ ملے ان سے بھی ابنیت مسیح کے جواب میں یہی سنا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے خواب عرض کیا حضور نے خطبے میں بعد حمد وثنائے الٰہی فرمایا:

= والبيهقي في السنن ٣/٢١٦) ،وابن أبي الدنيا في الصمت ١٩٢ (٣٣١).

كلهم من طريق عبد الله بن يسار عن حذيفة رضي الله عنه .

(1)(أخرجه ابن ماجه في السنن ١٥٣(٢١١٧) .

إِنَّكُمْ كُنتُمْ تَقُولُونَ كَلِمَةً، كَانَ يَمْنَعُنِي الْحَيَاءُ مِنكُمْ أَنْ أَنْهَاكُمْ عَنْهَا، قَالَ: لَا تَقُولُوا مَا شَاءَ اللَّهُ وَشَاءَ مُحَمَّدٌ (1)

تم لوگ ایک بات کہا کرتے تھے مجھے تمہارا لحاظ روکتا تھا کہ تمہیں اس سے منع کر دوں یوں نہ کہو جو چاہے اللہ اور چاہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔

حدیث (227=167):

سنن نسائی میں "بسند صحیح" بطریق مسعر عن معبد بن خالد عن عبداللہ بن یسار عن قتیلة بنت صیفی جهینة رضی اللہ عنہ سے ہے:

أَنَّ يَهُودِيًّا أَتَى النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ إِنَّكُم تُنَدِّدُونَ وَإِنَّكُمْ تُشْرِكُونَ تَقُولُونَ مَا شَاءَ اللَّهُ وَشِئْتَ وَتَقُولُونَ وَالْكَعْبَةِ

یعنی ایک یہودی نے خدمت اقدس حضور سید عالم ﷺ حاضر ہو کر عرض کی بے شک تم لوگ اللہ کا برابر والا ٹھہراتے ہو بے شک تم لوگ

---

(1) (أخرجه أحمد في مسنده ٥/٧٢، وابن نصر المروزي في تعظيم قدر الصلاة ٢/٨٦-٨٧ (٨٧٣)، والمقدسي في المختارة ٨/١٣٣ (١٥٥)، والطبراني في الكبير ٨/٣٢٣ (٨٢١٣)، وابن قانع في معجم الصحابة ٢/٥٠، وأبو نعيم في معرفة الصحابة ٣/٨٤-٨٥ (٣٩٧٠)، و البيهقي في الأسماء والصفات ١/٣٥٨، ٣٥٩ (٢٩٢)، وأبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني ٥/ ٢٣، ٢٢ (٢٧٣٣)، والمزي في تهذيب الكمال ٣/٣٩ .

ورواه الدارمي في مسنده ٢/٣٨٣ (٢٦٩٩) بدون قصة اليهودي .من طريق شعبة، عن عبد الملك بن عمير به .

وقال أبو نعيم في معرفة الصحابة :رواه شعبة ،وأبو عوانة ،و زيد بن أبي أنيسة ، عن عبد الملك بن عمير عن ربعي نحوه .

فَـأَمَـرَهُـمُ الـنَّبِيُّ ﷺ إِذَا أَرَادُوْا أَنْ يَّحْلِفُوْا أَنْ يَّقُوْلُوْا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ وَيَقُوْلُ مَا شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ شِئْتَ .(1)

شرک کرتے ہو یوں کہتے ہو کہ جو چاہے اللہ اور چاہو تم، اور کعبے کی قسم کھاتے ہو۔ اس پر سید عالم ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو حکم دیا کہ قسم کھانا چاہیں تو یوں کہیں رب کعبہ کی قسم اور کہنے والا یوں کہے جو چاہے اللہ پھر چاہو تم۔

یہ حدیث سنن بیہقی میں بھی ہے، نیز ابن سعد نے طبقات اور طبرانی نے معجم کبیر میں بطریق مذکور سعر (2)

اور ابن مندہ نے بطریق "المسعودي عن معبد الجدلي عن ابن يسار عن قتيلة الجهنية رضی الله عنهما روایت کی۔(3)

اور امام احمد نے مسند میں اس طریق مسعودی سے " بسند صحيح "یوں روایت فرمائی:

" حدثنا يحيى بن سعيد، قال: حدثنا المسعودی قال: حدثني معبد بن خالد،

---

(1)(أخرجه النسائي في السنن، باب الحلف الكعبة، (٣٧٧٣) ،وفي السنن الكبرى ٣/٣٢(٤٧١٣)،و٦/٢٣٥ (١٠٨٢٢)وفي عمل اليوم والليلة ٥٣٥(٩٨٦).

وقال الحافظ في الإصابة٨/٧٩ وأخرجه النسائي وسنده صحيح .

(2)(أخرجه البيهقي في السنن الكبرى ٣/٢١٦ (٥٧٠٢)، والطبراني في الكبير ٢٥/١٣(٥)، وابن سعد في طبقاته ٨/٣٠٩،وأبو الطيب القاضي في علل الترمذي ٢٥٣، والمزي في تهذيب الكمال ٣٥/٢٧٠،٢٧١، من طريقين .

(3)(رواه الحاكم في المستدرك ٤/٣٣١(٧٨١٥)،وذكره الحافظ في الإصابة ٨/٧٩ وعزاه إلى ابن مندة .

عن عبداللّٰه بن يسار عن قتيلة بنت صيفي الجهنية قالت:

"أَتَى حِبْرٌ مِنَ الْأَحْبَارِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، نِعْمَ الْقَوْمُ أَنْتُمْ لَوْلَا أَنَّكُم تُشْرِكُوْنَ، قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: تَقُوْلُوْنَ إِذَا حَلَفْتُمْ: وَالْكَعْبَةِ، قَالَتْ: فَأَمْهَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا، ثُمَّ قَالَ: إِنَّهُ قَدْ قَالَ، فَمَنْ حَلَفَ فَلْيَحْلِفْ بِرَبِّ الْكَعْبَةِ، قَالَ: يَامُحَمَّدُ، نِعْمَ الْقَوْمُ أَنْتُمْ لَوْلَا أَنَّكُمْ تَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ نِدًّا، قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: تَقُوْلُوْنَ مَا شَاءَ اللّٰهُ وَشِئْتَ، قَالَ: فَأَمْهَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا، ثُمَّ قَالَ: إِنَّهُ قَدْ قَالَ، فَمَنْ قَالَ مَا شَاءَ اللّٰهُ فَلْيَفْصِلْ بَيْنَهُمَا، ثُمَّ شِئْتَ.(1)

یعنی یہود کے ایک عالم نے خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض کی اے محمد! آپ بہت عمدہ لوگ ہیں۔ اگر شرک نہ کیجئے، فرمایا سبحان اللہ! یہ کیا کہا آپ کعبہ کی قسم کھاتے ہیں۔اس پر سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ مہلت دی یعنی ایک مدت تک کچھ ممانعت نہ فرمائی پھر فرمایا یہودی نے ایسا کہا ہے تو اب جو قسم کھائے وہ رب کعبہ کی قسم کھائے ...... یہودی نے عرض کی اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ بہت عمدہ لوگ ہیں اگر اللہ کا برابر والا نہ ٹھہرایئے، فرمایا سبحان اللہ! یہ کیا کہا آپ کہتے ہیں جو چاہے اللہ اور چاہو تم۔اس پر بھی سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہلت تک کچھ نہ فرمایا اس یہودی نے ایسا کہا ہے تو اب جو کہے کہ جو چاہے اللہ تعالیٰ تو دوسرے کے چاہنے کو جدا کر کے کہے کہ پھر چاہو تم۔

---

(1) (أخرجه أحمد في مسنده ٦/٣٧١، ٣٧٢(٢٧٤٣٣))، وابي بكر الشيباني في = = =

بحمد الله ! یہ احادیث کثیرہ صحیحہ جلیلہ متصلہ کتب صحاح سے ہیں۔

امام الوہابیہ نے ان سب کو بالائے طاق رکھ کر " شرح السنة" کی ایک روایت منقطع دکھائی اور بحمد الله! اس میں بھی کہیں اپنے حکم شرک کی بو نہ پائی۔

امام الوہابیہ کے نزدیک صحابہ کرام شرک کیا کرتے اور نبی ﷺ منع نہ فرماتے۔

اقول وبالله التوفيق :

اب بفضله تعالی ملاحظہ کیجئے کہ یہی حدیثیں اس کے دعوے شرک کو کس کس طرح جہنم رسید فرماتی ہیں۔

اولاً : ان احادیث سے ثابت کہ صحابہ کرام میں یہ قول کہ اللہ ورسول چاہیں تو یہ کام ہو جائے گا یا اللہ اور تم چاہو تو یوں ہو گا، شائع و ذائع تھا اور حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم اس پر مطلع تھے اور انکار نہ فرماتے تھے بلکہ اس عالم یہود کے ظاہر الفاظ تو یہ ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم خود بھی ایسا فرمایا کرتے تھے۔ امام الوہابیہ اسے شرک کہتا ہے تو ثابت ہوا کہ اس کے نزدیک صحابہ کرام رضی اللہ عنہم شرک کرتے تھے اور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم منع نہ فرماتے تھے۔

ثانیاً: حدیث طفیل رضی اللہ عنہ کے لفظ دیکھو کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس لفظ کا خیال مجھے بھی گزرتا تھا مگر تمہارے لحاظ سے منع نہ کرتا تھا۔

جب یہ لفظ امام الوہابیہ کے نزدیک شرک ٹھہرا، تو معاذ اللہ نبی نے دانستہ شرک کو گوارا کیا اور اس سے ممانعت پر اپنے یاروں کے لحاظ و پاس کو غلبہ دیا امام الوہابیہ کے یہاں یہ نبوت کی شان ہے۔ والعیاذ بالله رب العالمين.

= الاحاد والمثاني ٦/ ١٨١،١٨٠ (٣٣٠٨) ، والطبراني في الكبير ٢٥/ ٣(٥) ،
والبيهقي في السنن الكبرى ٣/ ٢١٧،٢١٦، والمزي في تهذيب الكمال ٣٥/ ٢٧١ .

امام الوہابیہ کے نزدیک صحابہ کرام و نبی ﷺ کو بھی توحید ایک یہودی نے سکھائی۔

ثالثاً: ایک یہودی نے اگر اعتراض کیا اسکے بعد حکم ممانعت ہو تو امام الوہابیہ کے نزدیک صحابہ کرام بلکہ سید الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بھی توحید اور اُس پر استقامت کی تاکید ایک یہودی نے سکھائی، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ.

امام الوہابیہ کے نزدیک نبی ﷺ نے شرک سے منع بھی کیا تو صرف اس خیال سے کہ ایک مخالف اعتراض کرتا ہے

رابعاً: قتیلہ رضی اللہ عنہا کی حدیث صحیح دیکھو اُس یہودی کی عرض پر بھی فوراً حضور نے ممانعت نہ فرمائی بلکہ ایک زمانہ کے بعد خیال آیا اور فرمایا وہ یہودی اعتراض کر گیا ہے اچھا یوں نہ کہا کرو۔ تو امام الوہابیہ کے نزدیک اللہ کے رسول ﷺ نے آپ تو شرک سے نہ روکا یا شرک کو شرک نہ جانا، جب ایک کافر نے بتایا اس پر بھی ایک مدت تک شرک کو روا رکھا پھر ممانعت بھی کی تو یوں نہیں کہ شرک کی برائی سے بلکہ یوں کہ ایک مخالف اعتراض کرتا ہے، لہذا چھوڑ دو۔

﴿اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ﴾

امام الوہابیہ کے نزدیک بعد اعتراض بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو تعلیم فرمایا وہ خود شرک ہے

خامساً:

ان سب وقتوں کے بعد جو تعلیم فرمائی وہ بھی ہماں آس درکاسہ لائی ارشاد ہوا کہ یوں کہا کرو جو چاہے اللہ پھر چاہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم تو یہ کام ہوگا۔ امام الوہابیہ کے لفظ یاد کیجئے:

”یہ خاص اللہ کی شان ہے اس میں کسی مخلوق کو دخل نہیں رسول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا“۔

شرک سے کیوں کر نجات ہو گی

مسلمانو! للہ انصاف، جو بات خاص شان الہی عزوجل ہے جس میں کسی مخلوق کا کچھ دخل نہیں۔ اس میں دوسرے کو خدا کا ساتھ (اور) کہہ کر بلایا تو کیا اور (پھر) کہہ کر ملایا تو کیا شرک سے کیوں کر نجات ہو جائے گی۔

مثلاً آسمان وزمین کا خالق ہونا اپنی ذاتی قدرت سے تمام اولین وآخرین کا رازق ہونا خاص خدا کی شانیں ہیں، کیا اگر کوئی یوں کہے کہ اللہ ورسول "خالق السموت والأرض" ہیں اللہ ورسول اپنی ذاتی قدرت سے رازق عالم ہیں جبھی شرک ہوگا۔

اور اگر کہے گا کہ اللہ پھر رسول "خالق السموت والأرض" ہیں۔ اللہ پھر رسول اپنی ذاتی قدرت سے رازق جہاں ہیں تو کیا شرک نہ ہوگا۔

مسلمانو! گمراہوں کے امتحان کیلئے ان کے سامنے یوں کہہ دیکھو کہ اللہ پھر رسول "عالم الغیب" ہیں، اللہ پھر رسول ہماری مشکلیں کھولدیں۔

دیکھو! تو یہ حکم شرک جڑتے ہیں یا نہیں اسی لئے تو یہ عیار مشکوٰۃ کی اس حدیث متصل صحیح ابی داوٗد کی میر بحری بچا گیا تھا، جس میں لفظ پھر کے ساتھ اجازت ارشاد ہوئی تھی۔

تو ثابت ہوا کہ اس مردک کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودی کا اعتراض پا کر بھی جو تبدیل کی وہ خود شرک کی شرک ہی رہی مسلمانو! یہ حاصل ہے رسول کی جناب میں اس گستاخ کے اعتقاد کا ﴿وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ﴾(1)

تو یہ تو ان کے طور پر نتیجہ احادیث تھا ہم اہل حق کے طور پر پوچھو تو۔

---

(1) [الشعراء ۲۲۷]

احادیث مشیت کی نفیس تقریرِ منیر

أقول وبالله التوفیق:

بحمد اللہ تعالیٰ! نہ صحابہ نے شرک کیا نہ معاذ اللہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے شرک سن کر گوارا فرمایا کسی کے لحاظ و پاس کو کام میں لانا ممکن تھا، نہ یہودی مردک تعلیم توحید کر سکتا تھا۔ بلکہ حقیقت امر یہ ہے کہ مشیت حقیقیہ ذاتیہ مستقلہ اللہ عزوجل کیلئے خاص ہے اور مشیت تابعہ عطائیہ لمشیۃ اللہ تعالیٰ۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے عباد کو عطا کی ہے، مشیت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کائنات میں جیسا کچھ دخل عظیم بعطائے رب کریم جل جلالہ ہے وہ اُن تقریرات جلیلہ سے کہ ہم نے زیر حدیث ذکر کیں واضح وآشکار ہے محمد رسول اللہ تو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک نائب وخادم سیدنا علی المرتضیٰ مشکل کشا کرم اللہ وجہہ الاسنی کی نسبت امت مرحومہ کا جو اعتقاد ہے وہ شاہ عبدالعزیز صاحب کی عبارت مذکورہ مقدمہ سے اظہار ہے کہ:

"حضرت امیر و ذریه طاهره اودرتمام امت بر مثال پیران و مرشدان می پرستند وامور تکوینیه را بایشان وابسته میدانند"۔(1)

اور خود امام الوہابیہ اس تقویۃ الایمان کے کفری ایمان سے پہلے جو ایمان "صراط المستقیم" میں رکھتا تھا وہ بھی یہی تھا جہاں کہتا ہے۔

"مقامات ولایت بل سائر خدمات مثل قطبیت و غوثیت ابدالیت وغیرها همه از عهد کرامت مهد حضرت مرتضیٰ تا انقراض دنیا همه بواسطه ایشان است ورسلطنت سلاطین و امارت امراهمت ایشان رادخلے ست که برسیاحین عالم ملکوت مخفی نیست۔(۱)

(1) (تقدم تخریجه في مقدمة الکتاب)

(2)

(کہتا ہے کہ مقامات ولایت بلکہ تمام خدمات مثل قطبیت غوثیت وابدالیت وغیرہ سب رہتی دنیا تک حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے واسطے سے ملتے ہیں اور بادشاہوں کی سلطنت اورامیروں کی امارت میں بھی آنجناب کی ہمت کا دخل ہے، یہ سیاحان عالم پر پوشیدہ نہیں ہے)۔

اب کہ" تقویت الایمان" نے بحکم ﴿قُلْ بِئْسَمَا يَأْمُرُكُمْ بِهِ إِيْمَانُكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِيْنَ﴾ (1) اسے تمام امت مرحومہ کے خلاف ایک نیا ایمان سخت بُرا ایمان نام کا ایمان اور حقیقت میں پرلے سرے کا کفران سکھایا یہ "اَسْفَلَ السّٰفِلِيْنَ" پہنچا۔

اب وہ بات کہ سیاحان عالم بالا پر ظاہر تھی اسے کیونکر سوجھائی دے ﴿وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ﴾. (2) اس مشیت مبارکہ عطائیہ کے باعث صحابہ کرام نام الٰہی عزوجلالہ کے ساتھ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا نام پاک ملا کر کہا کرتے تھے کہ اللہ ورسول چاہیں تو یہ کام ہوجائیگا۔

مگر ازانجا کہ طریق ادب سے اقرب وانسب یہ ہے کہ مشیت ذاتیہ ومشیت عطائیہ میں فرق مراتب نفس کلام سے واضح ہو کہ کسی احمق کو توہم مساوات نہ گزرے۔

سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کلمے پر خیال گزرتا تھا، پھر ملاحظہ فرماتے کہ یہ اہل توحید ہیں معنی حق صدق انہیں ملحوظ ہیں۔

محبت خدا اور رسول اور نام پاک خلیفۃ اللہ الاعظم جل جلالہ وصلی اللہ علیہ وسلم سے تبرک وتوسل انہیں اس قول پر باعث ہے اور بات فی نفسہ شرعاً ممنوع نہیں کہ واو مطلق جمع کیلئے ہے نہ مساوات (3) نہ معیت کے واسطے، لہذا منع نہ فرماتے تھے۔

---

(1)[البقرة: ۹۳].

(2)[النور: ۴۰].

(3)(اقول: وهذه بحكمة غفل عنها بعض الجهلة فجوز ما شاء الله ثم شاء محمد ﷺ ===

حـــــکـــــمـــــت:

جب اُس یہودی خبیث نے جس کے خیالات امام الوہابیہ کے مثل تھے، اعتراض کیا اور معاذ اللہ شرک کا الزام دیا۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی رائے کریم کا زیادہ رجحان اسی طرف ہوا کہ ایسے لفظ کو جس میں احمق بدعقل مخالف جائے طعن جانے دوسرے سہل لفظ سے بدل دیا جائے کہ صحابہ کرام کا مطلب تبرک و توسل برقرار رہے اور مخالف کج فہم کو گنجائش نہ ملے مگر یہ بات عبارت کے ایک گونہ آداب سے تھی، معنا تو قطعاً صحیح تھی۔

لہذا اُس کافر کے بکنے کے بعد بھی چنداں لحاظ نہ فرمایا گیا یہاں تک کہ طفیل بن سخبرہ رضی اللہ عنہ نے وہ خواب دیکھا اور رویا، صادقہ القائے ملک ہوتا ہے اب اس خیال کی زیادہ تقویت ہوئی اور ظاہر ہوا کہ بارگاہ عزت میں یہی ٹھہرا ہے کہ یہ لفظ مخالفوں کا جائے طعن ہے، بدل دیا جائے جس طرح رب العزت جل جلالہ نے "رَاعِـــنَـــا" کہنے سے منع فرمایا تھا کہ یہود عنود اُسے اپنے

= وزعم ان لو اتي بالواو لكان شركا جليا فانما يتم ان لو كانت الواو للتسوية وهو باطل قطعا قال تعالى ان الله و ملئكته يصلون على النبي قال تعالى اغنهم الله ورسوله الى غير ذلك مما لا يحصى و مع ذلك بحمد الله ملحظه ملحظ هؤلاء الانجاس الوهابية الجاهلية اثبات المشية للنبي صلى الله تعالى عليه وسلم شركا بنفسه كما سمعت من امامهم السحيق ان ذاشان يختص بالله عزوجل وان لا يدخل فيه لمخلوق و مشية النبي صلى الله تعالى عليه وسلم لا ياتي بشيء فلو كان يذهب مذهب هؤلاء والعياذ بالله لجعل ذكر مشيته صلى الله عليه وسلم شركا مطلقا سواء فيه الواو وثم كما علمت وهو قد صرح بجواز ما شاء الله ثم شاء لمحمد صلى الله تعالى عليه وسلم فثبت ولا تزل ۱۲ منه.

مقصد مردود کا ذریعہ کرتے ہیں اور اس کی جگہ "اُنْظُرْنَا" کہنے کا ارشاد ہوا تھا۔(1)
ولہذا خواب میں کسی بندہ صالح کو اعتراض کرتے نہ دیکھا کہ یوں تو بات فی نفسہ محل اعتراض ٹھہرتی بلکہ خواب میں بھی دیکھا تو انہی یہود ونصاریٰ اس امام الوہابیہ کے ہم خیالوں کو معترض دیکھا تاکہ ظاہر ہو کہ صرف دشمن دوزی مخالفان کی مصلحت داعی تبدیل لفظ ہے۔
اب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ یوں نہ کہو کہ اللہ ورسول چاہیں تو کام ہوگا بلکہ یوں کہو کہ اللہ پھر اللہ کا رسول چاہے تو کام ہوگا۔
(پھر) کا لفظ کہنے سے وہ توہم مساوات کہ ان وہابی خیالات کے یہود ونصاریٰ یا یوں کہیے کہ ان یہودی خیال کے وہابیوں کو گزرتا ہے باقی نہ رہے گا۔
الحمد اللّٰہ علی تواتر الائہ والصلوۃ والسلام علی أنبیائہ.
اہل انصاف ودین ملاحظہ فرمائیں کہ یہ تقریر منیر کہ فیض قدیر سے قلب فقیر پر القا ہوئی کیسی واضح و مستنیر ہے جسے اُن احادیث کو ایک مسلسل سلک گوہرین میں منتظم کیا اور تمام مدارج ومراتب مرتبہ کا بحمد اللّٰہ تعالی نورانی نقشہ کھینچ دیا۔
الحمد للّٰہ! کہ یہ حدیث بھی ہم اہلسنت ہی کا حصہ ہے، وہابیہ وغیرہم بدمذہبوں کو اس سے کیا علاقہ ہے۔ ﴿ذَالِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ﴾(2)
وَ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾(3).
غرض احادیث صحیحہ ثابتہ تو اس دروغ گو کو تازیانہ پہنچا رہی ہیں وہ روایت منقطعہ کہ اس نے ذکر کی

---

(1) (قال اللّٰہ تعالی فی کلامہ ﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ﴾[البقرۃ :۱۰۴]

(2)[الحدید ۲۱]

(3)[الفاتحۃ ۱]

اور یونہی روایت اعتبار ام المومنین صدیقہ سے کہ یہود کے اعتراض پر فرمایا یوں نہ کہو بلکہ "مَاشَاءَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ" کہو۔

اقول: اگر صحیح بھی ہو تو نہ ہمیں مضر نہ اُسے مفید کہ واوسے احتراز کی دو صورتیں ہیں۔ تبدیل حرف جس کی طرف وہ احادیث صحیحہ ارشاد فرمارہی ہیں اور راسا ترک عطف جس کا اس روایت میں ذکر آیا، ایک صورت دوسری کی نافی ومنافی نہیں نہ ذاتی میں حصر، عطائی کی نفی کرے قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی ﴿فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ وَمَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰی﴾ (1)

اور جب بحمد اللہ تعالیٰ ہم خود حدیث سے " مَا شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ شَاءَ فُلَانٌ" کی طرح "مَاشَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ شَاءَ مُحَمَّدٌ ﷺ" کی بھی اجازت دکھا چکے تو اب اصلا ہمیں اُن نکات وتوجیہات کی حاجت نہ رہی جو شراح نے اس روایت منقطعہ اور اصل حدیث مستقل میں بظاہر ایک نوع تغایر کے لحاظ سے ذکر کئے ہیں۔

شیخ محقق سرہ نے یہاں یہ نکتہ ذکر فرمایا: "ودرینجا غایت بندگی و تواضع و توحید است زیرا که آنحضرت صلی الله علیه وسلم درغیر خود اسناد مشیت اگرچه بطریق تاخر و تبعیت باشد تجویز کردا مادر حق خود بآں نیز راضی نه شد بلکه امر کرد باسناد مشیت پروردگار تعالیٰ تنها بے توهم شرکت ـ(2)

اقول: یہ توجیہ بھی شرک امام الوہابیہ کی کیفر چشانی کو بس ہے، سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے

---

(1) [الانفال ۱۷]

(2) (اشعة اللمعات ۴/ ۵۲، کتاب الآداب باب الاسامی)

توقصداً اپنی مشیت کا ذکر کرنے کو نہ فرمایا نہ اوروں کے ذکر مشیت کی اجازت دی اگر شرک ہوتو معاذ اللہ یہ ٹھہرے گی کہ حضور نے اپنی ذات کریم کو شریک خدا کرنے سے منع فرمایا اور زید وعمرو کو شریک کر دینا جائز رکھا۔

علامہ طیبی نے ایک اور توجیہ لطیف ودقیق کی طرف اشارہ کیا کہ:

أَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [طيٌّ] رَأْسُ الْمُوَحِّدِيْنَ وَمَشِيَّتُهُ مَغْمُوْرَةٌ فِيْ مَشِيَّةِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَمُضْمَحِلَّةٌ فِيْهَا.(1)	نبی ﷺ سردار موحدین ہیں اور حضور کی مشیت اللہ عزوجل کی مشیت میں مستغرق وگم ہے۔

اہم نکتہ :

اقول: تقریر اس اشارہ لطیفہ کی یہ ہے کہ عطف واؤ سے ہو خواہ ثم خواہ کسی حرف سے معطوف و معطوف علیہ میں مغایرت چاہتا ہے بلکہ ثم بوجہ افادہ فصل وتراخی زیادہ مفید مغایرت اور سید الموحدین صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے اپنے لئے کوئی مشیت جداگانہ اپنے رب عزوجل کی مشیت سے رکھی ہی نہیں اُن کی مشیت بعینہ خدا کی مشیت ہے اور مشیت خدا بعینہ اُن کی مشیت کر کے کہئے تو دوئی سمجھی جائے گی کہ اللہ کی مشیت اور ہے اور رسول کی مشیت اور۔

لہذا یہاں عطف کے لئے ارشاد نہ فرمایا فقط مشیت اللہ وحدہٗ کا ذکر بتایا کہ اُس میں خود ہی مشیۃ الرسول صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا ذکر آجائے گا۔

جل جلالہٗ وصلی اللہ تعالی علیہ وسلم.

هكذا ينبغي أن يفهم . هذا المقام وبه يندفع ما أورد عليه القاري من النقص

---

(1)(شرح الطيبي على مشكاة المصابيح ۹/۹)

بان مشيئة غيره ﷺ أيضا مضمحلة فى مشيئة الله تعالى سبحانه .(1)

اقول : فلم يفرق بين الاضمحلال الاضطراري . الحاصل لكل خلق والاختياري المختص بخلص عباد الله الممتاز فيه وفي كل صفه لهية من بينهم سيدهم بينهم صلى الله تعالى عليه وعليهم،واعترض عليه أيضا بانه لا يفيد جواز الايتان بالواو اه.

اقول:ما كان مساق كلام الطيبي لاثبات جواز الايتان بالواو حتى يكون عدم افادته نقصا في مرامه انما اراد ابداء نكتة الفرق بين مشيته و مشيئة غيره صلى الله تعالى عليه وسلم حيث ذكر الأولى بثم وطوىٰ ذكر هذه راسا وهذا مستفاد من كلامه ما بين وجه كما سمعت منا تقريره ، فلا أدرى ما المراد بهذا الايراد ثم أفاده وجه اخر للفرق فقال:ما سبق من قوله صلى الله عليه وسلم ولكن قولوا ما شاء الله ثم شاء فلان لمجرد الرخصة، ولو قال هنا قولوا ما شاء الله ثم شاء محمد صلى الله تعالى عليه وسلم لكان امر وجوب أو ندب وليس الأمر كذالك .

اقول :كانه يستنبط من ترك لفظة لكن ههنا فانه يكون حينئذ أمر مقصودا وأقله الندب بخلاف الأول فانه استدراك على النهى فيفيد مجرد الرخصة هذا ما ظهرلي في تقرير مرامه ، وأنت تعلم انه يرجع الفرق على هذا إلى جهة العبارة فلو ذكر ههنا لكن لساغ أن يذكر العطف بثم، ولو تركها ثمه لقال قولوا:ما شاء الله وحده، ثم قال مع أن المشيئة المسندة إلى فلان انما

---

(1)(مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح للعلامه علي بن سلطان القاري ٩/٣٩)

هي مشيئة جزئية لا يجوز حملها على المشيئة الكلية كما رمزنا اليه فيما سبق من الكلام اهـ .

أقول:هذا شيء متحاز عن البحث ومشيئة النبي صلى الله تعالى عليه وسلم أيضا لا تحيط بجميع مرادات الله تعالى سبحانه هذا قد كان افادة العلامة الطيبي وجها رابعا وهو انه صلى الله تعالى عليه وسلم قال:هذا اي قولوا ما شاء الله وحده ، دفعا لمظنة التهمة في قولهم:ما شاء الله وشاء محمد صلى الله تعالى عليه وسلم تعظيما له ورياء لسمعته .

اقول:أي والمظنة بحالها في ذكر اسمه صلى الله تعالى عليه وسلم ولو بثم فعدل إلى ذكر الله تعالى وحده ، وليس يريد ان المظنة نشأت (1) من الواو إذ لو اراده له يصلح ما ذكره وجها للفرق بذكر مشيئة غيره صلى الله تعالى عليه وسلم بثم لا مشيئة هو فان المحذور على هذا ان كان ففي الواو لا في ثم وفيها الكلام فارادة هذا خروج عن أصل المرام هذا تقرير كلامه على ما ظهرلي .

اقول:و هو ارذ والوجوه عندي وكيف يظن أن يظن النبي ﷺ بصحابته في ذكر نفسه السمعة والرياء وحاشاه وحاشاهم عن ذالك وأحسن الوجوه ما ذكرنا سابقا عن الطيبي وما قد منا عن الشيخ المحقق مع ان كل ذالك مستغني عنه كما علمت وقد اشار إليه القاري(2) أيضا اذ قال:أصل

---

(1)[كما توهم الفاضل الراد ففاه بما قد علمت بطلانه بدلائل قاهرة لا قبل لاحد بها زعما منه ان الواو نص في التسوية لا مجرد مظنه تهمة و بالله العصمة ،١٢منه]

(2) (مرقاة المفاتيح ٩/٢٨،٢٩)

السؤال مدفوع لأنه صلى الله تعالى عليه وسلم داخل في عموم فلان، فيجوز ان يقال: ماشاء الله ثم شاء محمد صلى الله تعالى عليه وسلم، ولا يجوز ان يقال: ما شاء الله وشاء محمد صلى الله تعالى عليه وسلم.

اقول: ولو استحضر حديث ابن ماجة لم يحتج إلى عموم فلان كما ان السائل لو استظهر لما سائل كما ان المجيبين لو تذكروه لما ذهبوا إلى هنا وهنا فسبحان من لا يعزب عنه شيء.

الحمد لله! یہ وصل مبارک کہ اعظم مقصد کتاب تھا۔ بروجہ احسن واجمل اختتام کو پہنچا اور ہنوز اس کی ابحاث میں ردّ وہابیت کا بہت کلام باقی جس کا بعض ان شاء اللّٰہ العزیز خاتمہ کتاب میں مذکور ہوگا۔

یہاں تک اس باب میں وجہ دوم پر بعد اسم پاک جامع ایک سو چودہ حدیثیں خاص متعلق بذات اقدس حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مذکور ہوئیں، اور بعض آئندہ آتی ہیں اور پچاس حدیثیں کہ ہم نے شمار کر کے شمار نہ کیں علاوہ ہم ابنائے زماں میں کسل وتقاعد ہے۔ لہذا بخوف ملالت زیادہ اطالت نہ کیجئے اور بتوفیقہ تعالیٰ بقیہ وصلوں کے وصل سے راحت و برکت لیجئے۔ وباللہ التوفیق.

وصـــــــــل دوم:

احادیث متعلقہ بحضرات انبیاء و اولیاء علیہم الصلوٰۃ والثناء

مانگ جو تیرا جی چاہے

حدیث ﴿168=228﴾:

طبرانی معجم اوسط اور خرائطی مکارم الاخلاق میں امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روای رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جب کوئی شخص کچھ سوال کرتا اگر حضور کو منظور ہوتا "نَعَمْ" فرماتے یعنی اچھا اور نہ منظور ہوتا تو خاموش رہتے کسی چیز کو "لَا" یعنی نہ، نہ فرماتے ایک روز ایک اعرابی نے حاضر ہو کر سوال کیا حضور خاموش رہے پھر سوال کیا سکوت فرمایا پھر سوال کیا اس پر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے جھڑکنے کے انداز سے فرمایا "سَلْ مَا شِئْتَ یَا اَعْرَابِیُّ" اے اعرابی! جو تیرا جی چاہے ہم سے مانگ، مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں:

"فَغَبَطْنَاهُ، فَقُلْنَا: اَلآنَ یَسْأَلُ الْجَنَّةَ" یہ حال دیکھ (کہ حضور خلیفۃ اللہ اعظم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرما دیا ہے جو دل میں آئے مانگ لے) ہمیں اُس اعرابی پر رشک آیا ہم نے اپنے جی میں کہا اب یہ حضور سے جنت مانگے گا۔

اعرابی نے کہا تو کیا کہا کہ میں حضور سے سواری کا ایک اونٹ مانگتا ہوں فرمایا عطا ہوا۔

عرض کی حضور سے زادِ راہ مانگتا ہوں فرمایا عطا ہوا ہمیں اُس کے ان سوالوں پر تعجب آیا۔

سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کتنا فرق ہے اس اعرابی کی مانگ اور بنی اسرائیل کی ایک پیرزن کے سوال میں، پھر حضور نے اُس کا ذکر ارشاد فرمایا:

"کہ جب موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو دریا اُترنے کا حکم ہوا کنارِ دریا تک پہنچے سواری کے جانوروں کے منہ اللہ عزوجل نے پھیر دیئے، کہ خود بخود واپس پلٹ آئے۔

موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے عرض کی الٰہی یہ کیا حال ہے، ارشاد ہوا تم قبر یوسف کے پاس ہو، اُن کا جسم مبارک اپنے ہاتھ لے لو، موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو قبر کا پتہ معلوم نہ تھا، فرمایا اگر تم میں کوئی جانتا ہو تو، انہوں نے کہا کہ شاید بنی اسرائیل کی پیرزن کو معلوم ہو اس کے پاس آدمی بھیجا کہ تجھے یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قبر معلوم ہے، کہا ہاں، فرمایا: تو مجھے بتا دے، عرض کی:

لَا وَاللّٰهِ حَتّٰى تُعْطِيَنِيْ مَا أَسْأَلُكَ .

خدا کی قسم میں نہ بتاؤں گی یہاں تک کہ میں جو کچھ آپ سے مانگوں آپ مجھے عطا فرما دیں۔

فرمایا:

ذَاكَ لَكِ ، قَالَتْ: فَإِنِّیْ أَسْأَلُكَ أَنْ أَكُوْنَ مَعَكَ فِي الدَّرَجَةِ الَّتِيْ تَكُوْنُ فِيْهَا فِي الْجَنَّةِ ، قَالَ: سَلِيَ الْجَنَّةَ .

تیری عرض قبول ہے، پیرزن نے عرض کی تو میں حضور سے مانگتی ہوں کہ جنت میں میں آپ کے ساتھ ہوں۔ اُس درجے میں جس میں آپ ہوں گے۔ موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا جنت مانگ لے۔

یعنی تجھے یہی کافی ہے اتنا بڑا سوال نہ کر

قَالَتْ: لَا وَاللّٰهِ، أَنْ أَكُوْنَ مَعَكَ، فَجَعَلَ مُوْسٰى يُرَاوِدُهَا، فَأَوْحَى اللّٰهُ تَعَالٰى إِلَيْهِ: أَنْ أَعْطِهَا ذٰلِكَ، فَإِنَّهُ لَا

پیرزن نے کہا خدا کی قسم میں نہ مانوں گی مگر یہی کہ آپ کے ساتھ ہوں۔ موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام اُس سے یہی رد و بدل کرتے رہے۔

يَنْقُصُكَ شَيْئًا، فَأَعْطَاهَا .(1) اللہ عزوجل نے وحی بھیجی موسیٰ وہ جو مانگ رہی ہے تم اُسے وہی عطا کر دو کہ اس میں تمہارا کچھ نقصان نہیں۔

موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جنت میں اپنی رفاقت اُسے عطا فرمادی، اُس نے یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قبر بتادی۔ موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نعش مبارک کو ساتھ لے کر دریا سے عبور فرماگئے۔

أقول وبالله التوفيق بحمده تعالىٰ اس حدیث نفیس کا ایک ایک حرف جانِ وہابی پر کوکب شہابی ہے۔

---

(1) (أخرجه الطبراني في الأوسط ٧/٣٧٤ (٧٧٦٧)، وفي نسخة ٨/٣٧٦، ٣٧٧،
والخرائطي في مكارم الأخلاق ٢/١٢٩، ١١٧، وفي نسخة ٣: ١٣٠٧/١٣٠٨، ١٣٠٩.
من طريق منهال بن عمرو عن حبة العرني عن علي رضي الله تعالى عنه .
قلت :اسناده ضعيف، لكن له شواهد من حديث الحسين بن علي رضي الله تعالى عنه .
أخرجه ابن أبي عاصم في الآحاد والمثاني (٣٠٧) من طريق علي بن الحسين عن أبيه رضي الله تعالى عنه .
قلت :رجاله ثقات وصدوقين .فالاسناد حسن .
ومن حديث ابي موسى الأشعري رضي الله تعالى عنه .
أخرجه أبو يعلى في مسنده ١٣٢٠ (٧٢٥٠) قال حدثنا أبو هشام الرفاعي محمد بن يزيد ، حدثنا ابن فضيل ، عن يونس بن عمرو ، عن أبي بردة ، عن أبي موسى قال أتى النبي ﷺ أعرابيا فأكرمه ، فقال له :ائتنا . فأتاه ، فقال رسول الله ﷺ :سل حاجتك .
فقال :ناقة نركبها ، و أعنزا يحلبها أهلي ، فقال رسول الله ﷺ :عجزتم أن تكونوا مثل عجوز بني اسرائيل ؟ قال ان موسى لما سار ببني اسرائيل من مصر ضلوا الطريق ، = =

فقال :ما هذا ؟ فقال علماؤهم :ان يوسف لما حضره الموت أخذ علينا موثقا من الله أن لا نخرج من مصر حتى ننقل عظامه معنا . قال :فمن يعلم موضع قبره ؟ قال :عجوز من بني اسرائيل .فبعث اليها فأتته ، فقال :دليني على قبر يوسف . قالت :حتى تعطيني حكمي . قال :ما حكمك ؟ قالت :أكون معك في الجنة . مكره أن يعطيها ذلك ، فاوحى الله اليه أن أعطها حكمها . فانطلقت بهم الى بحيرة :موضع مستنقع ماء ، فقالت انضبوا هذا الماء . فانضبوا . قالت :احفروا ، واستخرجوا عظام يوسف ، فلما أقلوها الى الأرض، اذا الطريق مثل ضوء النهار .

و ابن حبان في الصحيح ٢/٥٠٠، ٥٠١(٧٢٣) ، والحاكم في المستدرك ٢/٥٧١، ٥٧٢، والخطيب في تاريخه في ترجمة :الطيب بن اسماعيل أبو الغوث القحطبي ، وابن الجوزي في المنتظم ، في قصة الغرق. كلهم من طريق محمد بن فضيل بن غزوان .

وقال الحاكم :هذا حديث صحيح الاسناد ،ولم يخرجاه .ووافقه الذهبي .

وقال الحافظ في المطالب العالية ،باب يعقوب و يوسف عليهما السلام :صححه ابن حبان . وقال الهيثمي في مجمع الزوائد :ورجاله أبي يعلى رجال الصحيح .

وقال الألباني في السلسلة الصحيحة (٣١٣) أقول :انما هو على شرط مسلم وحده .

وفي الباب عن كعب وفيه :وكانت امرأة من بني إسرائيل يقال لها سراج فكانت كلما حضر أجلها مد الله تعالى في عمرها إلى أن ادركت موسى عليه السلام فقالت :لموسى أنا اخبرك بموضع قبر يوسف على أن تعطيني ثلاث خصال قال :و ما هي ؟ قالت تدعوا الله تعالى أن يرد شبابي كما كنت أولا قال لك ذلك قالت و تحملني معك قال لك ذلك قالت وأكون معك في درجتك يوم القيامة قال فبكى موسى عليه السلام فاوحى الله إليه إن الجنة بيدي فاعطها ما سألت فقال:موسى عليه السلام لك ذلك ، قالت فان قبره في هذه الجزيرة وقد غلبه الماء، قال :فأخذ موسى قحفين فكتب = = =

خود حدیث کا ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ کے تمام خزائن رحمت پر نبی ﷺ کا ہاتھ پہنچتا ہے جو چاہیں جسے چاہیں عطا فرما دیں۔

اوّلاً :

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا اعرابی سے ارشاد کہ جو جی میں آئے مانگ لے، حدیث ربیعہ رضی اللہ عنہ میں تو اطلاق ہی تھا، جس سے علمائے کرام نے عموماً استفادہ کیا۔

یہاں صراحۃً خود ارشاد اقدس میں عموم موجود کہ جو دل میں آئے مانگ لے۔ ہم سب کچھ عطا فرمانے کا اختیار رکھتے ہیں۔ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَسَلَّمَ وَبَارَكَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ قَدْرَ جُوْدِهٖ وَنَوَالِهٖ وَنِعَمِهٖ وَاَفْضَالِهٖ۔

یہی اعتقاد صحابہ کرام کا تھا کہ حضور کارخانہ الٰہی کے مختار کل ہیں

ثانیاً :

یہ ارشاد سن کر مولیٰ علی وغیرہ صحابہ حاضرین رضی اللہ عنہم کا غبطہ کہ کاش یہ عام انعام کا ارشاد اکرام ہمیں نصیب ہوتا۔ حضور تو اُسے اختیار عطا فرما ہی چکے۔ اب یہ حضور سے جنت مانگے گا۔

معلوم ہوا کہ بحمد اللہ تعالیٰ صحابہ کرام کا یہی اعتقاد تھا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ اللہ عزوجل کے تمام خزائن رحمت دنیا و آخرت کی ہر نعمت پر پہنچتا ہے۔ یہاں تک کہ سب سے اعلیٰ نعمت یعنی جنت جسے چاہیں بخش دیں۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔

= = عليهما اسم الله الأعظم ثم ألقى أحد القحفين في جانب الجزيرة و ألقى القحف الآخر في الجانب الآخر فانحسر الماء عن الجزيرة فقالت :المرأة هنا موضع قبره فابتدره الشبان فوجدوا يوسف عليه السلام في تابوت من مرمر فاحتملوه فحملوه معه .....رواه أبو نعيم في حلية الأولياء ٦/٢٦) .

ثالثاً:
خود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا اُس وقت اُس اعرابی کے قصور ہمت پر تعجب کہ ہم نے اختیار عام دیا اور ہم سے حطام دنیا مانگنے بیٹھا پیرزن اسرائیلیہ کی طرح جنت نہ صرف جنت بلکہ جنت میں اعلیٰ سے اعلیٰ درجہ مانگتا تو ہم تو زبان دے ہی چکے تھے اور سب کچھ ہمارے ہاتھ میں ہے وہی اُسے عطا فرمادیتے۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔

رابعاً: اُن بڑی بی پر اللہ عزوجل کی بے شمار رحمتیں بھلا انہوں نے موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو خدائی کارخانہ کا مختار جان کر جنت اور جنت میں بھی ایسے اعلیٰ درجے عطا کردینے پر قادر مان کر شرک کیا تو...... موسیٰ کلیم اللہ علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو کیا ہوا کہ یہ باآں شان غضب وجلال اُس شرک پر انکار نہیں فرماتے۔ اُس کے سوال پر کیوں نہیں کہتے کہ میں نے جو اقرار کیا تھا تو اُن چیزوں کا جو اپنے اختیار کی ہوں بھلا جنت اور جنت کا بھی ایسا درجہ خدا کے گھر کے معاملے ہیں۔ اُن میں میرا کیا اختیار تو نے نہیں سنا کہ وہابیہ کے امام شہید اپنے قرآن جدید نام کے "تقویۃ الایمان" اور حقیقت کے کلمات کفر و کفران میں فرمائیں گے۔ کہ انبیاء میں اس بات کی کچھ بڑائی نہیں کہ اللہ نے اُن کو عالم میں تصرف کی کچھ قدرت دی ہو، میں تو میں مجھ سے اور تمام جہاں سے افضل محمد رسول اللہ خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت اُن کی وحی باطنی میں اُترے گا کہ:

"جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کو مختار نہیں"۔(1)

خود انہیں کے نام سے بیان کیا جائے گا کہ: "میری قدرت کا حال تو یہ ہے کہ اپنی جان تک کے بھی نفع ونقصان کا مالک نہیں، تو دوسرے کا تو کیا کرسکوں"۔(2)

---

(1)(تقویۃ الایمان ۱۷)

(2)(تقویۃ الایمان ۸۲)

نیز کہا جائے گا پیغمبر نے "سب کو اپنی بیٹی تک کو کھول کر سنا دیا کہ قرابت کا حق ادا کرنا اُس چیز میں ہو سکتا ہے کہ اپنے اختیار کی ہو سو میرا مال موجود ہے اس میں سے مجھ کو کچھ بخل نہیں۔ اللہ کے ہاں کا معاملہ میرے اختیار سے باہر ہے۔

وہاں میں کسی کی حمایت نہیں کر سکتا اور کسی کا وکیل نہیں بن سکتا سو وہاں کا معاملہ ہر کوئی اپنا اپنا درست کرے اور دوزخ سے بچنے کی ہر کوئی تدبیر کرے"۔(1)

بڑی بی کیا تم سٹھ گئی ہو، دیکھو! "تقویۃ الایمان" کیا کہہ رہی ہے کہ رسول بھی کون محمد سید الانام صلی اللہ علیہ وسلم اور معاملہ بھی کس کا خود اُن کے جگر پارے کا اور وہ بھی کتنا کہ دوزخ سے بچا لینا اُس کا تو انہیں خود اپنی صاحبزادی کیلئے کچھ اختیار نہیں وہ اللہ کے یہاں کچھ کام نہیں آسکتے۔ تو کہاں اور وہ کہاں؟، کہاں اُن کی صاحبزادی اور کہاں تم؟۔ کہاں صرف دوزخ سے نجات اور کہا جنت اور جنت کا بھی ایسا اعلیٰ درجہ بخش دینا، بھلا بڑی بی تم مجھے خدا بنا رہی ہو، پہلے تمہارے لئے کچھ امید بھی ہو سکتی تو اب تو شرک کر کے تم نے جنت اپنے اوپر حرام کر لی۔ افسوس کہ موسیٰ کلیم اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کچھ نہ فرمایا اُس بھاری شرک پر اصلا انکار نہ کیا۔

خامساً: انکار در کنار اور رجسٹری کہ "سَلِيَ الْجَنَّةَ" اپنی لیاقت سے بڑھ کر تمنا نہ کرو ہم سے جنت مانگ لو ہم وعدہ فرما چکے ہیں عطا کر دیں گے۔ تمہیں یہی بہت ہے۔ افسوس موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام سے کیا شکایت کی کہ امام الوہابیا گرچہ یہودی خیالات کا آدمی ہے۔

جیسا کہ ابھی آخر وصل اول میں ثابت ہو چکا مگر اپنے آپ کو کہتا تو محمدی ہے خود محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کے جدید قرآن "تقویۃ الایمان" کو جہنم پہنچایا۔

ربیعہ رضی اللہ عنہ نے حضور سے جنت کا سب سے اعلیٰ درجہ مانگا۔ اس عظیم سوال کے صریح شرک

---

(1)(تقویۃ الإیمان ۱۰۷،۱۰۸)

پر انکار نہ فرمایا بلکہ صراحۃً عطا فرمادینے کا متوقع کردیا اب اگر وہ جل جل کر ان کی توہین نہ کرے اُن کا نام سو سو گستاخیوں سے نہ لے تو اور کیا کرے گا بیچارہ کلیم کا مردود حبیب کا مارا اپنے جلے دل کے پھپھولے بھی نہ پھوڑے مثل مشہور ہے۔ کسی کا ہاتھ چلے کسی کی زبان۔

﴿وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ﴾ (1)

سادساً:

سب فیصلوں کی انتہا خدا پر ہوتی ہے کلیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے امام الوہابیہ سے یہ رکھائی برتی تو اُسے جائے عذر تھی کہ موسیٰ بدین خود مابدین خود حبیب صلی اللہ علیہ وسلم نے "تقویۃ الایمان" کی یہ صریح تذلیل و تضلیل فرمائی تو اُسے پوچھنے کو جگہ تھی کہ نبی اُمی ہیں پڑھے لکھے نہیں کہ "تقویۃ الایمان" پڑھ لیتے ان احکام جدیدہ سے آگاہ ہوتے گر پورا قہر تو خدا نے توڑا کہ بڑی بی کے شرک اور موسیٰ کے اقرار کو خوب مسجل و مکمل فرمادیا۔

وحی آئی تو کیا کہ "اَعْطِهَا ذٰلِكَ" موسیٰ جو یہ مانگ رہی ہے تم اُسے عطا کر بھی دو اس بخشش فرمانے میں تمہارا کیا نقصان ہے۔

واہ ری قسمت! یہ اوپر کا حکم تو سب سے تیز رہا یہ نہیں فرمایا جاتا کہ موسیٰ تم ہو کون بڑھ بڑھ کر باتیں مارنے والے ہمارے یہاں کے معاملے کا ہمارے حبیب کو تو ذرہ بھر اختیار ہے ہی نہیں یہاں تک کہ خود اپنی صاحبزادی کو دوزخ سے نہیں بچا سکتے تم ایک بڑھیا کو جنت پٹائے دیتے ہو اپنی گرمجوشی اٹھا رکھو "تقویۃ الایمان" میں آچکا ہے کہ ہمارے یہاں کا معاملہ ہر شخص اپنا درست کرے بلکہ علی الرغم الثانیہ حکم آتا ہے کہ موسیٰ تم اسے جنت کا یہ عالی درجہ عطا کردو۔

اب کہیے یہ بیچارہ کس کا ہو کر رہے جس کیلئے توحید بڑھانے کو تمام انبیاء سے بگاڑی دین وایمان

---

(1) [المنافقون ۸]

پر دولتی جھاڑی صاف کہہ دیا کہ خدا کے سوا کسی کو نہ مان اوروں کو ماننا محض خبط ہے۔ اُسی خدا نے یہ سلوک کیا اب وہ بے چارہ ازیں سو ماندہ درآنسو راندہ، سوا اس کے کیا کرے کہ اپنی اکلوتی چہر توحید [خدا کی وحدت کی گٹھیا دلیلیں۔ بے سمجھے بوجھے ہمہ اوست کا قائل ہونا] کا ہاتھ پکڑ کر جنگل کو نکل جائے اور سر پر ہاتھ دھر کر چلائے۔

ما زیاراں چشم یاری داشتیم　　خود غلط بود انچہ ما پنداشتیم

مجھے امام الوہابیہ کے حال پر ایک حکایت یاد آئی اگرچہ میں ذکر احادیث میں ہوں مگر بمناسبت محل ایک آدھ لطیف بات کا ذکر خالی از لطف نہیں ہوتا جسے تمحمض کہتے ہیں اور یہ بھی سنت سے ثابت ہے۔ کما فی حدیث خرافۃ وام زرع.

میں نے ایک عالم سنت رحمۃ اللہ علیہ کو فرماتے سنا کہ رافضیوں کے کسی محلے میں چند عرب سنی رہتے تھے، روافض کا زور تھا ان کا مجتہد پچھلے پہر سے اذان دیتا اور اس میں کلمات ملعونہ بکتا ان غریبوں کے قلب پر آرے چلتے آخر مرتا کیا نہ کرتا چار شخص مستعد ہو کر پہلے سے مسجد میں جا چھپے۔ وہ اپنے وقت پر آیا جبھی تبرا شروع کیا ان میں سے ایک صاحب برآمد ہوئے اور اس بڈھے کو گرا کر دست ولکد و فسل سے خوب خدمت کی کہ ہیں میں ابوبکر ہوں تو مجھے بُرا کہتا ہے۔ آخر اس نے گھبرا کر کہا حضرت میں آپ کو نہیں کہتا تھا میں نے عمر کو کہا تھا۔

دوسرے صاحب تشریف لائے اور مارتے مارتے بے دم کر دیا کہ ہیں مجھے کہتا تھا کہا یا حضرت توبہ ہے تو میں عثمان کو کہتا تھا۔ تیسرے صاحب آئے اور ایسی ہی تواضع فرمائی کہ ہیں مجھے کہے گا اب سخت گھبرایا بیتاب ہو کر چلایا کہ مولی دوڑیئے دشمن مجھے مارے ڈالتے ہیں۔ اس پر چوتھے حضرت ہاتھ میں اُسترا لئے نمودار ہوئے اور ناک جڑ سے اُڑا لی کہ مردک تو خدا کے محبوبوں اور ہمارے دین کے پیشواؤں کو بُرا کہے گا۔

اور ہم سے مدد چاہے گا اب مؤذن صاحب درد کے مارے شرم وذلت سے گور کنارے کسی کونے میں سرک رہے مومنین آئے نمازیں پڑھتے اور کہتے جاتے ہیں آج قبلہ وکعبہ تشریف نہ لائے جناب قبلہ پولیس تو کیا بولیں جب اُجالا ہوا ارے حضرت قبلہ تو یہ پڑے ہیں قبلہ خیر ہے (روکر) خیر کیا ہے آج وہ تینوں دشمن آپڑے تھے مارتے مارتے کچومر نکال گئے۔
تمہارا دیکھنا مقدر میں تھا کہ سانس باقی ہے قبلہ پھر آپ نے حضرت موسٰی کو کیوں نہ یاد فرمایا جب کئی بار بھی کہے گئے تو آخر جھنجھلا کر ناک پر سے رومال پھینک دیا۔ کہ یہ کوتک تو انہیں کے ہیں دشمن تو مار ہی کر چھوڑ گئے تھے۔ انہوں نے تو جڑ سے پوچھ لی۔

ما ز یاراں چشم یاری داشتیم

خود غلط بود انچہ ما پنداشتیم

وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِیْمَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ.

سابعاً:

پچھلا فقرہ تو قیامت کا پہلا صور ہے: "فَاَعْطَاهَا" موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے پیرزن کو وہ جنت عالیہ عطا فرمادی و اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ.

مسلمانو! دیکھا تم نے کہ اللہ اور اس کے مرسلین کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام وہابیت کے شرک کا کیا کیا برادن لگاتے ہیں کہ بے چارے کو اَسْفَلَ السّٰفِلِیْنَ میں بھی پناہ نہیں ملی۔

﴿كَذٰلِكَ الْعَذَابُ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ﴾(1) مار ایسی ہوتی ہے اور بیشک آخرت کی مار سب سے بڑی ہے کیا اچھا تھا اگر وہ جانتے۔

---

(1) [القلم: ۳۳]

حدیث (229=169):

کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہوازن کی غنیمتیں حنین میں تقسیم فرمارہے تھے ایک شخص نے کھڑے ہو کر عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضور نے مجھ سے کچھ وعدہ فرمایا تھا

ارشاد ہوا:

"صَدَقْتَ فَاحْتَكِمْ مَا شِئْتَ" تونے سچ کہا، اچھا جو جی میں آئے حکم لگادے

عرض کی اسی دنبے اور ان کا چرانے والا غلام عطا ہو۔

سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ تجھے عطا ہوا اور تونے بہت تھوڑی چیز مانگی

وَلَصَاحِبَةُ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ الَّتِيْ دَلَّتْهُ عَلٰى عِظَامِ يُوْسُفَ كَانَتْ أَحْزَمَ مِنْكَ وَأَجْزَلُ حُكْمًا مِنْكَ حِيْنَ حَكَّمَهَا مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَالَ: حُكْمِيْ أَنْ تَرُدَّنِيْ شَابَّةً وَأَدْخُلُ مَعَكَ الْجَنَّةَ.

اور بے شک موسیٰ جس نے اُنہیں یوسف علیہما الصلوٰۃ والسلام کا تابوت بتایا تھا تجھ سے زیادہ دانشمند تھی جب کہ اُسے موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اختیار دیا تھا کہ جو چاہے مانگ لے۔ اُس نے کہا میں قطعی طور پر یہی مانگتی ہوں کہ آپ میری جوانی واپس فرمادیں اور میں آپ کے ساتھ جنت میں جاؤں۔

یونہی ہوا کہ وہ ضعیفہ فوراً نوجوان ہوگئی اس کا حسن وجمال واپس آیا اور جنت میں بھی معیت کا وعدہ کلیم کریم نے عطا فرمایا۔ابن حبان والحاكم في المستدرك مع اختلاف عن أبي موسى الأشعري رضي الله عنه . (1) حاکم نے کہا یہ حدیث "صحيح الإسناد" ہے

یہاں جوانی بھی موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے پھیردی۔

---

(1) (أخرجه ابن حبان في الصحيح ٢/٥٠٠،٥٠١ (٧٢٣)، والحاكم في المستدرك

وہابیہ کے طور پر موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو وحی آئی کہ اے موسیٰ تو خدا بن جا۔

حدیث ﴿230=170﴾:

کہ موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو رب عزوجل نے وحی بھیجی:

يَا مُوْسٰى كُنْ لِلْفُقَرَآءِ كَنْزًا وَّلِلضَّعِيْفِ حِصْنًا وَّلِلْمُسْتَجِيْرِ غَيْثًا.(1)

اے موسیٰ فقیروں کیلئے خزانہ ہو جا اور کمزور کیلئے قلعہ اور پناہ مانگنے والے کیلئے فریادرس

= =۴/۴۰۴،۴۰۵،و۵۷،و في نسخة :۲/۴۳۹ (۳۵۴۳)،و ۳۳ (۳۰۸۸)، وأبو يعلى في مسنده ۳/۴۳۶(۷۴۵۴)، والخطيب في تاريخه ۹/۳۶ ، وذكره الزمخشري في المستقصى في أمثال العرب ۱/۷۹،۸۰، والهيثمي في مجمع الزوائد ۱۰/۲۶۷، ۲۶۸ (۱۷۴۳۸)،وزاد نسبته إلى الطبراني، والسيوطي في الدر المنثور ۶/۳۰۲، ۳۰۳ ، وزاد نسبته إلى عبد بن حميد والفريابي وابن أبي حاتم ،والغزالي في إحياء علوم الدين ۳/۴۳۳، واللفظ له .

وقال الحاكم :هذا حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه،ووافقه الذهبي ، وقال :هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه .

وقال الهيثمي :ورجال أبي يعلى رجال الصحيح .

وقال الحافظ في المطالب العالية ، باب يعقوب ويوسف ،۱۰/۱۰۵(۳۵۴۵) صححه ابن حبان . وقال ابن كثير في تفسيره۳/۴۴۷:وهذا حديث غريب جدا والأقرب أنه موقوف والله أعلم .وقال حسين سليم أسد :إسناده حسن .

وذكره الألباني في السلسلة الصحيحة ۱/۳۳ :وقال :صحيح .

قلت وفي الباب عن علي كما تقدم قريبا.

وعلي بن حسين عن أبيه :رواه أبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني/۳۴ (۴۳۳) .

(1)(ذكره المتقي في كنز العمال ۶/۴۸۷ (۴۴۲۴۳) ، وعزاه إلى ابن نجار .

ابن النجار عن أنس عن النبی ﷺ قال أوحی الله إلی موسٰی علیه الصلوة والسلام فذکره فی حدیث طویل .

وہابیہ کے طور پر اس حدیث کا حاصل یہ ہوگا کہ اے موسیٰ تو خدا ہو جا کہ جب یہ خاص شان الوہیت ہیں اور ان باتوں میں بڑے چھوٹے سب بندے برابر ہیں اور یکساں عاجز تو موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ان باتوں کا حکم ضرور خدا بن جانے کا حکم ہے۔

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ .

حدیث (231.232=171.172):

ترمذی و حاکم حضرت ابو ہریرہ اور امام احمد و ابو داؤد طیالسی و ابن سعد و طبرانی و بیہقی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم سے راوی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جب حضرت عزت جل وعلا نے آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو پیدا کیا ان کی پیٹھ کو مسح فرمایا جس قدر لوگ اُن کی نسل سے قیامت تک پیدا ہونے والے تھے، سب ظاہر ہو گئے۔ رب عزوجل نے ہر ایک کی دونوں آنکھوں کے بیچ میں ایک نور چمکایا پھر انہیں آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام پر پیش فرمایا۔ عرض کی الٰہی یہ کون ہیں فرمایا تیری اولاد ہیں۔ آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان میں ایک مرد کو دیکھا ان کی پیشانی کا نور انہیں بہت بھایا عرض کی الٰہی یہ کون ہے؟

فرمایا: تیری اولاد سے پچھلی اُمتوں میں ایک شخص داؤد نام ہے، عرض کی الٰہی اس کی عمر کتنی ہے؟

فرمایا: ساٹھ برس عرض کی، الٰہی اس کی عمر زیادہ فرما، رب جل وعلا نے فرمایا:

لَا إِلَّا أَنْ تَزِیْدَهٗ أَنْتَ مِنْ عُمُرِكَ . [احمد]

میں زیادہ فرماؤں گا مگر یہ کہ تو اپنی عمر سے اس کی عمر میں زیادت کر دے۔

آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی عمر کی ہزار برس تھی، عرض کی تو میری عمر چالیس سال اُس کی

عمر میں بڑھادے فرمایا ایسا ہے تو لکھ لیا جائے گا اور مہر کر لی جائے گی اور پھر بدلے گا نہیں (نوشتہ لکھ کر ملائکہ کی گواہیاں کرالی گئیں):

فَلَمَّا فَنِيَ عُمُرُ آدَمَ [إِلَّا أَرْبَعِينَ] جَاءَهُ مَلَكُ الْمَوْتِ، فَقَالَ [آدَمُ] أَوَلَمْ يَبْقَ مِنْ عُمُرِي أَرْبَعُونَ سَنَةً ؟ قَالَ: أَوَلَمْ تُعْطِهَا ابْنَكَ دَاوُدَ؟ .[ترمذي].

جب آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی عمر سے چالیس سال باقی رہے یعنی نوسو ساٹھ برس گزر گئے ۔ ملک الموت علیہ الصلوٰۃ والسلام اُن کے پاس آئے فرمایا کیا میری عمر کے ابھی چالیس سال باقی نہیں، کہا کیا آپ اپنے بیٹے داؤد علیہ الصلوٰۃ والسلام کو نہ دے چکے۔

پھر اللہ عزوجل نے آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کیلئے ہزار اور داؤد علیہ الصلوٰۃ والسلام کیلئے سو برس کردیئے۔

حديث أبي هريرة إلا ما بين الخطين فمن حديث ابن عباس رضي الله عنه .(1)

ان حدیثوں کا ارشاد ہے کہ داؤد علیہ الصلوٰۃ والسلام کو آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے عمر عطا فرمائی۔

---

(1) أخرجه الترمذي في الجامع، في التفسير سورة الأعراف (٣٠٧٦)، والحاكم في المستدرك ٢/٥٥٤ (٤٢٥٧)، و ٢/٣٢٠ (٣٣٣٢)، وابن منده في الرد على الجهمية ٤٣ (٤٣)، وأبو بكر الفريابي في القدر ٣٠، ٣١ (١٩)، وأبو يعلى في مسنده ١١/٢٥٣، ٢٥٤، و ٢/١٠٨ (٦٦٥٤)، وابن سعد في طبقاته ١/٢٧، ٢٨، وابن عساكر في تاريخه ٧/٣٩٥، ٣٩٦، وذكره السيوطي في الدر المنثور ٣/٦٠٣ وعزاه إلى عبد بن حميد و أبو الشيخ وابن مردويه عن أبي هريرة رضي الله عنه .

وقال الترمذي هذا حديث حسن صحيح .

وقال الحاكم هذا حديث صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه .وقال : = = =

حدیث (233=173):

کہ فرماتے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم:

إِذَا ضَلَّ أَحَدُكُمْ شَيْئًا أَوْ أَرَادَ أَحَدُكُمْ عَوْنًا وَهُوَ بِأَرْضٍ لَيْسَ بِهَا أَنِيسٌ فَلْيَقُلْ يَا عِبَادَ اللهِ أَغِيثُونِي يَا عِبَادَ اللهِ أَغِيثُونِي، فَإِنَّ لِلّٰهِ عِبَادًا لَا نَرَاهُمْ. وَقَدْ جُرِّبَ ذٰلِكَ.

جب تم میں کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے اور مدد مانگنی چاہے اور ایسی جگہ ہو جہاں کوئی ہمدم نہیں تو اُسے چاہئے، یوں پکارے اے اللہ کے بندو میری مدد کرو، اے اللہ کے بندو میری مدد کرو۔ اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ہیں جنہیں یہ نہیں دیکھتا وہ اس کی مدد کریں گے۔

والحمد لله رب العالمين . الطبراني عتبة بن غزوان رضي الله عنه (1)

= = هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه .

وأخرجه أحمد في مسنده ١/٢٥١و٢٩٨و٣٠٧و الطيالسي في مسنده ٣٥٠ (٢٦٩٣)، وأبو يعلى في مسنده ٥/٩٩، ١٠٠ (٢٧١٠) ، والطبراني في الكبير ٢١٣/١٢ (٢٩٢٨)، وأبو الشيخ في العظمة ٥/١٥٥٠، ١٥٥١، والبيهقي في السنن الكبرى ١٠/١٣٦، وابن سعد في طبقاته ١/٢٨.

وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد ٨/٢٠٦. وقال رواه أحمد والطبراني ...وفيه علي بن زيد و ضعفه الجمهور و بقية رجاله ثقات، عن بن عباس رضي الله عنهما .

(1)(أخرجه الطبراني في الكبير ١٧/١١٧(٢٩٠) .

وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ١٠/١٣٢:رواه الطبراني و رجاله وثقوا على ضعف بعضهم الا أن زيد بن علي لم يدرك عتبة .

قلت :وله شاهد كما حديث ابن مسعود الآتي ، لعله يرتقي هذا الحديث بها الى مرتبة الحسن لغيره .

حدیث (174=234):

کہ فرماتے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم جب جنگل میں جانور چھوٹ جائے:

فَلْيُنَادِ يَاعِبَادَ اللّٰهِ احْبِسُوْا. تو یوں ندا کرے اللہ کے بندو روک دو۔ عباد اللہ اسے روک دیں گے۔

ابن السني عن ابن مسعود رضي الله عنه . (1)

حدیث (175=235):

کہ فرماتے ہیں، یوں ندا کرے:

أَعِيْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ . (2) میری مدد کرواے اللہ کے بندو ۔

ابن أبي شيبة والبزار عن ابن عباس رضي الله عنهما.

یہ تین حدیثیں وہابیت کش:

کہ تین صحابہ رضی اللہ عنہم کی روایت سے آئیں، قدیم سے اکابر علمائے دین رحمہم اللہ تعالیٰ کی مقبول ومجرب معمول رہیں۔

اس مطلب جلیل کی قدرے تفصیل فقیر کا رسالہ "انهار الانوار من يم صلوة الاسرار" کہ نماز غوثیہ شریف کے فضل رفیع اور بغداد شریف کی طرف گیارہ قدم چلنے وغیرہ ایک ایک فعل کے سر بدیع میں تصنیف کیا ملاحظہ ہو۔

---

(1) أخرجه ابن السني في عمل اليوم والليلة ٢٠٤(٥٠٩)، وأبو يعلى في مسنده ٩/١٧٧ـ٢٧٧(٥٢٦٩) والطبراني في الكبير ٩/٦٧(١٠٥١٨). وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ١٠/١٣٢: رواه أبو يعلى والطبراني . وفيه: معروف بن حسان ، وهو ضعيف .

(2) أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف ١٠/٣٩٠، وفي نسخة ٦/٩١ (٢٩٧٢١) ==

ان حدیثوں اور حدیث اجل واعظم "یَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ تَوَجَّھْتُ بِكَ اِلٰی رَبِّیْ" ۔(1)
کی شوکت قاہرہ کے حضور، وہابیہ کی حرکت مذبوحی کا حال رسالہ میں عنقریب آتا ہے۔
ان شاء اللّٰہ تعالی .

نبی و علی مددگار و کارساز ہیں

حدیث (236=176):

فرماتے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم:

"مَنْ کُنْتُ وَلِیَّہٗ فَعَلِیٌّ وَلِیُّہٗ" جس کا میں مددگار و کارساز ہوں علی اُس کا کرم اللّٰہ وجھہ الکریم مددگار و کارساز ہے۔

أحمد والنسائي والحاكم عن بريدة رضي اللّٰه تعالى عنه، بسند صحيح. (2)

علامہ مناوی نے شرح میں فرمایا:

= = والبزار في مسنده (كشف الأستار) ۴/۳۴ (۳۲۲۸)، والبيهقي في الشعب ۱/۱۸۳ (۱۶۷)، و۶/۱۲۸ (۷۶۹۷) موقوفا.

وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ۱۰/۳۲: رواه الطبراني ورجاله ثقات .

(1) (قد تقدم تخريجه)

(2) (أخرجه أحمد في مسنده ۵/۳۵۰ (۲۳۰۱۱)، و۳۵۸ (۲۳۰۷۸)، و۳۶۱ (۲۳۱۰۷)، وفي فضائل الصحابة ۲/۵۶۳ (۹۴۷)، و۶۸۹ (۱۱۷۷)، وابن أبي شيبة في المصنف ۶/۳۶۵ (۳۲۰۶۵)، والنسائي في السنن الكبرى ۵/۴۵ (۸۱۴۴)، و۱۳۰ (۸۴۶۵)، وابن حبان في الصحيح ۱۵/۳۷۴ (۶۹۳۰)، والمستدرك ۲/۱۳۱ (۲۵۸۹)، وابن عدي في الكامل ۲/۳۶۳، وابن عساكر في تاريخه ۴۲/۱۸۸ الى ۱۹۳ .

وأخرجه الطبراني في الكبير ۵/۱۶۵ (۴۹۶۸)، و۱۹۱ (۵۰۵۸)، والنسائي في = =

"يَدْفَعُ عَنْهُ مَا يَكْرَهُ عَلى "(1)

اُس کے مددگار ہیں اُس سے مکروہات وبلیات دفع فرماتے ہیں۔

اور شک نہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ہر مسلمان کے ولی ووالی ہیں۔

اللہ عزوجل فرماتا ہے:

﴿اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِہِمْ﴾ (2) نبی مسلمانوں کا زیادہ والی ہے ان کی جانوں سے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اَنَا اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِہِمْ میں مسلمانوں کا ان کی جانوں سے زیادہ والی ہوں۔

أحمد والبخاري ومسلم والنسائي وابن ماجة عن أبي هريرة رضي الله عنه .(3)

= = السنن الكبرى ٥/٣٥ (٨١٣٨) و ١٣٠ (٨٣٦٣) و في خصائص علي ٩٢

(٧٩)، وابن أبي عاصم في السنة [ظلال الجنة] ٢/٣٧٨ (١٥٥٥) .

عن زيد بن أرقم رضي الله عنه .

وأخرجه البزار في مسنده ٣/٣١ (١٢٠٣) والنسائي في خصائص علي ١١٣ (٩٥) .

عن عائشة بنت سعد عن أبيها . بلفظ :من كنت وليه فان عليا، وفي رواية :فهذا وليه .

وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ٩/٣٣٣ (١٣٦٣١) رواه البزار و رجاله ثقات .

وابن أبي عاصم في السنة [ظلال الجنة] ٢/٣٠٦ (١٣٦٧) . عن علي رضي الله عنه .

وأخرجه ابن عساكر في تاريخه ٣٢/١٨٧. عن فاطمة رضي الله عنها .

(1) التيسير بشرح الجامع الصغير ٢/٨٥٥، وفيض القدير شرح جامع الصغير ٦/٢١٧)

(2)(سورة الأحزاب ٦)

(3)(أخرجه البخاري في الصحيح في الكفالة (٢١٧٦) وفي النفقات (٥٠٥٦) ، = =

علامہ مناوی شرح میں فرماتے ہیں:

"لِاَنِّي الْخَلِيْفَةُ الْاَكْبَرُ الْمُمِدُّ لِكُلِّ مَوْجُوْدٍ"(1)

اس لئے کہ میں اللہ عزوجل کا نائب اعظم اور تمام مخلوق الٰہی کا مدد رساں ہوں ﷺ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دنیا اور آخرت میں تمام مسلمانوں کے مددگار ہیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

مَا مِنْ مُؤْمِنٍ اِلَّا وَاَنَا اَوْلٰى بِهٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِقْرَؤُوْا اِنْ شِئْتُمْ ﴿اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ﴾ فَاَيُّمَا مُؤْمِنٍ مَاتَ وَتَرَكَ مَالًا فَلْيَرِثْهُ عَصَبَتُهٗ مَنْ كَانُوْا وَمَنْ تَرَكَ دَيْنًا اَوْ ضِيَاعًا فَلْيَاْتِنِيْ فَاَنَا مَوْلَاهُ.

کوئی مسلمان ایسا نہیں کہ میں دنیا و آخرت میں سب سے زیادہ اس کا والی نہ ہوں تمہارے جی میں آئے تو یہ آیہ کریمہ پڑھو کہ نبی زیادہ والی ہے مسلمانوں کا ان کی جانوں سے تو جو مسلمان مرے اور ترکہ چھوڑے اُس کے وارث اس کے عصبے ہوں اور جو اپنے

= = وفي الفرائض (۶۳۵۰)، و ۶۳۶۴)،وغيرهم، ومسلم في الصحيح في الفرائض (۱۶۱۹)، والترمذي في الجامع ، في الجنائز (۱۰۷۰) ،والنسائي في السنن في الجنائز(۱۹۶۳) ، و في السنن الكبرى ۶۳۷/۱ (۲۰۹۰)،و ۷۵/۴ (۶۳۴۷)، وابن ماجه في السنن ، في الصدقات ،(۲۴۱۵) ،واحمد في مسنده ۲۹۰/۲، و۴۵۳،وابن حبان في الصحيح ۳۳۲/۷(۳۰۶۳) ،و۱۹۲/۱۱(۴۸۵۴) ،والطبراني في الكبير ۳۴۱/۸ (۸۸۱۰) ، والبيهقي في السنن الكبرى ۲۳۸/۶(۱۲۱۵۰) ،و ۴۴/۷ ،و ۵۳ ، و۳۰۲/۱۰،والبغوي في شرح السنة ۲۱۲/۸، ۲۱۳(۲۱۵۴)، وابن الغطريف ۷۴ (۴۳) ،وابن حبان في طبقات المحدثين باصبهان ۱۱۵/۳.

(1)(التيسير ۷۶۵/۱، وفيض القدير ۴۷/۳ ،وعون المعبود ۱۳۸/۹) .

اوپر کوئی دین بے کس بے زر بچے چھوڑے وہ
میری پناہ میں آئے کہ اُس کا مولی میں ہوں۔

البخاري ومسلم والترمذي عن أبي هريرة ، وأبو داود والترمذي عن جابر بن عبدالله رضي الله تعالى عنهم .(1)

امام عینی "عمدة القاری" میں زیر حدیث مذکور فرماتے ہیں:

"اَلْمَوْلٰی النَّاصِرُ"(2). یہاں مولی بمعنی مددگار ہے۔

---

(1)(أخرجه البخاري في الصحيح ،في الاستقراض وأداء الديون والحجر والتفليس (٢٣٩٩)، وفي التفسير ،سورة الأحزاب (٣٥٠٣)،و مسلم في الصحيح ، في الفرائض (١٦١٩)، وأحمد في مسنده ٢/٣٣٣،والدارمي في السنن ٢/٣٣١ (٢٥٩٣)، وابن الجارود في المنتقى ٢٣٠(٩٥٧)، والطبراني في مسند الشاميين ٣/٢٨٦ (٢٣٢١)، وأبو يعلى في مسنده ١١/٢٠٣(٦٣٣٢)،و البغوي في شرح السنة ٨/٣٢٢ (٢٢١٣) ، والبيهقي في السنن الكبرى٦/٢٣٨ (١٢٣٣٨)،و(١٢٣٣٩) ٧/٥٨ (١٣١٣٢) ، وغيرهم . عن أبي هريرة رضي الله عنه .

وأخرجه عبد الرزاق في مصنفه ٨/٢٩١ (١٥٢٦٢)،و ابن الجارود في المنتقى ٨٣ (٢٩٧) ،وأحمد في مسنده ٣/٣٣٨، ومسلم في الصحيح ،في الجمعة (٨٦٧)، وأبو داود في السنن في الخراج والفيء والامارة ، (٢٩٥٤)، و ابن ماجه في السنن في الصدقات (٢٤١٦)، والنسائي في السنن في كتاب صلوة العيدين (١٥٧٨)، و في السنن الكبرى ١/٥٥٠ (١٧٨٦)،و ٣/٣٣٩ (٥٨٩٣)، وابن حبان في الصحيح ٧/٣٣١،٣٣٢ (٣٠٦٢) ، والبيهقي في السنن الكبرى ٦/٣٥١ (١٢٧٧٩)،وغيرهم .
عن جابر بن عبد الله رضي الله عنه .

(2) (عمدة القاري ١٩/١١٥)

تو لاجرم بحکم حدیث صحیح مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ بھی ہر مسلمان کے ولی و مددگار و دافع بلا و مکروہات ہیں، والحمد للہ رب العالمین . اسی لئے شاہ صاحب نے فرمایا:

"حضرت امیر و ذریۂ طاہرہ او۔۔ الخ"۔(1)

اقــــول: عموم حدیث میں حضرات خلفائے ثلاثہ رضی اللہ عنہم بھی داخل اور تخصیص کی اصلا حاجت نہیں کہ ناصر کا منصور سے افضل ہونا کچھ ضرور نہیں۔

قال اللہ تعالی :

﴿وَيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ﴾(2) — مہاجرین اللہ ورسول کی مدد کرتے ہیں۔

وقال اللہ تعالی :

﴿فَاِنَّ اللّٰـهَ هُوَ مَوْلَاهُ وَجِبْرِيْلُ ....الآية ﴾ (3) — نبی ﷺ کا مددگار اللہ ہے اور جبریل و ابوبکر و عمر و ملائکہ علیہم الصلوٰۃ والسلام۔

حدیث (237=177):

کہ فرماتے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم:

اِبْنَتِيْ فَاطِمَةَ حَوْرَاءُ آدَمِيَّةٌ لَمْ تَحِضْ وَلَمْ تَطْمُثْ وَاِنَّمَا سَمَّاهَا فَاطِمَةَ لِاَنَّ اللّٰـهَ تَعَالٰى فَطَمَهَا وَمُحِبِّيْهَا مِنَ النَّارِ. (4)

میری صاحبزادی فاطمہ آدمیوں میں حور ہے کہ نجاستوں کے عارضے جو عورت کو ہوتے

کہ نجاستوں کے عارضے جو عورت کو ہوتے

ہیں ان سے پاک منزہ ہے۔ اللہ عزوجل نے

---

(1) (تقدم تخرجه) (2)[الحشر ٨] (3)[التحريم :٤]

(4)(أخرجه الخطيب في تاريخه ٣٣١/١٢ ،والصيداوي في معجم الشيوخ ٣٥٩)

وقال الخطيب ليس بثابت. وذكره ابن الجوزي ،والسيوطي وغيرهما في الموضوعات.

اس کا فاطمہ اس لئے نام رکھا کہ اُسے اور اس
سے محبت رکھنے والوں کو آتش دوزخ سے
آزاد فرمایا۔

(الخطیب عن ابن عباس رضي الله عنهما).

غلامان زہرا کو نار سے چھڑایا تو اللہ عزوجل نے مگر نام حضرت زہرا کا ہے۔ فاطمہ چھڑانے والی
آتش جہنم سے نجات دینے والی)۔

" صلى الله على ابيها وعليها وبعلها وابنيها وبارك وسلم ".

امیر المومنین عمر لوگوں کو دوزخ میں گرنے سے روکے ہوئے تھے

حدیث (178=238):

إِنَّ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ
دَعَا أُمَّ كُلْثُومٍ بِنْتَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ
رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا وَكَانَتْ تَحْتَهُ
فَوَجَدَهَا تَبْكِي، فَقَالَ: مَا يُبْكِيكِ ؟
فَقَالَتْ: يَا أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ هٰذَا
الْيَهُودِيُّ تَعْنِي كَعْبَ الْأَحْبَارِ يَقُوْلُ:
إِنَّكَ عَلَى بَابٍ مِنْ أَبْوَابِ جَهَنَّمَ،
فَقَالَ عُمَرُ: مَا شَاءَ اللَّهُ. وَاللَّهِ إِنِّي
لَأَرْجُوْ أَنْ يَكُوْنَ رَبِّي خَلَقَنِي سَعِيْدًا،
ثُمَّ أَرْسَلَ إِلَى كَعْبٍ فَدَعَاهُ، فَلَمَّا

یعنی امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی زوجہ
مقدسہ حضرت ام کلثوم دختر امیر المومنین مولی
علی و بتول رضی اللہ عنہم کو بلایا تو انہیں روتے
پایا سبب پوچھا فرمایا اے امیر المومنین رضی
اللہ عنہ! یہ یہودی کعب احبار رضی اللہ عنہ کہ
اجلہ آئمہ تابعین وعلمائے کتابین واعلم علمائے
توراۃ سے ہیں۔ پہلے یہودی تھے خلافت
فاروقی میں مشرف باسلام ہوئے۔ شاہزادی
کا اس وقت حالت غضب میں انہیں اس لفظ
سے تعبیر فرمانا بر بنائے نازک مزاجی تھا

جَاءَهُ كَعْبٌ، قَالَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ لَا تَعْجَلْ عَلَيَّ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا يَنْسَلِخُ ذُوالْحَجَّةِ حَتّٰى تَدْخُلَ الْجَنَّةَ، فَقَالَ عُمَرُ: أَيُّ شَيْءٍ هٰذَا مَرَّةً فِي الْجَنَّةِ، وَمَرَّةً فِي النَّارِ؟ فَقَالَ: يَا أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنَّا لَنَجِدُكَ فِي كِتَابِ اللّٰهِ عَلَى بَابٍ مِنْ أَبْوَابِ جَهَنَّمَ، تَمْنَعُ النَّاسَ أَنْ يَقَعُوا فِيهَا فَإِذَا مِتَّ لَمْ يَزَالُوا يَقْتَحِمُونَ فِيهَا إِلَى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ. (1)

"وحسبنا الله ونعم الوكيل ولا حول ولا قوة إلا بالله رب عمر الجليل".

"ابن سعد في طبقاته وأبو القاسم بن بشران في أماليه عن سعد الجاري مولى عمر رضي الله عنه".

کہ لازمہ شاہزادی ہے رضی اللہ عنہم اجمعین۔ یہ کہتا ہے کہ آپ جہنم کے دروازوں سے ایک دروازے پر ہیں۔ امیر المومنین نے فرمایا جو خدا چاہے، خدا کی قسم! بے شک مجھے امید ہے کہ میرے رب نے مجھے سعید پیدا کیا ہو پھر حضرت کعب کو بلا بھیجا انہوں نے حاضر ہو کر عرض کی امیر المومنین مجھ پر جلدی نہ فرمائیں قسم اُس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے ذی الحجہ کا مہینہ ختم نہ ہونے پائے گا کہ آپ جنت میں تشریف لے جائیں گے۔ فرمایا یہ کیا بات کبھی جنت میں کبھی نار میں عرض کی یا امیر المومنین قسم اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے آپ کو کتاب اللہ میں جہنم کے دروازوں سے ایک دروازے پر پاتے ہیں کہ آپ لوگوں کو جہنم میں گرنے سے روکے ہوئے ہیں جب آپ انتقال فرمائیں گے قیامت تک لوگ نار میں گرا کریں گے۔

بھلا دوزخ میں گرنے سے بچانا دافع بلا کا ہے کو ہوا۔

(1)(أخرجه ابن سعد في الطبقات الكبرىٰ ٣/ ٣٣٢ وذكره الحافظ في الفتح وفي = =

فاروق اعظم فرماتے ہیں زمین کے مالک ہم ہیں

حدیث ﴿239=179﴾:

معانی الآثار امام طحاوی میں ہے:

”حدثنا بن مرزوق قال لنا أزهر السمان عن بن عون عن محمد قال:

قَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَنَا رِقَابُ الْأَرْضِ .(1)

یعنی امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا زمین کے مالک ہم ہیں۔

عثمان غنی سے استعانت فرمانا

حدیث ﴿240=180﴾:

بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى عُثْمَانَ يَسْتَعِينُهُ فِي جَيْشِ الْعُسْرَةِ فَبَعَثَ إِلَيْهِ عُثْمَانُ بِعَشَرَةِ آلَافِ دِينَارٍ. (2).

یعنی جب حضور اقدس ﷺ نے غزوہ تبوک کیلئے لشکر اسلام کو تیاری کا حکم دیا۔ مسلمانوں پر بہت حالت تنگی و عسرت تھی اس باب میں حضور اقدس ﷺ نے امیر المومنین عثمان غنی

= = كتاب الفتن بباب :الفتنة التي تموج كموج البحر ۳ /۵۰ وعزاه إلى الخطيب في الرواة عن مالك ، والمتقي في كنز العمال ۷۹۳/۱۳ (۳۵۷۸۷)، وعزاه إلى ابن سعد وبن بشران في أماليه .

(1)(أخرجه الطحاوي في شرح معاني الآثار بباب :احياء الأرض الميتة ، ۲۷۰/۳(۳۹۸).

(2) (أخرجه ابن عدي في الكامل ۳۳٦/۱ في ترجمة : إسحاق بن إبراهيم ،وأبو نعيم في فضائل الخلفاء الراشدين ۷۳، وابن عساكر في تاريخه ٦۵/۳۹، والمتقي في كنز العمال ۳۸/۳ وعزاه إلى ابن عدي والدارقطني وأبو نعيم في فضائل الصحابة و ابن عساكر .

رضی اللہ عنہ سے استعانت فرمائی ان سے مدد
چاہی ذوالنورین رضی اللہ عنہ نے دس ہزار
اشرفیاں حاضر کیں۔

حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عثمان! اللہ تیری چھپی اور ظاہر خطائیں اور آج سے قیامت تک جو کچھ تجھ سے واقع ہو سب کی مغفرت فرمائے۔ اس کے بعد عثمان کو کچھ پرواہ نہیں کوئی عمل کرے۔" ابن عدي والدارقطني وأبو نعيم في فضائل الصحابة رضي الله عنهم عن حذيفة بن اليمان رضي الله عنهما".

کیوں وہابی صاحبو! غیر خدا سے استعانت شرک تو نہیں۔ ﴿إِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ﴾ کے کیا معنی کہتے ہو۔

حدیث (241=181):

ایک مصری نے امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کی:

يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِذٌ بِكَ مِنَ الظُّلْمِ. امیر المومنین میں حضور کی پناہ لیتا ہوں ظلم سے۔

امیر المومنین نے فرمایا:

عُذْتَ مَعَاذًا. تو نے بچی جائے پناہ کی پناہ لی۔

ہمارا مطلب تو حدیث کے اتنے ہی لفظوں سے ہو گیا۔ پناہ لینے والوں نے امیر المومنین کی دوہائی دی اور امیر المومنین نے اپنی بارگاہ کو بچی جائے پناہ فرمایا۔

مگر تتمہ حدیث بھی ذکر کریں کہ اس میں امیر المومنین کے کمال عدل کا ذکر ہے۔

عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ مصر پر امیر المومنین کے صوبیدار تھے۔ یہ فریادی مصری

عرض کرتا ہے کہ میں نے ان کے صاحبزادے کے ساتھ دوڑ کی میں آگے نکل گیا، صاحبزادے نے مجھے کوڑے مارے اور کہا میں دو معزز و کریم والدین کا بیٹا ہوں۔ اس فریاد پر امیر المومنین نے فرمان نافذ فرمایا کہ عمرو بن العاص مع اپنے بیٹے کے حاضر ہوں، حاضر ہوئے۔ امیر المومنین نے مصری کو حکم دیا کوڑا لے اور مار اُس نے بدلہ لینا شروع کیا اور امیر المومنین فرماتے جاتے ہیں مارو دو کریموں کے بیٹے کو۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں خدا کی قسم! جب اس فریادی نے مارنا شروع کیا ہے ہمارا جی یہ چاہتا تھا کہ یہ مارے اور اپنا عوض لے۔ اُس نے یہاں تک مارا کہ ہم تمنا کرنے لگے کاش اب ہاتھ اُٹھالے۔

جب مصری فارغ ہوا امیر المومنین نے فرمایا اب یہ کوڑا عمرو بن عاص کی چندیا پر رکھ (یعنی وہاں کے حاکم تھے) اُنہوں نے کیوں نہ دادرسی کی بیٹے کا کیوں لحاظ پاس کیا) مصری نے عرض کی یا امیر المومنین ان کے بیٹے ہی نے مجھے مارا تھا، اُس سے میں عوض لے چکا، امیر المومنین نے عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے فرمایا:

مُذْ كَمْ تَعَبَّدْتُمُ النَّاسَ وَقَدْ وَلَدَتْهُمْ أُمَّهَاتُهُمْ أَحْرَارًا ؟(1)

تم لوگوں نے بندگانِ خدا کو کب سے اپنا غلام بنالیا حالانکہ وہ ماں کے پیٹ سے آزاد پیدا ہوئے تھے۔

عمرو رضی اللہ عنہ نے عرض کی یا امیر المومنین نہ مجھے کوئی خبر ہوئی نہ یہ شخص میرے پاس فریادی آیا۔
ابن عبدالحكم عن أنس رضي الله عنه .

---

(1) (أخرجه أبو القاسم ابن عبد الحكم في فتوح مصر وأخبارها ١٨٣، وذكره السيوطي في جامع الكبير ٢٥/٢٧٠،٢٧١ والمتقي في كنز العمال ١٢/٣٣٠ وعزاهما إلى ابن عبد الحكم .

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا خط کہ فریاد کو پہنچو

حدیث ﴿182=242﴾:

خلافت فاروقی رضی اللہ عنہ میں ایک سال مدینہ طیبہ میں قحط عظیم پڑا، اس سال کا "عام الرمادۃ" نام رکھا گیا۔ یعنی ہلاکت وتباہی جان ومال کا سال۔

امیر المومنین نے عمرو بن عاص کو مصر میں فرمان بھیجا یہ شقہ ہے، بندہ خدا عمر امیر المومنین کی طرف سے ابن عاص کے نام۔

سَلَامٌ اَمَّا بَعْدُ فَلَعَمْرِيْ يَا عَمْرُو اَمَا تُبَالِيْ اِذَا شَبِعْتَ اَنْتَ وَمَنْ مَّعَكَ اَنْ اَهْلِكَ اَنَا وَمَنْ مَّعِيَ، فَيَاغَوْثَاهُ! ثُمَّ يَاغَوْثَاهُ يُرَدِّدُ قَوْلَهُ.

سلام کے بعد واضح ہو مجھے اپنی جان کی قسم! اے عمرو! جب تم اور تمہارے ملک والے سیر ہوں تو تمہیں کچھ پرواہ نہیں، کہ میں اور میرے ملک والے ہلاک ہو جائیں اے فریاد کو پہنچ اے فریاد کو پہنچ۔

اور اس کلمے کو بار بار تحریر فرمایا۔ عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے جواب حاضر کیا یہ عرضی بندہ خدا امیر المومنین کو عمرو بن عاص کی طرف سے:

اَمَّا بَعْدُ فَيَا لَبَّيْكَ ثُمَّ يَا لَبَّيْكَ وَقَدْ بَعَثْتُ اِلَيْكَ بِعِيْرًا اَوَّلُهَا عِنْدَكَ وَ آخِرُهَا عِنْدِيْ، وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ.

بعد سلام معروض حضور میں بار بار خدمت کو حاضر ہوں پھر بار بار خدمت کو حاضر ہوں میں نے حضور میں وہ کارواں روانہ کیا ہے جس کا اول حضور کے پاس ہو گا اور آخر میرے پاس اور حضور پر سلام اور اللہ عزوجل کی رحمت اور برکتیں۔

عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے ایسا ہی کارواں حاضر کیا کہ مدینہ طیبہ سے مصر تک یہ تمام منزل ہائے دور دراز اونٹوں سے بھری ہوئی تھیں۔

یہاں سے وہاں تک ایک قطار تھی جس کا پہلا اونٹ مدینہ طیبہ میں تھا اور پچھلا مصر میں سب پر اناج تھا امیر المومنین نے وہ تمام اونٹ تقسیم فرما دیئے ہر گھر کو ایک ایک اونٹ مع اپنے بار کے دیا ہوا کہ اناج کھاؤ اور اونٹ ذبح کر کے اُس کا گوشت کھاؤ۔ چربی کھاؤ کھال کے جوتے بناؤ۔ جس کپڑے میں اناج بھرا تھا اس کا لحاف وغیرہ بناؤ۔

یوں اللہ عزوجل نے لوگوں کی مشکل دفع کی امیر المومنین حمد بجا لائے۔

" ابن خزيمة في صحيحه والحاكم في المستدرك والبيهقي في السنن عن أسلم مولى عمر رضي الله عنه، وابن عبدالحكم، واللفظ له، عن الليث بن سعد ".(1)

وہابیہ کے نزدیک مولیٰ علی خدائی بول بول رہے ہیں

حديث (243=183):

حضور سید عالم تو سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم، حضور کے نائب کریم علی المرتضیٰ امیر المومنین کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم فرماتے ہیں:

---

(1) أخرجه ابن خزيمة في الصحيح ٤/ ٦٨(٢٣٦٧)، والحاكم في المستدرك ١/ ٤٠٥، وفي نسخة ١/ ٥٤٣ (١٤٧٧)، والبيهقي في السنن الكبرى ٦/ ٣٥٤، ٣٥٥ (١٢٧٩٥، ١٢٧٩٦)، وابن سعد في طبقات الكبرىٰ ٣/ ٣١٠، وأبو القاسم ابن الحكم في فتوح مصر وأخبارها ١٧٧، ١٧٨، وذكره المتقي في كنز العمال ١٢/ ٦٠٩، ٦١٠ (٣٥٨٨٩) و ٦١٤، ٦١٥(٣٥٩٠٦)، لفظ له.

وقال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط مسلم و لم يخرجاه.

إِنِّيْ لَأَسْتَحْيِيْ مِنَ اللّٰهِ أَنْ يَكُوْنَ ذَنْبٌ أَعْظَمُ مِنْ عَفْوِيْ أَوْ جَهْلٌ أَعْظَمُ مِنْ حِلْمِيْ أَوْ عَوْرَةٌ لَا يُوَارِيْهَا سَتْرِيْ أَوْ خُلَّةٌ لَا يَسُدُّهَا جُوْدِيْ .(1)

بے شک مجھے اللہ عزوجل سے شرم آتی ہے کہ کسی کا گناہ میری صفت مغفرت سے بڑھ جائے وہ گناہ کرے اور میری مغفرت اُس کی بخشش میں تنگی کرے۔ کہ میں نہ بخش سکوں، یا کسی کی جہالت میرے علم سے زائد ہو جائے کہ وہ جہل سے پیش آئے اور میں حلم سے کام نہ لے سکوں۔ یا کسی شرم کی بات کو میرا پردہ نہ چھپائے یا کسی حاجتمندی کو میرا کرم بند نہ فرمائے۔

ابن عساكر عن مجالد عن الشعبي عن علي كرم الله تعالى وجهه .

وہابیو! دیکھا تم نے محبوبان خدا کا احسان اُن کا غفران ان کی حاجت برآری اُن کی شان ستاری "اَللّٰهُمَّ انْفَعْنَا بِفَضْلِهِمْ وَعَفْوِهِمْ وَحِلْمِهِمْ وَجُوْدِهِمْ وَكَرَمِهِمْ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ" آمین۔

حدیث (244=184):

فرماتے ہیں کرم اللہ وجہہ:

مَا أَدْرِيْ أَيُّ النِّعْمَتَيْنِ أَعْظَمُ عَلَيَّ مِنَّةً

بے شک میں نہیں جانتا کہ ان دو نعمتوں میں

---

(1) (أخرجه الخطيب في تاريخه ١/٣٨٩ ،وابن عساكر في تاريخه ٣٢/٥١٧ ،و ذكره المتقي في كنز العمال [illegible] (٣٦٣٦٣) .

مِنْ رَبِّي رَجُلٍ بَذَلَ مُصَاصَ وَجْهِهٖ إِلَيَّ فَرَآنِيْ مَوْضِعًا لِحَاجَتِهٖ وَأَجْرَى اللّٰهُ قَضَاءَ هَا أَوْيُسْرَهُ عَلٰى يَدَيَّ وَلَأَنْ أَقْضِي لِامْرِءٍ مُسْلِمٍ حَاجَةً أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ مَلَاءِ الْأَرْضِ ذَهَبًا وَفِضَّةً .(1)

کون سی مجھ پر زیادہ احسان ہے میرے رب کی طرف سے کہ ایک شخص میری سرکار کو اپنی حاجت روائی کا محل جان کر اپنا معزز منہ میرے سامنے لائے اور اللہ تعالی اس کی حاجت کو روا ہونا اس کی آسانی میرے ہاتھ پر رواں فرمائے یہ تمام روئے زمین بھر کر سونا چاندی ملنے سے مجھے زیادہ محبوب ہے۔ کہ میں کسی مسلمان کی حاجت روا فرمادوں۔

أبو الغنائم النرسي في كتاب قضاء الحوائج عنه رضي الله تعالى عنه .

حسان رضی اللہ عنہ نے مسلمانوں کو شفادی

حدیث (245=185):

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

هَجَاهُمْ حَسَّانُ فَشَفٰى وَاشْتَفٰى .

حسان نے کافروں کی ہجو کی تو شفادی، شفا لی

رواه مسلم عن أم المؤمنين رضي الله عنهما (1).

---

(1)(ذكره السيوطي في جامع الكبير ٣٢/٦٨(٣٣٧٣١) ، والمتقي في كنز العمال ٦/٥٩٧ (١٧٠٣٩) ، وعزاه إلى أبو الغنائم النرسي .

(1)(أخرجه مسلم في الصحيح ، في فضائل حسان بن ثابت رضي الله عنه (٢٤٩٠) ، و البيهقي في السنن الكبرى ١٠/٢٣٨، وفي الدلائل ٥/٥٠.٥١ ، وأبو نعيم في معرفة الصحابة ٢/٣٠.٣١(٢٢٢٨) والطبراني في الكبير ٤/٣٨ (٣٥٨٤) وابن عساكر في تاريخه ١٢/٣٠١.٣٠٣ وعبد الغني المقدسي في أحاديث الشعر ١٧(٣١) .

حدیث ﴿186=246﴾:

جب کفار قریش نے شان اقدس وارفع حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم میں اشعار گستاخی بکے، عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کو حکم جواب ہوا انہوں نے جواب دیا حضور نے ناکافی پایا پھر حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کو ارشاد ہوا اُن کا جواب بھی پسند خاطر اقدس نہ آیا۔

پھر حسان رضی اللہ عنہ کو ارشاد ہوا انہوں نے کفار کی ہجو کہی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

لَقَدْ شَفَيْتَ يَاحَسَّانُ وَاشْتَفَيْتَ. (1) اے حسان! تم نے شفا دی، اور شفا لی۔

ابن عساكر عن أبي سلمة بن عبدالرحمن رضي الله عنهما.

حدیث ﴿187=247﴾:

حسان رضی اللہ عنہ ام المومنین صدیقہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر آئے۔

ام المومنین نے ان کے لئے مسند بچھوائی عبدالرحمٰن بن ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہما نے گزارش کی آپ انہیں مسند پر بٹھاتی ہیں۔ "وَقَدْ قَالَ: مَا قَالَ؟" ام المومنین نے فرمایا:

إِنَّهُ كَانَ يُجِيبُ عَنْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَشْفِي صَدْرَهُ مِنْ أَعْدَائِهِ. یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے جواب دیا کرتے اور رنج اعدا سے سینہ اقدس کو شفا دیتے۔

ابن عساكر عن عطاء بن أبي رباح [يقول: دخل حسان بن ثابت على عائشة]. (2)

---

(1)(أخرجه ابن عساكر في تاريخه ۱۲/۳۹۲ . ۳۹۳ ، وذكره المتقي في كنز العمال ۱۲/۳۴۲ (۳۴۹۵۸).

(2)(أخرجه إسحاق بن راهويه في مسنده ۳/۶۴۱ (۱۲۲۴)، وابن عساكر في تاريخه ۱۲/۳۹۱ ، وذكره المتقي في كنز العمال (۳۴۹۵۵).

اسلام کوانصار نے پالا

حدیث (248=188):

کہ فرماتے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم:

أَكْرِمُوْا الْأَنْصَارَ فَإِنَّهُمْ رَبَّوُا الْإِسْلَامَ كَمَا يُرَبَّى الْفَرْخُ فِيْ وَكْرِهٖ.

انصار کی عزت کرو کہ انہوں نے سلام کو پالا ہے۔ جس طرح پرند کا پٹھا آشیانے میں پالا جاتا ہے۔

والدارقطني في الأفراد والديلمي عن أنس رضي الله عنه .(1)

(1) أخرجه الديلمي في الفردوس ۱/۷۵ (۲۲۳)، وابن الجوزي في الموضوعات ۲/۳۹، وابن عراق في تنزيه الشريعة المرفوعة ۲/۴، والسيوطي في اللآلئ ۱/۴۳، وذكره المتقي في كنز العمال ۱۲/۹ (۳۳۷۲۴)، وعزاه إلى الدارقطني في الأفراد والديلمي وابن الجوزي في الواهيات .

قلت: وفيه وليد بن محمد الموقري، وهو متهم .

وصل سوم

احادیث متعلقہ بملائکہ کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام

جبریل علیہ الصلوٰۃ والسلام دعائیں قبول کرتے اور حاجتیں روا فرماتے ہیں،

حدیث ﴿189=249﴾:

کہ فرماتے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم:

إِنَّ الْعَبْدَ الْمُؤْمِنَ لَيَدْعُوا اللّٰهَ تَعَالَى فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالَى لِجِبْرِيْلَ لَا تُجِبْهُ فَإِنِّيْ أُحِبُّ أَنْ أَسْمَعَ صَوْتَهٗ وَإِذَا دَعَاهُ الْفَاجِرُ، قَالَ يَا جِبْرِيْلُ: اَقْضِ حَاجَتَهٗ فَإِنِّيْ لَا أُحِبُّ أَنْ أَسْمَعَ صَوْتَهٗ.

بے شک بندہ مومن اللہ عزوجل سے دعا کرتا ہے تو رب جل وعلا جبریل علیہ الصلوٰۃ والسلام سے فرماتا ہے اس کی دعا قبول نہ کر، میں اس کی آواز سننے کو دوست رکھتا ہوں اور جب فاجر دعا کرتا ہے۔ رب جل جلالہ فرماتا ہے اے جبریل اس کی حاجت روا کردے کہ میں اس کی آواز سننا نہیں چاہتا۔

ابن النجار عن أنس بن مالك رضي الله عنه (1)

اس حدیث سے واضح کہ جبریل علیہ الصلوٰۃ والسلام دعائیں قبول کرتے، حاجتیں روا فرماتے ہیں۔ دین وہابیت میں اس سے بڑھ کر اور کیا شرک ہوگا۔

---

(1) (ذكره السيوطي في جامع الكبير ۷/۳۸۵ (۲۵۲۳)، وعلي المتقي في كنز العمال ۲/۸۵، و ۲۰۰ (۳۲۶۱)، و (۴۹۰۵)، وعزاه كلاهما إلى ابن النجار .

حدیث ﴿250=190﴾:

کہ فرماتے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم:

إِنَّ لِلّٰهِ مَلَائِكَةً مُوَكَّلِيْنَ بِأَرْزَاقِ بَنِيْ آدَمَ قَالَ لَهُمْ أَيُّمَا عَبْدٍ وَجَدْتُمُوْهُ جَعَلَ الْهَمَّ هَمًّا وَاحِدًا فَضَمِّنُوْا رِزْقَهُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَبَنِيْ آدَمَ وَأَيُّمَا عَبْدٍ وَجَدْتُمُوْهُ طَلَبَهُ فَإِنْ تَحَرّٰى الصِّدْقَ [الْعَدْلَ] فَطَيِّبُوْا لَهُ وَيَسِّرُوْا وَإِنْ تَعَدّٰى [إِلٰى غَيْرِ] ذٰلِكَ فَخَلُّوْا بَيْنَهُ وَبَيْنَ مَا يُرِيْدُ ثُمَّ لَا يَنَالُ فَوْقَ الدَّرَجَةِ الَّتِيْ كَتَبَهَا لَهُ. (1)

اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے نبی آدم کے رزقوں پر مؤکل ہیں انہیں اللہ عزوجل کا حکم ہے کہ جس بندے کو ایسا پاؤ کہ سب فکریں چھوڑ کر آخرت کا ہو رہا ہے۔ آسمان و زمین و انسان سب کو اس کے رزق کا ضامن کردو یعنی بے طلب ہر طرف سے اُسے رزق پہنچاؤ اور جسے روزی کی تلاش میں دیکھو وہ اگر راستی کا قصد کرے تو اس کیلئے اس کا رزق پاک و آسان کردو اور جو حد سے بڑھے اُسے اُس کی خواہش پر چھوڑ دو پھر ملے گا تو اتنا ہی جو میں نے اُس کیلئے لکھ دیا ہے۔

للترمذي الأكبر الإمام في النوادر.

متواضعوں کے رتبے فرشتہ بلند کرتا ہے اور متکبروں کو فرشتہ ہلاک کرتا ہے

حدیث ﴿251=191﴾:

کہ فرماتے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم:

---

(1) (أخرجه أبو عبد اللّٰه الحكيم الترمذي في النوادر الأصول ٣٩٥، وفي نسخة: ٢/٣٧، وذكره المتقي في كنز العمال ٢/٣٧ (٩٣٢١)، عزاه إلى الحكيم الترمذي.

مَلَكٌ قَابِضٌ عَلٰى نَاصِيَتِكَ فَإِذَا تَوَاضَعْتَ لِلّٰهِ رَفَعَكَ وَ إِذَا تَجَبَّرْتَ عَلَى اللّٰهِ قَصَمَكَ... وَمَلَكٌ قَائِمٌ عَلٰى فِيْكَ لَا يَدَعُ الْحَيَّةَ تَدْخُلُ فِيْ فِيْكَ.

ایک فرشتہ تیری پیشانی کے بال تھامے ہوئے ہے جب تو اللہ عزوجل کے لئے تواضع کرے تجھے بلندی بخشتا ہے اور جب تو اس پر معاذ اللہ تکبر کرے تجھے توڑ ڈالتا ہلاک کر دیتا ہے اور ایک فرشتہ تیرے منہ پر کھڑا ہے کہ سانپ کو تیرے منہ میں نہیں جانے دیتا۔

ابن جرير عن كنانة العدوي رضي الله عنه، هذا مختصر. (1)

سانپ سے فرشتہ بچاتا ہے

دیکھو! متواضعوں کو فرشتہ بلند قدری دیتا ہے، متکبروں کو فرشتہ ہلاک کرتا ہے اور کیوں صاحبو! یہ فرشتہ جو منہ کی حفاظت کر رہا ہے دافع البلا تو نہ ہوا، شاید دفع بلا اس کا نام ہوگا کہ وہ چھوڑ دے کہ سانپ تمہارے منہ میں گھس جائے۔

فرشتہ نگہبانی کرتا ہے

حدیث ﴿252=192﴾:

کہ فرماتے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم:

إِنَّ ابْنَ آدَمَ لَفِيْ غَفْلَةٍ مِمَّا خُلِقَ لَهُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ لَهُ... وَيَبْعَثُ إِلَيْهِ مَلَكًا آخَرَ فَيَحْفَظُهُ حَتّٰى يُدْرِكَ. (2)

آدم زاد اُس کام سے غافل ہے جس کے لئے پیدا کیا گیا اور اللہ تعالیٰ فرشتہ بھیجتا ہے کہ وقت پہنچنے تک اس کا نگہبان رہتا ہے۔

---

(1) أخرجه ابن جرير في تفسيره، الرعد ۱۱، ۷/۳۵۰.

(2) أبو نعيم في حلية الأولياء ۳/۱۹۰ وذكره ابن كثير في تفسيره، الإنشقاق ۱۹ ==

ابنا ابو حاتم والدنيا وابو نعيم عن جابر رضي الله عنه هذا مختصر.

حدیث فرماتی ہے کہ تمام دنیا کے آنکھ کان گوشت پوست، صورت سب فرشتوں کے بنائے ہوئے ہیں۔

حدیث (253=193):

صحیح مسلم شریف میں حذیفہ بن اسید رضی اللہ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

إِذَا مَرَّ بِالنُّطْفَةِ اِثْنَتَانِ وَأَرْبَعُونَ لَيْلَةً بَعَثَ اللّٰهُ إِلَيْهَا مَلَكًا فَصَوَّرَهَا وَ خَلَقَ سَمْعَهَا وَبَصَرَهَا وَجِلْدَهَا وَ لَحْمَهَا وَعِظَامَهَا... الحديث.(1)

جب نطفے پر بیالیس راتیں گزرتی ہیں اللہ تعالی اُس کی طرف فرشتہ بھیجتا ہے وہ آ کر اس کی صورت بناتا، کان، آنکھ، کھال، گوشت اور ہڈیاں خلق کرتا ہے۔

انہیں کی دوسری روایت میں ہے:

يَتَصَوَّرُ عَلَيْهَا الْمَلَكُ قَالَ: زُهَيْرٌ حَسِبْتُهُ قَالَ: الَّذِيْ يَخْلُقُهَا.(2)

فرشتہ آ کر اس پر گرتا ہے راوی نے کہا میرے خیال میں حدیث کے لفظ یہ ہیں کہ وہ فرشتہ جو اُسے خلق کرتا ہے۔

= =۴/۳۰ وعزاه إلى ابن أبي حاتم والسيوطي في الدر المنثور ق ۱۲، ۷/۲۰۰، وعزاه إلى ابن أبي الدنيا في ذكر الموت وابن أبي حاتم وأبو نعيم في الحلية).

(1)(أخرجه مسلم في الصحيح ۲/۳۳۳(۲۶۴۵) والطحاوي في مشكل الآثار ۳/ ۲۷۹، والطبراني في الكبير ۳/۱۷۸(۳۰۴۴) والبيهقي في السنن الكبرى ۷/۴۲۲ (۱۵۲۰۱).

(2)(أخرجه مسلم في الصحيح ۲/۳۳۳(۲۶۴۵) .

انہیں کی تیسری روایت میں ہے:

إِنَّ مَلَكًا مُوَكَّلًا بِالرَّحِمِ إِذَا أَرَادَ اللّٰهُ أَنْ يَخْلُقَ شَيْئًا بِإِذْنِ اللّٰهِ.... الحديث. (1)

بے شک عورتوں کے رحم پر ایک فرشتہ متعین ہے۔ جب اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ وہ فرشتہ باذن الٰہی کچھ خلق کرے۔

طبرانی کی روایت میں ہے:

إِنَّ النُّطْفَةَ إِذَا اسْتَقَرَّتْ فِي الرَّحِمِ فَمَضَى لَهَا أَرْبَعُونَ يَوْمًا... جَآءَ مَلَكُ الرَّحِمِ فَصَوَّرَ عَظْمَهُ وَلَحْمَهُ وَدَمَهُ وَشَعْرَهُ وَبَشَرَهُ.(2)

نطفے کو جب رحم میں ٹھہرے چلہ گزر جاتا ہے فرشتہ کہ رحم پر موکل ہے آ کر اس کی ہڈیوں، گوشت، خون، بال اور کھال کی تصویر کرتا ہے

حدیث فرماتی ہے کہ سب کے بدن میں جان فرشتے کی ڈالی ہوئی ہے

حدیث (254=194):

صحیحین بخاری و مسلم وغیرہما میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں بچے کا مادہ آفرینش چالیس دن تک ماں کے پیٹ میں جمع ہوتا ہے پھر اتنے ہی دن جما ہوا خون رہتا ہے پھر اتنے ہی دنوں گوشت کی بوٹی، جب تین چلے گزر لیتے ہیں:

ثُمَّ يُرْسِلُ اللّٰهُ الْمَلَكَ فَيَنْفُخُ فِيهِ الرُّوحَ (3)[هذا لفظ مسلم].

اللہ تعالیٰ اس کی طرف ایک فرشتہ بھیجتا ہے کہ وہ اس میں جان ڈالتا ہے۔

---

(1)(أخرجه مسلم في الصحيح ۲/۳۳۳(۲۶۴۵).

(2)(أخرجه الطبراني في الكبير ۳/۱۷٦ (۳۰۴۱).

(3)(أخرجه البخاري في الصحيح،في بدء الخلق(۳۰۳٦)،وفي الأنبياء (۳۱۵۴) = = =

اللہ عزوجل فرماتا ہے:

﴿هُوَ الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَاءُ﴾(1) اللہ ہے کہ تمہاری تصویر بناتا ہے ماؤں کے پیٹ میں جیسے چاہے۔

اور فرماتا ہے جل وعلا:

﴿هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ﴾(2) کیا کوئی اور بھی خلق کرنے والا ہے۔

اللہ کے سوا یہاں مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم جن کا نام پاک ماحی ہے یعنی کفر وشرک کے مٹانے والے صلی اللہ علیہ وسلم وہ خود صحیح حدیثوں میں فرمارہے ہیں کہ فرشتہ تصویر کرتا ہے فرشتہ صورت بناتا ہے فرشتہ آنکھ، کان، گوشت، استخوان بال، کھال، خون خلق کرتا ہے۔

اور صرف یہی نہیں بلکہ یہ سب کچھ فرشتہ کے ہاتھ سے ہوکر جان بھی فرشتہ ڈالتا ہے، شرک پسند گمراہوں کے نزدیک اس سے بڑھ کر اور کیا شرک ہوگا، والعیاذ باللّٰہ رب العلمین .

جبریل امین علیہ الصلوٰۃ والسلام تو اتنا ہی فرما کر چپ ہورہے تھے:

﴿لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا﴾(3) میں تجھے ستھرا بیٹا دوں۔

= وفي التوحيد (٧٠٤٢)، ومسلم في الصحيح ٣٣٢/٢، و أحمد في مسنده ٣٨٣/١ (٣٦٢٣)، و ٤٣٠ (٤٠٩١)، و أبو داود في السنن (٤٧٠٨)، والترمذي في الجامع (٢٣٣٧)، والطيالسي في مسنده ٣٨ (٢٩٨)، والحميدي في مسنده ٦٩/١ (١٢٦)، وأبو عبد الله الدقاق في مجلس رؤية الله ١٧٦ (٣٠٦)، و أبو نعيم في الحلية ٣٦٥/٧، و ٢٥٨/٨، والبيهقي في السنن الكبرى ٤٢١/٧ و ٢٦٦/١٠، و في الشعب ٢٠٦/١ (١٨٧) وغيرهم .

(1)[آل عمران ٦]

(2)[الفاطر ٣]

(3)[مريم ١٩]

یہاں تو ان سے کم درجہ شخص کے ہاتھوں پر دنیا بھر کے بیٹی بیٹوں کی خلق تصویر ہو رہی ہے۔

احمق جاہلو! اپنے سسکتے ایمان کی جان پر رحم کرو یہ فرق نسبت اٹھانا اقسام اسناد مٹانا خدا جانے تمہیں کن بُرے حالوں پہنچائے گا مسلمانوں کو مشرک بنانا ہنسی کھیل سمجھا ہے۔

فرشتے نیک بات کی توفیق دیتے ٹھیک راستے پر قائم رکھتے ہیں

حدیث ‹195=255›:

کہ فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم:

لَوْ لَمْ اُبْعَثْ فِیْکُمْ لَبُعِثَ عُمَرُ، اَیَّدَ اللّٰهُ [عُمَرَ] بِمَلَکَیْنِ یُوَفِّقَانِهٖ وَیُسَدِّدَانِهٖ فَاِذَا اَخْطَاَ صَرَفَاهُ حَتّٰی یَکُوْنَ صَوَابًا. (1)

[الدیلمي عن أبي بکر الصدیق وأبي هریرة رضي اللّٰه عنهما].

اگر میں تم میں مبعوث نہ ہوتا تو بے شک عمر نبی کر کے بھیجا جاتا۔ اللہ عزوجل نے دو فرشتوں سے عمر کی تائید فرمائی ہے کہ وہ دونوں عمر کو توفیق دیتے اور ہر امر میں اُسے ٹھیک راہ پر رکھتے ہیں اگر عمر کی رائے لغزش کرتی ہے تو وہ فرشتے عمر کو اُدھر سے پھیر دیتے ہیں، تا کہ عمر سے حق ہی صادر ہو۔ رضی اللہ عنہ

---

(1)(أخرجه الدیلمي في الفردوس ۳/۳۱۷ (۱۵۱۷)، وذکره المتقي في کنز العمال ۱۱/۵۸۸(۳۲۷۶۱) لفظ له، وأحمد في فضائل الصحابة ۱/۳۲۸ (۱۷۶۲)، عن عقبة بن عامر، بلفظ: "لو لم أبعث فیکم لبعث عمر بن الخطاب". وابن عدي في الکامل ۳/۱۴۳ وفي نسخة: ۳/۱۵۵، ونحوه، عن بلال بن رباح، أخرجه ابن عدي في الکامل ۳/۲۰۷ وفي نسخة: ۳/۲۲۹، وفي الباب عن أبي سعید الخدري کما في مجمع الزوائد ۹/۶۸ (۱۴۴۳۳) وقال: رواه الطبراني في الأوسط وفیه عبد المنعم بن بشیر وهو ضعیف.

حدیث ﴿256=196﴾:

سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں بے شک عمر کا اسلام عزت تھا اور اُن کی ہجرت فتح ونصرف اوران کی خلافت میں رحمت۔

خدا کی قسم! ہم گرد کعبہ علانیہ نماز نہ پڑھنے پائے جب تک عمر اسلام نہ لائے۔ جب وہ مسلمان ہوئے کافروں سے قتال کیا یہاں تک کہ ہم نے علانیہ گرد کعبہ معظمہ نماز ادا کی:

وَاِنِّيْ لَاَحْسَبُ بَيْنَ عَيْنَيْ [عُمَرَ] مَلَكًا يُسَدِّدُهُ.	اور بے شک میں سمجھتا ہوں کہ عمر کی دونوں آنکھوں کے درمیان ایک فرشتہ ہے۔

کہ انہیں راستی ودرستی دیتا ہے اور بیشک میں سمجھتا ہوں کہ عمر سے شیطان ڈرتا ہے اور جب نیک بندوں کا ذکر ہو تو عمر کا ذکر لاؤ۔ رضی اللہ عنہ

ابن عساکر وقد بعضه أواخر الباب الأول بتخريج اخر غير محدود .(1)

حدیث ﴿257=197﴾:

کہ فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم:

إِذَا جَلَسَ الْقَاضِيْ فِيْ مَكَانِهٖ هَبَطَ عَلَيْهِ مَلَكَانِ يُسَدِّدَانِهٖ وَيُوَفِّقَانِهٖ وَيُرْشِدَانِهٖ	جب قاضی مجلس حکم میں بیٹھتا ہے اس پر دو دو فرشتے اُترتے ہیں کہ وہ اُسے راستی دیتے

---

(1) اخرجه ابن أبي شيبة في المصنف٦/٣٥٤، ٣٥٥، وأحمد في فضائل الصحابة ١/٢٢٧(٣٠٦)، والطبراني في الكبير٩/ ٢٣(٨٨٢٣)، وابن عساكر في تاريخه ٢٢/٢٧، و٢٨٠، و٢٢/٣٧٢،٣، ذكره المتقي في كنز العمال ٢/٥٩٩ (٣٥٨٦٢). وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ٩/٨٢ :رواه الطبراني من طرق وفي بعضها عاصم بن أبي النجود وهو حسن الحديث، وبقية رجالهما رجال الصحيح ، وبعضها منقطع الإسناد ورجالها ثقات .

مَالَمْ يُجِرِ فَإِذَا جَارَ عَرَجَا وَتَرَكَاهُ. (1)	تو فرشتے سیدھی راہ چلاتے ہیں، جب تک حق سے میل نہ کرلے جہاں اُس نے میل کیا فرشتوں نے اُسے چھوڑا اور اُڑ گئے۔

البیهقي عن ابن عباس رضي الله عنهما.

حدیث (258=198):

کہ فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: "جو مسلمان کسی مسلمان کا دل خوش کرتا ہے اللہ عزوجل اُس خوشی سے ایک فرشتہ پیدا کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت وتمجید وتوحید کرتا رہتا ہے جب وہ مسلمان اپنی قبر میں جاتا ہے اُس کے پاس آکر کہتا ہے کیا مجھے نہیں پہچانتا وہ مسلمان پوچھتا ہے تو کون ہے کہتا ہے میں وہ خوشی ہوں جو تو نے فلاں مسلمان کے دل میں داخل کی تھی:

أَنَا الْيَوْمَ أُونِسُ وَحْشَتَكَ وَأُلَقِّنُكَ حُجَّتَكَ وَأُثَبِّتُكَ بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ وَأُشْهِدُكَ مَشَاهِدَكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَأَشْفَعُ لَكَ إِلٰى رَبِّكَ وَأُرِيكَ مَنْزِلَكَ مِنَ الْجَنَّةِ.	آج میں تیرا جی بہلا کر تیری وحشت دور کروں گا میں تجھے تیری حجت سکھاؤں گا میں تجھے نکیرین کے جواب میں حق بات پر ثبات دوں گا میں تجھے محشر کی بارگاہ میں لے جاؤں گا۔ میں تیرے رب کے حضور تیری شفاعت کروں گا تجھے جنت میں تیرا مکان دکھاؤں گا

---

(1) أخرجه البيهقي في السنن ۱۰/۸۸ (۲۰۱۵۳)، وابن سمعون في أماليه ۲۳۸، ۲۳۹ (۲۲۲)، وتمام في فوائده (۲۲۱) وفي روض البسام بترتيب وتخريج فوائد تمام ۲/۲۲، ۲۳ (۲۳۱)، والخطيب في تاريخه ۸/۴۲۷ و ۱۳/۴۱، وفي تلخيص المتشابه في الرسم في ترجمة: يحيى بن يزيد الأشعري، (۲۵۹)، والرافعي في التدوين في أخبار قزوين ۳/۵۰. وإسناده ضعيف.

ابن أبي الدنيا في قضاء الحوائج وأبو الشيخ في الثواب عن الإمام جعفر الصادق عن أبيه عن جده رضي الله عنهم و كرم وجوهم .(1)

حديث (259=199):

کہ فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم:

"بے شک میں کتاب اللہ میں ایک سورت تیس آیتوں کی پاتا ہوں جو اُسے سوتے وقت پڑھے، اللہ عزوجل اس کیلئے تیس نیکیاں لکھے اور اس کے تیس گناہ محو فرمائے اور اس کے تیس درجے بلند کرے:

وَيَبْعَثُ اللّٰهُ إِلَيْهِ مَلَكًا مِنَ الْمَلَائِكَةِ يَبْسُطُ عَلَيْهِ جَنَاحَهُ وَيَحْفَظُهُ مِنْ كُلِّ سُوْءٍ [شَيْءٍ] حَتّٰى يَسْتَيْقِظَ وَهِيَ الْمُجَادِلَةُ تُجَادِلُ عَنْ صَاحِبِهَا فِي الْقَبْرِ، وَهِيَ ﴿تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ﴾....[سورة الملك]. (2)

اللہ عزوجل اس کی طرف ایک فرشتہ بھیجے کہ اپنا بازو اس پر کشادہ رکھے جب تک سو کر اُٹھے وہ فرشتہ اُسے ہر برائی سے محفوظ رکھے وہ سورت مجادلہ ہے اپنے قاری کی طرف سے اُس کی قبر میں جھگڑے گی۔ وہ ﴿تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ﴾ ہے۔

الديلمي عن ابن عباس رضي الله عنهما.

---

(1) أخرجه ابن أبي الدنيا في قضاء الحوائج ٨٦ (١٥ 1) وفي اصطناع المعروف ٦ (١٤٣) والختلي في الديباج ٣٣ (٣٧) وابن الجوزي في البر والصلة ٢٧٣ (٣٣٧).

قلت: فيه: محمد بن محبب وهو متروك.

(2) أخرجه الديلمي في الفردوس ١/٩٥، وذكره السيوطي في الدر المنثور، الملك، ٨/٢٣٣، والمتقي في كنز العمال ١/٣٥٣ (٢٧٠٨).

مسلمان سے غیبت دفع کرنے پر فرشتہ آتش دوزخ سے اُس کا نگہبان ہے

حدیث (260=200):

کہ فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم:

مَنْ حَمٰى مُؤْمِنًا مِنْ مُنَافِقٍ يَعِيْبُهُ بَعَثَ اللّٰهُ لَهُ مَلَكًا يَحْمِيْ لَحْمَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ نَارِ جَهَنَّمَ. (1)

یعنی جب کوئی منافق کسی مسلمان کو پیٹھ پیچھے برا کہہ رہا ہو تو جو شخص اُس منافق سے اس مسلمان کی حمایت کرے اللہ عزوجل اس کیلئے ایک فرشتہ بھیجے کہ آتش دوزخ سے اس کے گوشت کو بچائے۔

احمد وابو داود عن معاذ بن أنس رضي اللّٰه عنه.

---

(1)(أحمد في مسنده ٣ /٤٤١، وابن المبارك في الزهد ٢٣٩ (٦٨٦) ، وأبو داود في السنن في الأدب (٤٨٨٣)، والبخاري في تاريخ الكبير ١/٣٧٧، والبغوي في شرح السنة ١٣/١٠٥ (٣٥٢٧)، وابن شاهين في الترغيب ٢٣٨ (٥٠١)، والطبراني في الكبير ٢٠/١٩٤ (٤٣٣)، وفي مكارم الأخلاق ٣٦ (٣٩)، وأبو نعيم في الحلية ٨/١٨٨، و في صفة النفاق ونعت المنافقين ١٣٦، ١٣٧ (٣٥)، وأبو عبد الله الثقفي في مجلس رؤية اللّٰه ٢٥، ٢٦ (٣)، و٢٩٢ (٦٧٠)، وابن بشران في أماليه ٢٥، ٢٦ (٤٣) و٢٩٢ (٦٧٠) ، والبيهقي في الشعب ٦/١٠٩ (٧٦٣١)، وابن عساكر في تبيين كذب المفتري ٣٢٧، ٣٢٨، وابن أبي الدنيا في الصمت ١٥١ (٢٣٨)، وفي ذم الغيبة والنميمة (٤٠)، والمزي في تهذيب الكمال ٣/٢١٥.

قلت: قال زهير الشاويش والأرناؤط: فيه إسماعيل بن يحيى المعافري لم يوثقه غير ابن حبان وباقي رجاله ثقات.

حضرت جعفر طیار کو جبریل امین نے جنت میں زیادہ مرتبہ عطا کیا

حدیث (201=261):

کہ فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم:

رَأَیْتُ جَعْفَرًا مَلَكًا یَطِیْرُ فِی الْجَنَّةِ تَدْمِیْ قَادِمَتَاهُ وَرَأَیْتُ زَیْدًا دُوْنَ ذٰلِكَ فَقُلْتُ مَا كُنْتُ أَظُنُّ أَنَّ زَیْدًا دُوْنَ جَعْفَرٍ [فَأَتَاهُ جِبْرَائِیْلُ فَقَالَ] فَقَالَ جِبْرَئِیْلُ إِنَّ زَیْدًا لَیْسَ بِدُوْنِ جَعْفَرٍ، وَلٰكِنَّا فَضَّلْنَا جَعْفَرًا لِقَرَابَتِهٖ مِنْكَ.

میں نے جعفر طیار رضی اللہ عنہ کو ملاحظہ فرمایا کہ فرشتہ بن کر جنت میں اُڑ رہے ہیں اوران کے بازوؤں کے اگلے دونوں شہپروں سے خون رواں ہے اور زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو میں نے ان سے کم مرتبہ پایا میں نے فرمایا مجھے گمان نہ تھا کہ زید کا مرتبہ جعفر سے کم ہوگا جبریل امین علیہ الصلوٰۃ والسلام نے عرض کی زید جعفر سے کم نہیں مگر ہم نے جعفر کا مرتبہ زید سے بڑھا دیا ہے اس لئے کہ وہ حضور سے قرابت رکھتے ہیں۔

ابن سعد عن محمد بن عمرو بن علي، مرسلا (1).

طلحہ رضی اللہ عنہ کو جبریل امین قیامت کے ہر ہول سے بچالیں گے

حدیث (201=262):

طلحہ بن عبید اللہ " أحد العشرة المبشرة " رضی اللہ تعالیٰ عنہم فرماتے ہیں کہ:

---

(1) ابن سعد في الطبقات الكبرى ۳۸/۴، وابن عساكر في تاريخه ۳۶۹/۱۱، وذكره المتقي في كنز العمال ۷۳۵/۱۱ (۳۳۱۶۳).

روزِ اُحد میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کندھیاں لے کر ایک چٹان پر بٹھا دیا، کہ مشرکین سے آڑ ہوگئی۔

سیدِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے پس پشت دست مبارک سے ارشاد فرمایا:

هٰذَا جِبْرِيْلُ يُخْبِرُنِيْ اَنَّهٗ لَا يَرَاكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْ هَوْلٍ اِلَّا اَنْقَذَكَ مِنْهُ.(1) [ابن عساكر رضي الله عنه.]

یہ جبریل مجھے خبر دے رہے ہیں کہ اے طلحہ! وہ روز قیامت تمہیں جس کسی دہشت میں دیکھیں گے، اس سے تمہیں چھڑا دیں گے۔

حدیث (263=203):

جب امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو ابولولوہ مجوسی خبیث نے خنجر مارا اور امیر المومنین نے مشورے کا حکم دیا (کہ میرے بعد عثمان غنی و علی مرتضٰی و طلحہ و زبیر و عبدالرحمٰن بن عوف سعید بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم چھ صاحبوں سے مسلمان جسے مناسب تر جانیں خلیفہ بنائیں)۔

حضرت ام المومنین حفصہ رضی اللہ عنہا خدمت امیر المومنین میں آئیں اور کہا اے باپ میرے! بعض لوگ کہتے ہیں یہ چھ شخص پسندیدہ نہیں، امیر المومنین نے فرمایا مجھے تکیہ لگا کر بٹھا دو بٹھائے گئے ارشاد فرمایا علی کی شان میں کیا کہہ سکتے ہیں۔

میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا اے علی! اپنا ہاتھ میرے ہاتھ میں لا تو روز قیامت میرے ساتھ میرے درجے میں داخل ہوگا۔ بھلا عثمان کی شان میں کیا کہہ سکتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا جس دن عثمان انتقال کرے گا آسمان کے فرشتے

---

(1)(اخرجه الطبراني في الكبير ١/١٢٦ (٢١٣)، وابن مخلد في حديثه عن شيوخه [مجموع فيه عشرة أجزاء حديثية ٢٣٩](٥٩) ،والمقدسي في المختارة (٨٦)، وأبو نعيم في الحلية ٢/٣٧٣، ٣٧٤، وابن عساكر في تاريخه ٢٥/٧٠،٧١).

اُس پر نماز پڑھیں گے میں نے عرض کی یا رسول اللہ یہ فضیلت خاص عثمان کیلئے ہے یا ہر مسلمان کے لئے فرمایا خاص عثمان کیلئے۔

طلحہ بن عبید اللہ کو کیا کہیں گے؟۔

ایک رات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا کجاوا پشت مرکب سے گر گیا تھا۔

میں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کون ہے کہ میرا کجاوا ٹھیک کر دے، اور جنت لے یہ سنتے ہی طلحہ دوڑے اور کجاوا درست کر دیا۔

حضور پُر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سوار ہوئے اور ان سے ارشاد فرمایا۔

زبیر رضی اللہ عنہ کے چہرے کو جبریل امین دوزخ کی اُڑتی چنگاری سے محفوظ رکھیں گے

يَا طَلْحَةُ هٰذَا جِبْرِيْلُ يُقْرِئُكَ السَّلَامَ وَيَقُوْلُ أَنَا مَعَكَ فِيْ أَهْوَالِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ حَتّٰى أُنْجِيَكَ مِنْهَا.

اے طلحہ! یہ جبریل ہیں تجھے سلام کہتے ہیں کہ میں قیامت کے ہولوں میں تمہارے ساتھ رہوں گا، یہاں تک کہ ان سے تمہیں نجات دوں گا۔

زبیر بن عوام کو کیا کہیں گے؟ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ حضور آرام فرماتے تھے زبیر بیٹھے پنکھا جھلتے رہے۔

یہاں تک کہ محبوب رب العالمین صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہوئے فرمایا اے ابو عبید اللہ (زبیر رضی اللہ عنہ کی کنیت ہے) کیا جب سے تو جھل رہا ہے عرض کی میرے ماں باپ حضور پر نثار جب سے برابر جھل رہا ہوں۔

سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

هٰذَا جِبْرِيْلُ يُقْرِئُكَ السَّلَامَ وَيَقُوْلُ أَنَا مَعَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى أَذُبَّ عَنْ وَجْهِكَ شَرَرَ جَهَنَّمَ.

یہ جبریل ہیں تجھے سلام کہتے ہیں اور بیان کرتے ہیں کہ میں روز قیامت تمہارے ساتھ رہوں گا۔ یہاں تک کہ تمہارے چہرے سے جہنم کی اُڑتی چنگاریاں دور کردوں گا۔

سعد بن ابن وقاص کو کیا کہیں گے؟

میں نے روز بدر دیکھا سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے چودہ بار اُن کی کمان چلہ باندھ کر انہیں عطا کی اور فرمایا تیر مار تیرے قربان میرے ماں باپ۔

عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے ارشاد فرمایا ''خدا تیرے دنیا کام بنادے تیری آخرت تو خود میرے ذمہ ہے''

عبدالرحمٰن بن عوف کو کیا کہیں گے؟

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا حضور حضرت خاتون جنت رضی اللہ عنہا کے یہاں تشریف فرما تھے۔ دونوں صاحبزادے رضی اللہ عنہما بھوک کے روتے بلکتے تھے۔

سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ کون ہے؟ کہ کچھ ہماری خدمت میں حاضر کرے اس پر عبدالرحمٰن بن عوف حیس (کہ خرمائے برآوردہ کو باریک کوٹ کر گھی میں گوندھتے ہیں) اور دو روٹیاں کہ ان کے بیچ میں روغن رکھا تھا لے کر حاضر ہوئے۔

رحمت عالم ﷺ نے فرمایا:

كَفَاكَ اللّٰهُ أَمْرَ دُنْيَاكَ فَأَمَّا آخِرَتَكَ فَأَنَا لَهَا ضَامِنٌ.

اللہ تعالیٰ تیرے دنیا کے کام درست کردے اور تیری آخرت کا معاملہ کا تو میں ذمہ دار ہوں

معاذ بن المثنى في زيادات مسند مسد د، والطبراني في الأوسط، وأبو نعيم في

فضائل الصحابة، وأبو بكر الشافعي في الغيلانيات، وأبو الحسن بن بشران في فوائده،والخطيب في تلخيص المتشابه، وابن عساكر في تاريخ دمشق ، والديلمي في مسند الفردوس عن عبد الله بن عمر رضي الله عنهما.(1).
امام جلیل جلال سیوطی جمع الجوامع میں فرماتے ہیں سندہ صحیح اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

ہشت مسئلہ

آٹھ مسائل پر مشتمل

اقامت بیٹھ کر سننا، کیفیت رفع یدین، وضع الیدین، بسم اللہ آہستہ کہنا، آمین آہستہ کہنا، جلسہ استراحت، وتر تین رکعت ہیں، نماز کے بعد دعا۔

افادات:

محدث کبیر مناظر اسلام

حضرت علامہ مولانا مفتی محمد عباس رضوی صاحب مدظلہ العالی

(1)(أخرجه الطبراني في الأوسط ٣/٢٨٧ (٣١٧٢)،والديلمي في الفردوس ٥/٣٠٦ (٨٥٥٣)،وأبو نعيم في فضائل الخلفاء الراشدين ١٩٩ (٢٣٢) ،والخطيب في تلخيص المتشابه ٦٥(٤٣)،وابن بشران في فوائده ٢١،٢٢، وابن عساكر في تاريخه ١٨/٣٩٣، وذكره السيوطي في جامع الأحاديث الكبير ٢٨/٣٦١،٣٦٢ .
وذكره المتقي في كنزالعمال ١١/٧٩٦ (٣٣٣٧٤) ، و١٣/٢٢٣ (٣٦٧٣٦) و عزاه كلاهما إلى معاذ بن المثنى في زيادات مسند مسدد،وأبو نعيم في فضائل الصحابة، وأبو بكر الشافعي في الغيلانيات،وأبو الحسين بن بشران في فوائده والطبراني في الأوسط ،والخطيب في تلخيص المتشابه، وابن عساكر، والديلمي . وقال وسنده صحيح .

تکملہ کاملہ:

وصل اول کی طرف پھر عود کرنا و العود احمد

أَعِدْ ذِكْرَ نُعْمَانٍ لَنَا إِنَّ ذِكْرَهُ ۔۔۔ هُوَ الْمِسْكُ مَا كَرَّرْتَهُ يَتَضَوَّعُ(1)

باز ہوائے چمنم آرزوست ۔۔۔ جلوہ سرو سمنم آرزوست

پھر اٹھا ولولہ یاد بیابان حرم ۔۔۔ پھر کھنچا دامن دل سوئے مغیلان حرم

اللہ اللہ! اس حدیث صحیح کے پچھلے جملے نے پھر وصل اول یعنی احادیث حضرت محبوب اجمل صلی اللہ علیہ وسلم کی آتش شوق سینے میں بھڑکا دی، کتا اپنے پیارے آقا مہربان مولی کا دروازہ چھوڑ کر کہاں جائے، ہر پھر کر وہیں کا وہیں رہا چاہے۔

بلکہ واللہ! یہ کتا اپنے پیارے کریم مالک کے در اطہر سے ہٹا ہی نہیں انبیاء کے دروازے پر جائے تو انہیں کا گھر ہے، اولیاء کے یہاں آئے تو انہیں کا در ہے، ملائکہ کی منزلوں پر گزرے تو انہیں کا گھر ہے۔

کوئی اور ان کے سوا کہاں ہے اگر نہیں تو جہاں نہیں

یک چراغ ست دریں خانہ کہ از پرتو آں

ہر کجا در نگری انجمنے ساختہ اند

آسماں خوان زمیں خوان زمانہ مہمان

صاحب خانہ لقب کس کا ہے تیرا تیرا

بندہ ات غیرت حمد کے بہمہ غیرت ہمہ

همه وچوں بگر وہم شاہ آں ایواں توئی

---

(1) عمدة القاري ۳/۲۳۲ وروح المعاني ۱/۲۳۳ وفيه: أعد ذكر نعمان لنا... إلخ

عثمان رضی اللہ عنہ کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکان بہشتی کی ضمانت فرمائی

حدیث (264=204):

نزال بن سبرہ فرماتے ہیں ایک دن ہم نے امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو خوش دل پایا عرض کی یا امیر المومنین اپنے یاروں کا حال ہم سے بیان کیجئے۔

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سب صحابہ میرے یار ہیں ہم نے عرض کی اپنے خاص یاروں کا ذکر کیجئے۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی صحابی نہیں کہ میرا یار نہ ہو ہم نے عرض کی ابوبکر صدیق کا حال بیان کیجئے، فرمایا یہ وہ صاحب ہیں کہ اللہ عزوجل نے جبریل امین محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان پر ان کا نام صدیق رکھا، وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفہ تھے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ہمارے دین کی امامت کو پسند فرمایا، تو ہم نے اپنی دنیا میں بھی انہیں کو پسند کیا۔ ہم نے عرض کی عمر بن خطاب کا حال فرمایئے، فرمایا یہ وہ صاحب ہیں جن کا نام اللہ عزوجل نے فاروق رکھا۔ انہوں نے حق کو باطل سے جدا کر دیا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو عرض کرتے سنا کہ: "الٰہی! عمر بن الخطاب کے سبب اسلام کو عزت دے۔

ہم نے عرض کی عثمان کا حال کہیے، فرمایا:

ذٰلِكَ امْرُءٌ يُدْعٰى فِي الْمَلَاءِ الْاَعْلٰى ذَاالنُّوْرَيْنِ كَانَ خَتَنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم عَلٰى ابْنَتَيْهِ ضَمِنَ لَهٗ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ۔

یہ وہ صاحب ہیں کہ ملاء اعلیٰ و بزم بالا میں ذی النورین پکارے جاتے ہیں، سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی دو شاہزادیوں کے شوہر ہوئے۔ سرور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کیلئے جنت میں ایک

مکان کی ضمانت فرمائی۔

خیثمة والـلالـكـائي والعشاري في فضائل الصديق وابن عسـاكر عنه عن علي كـرم الـلّٰـه تـعالى وجهه،ورواه عنه ابو نعيم قال سألنا عليا عن عثمان رضي الله عنهما ذاك امرء فذكره. (1)

حدیث (265=205):

کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ معظمہ میں کسی سے فرمایا اپنا گھر میرے ہاتھ بیچ ڈال کہ مسجد حرام میں زیادت فرماؤں اور تیرے لئے جنت میں مکان کا ضامن ہوں۔ اُس نے عذر کیا پھر فرمایا انکار کیا۔ عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو خبر ہوئی یہ شخص زمانہ جاہلیت میں ان کا دوست تھا اس سے باصرار تمام دس ہزار اشرفی دے کر خرید لیا۔

پھر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی کہ حضور اب وہ گھر میرا ہے:

فَهَلْ اَنْتَ اٰخِذُهَا بِبَيْتٍ تَضْمَنُ لِيْ فِي الْجَنَّةِ.	کیا حضور مجھ سے ایک مکان بہشت کے عوض لیتے ہیں جس کے حضور میرے لئے ضامن ہوجائیں۔
قَالَ نَعَمْ.	فرمایا! ہاں
فَاَخَذَهَا مِنْهُ وَضَمِنَ لَهٗ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَاَشْهَدَ لَهٗ عَلٰى ذٰلِكَ الْمُؤْمِنِيْنَ.	حضور نے ان سے وہ مکان لے کر جنت میں میں اُن کیلئے ایک مکان کی ضمانت فرمائی اور

(1)(اخرجه ابو نعيم في معرفة الصحابة/ ۸۳(۲۳۰)، واللاكائي في السنة ۷/ ۲۹۵، وابـن عسـاكـر فـي تـاريخه ۳۹ /۴۷، ۴۸، وابـن الأثير في أسد الغابة ۱/۱۵۷، وذكره المتقي في كنز العمال ۱۳ /۳۵ (۳۶۸۱)، و(۳۶۲۹۸)، وعزاه إلى خيثمة واللالكائي والعشاري في فضائل الصديق.

مسلمانوں کو اس معاملہ پر گواہ کرلیا۔

أحمد والحاكم في فضائل عثمان، عن سالم بن عبدالله بن عمر رضي الله عنهم.(1)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جنت کا چشمہ عثمان غنی کے ہاتھ بیچ ڈالا

حدیث (206=266):

کہ جب مہاجرین مکہ معظمہ سے ہجرت فرما کر مدینہ طیبہ میں آئے، یہاں کا پانی پسند نہ آیا شور تھا بنی غفار سے ایک شخص کی ملک میں ایک شیریں چشمہ مسمّٰی بیر رومہ تھا۔ وہ اس کی ایک مشک نیم صاع کو بیچتے، سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا:

بِعْنِيهَا بِعَيْنٍ فِي الْجَنَّةِ — یہ چشمہ میرے ہاتھ ایک چشمہ بہشت کے عوض بیچ ڈال۔

عرض کی یارسول اللہ ﷺ میری اور میرے بچوں کی معاش اسی میں ہے، مجھ میں طاقت نہیں یہ خبر عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو پہنچی وہ چشمہ مالک سے پینتیس ہزار روپے خرید لیا، پھر خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض کی:

يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ أَتَجْعَلُ لِي مِثْلَ الَّذِي جَعَلْتَهُ لَهُ عَيْنًا فِي الْجَنَّةِ إِنِ اشْتَرَيْتُهَا؟. (2) — یارسول اللہ کیا جس طرح حضور اُس شخص کو چشمہ بہشتی عطا فرماتے تھے اگر میں یہ چشمہ اُس سے خرید لوں تو حضور مجھے عطا فرمائیں گے۔

قَالَ: نَعَمْ. فرمایا، ہاں۔

---

(1)(أخرجه أحمد في فضائل الصحابة (٧٤٢)، وابنه في فضائل عثمان ٣٥ (٨).

(2)(أخرجه الطبراني في الكبير ٢/٤١، ٤٢(١٢٢٦)، وابن عساكر في تاريخه ==

عرض کی میں نے بیر رومہ خرید لیا اور مسلمانوں پر وقف کر دیا۔

الطبراني في الكبير وابن عساكر عن بشير رضي الله عنه.

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جنت عثمان غنی کے ہاتھ بیچ ڈالی

حدیث ﴿267=207﴾:

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

اِشْتَرٰی عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانٍ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ الْجَنَّةَ مَرَّتَيْنِ... يَوْمَ رُوْمَةَ وَيَوْمَ جَيْشِ الْعُسْرَةِ.

عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے دو بار نبی ﷺ سے جنت خرید لی، بیر رومہ کے دن اور لشکر کی تنگدستی کے روز۔

الحاكم وابنا عدي وعساكر عنه رضي الله تعالى عنه. (1)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے طلحہ رضی اللہ عنہ کو جنت دینا اپنے ذمے کر لیا

حدیث ﴿268=208﴾:

کہ حضور مالک جنت صلی اللہ علیہ وسلم نے طلحہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا:

لَكَ الْجَنَّةُ عَلَيَّ يَا طَلْحَةُ غَدًا

کل تمہارے لئے جنت میرے ذمہ پر ہے

= مدينة ٣٩/٧١. وقال الهيثمي في مجمع الزوائد ٣/١٢٨ رواه الطبراني في الكبير وفيه: عبد الأعلى بن أبي المساور، وهو ضعيف.

(1) (أخرجه الحاكم في المستدرك ٣/١٠٧ وفي نسخة: ٣/١١٥ (٤٥٧٠) وأبو نعيم في الحلية ١/٥٨ وابن عدي في الكامل ٢/٣٦٣، لفظ له، وابن عساكر تاريخه ٣٩/٧٢، ٧٣).

ابو نعيم في فضائل الصحابة عن أمير المؤمنين رضي الله تعالى عنه .(1)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر نیک بندے کیلئے جنت کی ضمانت فرمائی

حدیث (209=269):

صحیح بخاری شریف میں سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ سے ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

مَنْ يَّضْمَنُ لِيْ مَا بَيْنَ لِحْيَيْهِ وَمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ اَضْمَنُ لَهُ الْجَنَّةَ.[وفي رواية عنه]:مَنْ تَوَكَّلَ لِيْ....تَوَكَّلْتُ لَهُ بِالْجَنَّةِ. [وفي رواية عنه]مَنْ يَّتَكَفَّلَ لِيْ ...اَتَكَفَّلُ لَهُ بِالْجَنَّةِ. (2)

جو میرے لئے اپنی زبان وشرمگاہ کا ضامن ہوجائے (کہ ان سے میری نافرمانی نہ کرے) میں اُس کیلئے جنت کا ضامن ہوں۔

امام الوہابیہ علیہ ماعلیہا اپنے مقر کو پہنچا۔

(1)(أخرجه الطبراني في الأوسط ٢٨٧/٣ (٣١٧٢) وأبو نعيم في فضائل الخلفاء الراشدين ١٨٢، وذكره المتقي في كنز العمال ٢٩٥/١١، وعزاه إلى أبو نعيم).

(2)(أخرجه البخاري في الصحيح٢/٩٥٩(٦١٠٩)،و (٦٣٢٢)،والترمذي (٢٣٠٨) واحمد في مسنده ٣٣٣/٥ (٢٢٨٧٣)،وابن حبان في الصحيح ٨/١٣ (٥٧٠١)، والحاكم في المستدرك ٣٩٩/٤ (٨٠٦٥)، وابويعلى في مسنده ٣٢٦/١٣ (٧٥٥٥) والبيهقي في السنن ٨/ ٦٨،وفي الشعب ٣٣٥/٤،و٣٦٠، وفي نسخة:٨/٤٢ (٤٩٣٨)،وابن عبد البر في التمهيد ٣٣/٥،وفي الإستذكار ٥٦٥/٨).

وفي الباب عن جابر بن عبد الله ،المعجم الصغير للطبراني ٤٧/٢،وابي هريرة ، المسند لأبي يعلى٦٣/١١ ،وغيرهما .

امام الوہابیہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو معاذ اللہ فضولی جانتا ہے

اب یہ حدیثیں کسے دکھائیں کہ او بے بصر، بدزبان، تیرے نزدیک تو وہ کسی چیز کے مختار نہیں اُن کو کسی نوع کی قدرت نہیں کسی کام میں نہ بالفعل اُن کو دخل ہے، نہ اُس کی طاقت رکھتے ہیں۔ اپنی جان تک کے نفع ونقصان کے مالک نہیں۔ دوسرے کا تو کیا کر سکیں اللہ کے یہاں کا معاملہ اُن کے اختیار سے باہر ہے۔ وہاں کسی کی حمایت نہیں کر سکتے۔ کسی کے وکیل نہیں بن سکتے"۔

ان حدیثوں کو سوجھ کر وہ بتملیک الٰہی عزوجل جنت کے مالک، کارخانہ الٰہی کے مختار ہیں، ضمانتیں فرماتے ہیں، اپنے ذمے لیتے ہیں، عطا فرماتے ہیں، بیع کر دیتے ہیں ہر عاقل جانتا ہے کہ بیع وہی کرے گا جو خود مالک ہو یا مالک کی طرف سے ماذون ومختار، ورنہ فضولی ہے۔ جس کا قصد فضول اور عقد بے کار۔

الحمد للہ! اہل حق کے نزدیک نبی ﷺ کو نفاذ تصرف کی دونوں وجہیں حاصل حقیقت عطائیہ لیجئے تو وہ ضرور مالک جنان بلکہ مالک جہان ہیں، اور ذاتیہ لیجئے تو مالک حقیقی کے ماذون مطلق و نائب کامل، ہاں گمراہ بد دین وہ جو دونوں شقیں باطل جانے اور اللہ کے حبیب ﷺ کو معاذ اللہ فضولی محض مانے۔ ﴿وَسَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَيَّ مُنقَلَبٍ يَنقَلِبُونَ﴾(1)

حدیث کہ شنبہ کو علی الصبح کسی حاجت کی تلاش میں جائے نبی ﷺ اُس کی حاجت روائی کے ذمہ دار ہیں

حدیث ﴿270=210﴾:

کہ فرماتے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم:

---

(1) [الشعراء ۲۲۷]

مَن بَكَّرَ يَوْمَ السَّبْتِ فِي طَلَبِ حَاجَةٍ فَأَنَا ضَامِنٌ بِقَضَائِهَا. [أبو نعيم عن جابر بن عبد الله رضي الله عنهما. (1)]	جو شنبے کے دن تڑکے سے کسی حاجت کی تلاش کو جائے میں اُس کی حاجت روائی کا ذمہ دار ہوں۔

حضرت سیدی نظام الحق والدین محبوب الٰہی سلطان اولیاء قدست اسرارہم کی نسبت لوگ کہتے ہیں: " بعد جمعہ جو کیجئے کام اس کے ضامن شیخ نظام ". وہابی اسے شرک کہتے ہیں وہی حکم اس حدیث پر لازم۔

حدیث (271=211):

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ، قبل بعثت حضور پرنور سید عالم ﷺ یمن کو تاجرانہ جاتے تھے۔ ایک پیر مرد عسکلان بن عواکن کے یہاں قیام فرماتے وہ ان سے مکہ معظمہ کا حال پوچھتے۔ تم میں کوئی مشہور بلند چرچے والا پیدا ہوا کسی نے تم پر تمہارے دین میں خلاف کیا یا انکار کرتے۔ جب بعد بعثت اقدس گئے، پیر مرد نے کہا میں تمہیں وہ بشارت دیتا ہوں کہ تمہارے لئے تجارت سے بہتر ہے۔

اللہ تعالیٰ نے تمہاری قوم سے نبی برگزیدہ مبعوث فرمایا ان پر اپنی کتاب اُتاری۔ وہ اصنام سے روکتے اور اسلام کی طرف بلاتے ہیں، حق کا حکم دیتے اور اُس کے فاعل ہیں، باطل سے منع کرتے اور اُس کے مبطل ہیں وہ ہاشمی ہیں اور تم اے عبدالرحمٰن! اُن کے ماموں، جلد پلٹو اور اُن کی خدمت وتصدیق کرو اور یہ اشعار میری طرف سے اُن کی بارگاہ والا میں پہنچاؤ۔

چند اشعار دربارہ تصدیق۔ رسالت واظہار شوق وعذر پیرانہ سالی واستعانت سرکار عالی صلوات اللہ وسلامہ علیہ کہے از اں جملہ یہ دو شعر۔

---

(1) (أخرجه أبو نعيم في تاريخ أصبهان ٣٤١/١ ،والديلمي ٥١٩/٣(٥٦٢٠) ، وابي =

جب کہ میں دور اور حاضری سے معذور ہوں تو حضور میری پناہ اور مجھے راحت ملنے کی جگہ ہیں

إِذَا أَتَاكَ بِالدِّيَارِ بُعْدٌ فَأَنْتَ حِرْزِيْ وَمُسْتَرَاحِيْ
فَكُنْ شَفِيْعِيْ إِلَى مَلِيْكٍ يَدْعُوْا الْبَرَايَا إِلَى الْفَلَاحِ

جب کہ شہروں کو دوری کے فاصلہ نے بعید کر دیا۔ تو حضور میری پناہ اور مجھے راحت ملنے کی جگہ ہیں۔ تو حضور میرے شفیع ہوں، اُس بادشاہ کے یہاں جو مخلوق کو نجات کی طرف بلاتا ہے۔

عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے واپس آکر یہ حال صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے گزارش کیا۔ انہوں نے فرمایا یہ محمد بن عبداللہ ہیں۔ جنہیں اللہ عزوجل نے اپنی تمام مخلوق کی طرف رسول کیا۔ تم اُن کے حضور حاضر ہو، یہ حاضر ہوئے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں دیکھ کر تبسم فرمایا اور ارشاد ہوا میں ایک سزاوار چہرہ دیکھتا ہوں۔ جس کے لئے خیر کی امید ہے، کہو کیا خبر ہے؟۔

انہوں نے عرض کی کیسی، فرمایا: پیام بھیجنے والے نے جو پیام ہمارے حضور بھیجا ہے۔ وہ امانت ادا کرو سنتے ہو، اولاد حمیر خواص مومنین سے ہیں۔

عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ یہ سنتے ہی مسلمان ہوئے۔ پھر وہ اشعار حضور میں عرض کئے۔

سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

رُبَّ مُؤْمِنٍ بِيْ وَلَمْ يَرَنِيْ وَمُصَدِّقٍ بِيْ وَمَا شَهِدَنِيْ أُولٰئِكَ إِخْوَانِيْ حَقًّا. (1)

یعنی مجھ پر بعض ایمان لانے والے (ایسے ہیں) جنہوں نے مجھ کو دیکھا نہیں اور بعض لوگ میری

= طاهر السلفي في الجزء الثامن من المشيخة البغدادية (٣٥)، وفي كنز العمال ٥٢٠/٦ (٢٨٨٣) لفظ له .

(1) (أخرجه أبو نعيم في الدلائل ١٨٦/١، ١٨٧، وابن عساكر في تاريخه ٣٥/٢٥١ = =

تصدیق کرنے والے (ایسے ہیں) جن کو میرے پاس
حضوری حاصل نہ ہو سکی یہ لوگ میرے بھائی ہیں۔
کلمہ اخوت کو ان کے اعزاز کیلئے تو اضعا فرمایا۔

وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد وآلہ وصحبہ أجمعین . آمین .

کتبـــه:

عبده المذنب

أحمد رضا البریلوي عفی عنه.

بمحمد ن المصطفٰی النبي الأمي ﷺ

تخریج

أحقر العباد

محمد ارشد مسعود اشرف چشتی رضوی عفی عنه .14\2\2010.

بانی و ناظم اعلی: دار القلم اسلامک ریسرچ سنٹر پاکستان۔

= =۲۵۳، وذکره الحافظ في الإصابة ۳۲۶/۵، ۳۲۷، والمتقي في کنز العمال ۳۲۷/۱۳ إلی ۳۲۹
(۳۶۲۹۰) لفظ له .